ہندوستانی دواخانہ دہلی

HINDUSTANI DAWAKHANA. DELHI.

حاذق

اِس کتاب میں

انسانی بیماریوں کے اسباب، علامات، اور معالجات کا عام فہم بیان ہے

جو

عالیجناب حاذق الملک بہادر

حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب آنریری سکرٹری بورڈ آف ٹرسٹیز طبی کالج دہلی و

سرپرست ہندوستانی دواخانہ دہلی

کے

ارشاد کے بموجب تالیف ہو کر شائع ہوئی

ملنے کا پتہ

مینجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

(سچ اینڈ سنز ریٹی پریس دہلی) قیمت ۸؍

دیباچہ

(نحمدہٗ و نصلی)

کتاب "حاذق" میں کیا ہے

کروڑوں بندگانِ خدا کی تکلیف و مصیبت کے احساس نے ہمارے جناب حاذق الملک بہادر حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب بالقابہم کے دل میں یہ خیال پیدا کیا کہ ایک عام فہم طبی کتاب لکھی جائے۔ اور رفتہ رفتہ اسکا دیگر زبانوں میں ترجمہ کیا جائے۔ اس کتاب میں نہایت سادہ طور پر عام بیماریوں کے اسباب و علامات۔ علاج و پرہیز کو بیان کیا جائے تاکہ وہ لوگ جو اطبا تک نہیں پہنچ سکتے۔ اس کتاب سے نفع اُٹھائیں اور دوسرے بندگانِ خدا کو بھی نفع پہنچا سکیں۔ کتاب حاذق کو اس نہایت ہی ضروری خدمت کے انجام دینے کی غرض سے لکھا گیا ہے۔

اس کتاب کی تالیف کے متعلق میں کئی سال سے فکر کرتا رہا اور اسکے مفید بنانے کیلئے جس قدر باتیں ذہن میں آتی گئیں سب کو محفوظ کرتا گیا۔ میرے نزدیک صرف ایسی کتاب ضرورت کو پورا کر سکتی ہے جس میں مندرجہ ذیل خوبیاں یکجا ہوں:-

(۱) (الف) سادہ طور پر عام بیماریوں کا بیان ہو۔ (ب) بیماریوں کے پیدا ہونیکے سبب بتائے گئے ہوں (ج) بیماریوں کی خاص خاص مگر عام فہم علامتیں ظاہر کی گئی ہوں (د) اور پھر انکا آسان علاج لکھا ہو تاکہ ہر شخص جو ضروری فہم رکھتا ہو بیماریوں کی شناخت کر سکے اور پھر علاج بھی۔

(۲) (الف) بیماریوں کے علاج میں یہ اہتمام ہو کہ ایسی مفرد دوائیں لکھی جائیں جو عام طور پر میسر آ سکتی ہیں۔ پھر (ب) اُن بیماریوں کے خاص خاص اور مجرب نسخہ جات لکھے جائیں۔ اسکے بعد (ج) پرہیز اور حفظ صحت کی ہدایات اور (د) غذاؤں کو لکھا جائے۔ اس لیئے کہ جہاں مرکب دوا میسر نہیں آ سکتی وہاں لوگ مفرد دوا سے ہی علاج کر سکیں۔ اور جہاں مفرد اور مرکب کوئی بھی دوا نہیں مل سکتی وہاں صرف چند غذائیں اور پرہیز ہی معقول حد تک دوا کا کام دے۔

(۳) طرزِ بیان اسقدر عام فہم ہو کہ ہر فہمیدہ شخص کتاب کو سمجھ سکے اور نہ صرف خود فائدہ اُٹھا سکے بلکہ دوسرے بندگانِ خدا کو بھی نفع پہنچا سکے اور کتاب کو سمجھ کے قرب و جوار کیلئے چھوٹا سا طبیب بن سکے۔ ان باتوں کو سامنے رکھکر اس کتاب کی تالیف کی گئی ہے اور اب اس میں یہ خوبیاں موجود ہیں: (۱) جو شخص اردو سمجھ سکتا ہے ایک حد تک طبیب بن جائیگا (۲) ایک طبابت پیشہ جس نے اپنے فن کی باقاعدہ تعلیم پائی ہو اس کتاب سے معقول فائدہ اٹھا سکے گا (۳) جن لوگوں نے باقاعدہ طبی تعلیم نہیں پائی اس کتاب کو پڑھکر وہ بہتر طور پر بیماروں کا علاج کر سکیں گے (۴) ایک مریض اس کتاب کو پڑھکر یہ محسوس کریگا کہ گویا وہ کسی حاذق طبیب کے سامنے ہے اور اپنی بیماری کے متعلق ہدایت اور مشورہ حاصل کر رہا ہے۔ اب تک طب یونانی کی ایسی کتاب کسی زبان میں بھی نظر سے نہیں گذری۔

جلد ہی اس کتاب کا ترجمہ بنگلہ۔ مرہٹی۔ مدراسی سندھی ہندی اور دیگر زبانوں میں بھی شائع کیا جائیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ کتاب ہر گھر میں رہنی چاہیئے۔ اگر مائیں سادہ اردو پڑھ سکتی ہیں تو وہ اس کتاب کو دیکھکر اپنے بچوں کا اچھی طرح علاج کر سکیں گی گھر میں اگر کوئی بھی کتاب کو پڑھ سکتا ہے تو وہ گھر کے لوگوں کا علاج کر سکے گا۔ اپنے احباب اور اعزہ کو بھی مشورہ دیجئے کہ ایک ایک کاپی اس کتاب کی گھر میں رکھیں۔

میرا یہ بھی مشورہ ہے کہ عام بیماریوں کے لیئے چند ادویہ ہر گھر میں رہنی چاہیئے تاکہ فوری ضرورت کیوقت تردد اور پریشانی نہ ہو جو صاحب اپنے گھر میں ضروری ادویہ رکھنا چاہیں۔ مزید طبع فہرست کے آخر میں دیکھ لیں۔ جہاں ایسی ادویہ کو جمع کر دیا ہے۔

مینیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

J. & Sons' Elec. Press, Churiwalan, Delhi.

حاذق کے مجرّبات

حاذق میں مرکب دوائیں

کتاب "حاذق" میں جہاں ہر مرض کے مجرب ومفرد نسخے لکھے ہیں تاکہ بیماروں کو آرام پہنچے اور انھیں سہولت ہو۔ وہاں مجرب مرکبات بھی لکھے گئے ہیں تاکہ ہر قسم کی دوائیں اس کتاب میں یکجا نظر آئیں۔ اور پڑھنے والوں کے ہاتھ میں جہاں مجرب نسخے ہوں جنکے سبب وہ مفردات سے علاج امراض کر سکیں یا کم سے کم یہ سمجھ سکیں کہ کن بیماریوں کے لیے مفردات کے کون کونسے نسخے مجرب اور مفید ہیں۔ وہاں انکو اس بات کا بھی علم ہو جائے۔ کہ ان بیماریوں کی کونسی مجرب مرکب دوائیں ہندوستانی دواخانہ میں طیار ہیں! یہ وجہ ہے کہ مرکب ادویہ کو "حاذق" میں درج کیا گیا۔ اور یہ اکثر نئی دوائیں تھیں +

تالیفِ حاذق کی مشکلات

لیکن "حاذق" کی تالیف میں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ کوئی نمونہ اس قسم کی طبی کتاب کا سامنے نہ تھا۔ اور اس طرز کی طبی کتاب کسی زبان میں بھی ابتک نظر سے نہیں گذری۔ بیں عدیم الفرصت۔ طبی اسٹاف جسکے ذمہ اس کتاب کی تالیف تھی اسکو جہانتک دیکھا ہدایت دیتا رہا۔ جب کتاب کے مسودات کو دیکھتا نظر ثانی کراتا +

حاذق کی دوائیں کیسی ہیں | کتاب کے بعض حصے از سر نو مرتب کرلئے۔ ادویات کے بارہ میں خواہش یہ تھی کہ بہتر سے بہتر

فرمائش قلمبند کرنے سے پہلے۔ نام ادویات مرکبہ صحت نامہ میں دیکھ کر تحریر فرماویں

ادویہ کے نام

عموماً دیسی ادویہ کے ناموں میں ثقالت اور طوالت ہوتی ہے۔ اور آجکل طبائع اکثر اختصار پسند۔ حاذق میں اول مرتبہ مرکب دوائیں لکھی گئیں۔ تو ناموں کے اس مسئلہ کو حل کرنیکی کوشش کیگئی۔ لیکن جلدی میں خاطر خواہ نام نہ رکھے جاسکے۔ اب نئے نسخے حاصل ہوئے تو از سر نو ناموں پر غور کیا گیا حاذق میں جن ادویہ کے نام اچھے نظر آئے ان کو بجنسہ یا تغیر کے ساتھ لے لیا۔ باقی سب ادویہ کے نئے نام رکھے گئے اور مدنظر یہ رہا کہ ناموں میں اختصار اور خوبصورتی ہو۔ دوائیں نئی ہیں تو مناسب ہے کہ انکے نام بھی نئے اور مختصر ہوں تاکہ انسے کام لینے میں آسانی ہو۔

نئی دوائیں کیونکر بنائی جاتی ہیں

اس کارخانہ نے ترقی کی طرف ایک بڑا قدم اٹھایا ہے اور یہ محض عالیجناب حاذق الملک بہادر کی قیمتی اعانت سے۔ ویدک اور یونانی دواسازی کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ دواؤں کو مشنریز کے ذریعہ بنانے کا بندوبست ہوا ہے اور ہندوستانی دواخانہ کے لیے یہ خوشی کا مقام ہے کہ اس اہم خدمت کو انجام دینے کے لیے کوشش شروع کرنے کا فخر اسے حاصل ہوا اب اس کارخانہ میں بالفعل یہ نئی دوائیں مشینوں سے بنائی جاتی ہیں بغیر اسکے کہ کوئی ہاتھ ان دواؤں کو چھوئے یا پانی کی آمیزش یا کسی اور طریقہ سے انسانی ہاتھ لگے انکو بنایا جاتا ہے اسلیے صفائی۔ پاکیزگی اور خوشنمائی اور سہولت استعمال بہت سے امتیازات ان میں پیدا ہو گئے ہیں دیکھ کر جی خوش ہوجاتا ہے قدیم طریقہ دواسازی سے بنی ہوئی دوائیں زیادہ عرصہ تک محفوظ نہیں رہ سکتیں۔ خوبصورتی اور خوشنمائی کا اور استعمال میں سہولت ہونے کا تو ذکر ہی کیا ہے مگر یہ مشین سے بنی ہوئی دوائیں عرصہ تک محفوظ بھی رہ سکتی ہیں خوبصورت خوشنما بھی ہیں اور ان کے استعمال کرنے میں بیحد آسانی بھی ہے۔ یہ

معلوم ہوگا کہ یہ دوائیں یورپ کی بنی ہوئی دوائیں ہیں +

صحت نامہ ادویات | جیسا کہ میں نے بیان کیا چونکہ اکثر نسخے جو قدیم مجربات سے ہیں حال ہی میں حاصل ہوئے ہیں اور سہولت کی غرض سے اُنکے نئے نام رکھکر اُنہیں حاذق کی ادویات مرکبہ کا قائم مقام بنایا گیا ہی اسلیے ایک صحتنامہ ادویات دوسرے صفحہ پر دیا جاتا ہی تاکہ ناظرین کو معلوم ہوجائے کہ حاذق کی وہ دوائیں کونسی ہیں جو مسترد اور منسوخ ہیں۔ اور کونسی دوائیں اُنکے قائم مقام ہیں جو بہتر اور اعلیٰ ہونے کی وجہ سے اُنکی جگہ رکھی گئیں۔ اور اُن نئی دواؤں کے نام کیا ہیں اور قیمتیں کیا ہیں تاکہ وہ منسوخ ادویہ کی فرمایش بھیجنے کی غلطی نہ کریں۔

اعتذار | میں نے تالیف "حاذق" کی مشکلات کی طرف اوپر اشارہ کیا ہی۔ میرا ہی دل جانتا ہی کہ اشتیاق سے بھری ہوئی فرمایشوں کو جو حاذق کے لیے کثرت کے ساتھ آئیں ملتوی رکھنے میں مجھے کسقدر کوفت اُٹھانی پڑی لیکن میں مجبور تھا اور تاخیر ناگزیر۔ مگر اس تاخیر کا نعم البدل ملگیا ہی اور وہ نعم البدل حاذق کی نئی مجرب ادویہ ہیں۔ کتاب کی نسبت اتنا عرض کرنا ہی کہ انسانی ہمدردی کے جذبہ کے ساتھ تالیف ہوئی ہی۔ اور اپنی طرز کی فن طب میں پہلی کتاب ہی تاہم پہلی کوشش ہی اور لکھنے والے انسان ہیں لہذا ہر ایک کوتاہی یا فروگذاشت جو اس کتاب میں ہوگئی ہو اُسکے لیے میں معذرت کرتا ہوں اور طیار ہوں کہ ہر مفید مشورہ جو اس کتاب کو بہتر سے بہتر بنانے میں مجھے کوئی صاحب بھی دیں اُس سے شکرگذاری کے ساتھ فائدہ اُٹھاؤں۔ واقعہ یہ ہی اختصار کی وجہ سے مسوّدات کے بعض حصّے ترک کرنے پڑے۔ اِدھر شائقین کا اصرار کب تک اور کہاں تک معذرت کرتا رہتا آیندہ اڈیشن میں کوشش کیجائیگی کہ زیادہ مضامین کو اس کتاب کے صفحات میں لیا جائے +

ہر ایک کوشش اور محنت جو اس کتاب کے لیے کی گئی ہی اسکا معاوضہ یہ ہی کہ میرے ہموطنوں کو اس سے آرام اور فائدہ پہنچے +

منیجر

ہندوستانی دواخانہ دہلی جون سنہ ۱۹۱۲ء

صحت نامہ ادویہ معہ نرخنامہ

منسوخ دوائیں	منسوخ ادویہ کے قائم مقام دوائیں	قیمت فی پیکٹ	کتنے روز کے لیے	منسوخ دوائیں	منسوخ ادویہ کے قائم مقام دوائیں	قیمت فی پیکٹ	کتنے روز کے لیے	منسوخ دوائیں	منسوخ ادویہ کے قائم مقام دوائیں	قیمت فی پیکٹ	کتنے روز کے لیے
مرکب چمن	محمودی	۸ر	۷ یوم	دوا ر مددگار	اصلاحی	۱۰ر	۱۲ یوم	کائن جدوار عود صلیب والا	صرعی	لعہ ر	۸ یوم
مرکب آرسندی	تیموری	۸ر	۷ "	ابریشم عنابی	عنابی	لعہ ر	۸ "	مرکب ذہیب	اپلیمیا	۱۰ر	۶ "
عود شیرین	العود	۱۳ر	۶ "	مرکب شبہ	مغزلی	۱۰ر	۶ "	ابریشم حکیم ارشد والا	لاجواب	[illegible]	۸ "
معتدل سادہ	المفرح	۵ر	۷ "	کمونی مسہل	الملین	[illegible]	۶ "	مسک حار	منفعت	للعہ ر	۷ "
جواہر والی	یمنی	۷ر	۷ "	مرکب اسطوخودوس	طوسی	[illegible]	۶ "	مرکب پستان	نوح انور ۱۰	[illegible]	۷ "
مرکب گاؤزبان	لسانی	۱۲ر	۶ "	مرکب نسیان	ذہنی	۱۳ر	۶ "	مرکب کشنیز	دہانی	۹ر	۶ "
گاؤزبان عنبری جواہر والا	دماغی	۷ر	۸ "	مرکب شیخ الرئیس	رئیسی	۵ر	۷ "	ابریشم عود مصطگی والا	سریعی	[illegible]	۸ "

منسوخ دوائیں	منسوخ ادویہ کے قائم مقام دوائیں	قیمت فی پیکٹ	کتنے روز کے لئے	منسوخ دوائیں	منسوخ ادویہ کے قائم مقام دوائیں	قیمت فی پیکٹ	کتنے روز کے لئے	منسوخ دوائیں	منسوخ ادویہ کے قائم مقام دوائیں	قیمت فی پیکٹ	کتنے روز کے لئے
مرکب کہربا	جاولی	۴ر	۸ یوم	مرکب موچرس	لنوانی	۱۰ر	۶ یوم	تریاق فاروق	تریاق فاروق	۱۳ر	[illegible]
نزلی آب تمبو زرد	نزلی	۸ر	۶ "	مغلط جدید	داوری	۱۰ر	۷ "	تیز	پرزور	۲ر	۷ یوم
نزلی آب نیشکر والا	شکری	۱۲ر	۶ "	آرد خرما	عربی	۳ر	۷ "	توتیائے کبیر	توتیائے کبیر	۴ر	۱۵ "
مرکب لسباسہ	لقمانی	۹ر	۶ "	مرکب چوب چینی	حفیظ	۱۰ر	۶ "	تکمیل	تکمیل	۶ر	۱۰ "
مرکب گاؤزبان عنبری	عزیزی	۵ر	۸ "	بو	بجلی	۹ر	۴ "	جدواری	جدواری	۹ر	۷ "
مرکب مصطگی	اترجی	۱۰ر	۷ "	سورنجان شیریں	شربتی	۱۰ر	۲ "	حامد	جامدی	۱ر	۲ "
ابریشم سادہ	ریشمی	۲ر	۷ "	طباشیر ملین	طباشیری	۳ر	۸ "	جلا	جلا	۷ر	۴۰ "
وا	سرودی	۲ر	۷ "	مرکب ثعلب	ثعلبی	للعہ	۸ "	چورن	چورن	۱۳ر	۱۲ "
مرکب خشخاش	خاص	۱۲ر	۶ "	املاح	الکاسر	۱۲ر	۷ "	چشم	چشمی	۶ر	۷ "
لعب الخشخاش	چارہ ساز	۶ر	۸ "	احمر	احمری	۹ر	۱۲ "	حابس	حابس	۱۰ر	۷ "
گل پستہ	بستیج	۴ر	۷ "	البقاط	انبساط	۱۳ر	۵ "	حب	حب	۳ر	۷ "
مرکب مروارید منجہ کلاں	محبوب	لعہ	۷ "	آرام	المنوم	۴ر	۶ "	خواب آور	خواب آور	۸ر	۷ "
مرکب سفرجلی مسہل	دردمندی	۱۲ر	۶ "	احسن	احسن	۶ر	۸ "	خواب	خوابی	۹ر	۱۵ "
مرکب اشجار	ذوبانی	۸ر	۸ "	افضل	افضلی	۴ر	۸ "	درمان	درمان	۳ر	۲ "
مرکب لغشاع	ہضمی	۴ر	۸ "	استحکام	استحکام	۶ر	۱۵ "	دلکشا	دل کشا	لعہ	۷ "
شہریاران	بادشاہی	۳ر	۸ "	اعلےٰ	اعلیٰ	۶	۱۵ "	دلکش	دلکش	۲ر	۷ "
دواء الکرکم	زعفرانی	۶	۷ "	اعظم	اعظمی	عہ	۸ "	ذیابیطس	ذیابیطسی	۱۳ر	۲ "
دبید الورد	گلابی	۱۲ر	۶ "	ادرار	ادراری	۳ر	۹ "	روان	روانی	۷ر	۸ "
مرکب ملین	گلی	۱۳ر	۶ "	بصر	بصری	۱۲ر	۴ "	راحت	راحتی	۴ر	۹ "
کلکلانج	ہمدردی	۲ر	۷ "	بینائی	بینائی	۹ر	۴ "	زرشکی	زرشکی	۳ر	۹ "
التی بسنت	بسنت مالتی	۵ر	۲۰ "	بدتی	باجی کرن	۴ر	۷ "	زمانی	زمانی	۲ر	۲ "
مرکب عقرب	مشاقی	۱۱ر	۸ "	بہرا پن	بہدرتی	۴ر	۱۵ "	سوسبزی	سوسبزی	۵ر	۷ "
زرعونی عنبری	شادابی	۵ر	۸ "	پتھر مانی	پتھر توڑی	۹ر	۷ "	سماعت	سماعتی	۱۳ر	۱۲ "
زرعونی	تازگی	۱۳ر	۶ "	پارسا	پارسا	۱۲ر	۷ "	سرفہ	سعلی	۷ر	۷ "
مرکب نانخواہ	سیری	۱۳ر	۸ "	تاب وتواں	توانائی	۱۰ر	۷ "	شفیق	شفیق	۲ر	۱۵ "
دوائے الکلے	دوائی	۴ر	۶ "	ترشی	ترنجی	عہ	۶ "	شقیقہ	شقیقی	۲ر	۲ "

غلط نامہ حاذق

صفحہ	نام کالم	سطر	غلط	صحیح
۳	اسباب	۱۴	ٹھکتا	ٹپکتا
〃	ادویہ مرکبہ	۱۶	سے	سکے
۵	علامات	۱۶	بونہہ	بوجہہ
〃	اسباب	۱۶	ادہا	آدھا
۶	ادویہ مفردہ	۱۰	عشبہ مغربی	عشبہ مغربی ۵ ماشہ
۷	ادویہ مرکبہ	۷	ضماد خواب آور کی سر پر مالش کریں	خواب آور کا سر پر لیپ کریں
۸	ادویہ مفردہ	۴	ثیت	تبت
۸	〃	۹	۷ ماشدات	۷ ماشہ رات
〃	نام مرض	۱	نیسند نہ آنا	نیسند زیادہ آنا
〃	ادویہ مرکبہ	۳	۵ قرص کے	۵ قرص
۱۰	اسباب	۸	ریاح کے	ریاح
۱۱	نام مرض	۱	سدوداد	سدرودوار
۱۴	ادویہ مفردہ	۴	کمندس	کندش
〃	بیان مالیخولیا	۱	پرخطر مرض میں سے	پرخطر مرض ہے
۱۷	اسباب	۳	بمتصل	منفصل
		۱		
۱۹	ادویہ مفردہ	۴	چاندی سکے ورق	چاندی کے ورق ایک عدد
۲۰	اسباب	۴	بلغمہ	بلغمیہ
〃	ادویہ مفردہ	۷	گگی	حب نور اسگلے ۵ قرص
〃	〃	۱۰	مرجانا جواہر دالا صرعی	مرجان جواہر دالا ایک قرص صرعی ۵ قرص
〃	غذا	۶	چرب دار	چربی دار
۲۱	ادویہ مفردہ	۳	عرق منڈی ۱۲	عرق منڈی ۱۲ تولہ
۲۲	ادویہ مرکبہ	۱	بقطہ	یقظہ ۵ قرص
۲۳	ادویہ مفردہ	۲	صفر	صعتر
〃	〃	۲	اشہ	اشنہ
〃	〃	۹	سپستاں ادانہ	سپستاں ۱۱ دانہ
〃	بیان بقیہ علاج سکتہ	۱	بیخ کیز	بیخ کبر
۲۴	ادویہ مفردہ	۸	عرق بادیان	عرق بادیان ۱۲ تولہ
〃	〃	〃	شربت در دکرر	شربت ورد کرر ۲ تولہ
۲۵	〃	۸	بیخکبیز	بیخکبہ
〃	ادویہ مرکبہ	۹	دماغی	دماغی ۵ قرص
〃	〃	۱۰-۱۱	تریاق فاردق منفعت	تریاق فاروق ایک ماشہ منفعت ۳ قرص
۲۶	ادویہ مفردہ	۵	خردی	خردی ایک تولہ
۲۷	ادویہ مرکبہ	۱	فلاسفہ	فلاسفہ ۷ قرص
۲۸	بیان آشوب چشم	۳	سے	سکے
۲۹	〃	۲	ملیٹھی بادیان	ملیٹھی ۵ ماشہ بادیان ۵ ماشہ
۳۰	ادویہ مرکبہ	۲	صغیر	صغیر ۷ قرص

صفحہ	نام کالم	سطر	غلط	صحیح
۳۰	ہدایت	۳	آڑمیں	آٹے میں
۳۲	ادویہ مرکبہ	۱	مرکب شاہترہ	قرص مرکب شاہترہ ۷ قرص
۳۳	بیان ضعف بصر	۳	خفقان صحت	حفظان صحت
۳۴	بیان امراض الاذن	۴	جبکی	جھلی
۳۶	ادویہ مفردہ	۸	یا بہادر	یا بہاوڑ
۳۸	ادویہ مرکبہ		یقظہ قرص	یقظہ ۵ قرص
〃	〃	۶	عرق بادیان ۱ تولہ	عرق بادیان ۵ تولہ
۴۰	〃	۴	ہرایں	ہیراپن
۴۴	بیان منہ آنا	۱	فلاع	قلاع
۴۶	ادویہ مرکبہ	۱۵	۵ روح	۵ قرص
۴۸	〃	۹	روح بادیان تولہ	روح بادیان ۴ تولہ
۵۰	اسباب	۴	نندید	تمدید
۵۱	ادویہ مفردہ	۹	بادیان	بادیان ۳ ماشہ
〃	〃	۱۰	گلقند	گلقند ۲ تولہ
۵۳	بیان آواز بیٹھ جانا	۳	چاسے	چبائے
〃	علامات	۱۴	غلبہ غلط	غلبہ صفراء
〃	ادویہ مفردہ	۱۵	قرص عرق شاہترہ	عرق شاہترہ ۱۲ تولہ
۵۴	〃	۵	منیں	منہ میں
		۳		
۵۵	ادویہ مرکبہ	۸و۹	لاجواب	لاجواب ۵ قرص
۵۶	ادویہ مفردہ	۱۰	لعاب بہدانہ۔ لعاب اسبغول	لعاب بہدانہ ۳ ماشہ لعاب اسبغول ۳ ماشہ
۵۸	سل کا بیان	۲	جسکی ولادت کو	جسکے وضع حمل کو
۵۹	ادویہ مفردہ	۲ او	گوند کتیرا رب السوس ملاکر	گوند کتیرا رب السوس ایک ایک ماشہ ملاکر۔
〃	〃	۳	سرشیم ماہی نیگوم	سرشیم ماہی ۳ ماشہ ہیگوم
	〃	۱۳	اگر مریض کا مزاج ہو	اگر مریض کا مزاج حار ہو
۶۳	غذا	۲	مونگ ارہر کی دال	مونگ کی دال
•	〃	۳	ککڑی تازہ جسکو ببول کھیرا	میٹھی
〃	〃	۹	مونگ ارہر کی دال	مونگ کی دال
۶۴	〃	۲	〃 〃	〃 〃
〃	〃	۱	انڈوں کی زردی	کھیرا ککڑی
۶۶	〃	۱	مونگ ارہر کی دال	مونگ کی دال
۶۷	اسباب	۴	او معدہ کو	تو معدہ کو
〃	ادویہ مفردہ	۴ و ۵	اگر صفرائی مشرب	اگر صفرا کی کثرت
〃	غذا	۲	مسور کی دال	ککڑی
〃	ادویہ مفردہ	۱۰	صتر	صعتر
〃	غذا	۷	مونگ ارہر کی دال	مونگ کی دال
•	نشے کا بیان	۱	حس دیا ہے	حس دی ہے
〃	〃	۳	اور جب زیادہ ضعیف	اور زیادہ ضعیف
۶۸	غذا	۴	مونگ مسور کی دال	مونگ کی دال
۶۹	〃	۲	مونگ ارہر کی دال	〃
۶۹	〃	۸	〃 〃 〃	〃 〃

صفحہ	نام کالم	سطر	غلط	صحیح
۷۰	غذا	۲	مونگ مسور کی دال	مونگ کی دال
۷۲	بیان غذا	"	اثناعصا	اثناعضاء
"	"	"	کے سوا ہو جانا	کے سوا بند ہو جانا
۷۳	عام بیان	۶	تو تپیسی	اور تپیسی
۷۴	علامات	۳ و ۴	گڑھا پڑ جاتا ہے	گڑھے پڑ جاتے ہیں
۷۵	غذا	۴	مونگ ارہر کی دال	مونگ کی دال
"	جگر کی بیماریوں کا بیان	۲	شاہت	مشابہت
"	"	۳	کی ہی سیڑھی	کی پہلی سیڑھی
۷۹		۱	پسلیوں سے می ہوئی	پسلیوں سے ملی ہوئی
۷۹	غذا	۳	شلجم	مولی کے پتوں کی بھوجیا
"	ادویہ مرکبہ	۴	مقصر	مقعر
۸۰	ورم جگر کا بیان	۱	آب کشنیز سبز آب گلو سبز پیسکر روغن گل ملا کر	آب کشنیز سبز ۲ تولہ آب گلو سبز ۳ تولہ میں پیسکر روغن گل ۱ تولہ ملا کر
"	"	۲	مرقوف	موقوف
"	علامات	۷	مقر	مقعر
"				
"	"	۱۱	حلیہ	حلبہ
۸۱	بیان استسقا	۱	مستقل اور علاج	مستقل علاج
۸۲	ادویہ مفردہ	۸	عنب الثعلب خشک۔ آرد جو گل بابونہ۔ مغز فلوس سنبل الطیب افسنتین افتیموں ہری مکو کے پانی میں	عنب الثعلب خشک ۶ ماشہ مغز فلوس ۳ تولہ۔ آرد جو اکلیل الملک سنبل الطیب۔ گل بابونہ افسنتین افتیموں ہر ایک ۶ ماشہ ہری مکو کے پانی بقدر ضرورت میں
۸۳	ادویہ مرکبہ	۱۲	معجون فنجوک	معجون فنجوش
۸۴	ادویہ مفردہ	۶	مناسب ہے کہ کسی لائق طبیب یا ڈاکٹر سے۔	مناسب ہے کہ کسی واقف کار شخص سے
۸۵	اسباب	۴	نفود کرکے	نفوذ کرکے
۸۵		"	بیخ کتیر	بیخ کبر
۸۶	آنتوں کی بیماریوں کا بیان	۲	ورنہ جلد میں	ورنہ دیر میں
"	ادویہ مرکبہ	۱	گوند کتیرا پیسکر	گوند کتیرا ایک ایک ماشہ پیسکر
"	"	۷	ملاوہ	علاوہ
۸۷	ادویہ مفردہ	۸	آب انار میں	آب انار ۵ تولہ میں
"	ادویہ مرکبہ	۳	عرق گاؤزبان کے	عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے
"	"	۴	زد کلی	زرشکی ۵ قرص
۸۸	ادویہ مفردہ	۱	رب بہ شیریں اس میں	رب بہ شیریں ۲ تولہ اس میں
"	"	۶	رب بہ غیریں حل	رب بہ شیریں ۲ تولہ حل
"	ادویہ مرکبہ	۱۱	لب بہ شیریں سا حل	رب بہ شیریں ۲ تولہ حل
۸۹	بیان پیچش	۵	زحسیر	زحیر
"		۷	جیبدگی	پیچیدگی
	ادویہ مفردہ	۴	شربت بنفشہ ملا کر	شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر

صفحہ	نام کالم	سطر	غلط	صحیح
۹۰	ادویہ مفردہ	۵	شیر خشت ترنجبین شکر سرخ گلقند اضافہ	شیر خشت ترنجبین شکر سرخ گلقند ہر ایک ۴ تولہ اضافہ
"	بیان قولنج	۱	اجابت کا رک جانا	شدید درد کے ساتھ اجابت کا رک جانا۔
۹۲	نام مرض	۷	مخوف	مجوف
۹۲	ادویہ مفردہ	۶	سنار گلی	سنار کی
"	"	۷	گلقند میں	گلقند ۲ تولہ میں
"	"	۸	گلقند میں	گلقند ۲ تولہ میں
۹۳	"	۴	سرکہ روغن گل باہم	سرکہ ۶ ماشہ روغن گل ایک تولہ باہم
"	بیان ذیابیطس	۴	جسکی وجہ سے خیال ہوتا ہے کہ شاید گردوں کے مزاج نظام عصبی اور دماغ کے ساتھ کوئی گہرا تعلق ہے	کیونکہ گردوں کا تعلق نظام عصبی اور دماغ کے ساتھ گہرا ہے۔
۹۴	ادویہ مفردہ وجع المثانہ	۱۴	شیرہ بادیان	شیرہ بادیان ۵ ماشہ
"	ہدایت	۵	کسی لائق حکیم یا تجربہ کار ڈاکٹر سے	کسی ماہر شخص سے
۹۶	ادویہ مفردہ	۹	مردار سنگ بریاں	مردار سنگ بریاں ۶ ماشہ
"	"	۱۵	یا شربت نیلوفر ملا کر	یا شربت نیلوفر ۳ تولہ ملا کر
۹۸	اعضائے تناسل کی بیماریاں	۹	مجونانہ	مجوبانہ
۹۹		۲		
۱۰۰	علامات	۱	ایسی صورت میں مادہ تولید دقیق ہوتا	ایسی صورت میں مادہ تولید رقیق ہوگا۔
۱۰۱	ادویہ مفردہ	۱۱	حب محسوس کہ	جب محسوس ہو کہ
۱۰۲	پانچیں کا بیان	۲	ہو سکنے کے بعد	ہو سکنے کے قبل
۱۰۳		۲		
۱۰۵	ادویہ مفردہ	۱	شاہترہ	شاہترہ ۵ ماشہ
۱۰۵	"	۱۱	روغن گل	روغن گل ۳ ماشہ
۱۰۶	مفردات	۲	خمیرہ گاؤزبان چاندی کے ورق میں لپیٹ۔	خمیرہ گاؤزبان ۷ ماشہ کو ایک چاندی کے ورق میں لپیٹ
۱۰۷	مفردات	۴	قصیب الذیرہ	قصب الذریرہ
۱۰۷	مرکبات	۴	عرق مرکب مصفی خون دو دو تولہ	عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولہ
۱۰۹	اسباب	۹	صحت	صحبت
۱۱۰	غذا	۲	شلجم	کڑاہی
۱۱۰	غذا	۳	ارہر کی دال	کھیرا

امراض راس - سر کی بیماریاں

جاننا چاہئے کہ دماغ ایک نہایت ہی شریف عضو ہے۔ اسکی صحت و تندرستی پر زندگی کا بہت بڑا دارومدار ہے۔ اپنے ارادے سے چلنا پھرنا، دیکھنا سننا سونگھنا۔ زبان کا ذائقہ۔ سرد و گرم آرام اور تکلیف کا سمجھنا اسی ایک عضو کے ذریعے ہوتا ہے۔ خیال فہم و ادراک حافظہ طرح طرح کی صورتیں، عمدہ عمدہ مضامین، مفید مفید باتیں اسی ایک عضو کے مختصر سے خزانہ خیال میں محفوظ رکھی جاتی ہیں اور یہیں سے نشو و نما پاکر ہر انسان کو علی قدر مراتب فائدہ پہنچاتی ہیں۔ دوست دشمن کی شناخت اچھے برے کی تمیز محض اسی عضو اور اس کے اندر تصرف کرنیوالی قوتوں کے ذریعہ انجام پذیر ہوتے ہیں اسکی تندرستی انسانی زندگی کے لئے ہزار در ہزار نعمت ہے اور اسکی صحت کی طرف سے غفلت کرنا دین و دنیا کے مقاصد کو کھو بیٹھنا ہے۔

صداع - دردسر

یہ مرض اس قدر مشہور ہے کہ اسکی تعریف اور تعارف کی ضرورت نہیں صرف نام پڑھنے سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے۔ اس بیماری میں مریض کیلئے سکون و آرام بہترین علاج ہے۔ کھانے پینے میں احتیاط۔ تبخیر اور ریاح پیدا کرنیوالی چیزیں۔ دیر ہضم اور ثقیل غذائیں۔ غم و غصہ کو تحریک دینے والے خیالات۔ مباشرت مضر ہے۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ جن کے نام مختصر لکھے گئے ہیں	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
درد سر گرمی کی وجہ سے	کبھی یہ مرض گرمی کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے خواہ گرمی کسی بیرونی سبب سے ہو یا کسی کھانے پینے کی چیز	جسم گرم۔ پیاس زیادہ۔ زبان اور ناک نتھنے خشک پیشاب کی رنگت سرخی مائل ہوگی۔ سر پر ٹھنڈا پانی ڈالنے اور سرد چیزوں کے	بیدانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ عناب ۵ دانہ تخم تربوز ۳ ماشہ پانی میں پیس کر چھان[1] کر لعاب میں ملالیں اور ۲ تولہ شربت نیلوفر ڈالکر صبح شام دونوں وقت پلائیں اور صندل سفید گلاب	اگر درد شدید ہو اور کسی کروٹ آرام نہ آتا ہو تو دوائے عزوب ۵ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور عطر حنا و عطر گلاب عطر کیوڑہ بار بار سونگھتے رہیں اور مثلث پانی میں گھسکر کنپٹی اور پیشانی پر لیپ کریں۔ اگر	دھوپ میں اور آگ کے پاس نہ بیٹھیں۔ گرم چیزیں نہ کھائیں۔ مشقت اور ریاضت نہ کریں۔ چائے۔ دودھ۔ بینگن گوشت گاؤ اور مٹھاس	پالک۔ خرفہ۔ توری۔ کدو۔ ککڑی کبری کے گوشت میں یا تنہا پکاکر اگر پیاس معلوم ہو تو کھانڈ کا شربت کرکے اسمیں لیموں نچوڑ کر بشرطیکہ نزلہ نہ ہو پلائیں اور خیارین پیسکر شیرہ لیکر تھوڑے	[illegible]

[1] اسی کو طبی اصطلاح میں شیرہ نکالنا کہتے ہیں۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
	علاج دونوں کا تقریباً ایک ہے۔	استعمال سے فائدہ معلوم ہوگا ٭	میں گھسکر پیشانی پر لیپ کریں اگر درد شدت سے ہو تو کپڑا گلاب اور سرکہ اور روغن گل میں تر کرکے سر پر رکھیں ٭	نیند لانیکی ضرورت ہو تو دوائے قرار دواد ۳ تولہ میں شربت عناب ایکتولہ شامل کرکے پلائیں اور خواب آور کی آہستہ آہستہ سر پر مالش کریں ٭	اور تیل کی بنی ہوئی چیزیں نہ کھائیں نہ بینگن پیاز بھی بچیں ٭	پرانے باریک چاول شامل کرکے اسکی کھیر پکاکر کھلائیں موسمی پھل انار نارنگی رنگترہ سیب کھاسکتے ہیں ٭	
دردِ سر سردی کی وجہ سے	اور کبھی دردِ سر سردی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ خواہ سردی کسی بیرونی سبب سے ہو خواہ اندرونی علاج اور علامات تقریباً برابر ہیں ٭	جسم ٹھنڈا۔ طبیعت بوجھل۔ حواس کند دردِ سر کے پچھلے حصہ میں زیادہ ہوگا۔ گرم ہوا اچھی معلوم ہوگی۔ پیشاب کی رنگت کا سفیدی مائل ہونا۔	گل نفشہ ۷ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ سپستاں ۹ دانہ۔ اصل السوس مقشر ۵ ماشہ مصری ۲ تولہ پاؤ سیر پانی میں جوش دیکر صاف کرکے صبح شام پلائیں اور گل بابونہ یا پوست الائچی کلاں پانی میں پیس کر نیمگرم کرکے پیشانی پر لیپ کریں۔ اگر سردیوں کا موسم ہو تو مریض کو گرم جگہ رکھیں ٭	حالت درد میں دوائے ایقاظ ۵ تولہ میں شربت اسطخودوس ۲ تولہ شامل کرکے نیمگرم پلائیں اور دوائے عجیب روئی کے پھاہے سے پیشانی اور کنپٹی پر لگائیں اور رات کو نقطہ ۵ قرص کھلا کر اوپر سے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ نیمگرم کرکے پلائیں امید ہے کہ آرام ہو جائے گا۔	ٹھنڈے پانی سے غسل نہ کریں ٹھنڈی چیزیں کدو پالک توری خرفہ نہ کھائیں ترشی سے قطعی پرہیز رکھیں تیل کی بنی ہوئی چیزیں بھی مضر ہیں ٭	چائے دودھ زیادہ ڈالکر بکری کا گوشت چوزہ مرغ تیتر بٹیر انڈے مونگ ارہر کی دال انگور نان پاؤ پلاؤ خشکہ روٹی ارہر کی کھچڑی اگر قبض ہو تو کھانا بھوک سے کم کھائیں اور بہتر ہے کہ ایک وقت فاقہ کریں ٭	[illegible]
دردِ سر قبض کیوجہ سے	کبھی دردِ سر معدہ کی خرابی کیوجہ سے ہوتا ہے جسکی مختلف صورتیں ہیں گا ہے ہضم خراب	قبض کی حالت میں دردِ سر کا زیادہ ہونا۔ اجابت ہونے سے درد میں تخفیف ہونا پاخانہ خشک ہوگا بھوک	بادیان ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ تخم کشوث ۳ ماشہ پانی میں پیس کر چھان کر ۴ تولہ خمیرہ بنفشہ یا شربت دینار ملاکر صبح شام دونوں وقت ملائیں۔ نمک سیاہ	اور دوا نافع غذا ۲-۲ تولہ صبح اور شام پلایا کریں اور چورن ایک قرص دونوں وقت جبکہ کھانا کھانے کے کھلائیں اور اکسیر سنائی ۲ قرص یا ملین ۵ قرص رات کو سوتے	قبض پیدا کرنیوالی چیزیں میدہ اور تنور کی پکی ہوئی روٹی اردی۔ آلو گوشت گائے کا بینگن	ہلکی غذا۔ زود ہضم۔ روٹی خشکہ شوربہ مرغ بکری کا گوشت۔ نان پاؤ۔ بسکٹ دودھ مکھن بسکٹ اوا اوٹ چائے زیادہ دودھ	صبحکو نہار منہ باسی پانی پینا اور روغن بابونہ سر پر مالش کرنا اس دردِ سر

	ہو کر معدہ سے تبخیر اٹھتی اور درد سر کا باعث ہوتی ہے	کا کم لگنا۔ منہ کا خشک ہونا بدن بھاری اور طبیعت کا سست رہنا۔	۳ ماشہ اور بادیان ایک تولہ کوٹ چھان کر ایک کف دست (یعنی ۳ ماشہ) دونو وقت کھانا کھانے کے بعد پھانک لیا کریں۔	وقت عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھلائیں اور کبھی پپیتے کی ۲-۲ قرص کھانا کھانے کے بعد کھلانا بھی اس کے لئے مفید ہے۔	مچھلی۔ مسور کی دال اور مونگ کی خشک دال نہ کھائیں۔	ڈال کر پی سکتے ہیں۔ امرود انجیر پونڈہ وغیرہ کھائیں۔	میں نہایت مفید ہے۔
دردِ سر ریاح معدہ کی وجہ سے	اور ایسے ہی کبھی ہضم خراب ہو کر معدہ سے ریاح اٹھتی اور دماغ میں پہنچکر درد کا باعث ہوتی ہیں۔ بحالت ٹھنڈی اور ثقیل چیزوں کے کثرت استعمال سے ہوتی ہے۔	نفخ شکم کھانا کھانے کے بعد درد میں زیادتی ہونا۔ بھوک کے وقت کم ہونا پیٹ میں ہلکا ہلکا درد ہونا۔ پیشاب میں جھاگ زیادہ ہونے۔ بعرش ڈکاریں آنا۔ قراقر کی آواز کا سنائی دینا۔	گل بنفشہ ۶ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ بیخ کاسنی ۶ ماشہ گاؤزبان ۵ ماشہ بادیان ۶ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ شامل کر کے پلائیں اور بادیان ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ تخم کشوث ۳ ماشہ پانی میں پیس کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر شام کو پلائیں۔	ان دواؤں کے علاوہ چورن ایک قرص دونوں وقت بعد کھانے کے اور احسن ایک عدد دو دو گھنٹہ بعد۔ دوا نافع غذاء ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں یا مرکب جالینوس ۶ قرص رات کو کھا کر اوپر سے عرق بادیان ۶ تولہ عرق پودینہ ۶ تولہ بنفشہ مرکب ۴ تولہ شامل کر کے نیم گرم پی لیا کریں۔ اور کبھی پپیتا بعد از غذاء ۲ عدد کھائیں۔	ثقیل چیزیں۔ بینگن۔ میتھی کا ساگ اروی چقندر شلجم گوبھی آلو پیاز لہسن چنے مسور کی دال کچالو دودھ مکھن انڈا مچھلی تیل کی بنی ہوئی چیزوں سے پرہیز رکھنا چاہیئے۔	روٹی۔ خشکہ۔ مونگ ارہر کی دال۔ شوربہ۔ چوزہ مرغ۔ کھمن بسکٹ پالک۔ خرفہ۔ توری۔ شلجم سیب انار شیریں اور امرود وغیرہ کھانا کھانے کے بعد فوراً نہ سوئیں پانی کی بجائے سوڈا واٹر گاہ گاہ استعمال کریں تو مناسب ہے۔	[illegible]
دردِ سر معدہ میں صفرا کی زیادتی سے	کبھی صفرا کی زیادتی ہو کر یہ صفرا معدہ پر گر کر اور بخارات تیز اٹھکر دماغ کیطرف جاتے اور درد سر پیدا کرتے ہیں۔	بھوک کے وقت درد سر میں زیادتی اور کھانا کھانے کے بعد درد میں تخفیف۔ منہ کا مزہ کڑوا پیشاب سرخی مائل جی کا متلانا قے کر نیسے پتوں کا خارج ہونا۔	تمر ہندی ۴ تولہ آلو بخارا ۹ دانہ عرق بادیان ۱۰ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں بھگو کر ملکر صاف کر کے شربت ورد ۴ تولہ شامل کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ اگر پیاس زیادہ ہو تو کھانڈ کا شربت کر کے لیموں نچوڑ کر پلائیں۔ صندل سفید یا تخم کاہو یا کشنیز باریک گلاب میں پیس کر لیپ کریں۔	اور دوائے غروب ۵ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں یا سکنجبین لیموں ۲ تولہ عرق گلاب ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ میں شامل کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ مرکب تمر ہندی یا مرکب عود شیریں یا مربا آملہ ۔۔ قرص شام کو عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھایا کریں۔	گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں لال مرچ گڑ تیل کی چیزیں نہ کھائیں۔ چائے دودھ بینگن لہسن پیاز مچھلی وغیرہ کا استعمال مضر ہے	روٹی خشکہ نان پاؤ شوربہ قلیہ پالک خرفہ توری کدو چقندر لیموں نچوڑ کر کھائیں مکھن کھا سکتے ہیں مونگ ارہر کی دال لیمونیڈ برف ڈالکر خیارین یا ساگو دانہ کی کھیر سیب سنگترہ انار آلوچہ آڑو وغیرہ کھا سکتے ہیں۔	[illegible]

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
دردِ سر معدہ میں بلغم کی زیادتی سے	کبھی معدہ کے اندر بلغم اکٹھا ہو کر ہضم کو خراب کر دیتا ہے اور ریاح اٹھکر دماغ میں پہونچتے اور درد کا باعث ہوتے ہیں	معدہ کے اندر بوجھ ہونا کھٹی ڈکاریں آنا منہ سے بار بار رطوبت خارج ہونا ذائقہ پھیکا ہونا۔ پیشاب میں غلظت کا ہونا پاخانہ کا نرم ہونا ❊	بادیان ۷ ماشہ بیخ بادیان ۷ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ گاؤزبان ۵ ماشہ گل بنفشہ ۷ ماشہ تخم کشوث پوٹلی میں باندھکر ۵ ماشہ انجیر زرد ۴ عدد رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر ۲ تولہ خمیرہ بنفشہ شامل کرکے پلائیں اگر پیٹ میں درد ہو اور بوجھ ہو تو پانی میں تخم ترب ۳ تولہ شہد کر سانجھر ملاکر پلاکے قے کرائیں ❊	اور دوا مقوی معدہ ۱ قرص صبح کو نہار منہ نافع غذا کے ہمراہ شربت بنفشہ ایک تولہ شامل کرکے پلائیں اور چورن ایک ماشہ بعد کھانا کھانے کے کھائیں یا شام کو جالینوس ۲ گولی گرم پانی یا ۱۲ تولہ عرق بادیان کے ہمراہ اور رات کو سوتے وقت نسائی ۲ قرص کھاکر سو رہیں اور درد سر کو آرام ہونے کے بعد خبث الحدید ایک قرص مسک معتدل سادہ یا جواہر والی ۱ قرص کے ہمراہ روزانہ استعمال کریں	ٹھنڈی اور ثقیل چیزیں کدو پالک خرفہ توری ماش کی دال آلو اروی کچالو۔ ٹھنڈا نہ کھائیں۔ سرد پانی سے پرہیز رکھیں	پتلی پتلی چپاتیاں بکری یا چوزہ مرغ کا شوربہ یا یخنی۔ مونگ کی دال خوب گلاکر پکائیں اور روٹی سے کھائیں یا ارہر کی بھنی ہوئی کھچڑی۔ چائے۔ بسکٹ نان پاؤ وغیرہ یعنی ایسے آٹے کی کھائیں جس میں نمک اور سوڈا شامل کرکے گوندھا گیا ہو ❊	[illegible]
دردِ سر کمزوری دماغ سے	کبھی مباشرت کی کثرت یا عوارض نکسیر کا عارضہ یا چوٹ وغیرہ کی وجہ سے سر سے زیادہ خون نکلنے یا اور دماغی امراض میں مدت تک مبتلا رہنے یا کثرت تفکرات یا دماغی محنتوں سے دماغ ضعیف ہو کر یہ مرض پیدا ہوتا ہے	تھوڑی محنت سے سر چکرانا آنکھوں کے تلے اندھیرا آنا تارے تارے دکھائی دینا۔ سرد ہوا اور دھوپ کی برداشت نہ ہونی۔ نزلہ زکام کی اکثر شکایت رہنی۔ پاخانہ پیشاب کا اصلی حالت پر ہونا ❊	مغز بادام شیریں ۵ دانہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ۔ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ کتیرا ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ نشاستہ ۳ ماشہ تخم خشخاش سفید ۳ ماشہ مصری ۲ تولہ تھوڑے پانی میں پیس کر گائے کا دودھ ۱ سیر شامل کرکے آنچ پر رکھیں جب کسی قدر غلیظ ہو جائے اتار کر روغن زرد ۲ تولہ سے داغ کرکے چمچہ سے نوش کریں ❊	کبیر ۲ قرص پہلے کھاکر اوپر سے دوائے الیقاظ ۲ تولہ شربت انار ۱ تولہ بھر شامل کرکے پی لیں۔ اور عطر اگین کی سر پر مالش کریں یا کشتہ مرجان جواہر والا یا سادہ ۱ قرص گاؤزبان سادہ یا عنبری جواہر والا ۱ قرص کے ساتھ کھائیں اور روغن بادام شیریں یا روغن لبوب سبعہ کی سر پر مالش کریں۔ روغن کی مالش رات کو کیا کریں ❊	دماغی محنت کثرت مطالعہ سے پرہیز رکھیں مشقت اور ریاضت نہ کریں۔ غذا بھوک سے کم کھائیں۔ قبض پیدا کرنے والی چیزیں آلو اروی وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں ❊	عمدہ عمدہ غذائیں کھائیں چوزہ مرغ تیتر بٹیر بکری کا گوشت دودھ مکھن گھی زیادہ استعمال کریں کدو خرفہ توری شلجم وغیرہ روٹی کھچڑی خشکہ ارہر مونگ کی دال انار سیب انگور انڈا تلا ہوا گاجر کا حلوا سوہن حلوا دودھ جلیبیاں بھگو کر رات کو سوتے وقت کھائیں ❊	[illegible]

دردِ سر خرابی رحم کی وجہ سے	کبھی عورتوں کو ان اسباب کے علاوہ خرابی رحم یا ایام ماہواری یا نفاس کے رُک جانے اور بیقاعدہ ہو جانے کی وجہ سے بھی دردِ سر ہوتا ہے	اسکی علامت یہ ہے کہ درد ہلکا تالو کے اوپر سے شروع ہو کر سارے سر میں پھیل جائیگا۔ مریضہ زیرِ ناف درد یا بوجھ محسوس کرے گی قلب پر گھبراہٹ اور گرمی کا اثر ہوگا	اگر سردی کی وجہ سے ہو تو معجون حب قرطم بادیان گاؤزبان پرسیاوشاں تخم خربزہ ہر ایک ۴ ماشہ پاؤ سیر پانی میں جوش دیکر صاف کر کے شربت بزوری ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اور اگر حرارت سے ہو تخم خربزہ گوکھرو تخم خیارین ہر ایک ۲ ماشہ ۱۲ تولہ عرق بادیان میں پیسکر چھان کر شربت بزوری ۴ تولہ شامل کر کے پلائیں	یا دوا نے ادرار پانچ قرص دوائے مددگار ر ۲ تولہ کیساتھ شربت بزوری تولہ بھر ڈالکر صبح شام دونوں وقت استعمال کرائیں یا مدر ایک ایک گولی صبح دوپہر اور شام کو کھا کر اوپر سے شربت بزوری ۴ تولہ پانی میں ملا کر پی لیا کریں اگر تکلیف زیادہ ہو اور گرمی زیادہ معلوم ہو تو عرق گاؤزبان ۷ تولہ و عرق بید مشک ۷ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پئیں	گرم چیزیں۔ تیل کی بھنی ہوئی اشیاء۔ گڑ آلو اروی مونگ ماش کی دال قابض اور منفخ اشیاء کو بھی وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں	روٹی خشک کھچڑی ارہر کی دال سالم مسور ترشی کے ہمراہ بکری کا گوشت دودھ گھی توری خرفہ پالک کدو شلجم خیارین کی کھیر ساگو دانہ مکھن بالائی۔ موسمی پھل تربوز خربزہ انار سیب نارنگی رنگترہ وغیرہ کھائیں	یاد رکھنا چاہئیے کہ ابتداء حمل سے وضع حمل بچہ پیدا ہونے تک بلکہ جب تک عورتیں دودھ پلاتی ہیں اُن کو تقریباً چھ سات ماہ تک ایام بند رہتے ہیں
(شقیقہ) آدھے سر کا درد	کبھی دماغ کی رگوں میں مادہ رُک کر یا نزلہ بند ہو کر اس سے بخارات اُٹھتے اور دردِ سر کا باعث ہوتے ہیں اس درد کو عربی میں شقیقہ اور اُردو میں اوہاسیسی کہتے ہیں	سر گرم ہوگا اور کانوں میں گنگناہٹ معلوم ہوگی۔ کنپٹی کے پاس کی رگیں خوب تیز چلیں گی اور ان کے تڑپنے کے ساتھ تکلیف زیادہ ہوگی قبض کی حالت میں درد زیادہ ہوگا۔ اور نصف سر میں ہوگا	لعاب بیدانہ ۳ ماشہ شیرہ تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ پانی میں نکالکر قبض ہو تو شربت نیلوفر ۲ تولہ ورنہ خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح شام پلائیں اور برگ نبت کا پھل باریک پیسکر ملاس کی طرح سونگھیں اور یہ نسخہ (نزلہ بند) کا گوند کتیرا زعفران افیون مرکی انڈے کی سفیدی ۱ ماشہ میں حل کر کے ایک گول کاغذ کتر کے اس کے بیچ میں سوراخ کریں۔ اور یہ دوا اس کاغذ پر لگا کر کنپٹی پر چپکا دیں امید ہے کہ بہت جلد صحت ہوگی	شدت تکلیف میں دوائے نصف کے دو تین قطرہ ناک میں ٹپکائیں اور درد کی جگہ لگائیں اور دوائے شقیقہ چٹکی میں لیکر ملاس کی طرح سونگھیں۔ اور دوائے قاطع ایک قرص تازہ پانی کے ساتھ نگل لیں اور زمانی قرص رات کو سوتے وقت گرم پانی کیساتھ کھائیں۔ اور شلث پانی میں گھسکر پیشانی پر درد کی جگہ لگائیں۔ عجیب کا لگانا بھی اس مرض میں نہایت سودمند ہے	محنت مشقت نہ کریں پاخانہ پیشاب کو دیر تک نہ روکیں۔ دھوپ میں نہ پھریں تبخیر اور قبض پیدا کرنے والی چیزیں لہسن۔ پیاز آلو۔ اروی ماش کی دال نہ کھائیں	روٹی خشکہ۔ کھچڑی مونگ ارہر کی دال نان پاؤ بسکٹ۔ مکھن خرفہ پالک سویا ہرا دھنیا توری بکری کے گوشت میں یا تنہا انگور رنگترہ انار شیریں ہرا دھنیا اور املی کی چٹنی۔ غذا خصوصاً قبض کی حالت میں بھوک سے کم کھائیں اور جلیبیاں گھی میں بھون کر صبح کو کھانا اس مرض میں نہایت مفید ہے	اس درد کی حالت میں سر کو کپڑے وغیرہ سے باندھنا [illegible] جہاں تک ممکن ہو [illegible] کوشش کریں۔ اگر [illegible]

نام مرض	اسباب	علامات	علاج		پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
			ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ			

سہر - نیند نہ آنا

دماغ میں گرمی اور خشکی بڑھکر یہ حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ کہ انسان کو رات رات بھر کروٹیں بدلتے گذر جاتی ہے اور نیند نہیں آتی۔ اس مرض کا طبی نام سہر ہے۔ ضرورت ہے کہ اس مرض کے علاج کی طرف جلد سے جلد توجہ کی جائے کیونکہ بسا اوقات مسلسل بیداری کے بعد جنون اور اختلاج قلب اور مہلک بیماریاں پیدا ہونیکا اندیشہ ہے۔ لگاتار بیداری کے بعد خشک کھانسی کا پیدا ہونا خوفناک علامت ہے ؛

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سہر صفراوی	یہ مرض کبھی گرم غذاؤں کے زیادہ استعمال کرنے صفرا کی زیادتی دھوپ اور آگ کے پاس دیر تک کام کرنے سے گرمی اور خشکی دماغ میں بڑھکر پیدا ہوتا ہے ؛	اسکی پہچان یہ ہے کہ ناک کے نتھنے خشک ہوں گے پیاس کا غلبہ ہوگا۔ سر کے اندر گرمی معلوم ہوگی چہرہ زرد ہوگا۔ اگر صفرا کا غلبہ ہو تو منہ کا مزا کڑوا ہوگا۔	تخم خیارین ۳ ماشہ الو بخارا ۵ دانہ تخم کاہو مقشر کشنیز خشک ہر ایک ۳ ماشہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں پیس چھان کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر صبح شام پلائیں اور صندل سفید کشنیز خشک تخم کاہو ہر ایک ۶ ماشہ گلاب میں پیسکر روغن گل ایک تولہ ملاکر کپڑا تر کرکے سر پر رکھیں اور تلسی کے تازہ پتے لیکر سونگھیں اور سرہانے رکھیں ؛	دوائے خواب ایک قرص پہلے کھاکر اوپر سے دوائے عذوب ۵ تولہ شربت نیلوفر تولہ بھر شامل کرکے پلائیں اور دوائے آرام کی سر پر مالش کریں اور دو تین قطرہ ناک میں ٹپکائیں یا عرق شیرہ ۶ تولہ عرق ماء الجبن ۶ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کرکے صبحکو پلائیں اور مربہ سیب ۲ تولہ بھر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اول کھلائیں اور عرق بید مشک ۲ تولہ عرق کاسنی ۳ تولہ عرق نیلوفر ۶ تولہ شربت صندل ۲ تولہ شامل کرکے شام کو پلائیں اور روغن کدو اور کاہو کی سر پر مالش کریں اور ضماد خواب آور کا سر پر لیپ کریں	محنت ریاضت لکھنے پڑھنے کا کام نہ کریں مباشرت سخت مضر ہے چائے نہ پئیں گرم چیزیں نہ کھائیں انڈا دودھ لہسن پیاز گڑ تیل نشہ پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز رکھیں ؛	دودھ مکھن زیادہ کھائیں۔ دہی رقیق بکری کا گوشت خرفہ پالک توری کدو لگڑی کھیرہ ڈال کر خشکہ کھچڑی مونگ ارہر کی دال اور مسور سالم انار سیب ناشپاتی رنگترہ خربزہ تربوز سردہ الوچہ نارنگی پونڈہ کھائیں ؛	مریض کو ایسے مقام پر جہاں شور و غل نہ ہو آرام سے سلائیں اور کھلی ہوا میں پاؤں آہستہ آہستہ دبائیں اور تھپکی دے کر سلائیں ؛
	اور کبھی خون میں سودا کا غلبہ ہوکر خشکی بڑھکر خون خراب ہو جاتا ہے	ایسی حالت میں طبیعت پریشان اور گھبراہٹ دل کا دھڑکنا اور خوف زدہ	شاہترہ ۶ ماشہ چرائتہ ۔ سر پھوکہ منڈی عناب ۵ دانہ ہلیلہ سیاہ صندل سرخ بادرنجبویہ سرماہیں (غشبہ مغربی) رات کو گرم پانی	یا بریشم شیرہ عناب والا ۵ قرص کھاکر اوپر سے دوائے قرار والا ۳ تولہ شربت نیلوفر شامل کرکے پلائیں اور روغن کدو کے	غم و غصہ اور دھوپ سے مریض کو بچائیں مباشرت سے احتیاط رکھیں لکھنے	روٹی خشکہ بکری کا گوشت کدو پالک خرفہ توری کھیرا لکڑی شلجم دال مونگ انگور سیب ناسپاتی رنگترہ شیریں	

اور یہ مرض پیدا ہوجاتا ہے اس کو مالیخولیا (جنون) کا پیش خیمہ سمجھنا چاہیئے۔

رہنا غرضیکہ قریب قریب مالیخولیا کے علامات ظاہر ہوتے ہیں ایک آدھ گھڑی کو نیند اگر آبھی جاتی تو پریشان خواب دکھائی دیتے اور آنکھ کھل جاتی ہے

میں بھگو کر صبح کو مل کر چھان کر شربت عناب ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اور مغز تخم کدو شیریں مغز تخم تربوز عرق شیر ۶ تولہ عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولہ میں پیسکر شیرہ لیکر شربت عناب ۴ تولہ ملاکر پلائیں اگر چند روز میں فائدہ نہ ہو

دو تین قطرہ ناک میں ٹپکائیں اور عطر اگین کی سر پر مالش کریں یا صبح کو عشبہ ۲ ترمس کھلاکر اوپر سے عرق عشبہ ۸ تولہ مصری ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور عرق شاہترہ ۶ تولہ عرق منڈی ۶ تولہ شربت مصفی خون ۲ تولہ شامل کرکے شام کو پلائیں اور روغن خشخاش یا روغن کاہو اور ضماد خواب آور کی سر پر مالش کریں۔

پڑھنے کا کام نشہ پیدا کرنیوالی چیزیں مسجز اشیا گرم تیل ترشی اور ثقیل چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

سردہ۔ خربوزہ۔ تربوز۔ مکھن دودھ اس بیماری کی حالت میں اگر دودھ سے رغبت ہو تو سب سے بہتر بکری کا دودھ ہے۔ دودھ چاول کا استعمال زیادہ رکھیں۔ میٹھا کم۔

تو صبح کے نسخہ میں برگ سنا مکی ۱ ماشہ اضافہ کرکے رات کو بھگوئیں صبح کو مل کر چھان کر ترنجبین گلقند شکر سرخ ہر ایک ۴ تولہ ملاکر دوبارہ صاف کرکے پلائیں اگر ۹-۱۰ بجے تک دست نہ آویں تو عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت دینار ۴ تولہ ملاکر نیم گرم کرکے تھوڑا تھوڑا پلائیں اور دوپہر کو یخنی بناکر پلائیں پھر تیسرے پہر کو مونگ کی کھچڑی پتلی پکاکر کھلائیں اور اگلے روز یہ نسخہ استعمال کرائیں خمیرہ گاؤزبان ۱ تولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر پہلے کھلائیں اوپر سے عناب ۵ دانہ عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولہ میں پیسکر شیرہ لیکر شربت عناب ۴ تولہ ملاکر پلائیں اسی طرح اگر ضرورت باقی رہے تو تین مسہل دیں۔ اگر کچھ ضعف محسوس ہو تو وہی ادویات کچھ دنوں استعمال کریں جو دردسر ضعیفی میں مذکور ہوئیں۔

مریض کو کسی وقت تنہا اکیلے مکان میں نہ چھوڑیں زیادہ روشنی اور اندھیرے میں بھی نہ رکھیں اور بکری کے دودھ میں کپڑا تر کرکے سر پر رکھیں۔

سہر یعنی نیند نہ آنا

کبھی یہ مرض معدہ کی خرابی یعنی پیٹ سے زیادہ کھا لینے کی وجہ سے یا دراصل غذا کی خرابی اور ثقل کیوجہ سے سوء ہضمی ہوکر نفخ شکم سے آدمی بیچین ہو اور نیند نہیں آتی

اسکی علامت یہ ہے کہ معدہ میں گرانی ہوگی نفخ اور قراقر اور پیٹ میں درد ہوگا کبھی ڈکاریں آئینگی ہچکی بھی ہوگی۔ ریاح کم خارج ہونگی تبخیر کی وجہ سے دل کی گھبراہٹ ہوگی۔

کوئی مسہل ۲ قرص کھلاکر اوپر سے بادیان ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں پیسکر چھان کر گلقند یا شربت دینار ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔ اگر ثقل اور گرانی زیادہ معلوم ہو تو پہلے گرم پانی میں سکنجبین ۲ تولہ ڈالکر پلا کر قے کرائیں اور پھر یہ ادویہ استعمال کرائیں۔

یا دوائے مقوی معدہ ایک قرص پہلے کھلا کر اوپر سے دوائے نافع غذا ۲ تولہ نیم گرم کرکے پلائیں۔ اور چورن تھوڑی تھوڑی کھلاتے رہیں یا کوئی مسہل ۲ قرص پہلے کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۸ تولہ عرق پودینہ ۴ تولہ شربت دینار ۴ تولہ ملاکر نیم گرم پلائیں اور عجیب ۲-۳ قطرہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ملا کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔

معدہ صاف ہونیکے بعد دو ایک وقت کچھ نہ کھائیں تاکہ اچھی طرح معدہ کی رطوبات فضلیہ تحلیل ہوجائیں ثقیل غذا سے اور پیٹ سے زیادہ کھانے سے پرہیز رکھیں۔

چوزہ مرغ یا بکری کے گوشت کی یخنی مونگ کی دال اُبال کر اس کا پانی دوسرے وقت شوربہ اور پھر ہلکی غذا۔ شوربہ روٹی نان پاؤ کھچڑی مونگ ارہر کی دال مگر یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ جب تک غذا غیر منہضم سے معدہ پاک ہوکر خوب کھلکر بھوک نہ لگے کوئی چیز کھانی سخت مضر ہے ہلکی غذا بھی صفائی معدہ کے بعد کھائیں۔

واضح ہو کہ ہر حالت میں خواہ آدمی مریض ہو خواہ تندرست کھانا اسی قدر کھائیں کہ بعد کھانیکے کچھ بھوک باقی رہ جائے اسپر کاربند ہونیسے امید ہے کہ اکثر بیماریوں سے محفوظ رہیں گے

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت

سبات - نیند زیادہ آنا

یہ ایک مرض ہے جسمیں انسان کے اعضا اپنے اپنے کام سے معطل ہوجاتے ہیں اور انسان پر ایسی حالت طاری ہوتی ہے کہ کافی استراحت کے بعد بھی نیند نہیں بھرتی اور مسلسل غنودگی چھائی رہتی ہے۔ یاد رکھنا چاہئے کہ اس قسم کے مریض اور غشی یعنی بیہوشی کے مریض میں بہت بڑا فرق ہے۔ اس مریض کی حالت بعینہ اوس آدمی کی سی ہوتی ہے جو گہری نیند میں سوتا ہو اور نفیر خواب یعنی خراٹے کی آواز بلند ہو۔ اس کے چہرہ پر غشی کے مریض کی طرح زردی اور پژمردگی نہ ہوگی برخلاف غشی کے مریض کے بغیر تدابیر غشی صرف جگانے سے بات کرلیتا ہے۔ اور سوال کا جواب دیدیتا ہے۔ یہ مرض اگرچہ زیادہ خوفناک نہیں ہے۔ مگر عرصہ تک اس کا سلسلہ جاری رہنے سے ڈر ہے کہ دوسرے سخت اور خوفناک امراض مثل (صرع) مرگی۔ سکتہ وغیرہ تک نوبت پہنچے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ جلد اس کے تدارک اور علاج کی طرف توجہ کرکے نیند کو اعتدال کے درجہ پر پہونچائیں ۴

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سبات (نیند زیادہ آنا)	یہ مرض اکثر سر کو زیادہ سردی لگنے برف یا اور ٹھنڈی چیزیں زیادہ استعمال کرنے نزلہ زکام کے بعد سر کے اگلے حصہ میں رطوبت بلغمیہ کے اکٹھا ہونے نیز منشی چیزیں مثل افیون وغیرہ کے گاہ گاہ کھانے سے پیدا ہوتا ہے	سر کا اگلا حصہ بھاری ہوگا چہرہ پر بہر بہراہٹ ہوگی پلکوں پر بوجھ ہوگا ناک اور منہ سے بار بار رطوبت خارج ہوگی۔ سر چھونے سے ٹھنڈا معلوم ہوگا۔ چہرہ کا رنگ سیاہی مائل ہوگا۔ پیشاب سفید اور غلیظ ہوگا ۴	بادیان بیخ بادیان بیخ کرفس ہر ایک ۷ ماشہ اسطوخودوس ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ انجیر زرد ۳ عدد رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر شہد خالص ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور برگ تیت اور کائپھل باریک پیس کر کپڑے میں چھانکر ہلاس کی طرح سونگھیں۔ اور جند بیدستر عاقرقرحا مورنج کوہی عنصل سفید ہر ایک ۶ ماشہ سرکہ میں پیس کر گرم کرکے سر پر لیپ کریں اور گیہوں [illegible]	یا دوائے ایقاظہ ۵ تولہ میں شربت اسطوخودوس ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں بہتر ہو کہ دوائے یقظہ بھی ۵ قرص کے ساتھ ساتھ استعمال کرتے رہیں۔ مسہل سے فراغت کے بعد حب الجدید ۲ قرص دو قرص مسک معتدل کے ہمراہ صبح کو کھائیں اور مرجان جواہر والا ۱ قرص مرکب گاؤزبان کے ساتھ شامل کرکے شام کو کھائیں اور ۲ قرص مرکب اسطوخودوس ۵ قرص روزانہ رات کو گرم پانی سے کھائیں۔	کدو ککڑی پالک خرفہ تربوز نہ کھائیں برف اور ٹھنڈا پانی قطعی نہ پئیں۔ منشی چیزیں مثل افیون وغیرہ کے ہرگز نہ استعمال کریں۔ امرود وغیرہ موسمی پھلوں سے کچھ دنوں پرہیز واجب ہے ۴	چوزہ مرغ تیتر بٹیر بکری کا گوشت مونگ ارہر کی دال خشک پکا کر گرم مصالحہ وغیرہ اچھی طرح ڈالکر کھائیں۔ روٹی کھچڑی چائے دودھ پی سکتے ہیں۔ گاجر چقندر کریلہ میٹھا گھیا کھا سکتے ہیں۔ بادام اخروٹ چھوہارہ چلغوزہ منقی کشمش وغیرہ کھائیں	اگر [illegible] کھانے کی حالت ہو تو ذرا ابلے ہوئے [illegible] چیزیں شدت [illegible] وغیرہ کے کھلانے میں دور ورزش کرنا اور گرم مقام میں رہنا بھی مفید ہے

۳ کی بھوسی اور نمک پوٹلی میں باندھکر سر پر گرم گرم تکمید کریں اگر چند روز میں فائدہ نہ ہو تو برگ سنا مکی، ماشدات کو صبح کے نسخہ کے ساتھ بھگودیں اور صبح کو ملکر صاف کرکے مغز فلوس شکر سرخ ترنجبین گلقند ۴۔ ۴ تولہ اضافہ کرکے دوبارہ صاف کرکے شیرہ مغز بادام ۱۵ دانہ شیرین ملاکر پلائیں اگر ۹۔ ۱۰ بجے تک کوئی دست نہ آئے تو شربت دینار ۴ تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ملاکر نیم گرم کرکے پلائیں اور دو پہر کو یخنی بناکر پلائیں اور تیسرے پہر کو مونگ کی پتلی کھچڑی پکا کر کھلائیں اور اگلے روز مرکب گاؤزبان ۲ قرص چاندی کے ورق میں لپیٹ کر پہلے کھا کر اوپر سے عناب ۵ دانہ عرق گاؤزبان میں پیس کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈالکر تخم ریحاں ۶ ماشہ چھڑک کر

لہ مسہل کا طریقہ مدجب ایارج جو یہاں درج کیا گیا ہے اس کو یاد رکھیں ۴

پلائیں اور تیسرے روز اسی طرح نسخہ بھگو کر چار گھڑی رات رہے مریض کو اُٹھا کر حب ایارج ۹ ماشہ عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ کے ہمراہ پھنکا کر سلا دیں۔ اور صبح کو مسہل پلائیں اور اگلے روز تبرید +

سباتِ ضعفی	اور کبھی یہ مرض کثرت مباشرت اور محنت زیادہ کرنے سے ضعف اور تکان کی وجہ سے یا عرصہ تک بیمار رہنے کی نقاہت سے یا زیادہ دست آنیکی وجہ سے یا کسی جگہ سے خون زیادہ نکلنے سے کمزوری بڑھکر یہ کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔	اسباب مذکورہ میں سے کسی سبب کا پایا جانا۔ طبیعت کا ہر وقت سست اور سونے کی طرف مائل رہنا کسی کام کے کرنیکو جی نہ چاہنا۔ پیشاب پاخانہ کا معتدل یعنی اچھی حالت پر ہونا +	ایسی حالت میں نسخہ ذیل استعمال کریں ا۔ مغز بادام شیریں ۵ دانہ مغز تخم کدو شیریں ۲ ماشہ مغز تخم تربوز ۲ ماشہ تخم خشخاش سفید۔ نشاستہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ مصری ۲ تولہ تھوڑے پانی میں پیسکر پاؤ سیر گائے کا دودھ اوٹا کر آنچ پر رکھیں۔ جب کسی قدر گاڑھا ہو جائے اتار کر تو گھی سے داغ کر کے چمچہ سے نوش کریں چند روز میں فائدہ ہوگا +	یا کشتہ مرجان جواہر والا ایک قرص گاؤزباں مرکب ۱۲ قرص کے ساتھ کھا کر اوپر سے دوائے المسک ۲ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ بھر شامل کر کے پلائیں یا خبث الحدید ایک قرص مسک معتدل ۵ قرص کے ہمراہ دوسرے وقت استعمال کریں۔ اگر کشتہ نقرہ جدید ایک قرص یا حب جواہر ایک عدد قرص گاؤزباں جواہر والا کے ساتھ کھائیں تو نہایت مفید ہے اور عطر لگائیں اور روغن بادام کی سر پر مالش کریں +	دیر ہضم اور ثقیل غذا چنے اوڑد اور مسور کی دال وغیرہ نہ کھائیں۔ محنت مشقت۔ لکھنے پڑھنے کا کام بھی چند روز تک نہ کریں۔ مباشرت سے پرہیز رکھیں۔ حرز جواں سے بچیں +	عمدہ اور نفیس غذا بکری کا گوشت چوزہ مرغ۔ تیتر۔ بٹیر۔ کبوتر۔ مرغابیاں گنجشک نر۔ بیضۂ مرغ۔ کیک۔ بسکٹ نان پاؤ۔ چائے مکھن۔ دودھ۔ پلاؤ قورمہ۔ روٹی خشکہ۔ کھچڑی زیادہ گھی ڈالکر بقدر ہضم کھائیں۔ کدو۔ توری۔ خرفہ پالک۔ شلجم۔ مونگ ارہر کی دال۔ انگور سیب انار۔ ناشپاتی۔ نارنگی۔ بادام وغیرہ کھائیں +

ان امراض میں جو اسباب کا بیان ہے حقیقت میں یہ کوئی مرض نہیں بلکہ مرض ضعف اور کمزوری کی علامات ہیں ... اگر علاج ... [illegible] +

سدر (آنکھوں کے تلے اندھیرا آنا) دوار (سر گھومنا)

سدر یہ ایک قسم کی بیماری ہے جس میں آدمی کے کھڑا ہونے یا ادنیٰ حرکت کرنیسے آنکھوں کے تلے اندھیرا آجاتا ہے اور فوراً چکرا کر گر پڑتا ہے اور دوار اس کیفیت کو کہتے ہیں کہ انسان کو ادنیٰ حرکت کے وقت ارد گرد کی چیزیں گھومتی ہوئی دکھلائی دیتی ہیں۔ اور اپنے سنبھالنے پر قادر نہیں ہوتا اور بسا اوقات ایسی حالت میں گر پڑتا ہے +

جب یہ مرض شدت پکڑ جاتا ہے تو بالکل صرع (مرگی) کے مشابہ ہو جاتا ہے اور اسی کا سا دورہ پڑنے لگ جاتا ہے۔ مگر حالت صرع میں مریض کے مونہہ سے کف اور جھاگ نکلتے ہیں اور وہ اپنے ہاتھ پاؤں پٹکتا ہے اور مضطربانہ حرکت کرتا ہے۔ اور سدر اور دوار میں یہ بات نہیں ہوتی۔ ان دونوں مخصوص علامات سے ہر دو امراض میں امتیاز کر کے تشخیص کرنی چاہئے تاکہ علاج میں غلطی واقع نہ ہو۔ نشہ لانیوالی چیزوں کا استعمال اس مرض میں نہایت خوفناک ہے اکثر اوقات یہ مرض صرف دماغ کی کمزوری کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں تقویت دماغ کے واسطے وہی علاج کریں جو صداع ضعفی اور سبات ضعفی میں بیان کیا گیا ہے +

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
سدر و دوار	یہ مرض کبھی نزلہ زکام کے بعد یا سرد ہوا کے دماغ کو لگنے یا سرد چیزوں کے زیادہ استعمال سے روح کی گذرگاہوں میں بلغم کے اکٹھا ہونے سے یا ریاح کے پیدا ہوکر روح کو تھا گرانے سے پیدا ہوتا ہے ❖	اس کی علامت یہ ہے کہ سر میں بوجھ ہوگا۔ منہ سے رطوبت زیادہ نکلے گی۔ نیند بہت آئے گی۔ پیشاب کی رنگت سفید ہوگی اور کسی قدر غلیظ ہوگا۔ حواس کند ہونگے۔ چہرہ سفیدی مائل ہوگا۔ اگر ریاح ہوں تو کانوں میں گنگناہٹ اور پیشاب میں جھاگ لگنے لگیں جیسے پھٹ کر ینگے	گل بنفشہ۔ چیکاسنی۔ اصل السوس مقشر بادیان ہر ایک ۷ ماشہ مویز منقیٰ ۹ دانہ گاؤزبان ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں اور شیرہ بادیان۔ شیرہ مویز منقیٰ ۹ دانہ شیرہ تخم کشوث ۳ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر شام کو پلائیں اور برگ تنبت۔ مکا چھل کا نسوار سونگھیں اور خاکسی ایک تولہ ہرے دھنیے کے پانی میں پیسکر نیم گرم کرکے پیشانی پر لیپ کریں ❖	یا دوا یقظہ ۵ قرص کھاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ شربت اسطوخودوس ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ یا خبث الحدید ایک قرص مرکب جالینوس ۷ قرص کے ہمراہ صبح کو کھائیں اور زمانی ۷ قرص رات کو عرق بادیان ۱۲ تولہ نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس کے بعد چند روز تک فولاد ایک قرص مسک معتدل سادہ یا جواہر والی ۵ قرص کے ہمراہ صبح کو کھایا کریں۔ اور پیغام شفا ایک رتی نمونی ۳ قرص کے ہمراہ بعد کھانا کھانے کے دونوں وقت کھایا کریں ❖	ٹھنڈی اور قابض چیزیں کدو توری۔ خرفہ۔ پالک۔ اروی ماش۔ مسور۔ چنے کی دال سرد پانی برف وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔ گوبھی۔ چقندر۔ گائے کا گوشت اور ریاح پیدا کرنیوالی چیزیں نہ کھائیں	ہلکی زود ہضم غذائیں پتلی پتلی چپاتیاں بکری یا مرغ کا شوربہ مونگ ارہر کی دال پالک توری شلجم تنہا یا گوشت میں پکاکر۔ گرم دودھ چائے بسکٹ۔ ڈبل روٹی۔ انڈا۔ مکھن۔ انگور۔ توت وغیرہ ارہر کی کھچڑی بھنی ہوئی انجیر آلوچہ خوبانی تازہ کھاسکتے ہیں ❖	[illegible]
،،	اور کبھی مادہ سوداوی اکٹھا ہونے اور اس کے بخارات کے زیادہ پیدا ہونے سے یہ بخارات روح کو روک کر یہ کیفیت پیدا کردیتے ہیں ❖	ہر وقت فکرمند اور خاموش رہنا نیز حواس کی پریشانی۔ فاسد اور ڈرانیوالے خیالات کا دلمیں آنا خوابہائے پریشان دیکھنا نیند کا کم آنا۔ اندھیرے سے گھبرانا۔ قبض کا ہونا ❖	شاہترہ۔ چرائتہ۔ اصل السوس مقشر گل سرخ بادیان ہر ایک ۵ ماشہ مویز منقیٰ ۹ دانہ پانی میں جوشدیکر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ اگر چند روز میں افاقہ نہ ہو تو برگ سناء مکی ۷ ماشہ گلقند۔ ترنجبین۔ شکر سرخ۔ مغز فلوس ہر ایک ۴ تولہ شیرہ مغز بادام حسب ترکیب گذشتہ اضافہ کرکے مسہل دیں۔ اور اگلے روز	اور شام کو مرکب شاہترہ ۷ قرص عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملاکر استعمال کریں۔ مسہل کے بعد چند روز تک کشتہ مرجان جواہر والا ایک قرص، مرکب گاؤزبان (سادہ یا) جواہر والا کے ہمراہ کھاکر اوپر سے خمیرہ ۲ تولہ بھر پانچ تولہ پانی ملاکر پلائیں اور اطریفل مربی ایک عدد	اروی۔ شکرقند۔ چنے کی دال اور قبض پیدا کرنیوالی چیزیں اور برف نہ استعمال کریں نیز سرد ہوا اور ٹھنڈے پانی سے بچیں۔ لہسن پیاز اور کل تبخیر پیدا کرنیوالی چیزیں مضر ہیں	تیتر۔ بٹیر۔ مرغ۔ بکری کا گوشت۔ گرم دودھ چائے بسکٹ۔ نان پاؤ مونگ ارہر کی دال مکھن پالک۔ توری شلجم انگور۔ بیدانہ کشمش وغیرہ کھائیں۔ انار سیب رنگترہ شیریں ساگو دانہ یا خیارین کی کھیر کھلائیں ❖	[illegible]

(۴) اگلے روز تبرید - دوسرے روز منضج کی دوائیں رات کو بھگو رکھیں - جب چار گھڑی رات باقی رہے مریض کو اٹھا کر جب ایارج ۹ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ پھنکا کر سلادیں - اور صبح کو مسہل کی ادویہ شامل کرکے پلائیں - اسی طرح دو مسہل دیں - امید ہے کہ مرض بالکل رفع ہو جائے گا ۔ (چاندی کے ورق میں لپیٹ کر شام کو کھایا کریں ۔)

یہ مرض کبھی مادہ صفرا کی زیادتی اور گرم غذا وغیرہ کے زیادہ استعمال کرنے کی وجہ سے بخارات دماغ میں پہنچ کر روح سے ٹکراتے ہیں اور اس مرض کی پیدائش کا باعث ہوتے ہیں

ایسی صورت میں سر اور آنکھوں میں سوزش ہوگی چہرہ کی رنگت زردی مائل ہوگی - پیاس زیادہ لگیگی منہ کا مزہ کڑوا ہوگا ٹھنڈی چیزوں سے آرام معلوم ہوگا قبض کی شکایت اور پیشاب کی رنگت سرخ ہوگی -

عنب الثعلب خشک - گل سرخ - گل بنفشہ تخم خطمی - تخم کاسنی نیمکوفتہ - شاہترہ - گل نیلوفر - ہر ایک ۷ ماشہ - عناب ۵ دانہ - آلو بخارا ۵ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں - اور صندل سفید گلاب میں گھسکر کنپٹی پر لیپ کریں ۔

جوارش انارین ۶ ماشہ کھاکر اوپر سے عرق کاسنی ۶ تولہ عرق بید مشک ۶ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر پلائیں - دیا - عرق ۵ تولہ - تمر ہندی ۲ تولہ دونوں کو ملاکر شربت نیلوفر شامل کرکے پلائیں اور عرق گلاب ۱۲ تولہ میں سکنجبین ۴ تولہ ملاکر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں ۔

گرم چیزیں نہ کھائیں دھوپ میں نہ پھریں - گڑ تیل لال مرچ - ماش کی دال انڈا مچھلی وغیرہ سے پرہیز رکھیں - محنت اور مشقت اور دماغی کام نہ کریں

ٹھنڈی چیزیں مثلاً پالک توری خرفہ کدو دراز شلجم تنہا یا گوشت میں پکاکر پتلی چپاتی سے کھائیں - خشک کھچڑی ارہر مونگ کی دال انار سیب انگور رنگترہ تازہ سنگھاڑہ تربوز جامن کھا سکتے ہیں ۔

اگر اس مرض کی ابتدا [illegible] - [illegible] سکنجبین [illegible] ۔

اگر ان تدابیر سے چند روز میں افاقہ نہ ہو تو صبح کے نسخہ میں مغز فلوس - ترنجبین - شکر سرخ - گلقند ہر ایک ۲ تولہ شیرہ مغز بادام شیریں ۵ دانہ اضافہ کرکے مسہل دیں - اگر پیاس کا غلبہ ہو تو عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ ملاکر نیم گرم کرکے پلاتے رہیں - اسی طرح اگر ضرورت ہو تو دو تین مسہل دیں - اور اس کے بعد تقویت دماغ کے لئے وہی ادویات استعمال کرائیں جو دردسر ضعفی میں بیان کی گئی ہیں ۔

سرسام ——— ورم دماغ

کوئی شخص ایسا نہیں جو سرسام کے نام سے آگاہ نہ ہو اور نہ جانتا ہو کہ درحقیقت سرسام مرض نہیں بلکہ پیغام موت ہے - اس کا خوفناک ہونا تو ظاہر ہے مگر ہم مجملاً چند ضروری باتیں اس کے متعلق گو شگذار کردینا ضروری خیال کرتے ہیں - لہٰذا ہدیہ ناظرین ہیں ملاحظہ فرمائیں - اطبا نے سرسام کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے یعنی سرسام حقیقی اور سرسام غیر حقیقی - سرسام حقیقی میں دماغ کے اندر کسی مقام پر ورم پیدا ہو جانیکی وجہ سے دماغ کی حالت خراب ہو جاتی ہے - انسان کے ہوش و حواس جن کا تعلق اس عضو سے ہے ان میں ابتری واقع ہو جاتی ہے اور بیجا اور بے محل گفتگو ہذیان بکواس قلق - اضطراب - خوف - رونا ہنسنا - بیخوابی - اختلاط عقل اور طرح طرح کے عوارض پیدا ہوتے ہیں - لیکن بعض اوقات تیز بخاروں وبائی بیماریوں - طاعون - ذات الجنب نمونیا وغیرہ میں بھی اسی قسم کے اعراض یعنی ہذیان وغیرہ ظہور پذیر ہوتے ہیں - گو اس کو سرسام غیر حقیقی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے - اور جب یہ اعراض رو بصحت ہوتے ہیں تو ان کے اعراض یعنی سرسامی کیفیت بھی جاتی رہتی ہے - اگر تیز بخاروں اور دوسرے امراض کا

حدوث پہلے ہو اور ان کے گھٹنے بڑھنے سے سرسام کے اعراض ہیں کمی بیشی ہو اور ان عوارض کا سبب ورم دماغ نہ ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ سرسام غیر حقیقی ہے۔ شدید درد سر اگر دائمی ہو جائے اور جگہ جگہ سے بدن پھڑکنے لگے۔ تو عنقریب مرض سرسام پیدا ہونے کا خوف ہے ✦

کثرت مے خواری اور میٹھی چیزوں اور گوشت کو زیادہ غذا اختیار کر لینا اور تیز دھوپ میں زیادہ دیر تک رہنا ایسے اسباب ہیں جن سے کچھ زمانے کے بعد سرسام پیدا ہو جانیکا اندیشہ ہے۔ مرض کے اول حملہ اور مریض کے ہوش میں آنے کے بعد اگر جا بجا سے جسم پھڑکنے لگے اور بھوک بہت زیادہ معلوم ہو اور پاخانہ پیشاب بلا ارادہ خطا ہو جائے تو نہایت خوفناک علامت ہے۔ ایسے ہی باچھوں کا بیٹھا ہونا سانس کا رُک رُک کر چلنا آنکھیں دھنس جانی (حلقہ پڑنا) پیشاب کا قطرہ قطرہ ٹپکنا۔ آنکھوں سے پانی جاری ہونا خصوصاً ایک آنکھ سے ہلاکت کی نشانی سمجھی جاتی ہے۔ اور سانس کا عمدگی سے چلنا چھینکیں آنی کان کے پیچھے ورم کا پیدا ہونا صحت کی دلیل ہے۔ سرسام کے مریض کو صاف ستھرے اور ہوادار مکان میں نرم بستر پر سر کو تکیہ سے اونچا کر کے لٹانا چاہئے۔ تصویریں اور نقش ونگار کی ہوئی چیزیں۔ شیشہ آلات۔ آئینہ وغیرہ اور چمکدار اشیاء سے مکان خالی کر دینا چاہئے۔ مریض کے قریب شوروغل زور زور سے بات چیت بالکل نکریں۔ اور جا بجا کافور۔ صندل سفید۔ نیلوفر خس کیوڑہ گلاب مریض کے آس پاس رکھیں۔ نیز تیمار داری کے لئے خوشرو وخوشخو اور خوش لباس آدمی مناسب ہیں۔ اگر مریض کے دوست احباب ہوں تو نہایت اچھا ہے ✦

ہاتھ کی ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں پر بھٹے کی گلی یا کپڑے میں گیہوں کی بھوسی اور تھوڑا سا نمک ملا کر پوٹلی میں باندھکر آہستہ آہستہ پھیرتے رہنا مفید ہے۔ سر پر بال ہوں تو قینچی سے کترواویں اور مرغ یا کبوتر ذبح کرا کے آلائش شکم صاف کر کے گرم گرم ٹوپی کی طرح مریض کے سر پر رکھکر باندھدیں ✦

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
سرسام دموی	کبھی خون کی زیادتی اور خراب ہو جانے کی وجہ سے یہ خون دماغ کی طرف چڑھکر اس کی جھلیوں میں ورم پیدا کرکے اس مرض یعنی سرسام	اس کی علامت یہ ہے کہ بخار تیز اور تقریباً ہر وقت ایک حالت پر ہوگا۔ سر میں بوجھ اور درد ہوگا۔ ہذیان اور بکواس کیساتھ ہنسی ہوگی۔ بعض کی ناک سے ایک آدھ	اگر مریض کی قوت اجازت دے تو تین روز کے اندر ہی اندر سر رگ کی فصد کھول کر اس قدر خون نکالیں کہ ضعف کا اثر بیماری کا معاون نہ ہو جائے۔ اگر سر رگ کی رگ نہ ملے تو ہفت اندام کی فصد لیں۔ فصد کے بعد ہی مرکب گاؤزبان ۱۲ قرص چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھلائیں۔ اوپر سے عناب دانہ	اور قرار داد ۳ تولہ عزوب ۵ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے شام کو پلائیں اور عطر اگین کی سر پر مالش کریں۔ افاقہ کے بعد چند روز تک ابریشم شیرہ عناب والا ۵ قرص کھلا کر اوپر سے عزوب ۵ تولہ شربت انار ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور مسک معتدل سادہ	تاوقتیکہ مرض سے افاقہ نہ ہو کوئی غذا نہ دیں۔ میٹھی چیزوں اور تیل کی پکی اشیاء سے بعد افاقہ بھی کچھ دنوں تک پرہیز رکھیں۔ لہسن پیاز اروی آلو کچالو چنے اور ماش کی	دوران مرض میں اگر بھوک یا ضعف زیادہ معلوم ہو تو مونگ یا موٹھ پکاکر اس کا پانی پلائیں۔ یا آش جو دیں۔ افاقہ کے بعد پالک توری خرفہ۔ کدو۔ پتلی چپاتی سے یا خشکہ اور دال تھوڑا تھوڑا کھلائیں دوران مرض میں اگر پیاس	چوتھے روز فصد لینا مضر ہے۔ چودہ پندرہ برس کی عمر سے کم کے اور ۵۰ برس بعد والے مریضوں کی بھی فصد نہ لینی چاہئے اگر مریض قوی ہو۔

کا سبب ہوتا ہے | قطرہ خون بھی نکل آئے گا | عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں پیسکر شربت بنفشہ ‏* | یا جواہر والی ۵ قرص شام کو کھلائیں پندرہ بیس روز تک انہی ادویات کا استعمال رہے * | دال گائے کا گوشت نہ کھائیں | معلوم ہو تو عرق مکوہ عرق گاؤزبان پلائیں | بدن میں خون زیادہ ہو تو فصد لینے سے بہت جلد فائدہ ہوگا۔ اگر کمزور ہو تو نقصان کا اندیشہ ہے

* ۲ تولہ ڈالکر پلائیں۔ اور مونگ کی دال کی روٹی ایک طرف سے پکا کر اور ایک طرف سے کچی رکھکر اور کچے رخ پر روغن گل چپڑ کر سر پر باندھیں اور تین گھنٹہ بعد یہی عمل مکرر کریں۔ اگر اس سے افاقہ نہ ہو تو روغن گل ۲ تولہ سرکہ ایک تولہ میں ملا کر کپڑا اتر کر کے بار بار سر پر رکھیں اور خشک نہ ہونے دیں۔ اور آلو بخارا ۹ دانہ تمر ہندی ۶ تولہ عرق بادیان میں جوشدیگر ترنجبین ۴ تولہ شربت ورد ۴ تولہ شامل کر کے پلائیں۔ اگر اجابت نہ ہو تو حقنہ :- عناب۔ سپستان۔ گل بنفشہ۔ تخم خطمی۔ اکلیل الملک۔ جو مقشر نیم کوفتہ سبوس گندم نمک طعام ہر ایک یکتولہ انجیر زردہ دانے دو سیر پانی میں جوشدیں۔ جب ایک سیر پانی رہجائے صاف کر کے شکر سرخ۔ روغن بادام ایک تولہ روغن کنجد ۴ تولہ مغز فلوس ۴ تولہ ملا کر دو مرتبہ حقنہ کریں۔ اور یہ نخلخہ تیار کر کے سونگھائیں :- آب کدو۔ آب خیار۔ آب کشنیز سبز سرکہ صندل سفید گلاب میں گھسکر سب کو ملا کر خس اس میں تر کر کے سونگھاتے رہیں۔ اگر ضرورت ہو تو نیند لانیکے واسطے خواب آور سر پر لگائیں *

سرسام صفراوی

اور کبھی یہ مرض گرم شیریں اور چکنی غذا کے زیادہ کھانے۔ کثرت سے ہوا اور دھوپ میں زیادہ پھرنے سے صفرا کی زیادتی ہو کر صفرا دماغ کی طرف چڑھنا ہے اور ورم کا باعث ہوتا ہے

بخار بہت تیز ہوگا۔ سر میں ثقل کم ہوگا۔ آنکھوں اور چہرہ پر زردی ہوگی۔ آنکھیں اور ناک کے نتھنے خشک ہوں گے نیند بالکل نہ آئیگی۔ بکواس کے ساتھ غصہ کا ہونا خاص علامت ہے۔ قبض زیادہ ہوگا۔ منہ کا مزہ کڑوا ہوگا

روغن گل ۲ تولہ۔ عرق گلاب ۲ تولہ میں سرکہ ایکتولہ ملا کر برف سے ٹھنڈا کر کے کپڑا تر کریں اور بار بار سر پر رکھیں۔ اور آلو بخارا ۹ دانہ۔ تمر ہندی ۴ تولہ عرق بادیان ۱۰ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں جوشدیکر چھان لیں اور شربت در دادر ترنجبین ۴-۴ تولہ شیر خشت ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ دست آنیکے بعد صرف آلو بخارا ۱۱ دانہ تمر ہندی ۴ تولہ عناب ۵ دانہ سپستان ۹ دانہ گلقند ۴ تولہ پانی میں *

اور قرار داد ۳ تولہ عرق بید مشک ۳ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ افاقہ ہونے پر جوارش انارین ۶ ماشہ کھلا کر اوپر سے عزدب ۵ تولہ۔ عرق گاؤزباں ۶ تولہ شربت صندل ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور شام کو جوارش صندل ۵ ماشہ کھلا کر اوپر سے عرق گذر ۶ تولہ عرق ماء الجبن ۶ تولہ شربت خشخاش ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں *

گرم جگہ میں نہ رہیں۔ دھوپ اور روشنی اور چمکدار چیزوں کے دیکھنے سے احتیاط رکھیں غصہ اور فکر نہ کریں۔ لال مرچ۔ گرم مصالحہ۔ گڑ تیل سے پرہیز رکھیں *

مذکورہ بالا ہدایت کا خیال رکھکر چوتھے روز آش جو یا ساگو دانہ دیں۔ بعد افاقہ پالک خرفہ۔ کدو شلجم کی ترکاری پکا کر لیموں نچوڑ کر یا مونگ کی دال پتلی پتلی چپاتیاں یا مونگ کی کھچڑی تھوڑی تھوڑی کھلائیں۔ ایک ہی دفعہ زیادہ کھانیکو نہ دیں۔ انار سنگترہ نارنگی آڑو سیب وغیرہ کھلا سکتے ہیں *

اس جسم میں فصد کی ضرورت نہیں ہے اور کسی قسم کی تکلیف پائی جائے [illegible]

* میں جوشدیکر دو چار روز تک پلاتے رہیں۔ اور نخلخہ مذکور بدستور عمل میں لائیں۔ اگر پیاس کا غلبہ ہو تو عرق گاؤزباں عرق مکوہ میں سکنجبین لیموں شامل کر کے بار بار پلائیں *

اور کبھی ٹھنڈی غذا کے زیادہ کھانے سرد جگہ | ایسی حالت میں بخار زیادہ تیز نہ ہوگا اور بخار پر جب اور | مرغ یا کبوتر ذبح کر کے سر پر گرم باندھیں اور صبح کو بادیان ۷ ماشہ بیخ بادیان ۷ ماشہ بیخ کاسنی ۷ ماشہ | اور یقظہ ۵ قرص کھلا کر اوپر سے ایقاظہ ۵ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ شربت اسطخودوس ۲ تولہ | تا وقتیکہ خوب بھوک نہ معلوم ہو اور ضعف پیدا ہو غذا | دوران مرض میں اگر ضعف زیادہ ہو تو بکری کا گوشت یا چوزہ مرغ تیتر بٹیر کی | اس مریض کو افاقہ مرض تک غافل ہو کر سونے نہ دیں

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سرسام بلغمی	میں رہنے سے بلغم زیادہ ہو کر فاسد ہو جاتا ہے اور دماغ کی طرف جا کر ورم پیدا ہوتا ہے اور یہ مرض ظاہر ہوتا ہے۔ اس کو سرسام بلغمی کہتے ہیں۔	چڑھے گا۔ حواس کند ہوں گے زبان کی رنگت سفید ہوگی پلکیں دیر دیر میں حرکت کریں گی اور غنودگی مسلسل طاری ہوگی بار بار جمائیاں آئیں گی اور مریض بات کا جواب دقت سے دے گا۔	بنجکر نفس ۷ ماشہ بیخ اذخر ۷ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ اصل السوس پرسیاوشاں۔ اسطوخودوس ہر ایک ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو چھان کر گلقند ۴ تولہ ڈال کر پلائیں اور کندر جند بیدستر باریک پیس کر ناس کی طرح سنگھائیں آٹھ دس روز تک صبح کا نسخہ پی کر اسی نسخہ میں برگ سنا مکی ۷ ماشہ ڈال کر رات کو گرم پانی میں بھگوئیں۔	شامل کرکے پلائیں۔ مسہل سے فراغت کے بعد مرکب جالینوس ۷ قرص کے ساتھ خبث الحدید ایک قرص کھائیں۔ اور اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق پودینہ ۶ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پی لیں اور مسک معتدل ۵ قرص شام کو کھایا کریں۔	ندیں۔ سرد ہوا اور ٹھنڈے پانی سے بچیں۔ ٹھنڈی غذائیں پالک۔ کدو توری خرفہ نہ کھائیں۔ انار ناسپاتی رنگترہ وغیرہ نہ کھائیں۔	یخنی یا مونگ کی دال اُبال کر اس کا پانی گرم مصالحہ ڈال کر دیں۔ افاقہ کے بعد شوربہ چپاتی۔ مونگ کی کھچڑی ارہر۔ مونگ کی دال وغیرہ کھائیں۔	خصوصاً دن کے وقت جب نیند آنے لگے۔ تو کسی حیلے سے بیدار کر دیں۔ اور میٹھی میٹھی باتوں میں بہلاتے رہیں اور مرض کے کم ہونے پر

اور چار گھڑی رات جب باقی رہے تو آٹھ گرہ ماشہ حب ایارج پانی سے پھانک لیں۔ اور صبح کو نسخہ کی دوا چھان کر شکر سرخ۔ ترنجبین ۴-۴ تولہ شامل کرکے صاف کرکے پلائیں۔ دوسرے روز یہ نسخہ تبرید ۱۲ قرص گاؤزبان مرکب چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اول کھائیں۔ اور اوپر سے شیرہ عناب ۵ دانہ۔ عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ میں نکال کر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے اور تخم ریحاں ۵ ماشہ چھڑک کر استعمال کریں۔ اگر حقنہ کی ضرورت ہو تو یہ حقنہ استعمال کریں۔ غاریقون ۲ ماشہ۔ تربد سفید۔ برگ چقندر۔ مغز حب الخروع۔ قنطوریون دقیق۔ شبت۔ بسفائج فستقی ۶ ماشہ۔ مغز حب قرطم ۱۰ ماشہ۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۱۰ دانہ ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے صاف کرکے مغز فلوس ۴ تولہ شکر سرخ ۲ تولہ روغن بید انجیر ۳ تولہ روغن بادام شیریں ۴ ماشہ جاؤشیر ۲ رتی مقل ۴ رتی بورہ ارمنی ۲ ماشہ اضافہ کرکے حقنہ کریں۔ ہلاس سونگھا کر چھینکیں لیں۔ بسورنجان ہر ایک ۵-۵ ماشہ

نسیان ۔ بھول اور کمزوری حافظہ

قوت حافظہ کے فساد اور تفکر اور تدبیر کا نقصان ۔ آنکھوں سے جو چیزیں اوجھل ہوں انکی صورت یاد نہ آنی ۔ یہ جملہ آفات ذہن نسیان کے نام سے تعبیر کیے جاتے ہیں۔ چونکہ اس قوت کا دماغ ہی سے تعلق ہے اس لئے اسکی خرابی اصل سبب اس مرض کا ہوتی ہے۔ بعض دوائیں یا کھانے پینے کی چیزیں جو بالخاصہ مورث نسیان ہیں اُن کے استعمال سے بھی یہ مرض پیدا ہوتا ہے کثرت مباشرت اور دن کا سونا اور غم وغصہ اور فکر درنج استعمال آب سرد اور اشیاء بسخر بھنگ۔ پیاز۔ مسور کی دال۔ دودھ۔ لوبیا۔ باقلا بکثرت کھانا نسیان کو اور زیادہ کرتا ہے۔ سیب اور ہرا دھنیہ زیادہ استعمال کرنا بالخاصہ نسیان پیدا کرتا ہے۔ کثرت شراب خوری اور ہر وقت نشہ میں رہنا ذہن کو زنگ آلود کرتے ہیں۔ مذاکرہ علوم عقلیہ درس و تدریس مباحثہ و مناظرہ

مشق تقریر و دماغ سے کام لیتے رہنا اور ذکی الطبع اشخاص سے گفت و شنید و موانست سے ذہن کی صیقل ہوتی ہے۔ سرور و نشاط، سرود و غنا، عطریات اور گل و ریاحین، باغوں اور سبزہ زار کی سیر مقوی و مذکی ذہن ہے +

نسیان سردی کی وجہ سے	کبھی سرد چیزوں کے زیادہ استعمال کرنے۔ سرد ہوا کے سر کو لگنے۔ عرصہ تک نزلہ و زکام کی شکایت میں مبتلا رہنے سے دماغ کے اندر بلغمی مادہ جمع ہو کر اس مرض کا باعث ہوتا ہے +	ایسی صورت میں سر اور خصوصاً سر کا پچھلا حصہ زیادہ بھاری ہو گا۔ نیند زیادہ آئے گی ناک اور منہ سے بار بار رطوبت نکلے گی۔ چہرہ پر بھربھراہٹ ہوگی۔ منہ کا مزہ پھیکا ہوگا۔ اور گذشتہ باتیں یاد نہ آتی ہوں گی +	بادیان ۵ماشہ۔ بیخ بادیان ۵ماشہ۔ بیخ کاسنی ۵ماشہ۔ بیخ کرفس ۵ماشہ بیخ اذخر ۵ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۵ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ماشہ۔ اصل السوس ۵ماشہ۔ مویز منقی ۹دانہ۔ انجیر زرد ۳دانہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیکر ۴ تولہ گلقند شامل کر کے پی لیں۔ سات آٹھ روز تک یہ ادویات پلا کر اس میں برگ سنا مکی شامل کر کے رات کو بھگوئیں۔ اور چار گھڑی رات رہے اٹھ کر حب ایارج ۹ ماشہ پانی سے پھانک کر سو رہیں اور صبح کو اٹھ کر شکر سرخ۔ ترنجبین۔ خمیرہ بنفشہ ہر ایک ۴ تولہ پینے کے نسخہ میں شامل کر کے پلائیں۔ اور اگلے روز تبرید دیں۔ اسیطرح اگر ضرورت رہے تو ایک مسہل بغیر حب ایارج کے اور دیں +	اور شام کو اطریفل ۵ قرص کھلا کر اوپر سے ایک [illegible] ۵ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور روغن بنفشہ یا روغن سوسن کی سر پر مالش کریں۔ مسہل کے بعد انقردیائے کبیر ۳ ماشہ صبح کو پانی سے کھلائیں۔ یا معجون لنانہ ۵ ماشہ شام کو دیا، مرکب قسیان ۷ قرص عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ صبح کو اور کشتہ مرجان نیک قرص کب گاؤزبان ۲ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں +	ٹھنڈے پانی سے اور ہوا میں بیٹھ کر غسل نہ کریں۔ ٹھنڈی اور مرطوب چیزیں۔ موسمی پھل بیر۔ امرود وغیرہ اور دودھ ہرگز نہ کھائیں۔ پالک کدو رنگترہ۔ ناشپاتی۔ سیب وغیرہ نہ کھائیں۔ دودھ اور مکھن سخت مضر ہیں +	شوربہ مرغ۔ تیتر۔ بٹیر۔ کنجشک۔ بکری کا گوشت ارہر مونگ کی دال گرم مصالحہ ڈالکر گاجر۔ شلجم۔ روٹی۔ پلاؤ۔ کھچڑی۔ انگور۔ اخروٹ۔ بادام۔ چائے پی سکتے ہیں۔ بسکٹ نان پاؤ۔ کشمش چھوہارہ۔ نارجیل۔ خوبانی۔ الوچہ۔ گنا کھا سکتے ہیں +	خواب سے بیدار ہوتے ہی پانی نہ پئیں۔ سرکہ کا استعمال نہ کریں۔ معدہ کی حالت درست رکھیں کھانے پینے میں افراط نہ کریں۔ تاکہ بدہضمی پیدا نہ ہو۔ معدہ کی خرابی دماغ کی صحت کے لئے سخت مضر ہے +
نسیان گرمی کی وجہ سے	اور کبھی گرم چیزوں کے زیادہ استعمال کرنے دھوپ میں پھرنے۔ آگ کے سامنے بیٹھنے سے دماغ میں گرمی اور خشکی پیدا ہو کر یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے	ایسی حالت میں حلق اور ناک کے نتھنے بالکل خشک ہوں گے نیند نہ آئے گی۔ بات کرنے میں دشواری معلوم ہوگی۔ گذشتہ باتیں یاد ہونگی مگر تازہ تازہ یاد کرنا بہ نسبت پہلے کے مشکل ہوگا۔ پاخانہ خشک آئے گا +	بہدانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں۔ اور مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ۔ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ مغز بادام ۵ دانہ مصری ۲ تولہ پانی میں پیس کر چھان کر لعاب ملا کر صبح کو پلائیں اور صندل گلاب میں گھس کر خس تر کر کے سنگھائیں۔ اور بکری کے دودھ میں کپڑا تر کر کے سر پر رکھیں امید ہے کہ چند روز میں فائدہ ہوگا۔	اور ابریشم شیرہ عناب والا ۵ قرص کھلا کر اوپر سے عرق شیر ۱۲ تولہ عرق گزر ۶ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور مرکب بارد ۵ قرص دوسرے وقت کھلا کر اوپر سے عرق ۳ تولہ قرار دلو ۲ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں۔ اور روغن کدو اور کاہو کی سر پر مالش کریں +	گرم چیزیں نہ کھائیں۔ چائے نہ پئیں۔ مباشرت سے احتیاط رکھیں کچھ عرصہ کے لئے دماغی محنت کم کر دیں۔ گائے کا گوشت لہسن پیاز۔ ماش کی دال اڑدی وغیرہ سے پرہیز رکھیں +	بکری کا گوشت۔ چوزہ مرغ۔ کنجشک تیتر۔ بٹیر کا شوربہ۔ قلیہ روٹی خشکہ دودھ کھچڑی مونگ یا ارہر کی دال کی۔ بکری کا بھیجہ۔ مکھن وغیرہ مفید غذا ہے۔ خرفہ۔ پالک۔ کدو انگور۔ انار شیریں کھا سکتے ہیں +	کبھی کبھی دودھ [illegible] [illegible] +

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
نسیان کمزوری دماغ کی وجہ سے	اور کبھی دماغ کی کمزوری کی وجہ سے مزاج میں بھول اور نسیان پیدا ہوجاتا ہے ٭	تھوڑی محنت سے سر میں چکر اور آنکھوں کے تلے اندھیرا آجائے گا اور سر میں درد ہوجائے گا ٭	مغز بادام شیریں ۵ دانہ مغز تخم تربز ۳ ماشہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ ۔ نشاستہ ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ مصری ۲ تولہ دودھ میں پیس کر حریرہ پکاکر گھی میں لونگ الائچی ڈال کر بگھاریں ۔ اور صبح کے وقت ناشتہ کے طور پر حسب بیس روز مسلسل استعمال کریں ٭	اور کشتہ مرجان ایک قرص ۔ گاؤزباں مرکب جواہر والا ۵ قرص کے ہمراہ شام کو کھاکر اوپر سے ایقاظ ۲ تولہ شربت گاؤزباں ۲ تولہ شامل کر کے پی لیا کریں ۔ اور مرکب کبیر ۶ قرص رات کو عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں ۔ اور روغن بادام (یا) روغن لبوب سبعہ کی سر پر مالش کریں ٭	کثرت مطالعہ و کتب بینی اور دماغ سے زیادہ کام لینا ترک کردیں ۔ پیاز لو قبض پیدا کرنیوالی چیزیں نہ کھائیں ٭	غذا عمدہ گھی دودھ مکھن بسکٹ نان پاؤ خشکہ کھچڑی روغنی پلاؤ بکری کا گوشت چوزہ مرغ ۔ پرندوں کا گوشت انڈا مونگ ارہر کی دال خرفہ کدو توری چائے زیادہ دودھ کی پی سکتے ہیں ٭	شام کے وقت باغوں اور سبزہ زار میں تفریح کرنا دماغ کو تر و تازہ کرتا ہے ۔ اور کثرت مباشرت سے دماغ زیادہ ضعیف ہوجاتا ہے

مالیخولیا یعنی جنون

کون نہیں جانتا کہ اس مرض کا بیمار انسانیت کا شرف کھو بیٹھتا ہے اور دین و دنیا دونوں کے کام کا نہیں رہتا ۔ عقل سے بے بہرہ ۔ سمجھ سے عاری ہوجاتا ہے ۔ یہ ایک پرخطر مرض ہیں ہے ۔ جس کی تدبیر ابتدا میں نہ کرنے سے آخر میں اصلاح مشکل ہوجاتی ہے ۔ شروع میں علاج پذیر ہے انتہا میں غیر ممکن ۔ انسان کے مزاج میں جہاں سوداویت کا غلبہ ہوا اور اس کی طرف سے بے اعتنائی برتی گئی ۔ پھر کیا ہے ۔ سودا کا خلل موجود ہے ۔ افراط غم ۔ علت ۔ اور بواسیر کا خون بند ہوجانا بھی مالیخولیا پیدا ہونیکے اسباب ہیں ۔ غم و غصہ ۔ فکر و رنج ۔ کثرت مباشرت ۔ مشقت و ریاضت جسمانی کی زیادتی و گرم جگہ میں مدت تک رہنا ۔ نمکین و شور و تیز چیزوں کا زیادہ استعمال کرنا ۔ کھٹی چیزیں بکثرت کھانی اس مرض کی ممد و معاون ہیں ۔ خصوصاً مسور کی دال ۔ گائے کا گوشت ۔ بینگن ۔ کرم کلا زیادہ کھانا ۔ تنگ و تاریک جگہ میں رہنا سیاہ لباس اور سیاہ اشیاء کا ہر وقت پیش نظر رکھنا اس مرض کو دو چند کرتا ہے ۔ بھوک کا قطعی بند ہوجانا بڑی علامت ہے ۔ سیر و تفریح سرور و انبساط ہوادار اور کشادہ مکان میں رہنا ۔ خوشبوگل و ریاحین کو سونگھنا ۔ سر پر خوشبودار تیلوں کی مالش کرنی ۔ مزاج اور دماغ کو تر و تازہ رکھنا اور تقویت پہنچانا ۔ تر غذائیں کھانی اور سفید کپڑا اور لباس استعمال میں رکھنا مناسب تدبیر ہے ۔ آرام و سکون ۔ میٹھی نیند اس بیمار کیلئے بہترین معالجہ ہے ٭

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
	سودا کی زیادتی سے ہوتا ہے اس کی مختلف صورتیں ہیں ۔ کبھی مریض	اس حالت میں وحشت کے ساتھ مریض اکثر اوقات فی حال وحشت زدہ رہتا ہوگا اور آنکھوں	اگر قوی شخص ہو تو پہلے ہفت اندام کی فصد کھلوادیں ۔ اور صبح کو مرکب بارد ۵ قرص کھلاکر زرشک ۲ ماشہ آلو بخارا ۵ دانہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ	یا شام کو ابریشم شیرہ عناب والا ۵ قرص کھلاکر اوپر سے قرار داد ۳ تولہ غذب ۲ تولہ ملاکر شربت صندل ۲ تولہ ڈالکر پلائیں ۔ اور مسہل	چاول نہ پلائیں ۔ موٹی نہ کھلائیں محنت اور ریاضت نہ کرنے دیں ۔ منجمد چیزیں قطعی نہ دیں ۔	گوشت حلوان چوزہ مرغ ۔ پالک کدو خرفہ ۔ آش جو ۔ کھیرا تربوز ۔ خربوزہ کھیرا انار انگور سیب امرود بادام شہتوت	صبح کو شیرہ بزرہ ۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ شامل کر کے اس ترکیب سے پلائیں بہت

مالیخولیا سوداوی

سوداخون کے خراب ہوجانے اور اسکے سوداکی طرف متصل ہوجانےسے یہ سودا دماغ کی طرف چڑھکر اس مرض کا باعث ہوتا ہے ✤

اور چہرے کا رنگ سرخی مائل ہوگا اور یاد رہے کہ یہ قسم اکثر جوان اور گرم مزاج والوں کو لاحق ہوتی ہے ✤

مین پیس کر چھان لیں اور ۲ تولہ شربت انار شیرین شامل کرکے پلادیں ۔ اور • شام کو مربہ آملہ ایک عدد پانی سے دہو کر چاندی کا ایک ورق لپیٹ کر آلو بخارا ۵ دانہ کشنیز خشک ۴ ماشہ تخم خرفہ ۳ ماشہ پانی میں پیسکر

سے فراغت کے بعد بارد مرکب ۵ قرص پہلے کھلاکر اوپر سے عرق کاسنی ۹ تولہ عرق مرکب مصفی خون ۹ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اور کشتہ مرجان جواہر والا ایک قرص ۔ مرکب گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص کے ساتھ کھاکر اوپر سے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ پی لیں ✤

اُڑد کی دال گائے کا گوشت مسور کی دال لہسن پیاز وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں ✤

دودھ خشکہ روٹی مکھن بسکٹ نان پاؤ ✤

چھان کر شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اگر پندرہ روز میں افاقہ نہو تو عنب الثعلب ۔ گل سرخ ۔ گل بنفشہ ۔ تخم خطمی ۔ شاہترہ ۔ تخم کاسنی ۔ گل نیلوفر ۔ عناب ۔ آلو بخارا ۵ دانہ ۵۵
اسطوخودوس بادرنجبویہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو چھان کر ۴ تولہ گلقند شامل کرکے سات آٹھ روز تک پلائیں جب قارورہ غلیظ ہوجائے تو اسی نسخہ میں برگ سنا مکی ۳ ماشہ
ترنجبین ۴ تولہ شامل کرکے رات کو آدھ سیر گرم پانی میں بھگو دیں اور علی الصباح یہ نسخہ جوش دیکر چھان لیں اور ترنجبین ۴ شیر خشت ۴-۴ تولہ مغز املتاس ۵ تولہ اس میں مل کر چھان لیں اور ۵ دانہ
مغز بادام شیریں تھوڑے پانی میں پیس کر چھانکر اس تیار شدہ دوا میں ملاکر مریض کو پلادیں ۔ اسیطرح ایک روز ناغہ کرکے تین مسہل دیں مسہل کے دوسرے روز تبرید کی دوا مرکب گاؤزبان ۱۲ قرص ایک چاندی کے ورق میں
لپیٹ کر کھلاکر ۵ دانہ عناب پانی میں پیس کر چھانکر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈالکر تخم ریحان ۵ ماشہ چھڑک کر پلائیں اور پھر چار پانچ روز منضج پلاکر دو مسہل حب ایارج کے ہمراہ بغیر مغز فلوس اور شیرہ مغز بادام دیں ۔ اس کے بعد صبح و شام
کی دوا پندرہ بیس روز تک استعمال کریں ✤

مفید ہے کہ تین روز تک ۷-۷ تولہ دودھ چوتھے روز ۸ تولہ پانچویں روز ۹ تولہ اس طرح روز دودھ کا وزن ایک ایک تولہ بڑہاتے جائیں جب ۱۲ تولہ دودھ کا وزن ہوجائے تو اسکے بعد ایک ایک تولہ کم کرتے جائیں اور جب ۷ تولہ تک پہنچ جائے تو دو تین روز ۷-۷ تولہ پلاکر ترک کردیں ✤

مالیخولیا صفراوی

اور کبھی صفرا کی زیادتی اور اس کے خراب ہوجانے کی وجہ سے یہ صفرا مائل بہ سودا ہوکر اس مرض کو پیدا کرتا ہے ✤

ایسی حالت میں مالیخولیا کے ساتھ مریض اکثر اوقات غضب اور غصہ میں رہتا ہوگا اور چہرہ پر زردی چھائی ہوگی منہ کا مزہ کڑوا ہوگا قبض کی شکایت اور نیند نہ آتی ہوگی

فصد کی ضرورت نہیں ہے صرف بغیر اسطوخودوس بادرنجبویہ کے اوپر کی ادویات صبح و شام استعمال کرائی جائیں ۔ اگر دس پندرہ روز میں افاقہ نہ ہو تو اسی طرح جیسا کہ اوپر مذکور ہے مسہل دیں اس کے بعد صبح و شام کی ادویات استعمال کرائیں بکری کا دودھ سر پر مالش کرتے رہنا مفید ہے

یا مرکب شیخ الرئیس ۵ قرص صبح کو پہلے کھلاکر اوپر سے عرق ۵ تولہ قرار دار ۳ تولہ شربت سیب ۳ تولہ شامل کرکے پلائیں اور مرکب بارد ۵ قرص شام کو کھلاکر اوپر سے عرق کاسنی ۹ تولہ عرق گاؤزبان ۹ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور روغن کدو اور کاہو کی سر پر مالش کریں

محنت مشقت بالکل نہ کرنے دیں چار قطعی نہ پلائیں گرم چیزیں اڑد کی دال گائے کا گوشت تبخیر پیدا کرنیوالی چیزیں ہرگز نہ دیں ✤✤✤

فالودہ آش جو ۔ تربوز ۔ نارنگی ۔ انار ۔ سیب ۔ کھیرا ۔ ککڑی ۔ دودھ خشکہ ۔ دہی ۔ مکھن ۔ روٹی بسکٹ پالک خرفہ ۔ کدو ۔ شلجم بکری کا گوشت !!

بکری کا دودھ مذکورہ بالا ترکیب سے استعمال کرنا اس قسم کے مالیخولیا میں بھی مفید ہے

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
مالیخولیا بلغمی	ایسے ہی کبھی بلغم زیادہ ہوکر اسمیں احتراق آجاتا ہے اور سودا کی طرف مستحیل ہوکر اس مرض کا باعث ہوتا ہے +	خاص علامت یہ ہے کہ دماغی کیفیت مریض کاہل اور سست ہو۔ بدن میں چستی نہ رہی ہو ہر وقت لیٹا یا بیٹھا رہتا ہو۔ سوتا زیادہ ہو اور بدن میں گرمی کم معلوم ہوتی ہو +	بھکاسنی - بیخ بادیان - شاہترہ - چرائتہ - بیخ کرفس بیخ اذخر - بادیان ۷، ۷ ماشہ پرسیاوشاں اسطوخودوس - اصل السوس ۵ - ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ - انجیر زرد ۲ دانہ گلسرخ ۵ ماشہ رات کو پانی میں بھگوکر صبح کو جوش دیکر چھان کر ۴ تولہ گلقند ملاکر صاف کرکے پلادیں۔ گیارہ روز سے پندرہ	اور شام کو مسک معتدل ۵ قرص کھلاکر اوپر سے خمیرہ ۲ تولہ شربت بنفشہ ۱ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ فراغت مسہل کے بعد (?) نسخہ الرئیس ۵ قرص کھلاکر اوپر سے عرق گذر ۱۲ تولہ ہوشیاری ۱۲ تولہ شربت گاؤزبان ۲ تولہ ملاکر پلائیں اطریفل اسطوخودوس ۵ ماشہ رات کو کھلائیں اور روغن بادام یا بنفشہ کی سر پر مالش کریں	ٹھنڈی ثقیل اور دیر ہضم از قسم بقولات نہ کھائیں مسور کی دال نہ دیں۔ چاول سے بھی پرہیز۔ گوشت گاؤ بینگن بیسن - پیاز - گڑ تیل وغیرہ سے بچیں +	بکری کا گوشت چوزہ مرغ کا شوربہ روٹی خشک - مکھن - دودھ مونگ ارہر کی دال کدو پالک - خرفہ شلجم توری - ٹنڈا - کشمش - بادام انگور - اخروٹ - سیب ناشپاتی کھاسکتے ہیں +	اس قسم کے مالیخولیا میں ٹھنڈی اور مرطوب دوائیں زیادتی کیساتھ استعمال کرنی ضرورت نہیں ہے اگر کبھی ڈکاریں اور منہ سے پانی نکلتا ہو تو قے کرادیں اور مرکب فلافلی ۵ قرص یومیہ چند روز تک کھلائیں +
			روز تک صرف یہی ادویات استعمال کرائیں اس کے بعد اسی نسخہ میں برگ سنا مکی ۷ ماشہ شامل کرکے بھگوئیں اور صبح کو نسخہ کی ادویات چھان کر مغز املتاس ۵ تولہ خمیرہ بنفشہ شکر سرخ - ترنجبین ۴-۴ تولہ اس میں مل کر چھان لیں اور ۵ دانہ مغز بادام شیریں پانی میں پیس کر چھان کر اس میں ملاکر پلادیں۔ مسہل کے روز دوپہر کو یخنی یا مونگ کی دال اوبال کر اس کا پانی پلائیں اور شام کو مونگ کی پتلی کھچڑی اور دوسرے روز تبرید کا نسخہ - تین مسہل دینے کے بعد پھر منضج کا نسخہ چار پانچ روز استعمال کرکے دو مسہل حب ایارج کے ساتھ بغیر مغز فلوس و شیرہ مغز بادام شیریں کے دیں +				
	اور کبھی غذا کی بے احتیاطیوں تدابیر حفظ صحت پر عمل نہ کرنے سے صرف سودا بدن میں زیادہ ہوکر فاسد اور خراب	خاص علامت یہ ہے کہ مریض ہر وقت خوفزدہ اور متفکر رہتا ہو اور ذرا ذرا سی بات میں رو دیتا ہو چہرہ کا رنگ سیاہ ہوگیا ہو اور نیند کم آتی ہو پاخانہ	شاہترہ ۹ ماشہ - چرائتہ ۹ ماشہ - سر بھوکہ ۹ ماشہ - منڈی ۹ ماشہ - عناب ۵ دانہ ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ - اور صندل سرخ یا عشبہ مغربی ۹ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگودیں صبح کو چھانکر ۴ تولہ شربت عناب شامل کرکے پی لیں۔ اکیس روز تک مسلسل یہ نسخہ استعمال کرائیے ۸ تولہ عرق مطبوخ ہفتہ روزہ سات روز	اور شام کو مرکب عشبہ ۷ قرص کھلاکر اوپر سے عرق عشبہ ۸ تولہ مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور روغن لبوب سبعہ کی سر پر مالش کریں۔ مسہل کے بعد مرکب بادرنجبویہ ۵ قرص کھلاکر اوپر سے ایقاظ ۲ تولہ عرق ماء الجبن ۴ تولہ عرق شبر ۴ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملاکر پلائیں	گوشت گاؤ - بینگن - مسور کی دال مچھلی - انڈا - چاول اور قبض پیدا کرنیوالی چیزیں نہ کھائیں۔ محنت مشقت نہ کریں دھوپ میں مریض کو نہ پھرنے دیں +	دودھ کھیر خشکہ روٹی ارہر مونگ کی دال گھی مکھن نان پاؤ - بسکٹ بکری کا گوشت یا چوزہ مرغ ٹھنڈی ترکاریاں کدو خرفہ پالک توری شلجم ٹنڈا ڈال کر یا تنہا یہی ترکاریاں پکا کر کھائیں۔ تربوز - تازی اور نرم نرم	صبح کے پینے کے نسخہ میں موسم گرما میں صندل سرخ اور موسم سرما میں عشبہ شامل کرنا چاہئے بکری کے دودھ میں کپڑا تر کرکے وکھنا یا بال کتروا کر سر

ہوجاتا ہے اور اس مرض کے پیدا کرنیکا باعث ہوتا ہے	خشک ہوگا اور پیشاب کم آئے گا۔	تک جوا ایک بوتل میں سات خوراکیں ہونگی ہیں ہر روز ایک ایک خوراک علی الصباح	اور شام کو ابریشم شیرۂ عناب دالا ۵ ماشہ عرق شیر عرق گزرو ۔ ۶ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں	انگوریاں ۔ سنترہ ۔ سردہ ۔ انار سیب ناسپاتی انگور کھلائیں۔	پر بکری کا دودھ دوا نہایت مفید ہے

پی لیں ۔ اور دوپہر کے بعد مونگ کی پتلی کھچڑی ۔ یا خشکہ شوربہ سے کھائیں اس کے بعد پھر صبح و شام کی ادویات دس بارہ روز تک استعمال کرکے صبح کے نسخہ میں برگ شاہترہ کی ۷ ماشہ بڑھا کر بھگو دیں۔ اور چار گھڑی رات جب باقی رہے۔ تو مریض کو اٹھا کر حب ایارج ۹ ماشہ پھنکا کر سلا دیں۔ صبح بیدار ہو کر نسخہ کی ادویات صاف کرکے گلقند ۔ شکر سرخ۔ خمیرہ بنفشہ ۴-۴ تولہ اس میں ملا کر چھان لیں اور مریض کو علی الصباح پلائیں۔ دوپہر کے وقت مونگ کی دال اُبال کر اس کا پانی یا بکری کے گوشت کی یخنی پلائیں اور شام کو مونگ کی پتلی کھچڑی۔ ایک روز ناغہ کرکے تین مسہل اسی طرح دیں مسہل کے دوسرے روز معمولی نسخہ تبرید کلونجی گاوزبان چاندی کے ورق میں لپیٹ کر عناب ۵ دانہ پانی میں پیس کر چھان کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر تخم ریحان چھڑک کر پلائیں۔
۱۲ قرص

صرع
(مرگی)

یہ ایک مشہور خطرناک مرض ہے جو دورہ کیساتھ ہوتا ہے جب اس مرض کا دورہ واقع ہوتا ہے تو مریض بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑتا ہے اور مضطربانہ حرکت کیساتھ لوٹنے لگ جاتا ہے اور اس کے منہ سے کف دہاگ نکلتا ہے اگر منہ سے جھاگ نہ نکلے تو سمجھ لینا چاہئے کہ یہ مرض صرع نہیں ہے۔ یہی مرض کم سن بچوں کو بھی اکثر ہوتا ہے جو ام الصبیان کے نام سے موسوم ہے اور پندرہ سال کی عمر تک جب کہ قوت اور توانائی اس کے مزاج کے موافق حاصل ہوجاتی ہے تو یہ مرض خود بخود ہی چلا جاتا ہے۔ اور اگر سن بلوغ کے بعد پیدا ہو تو بہت کم زائل ہوتا ہے۔ بلغمی مزاج کے آدمیوں اور بچوں کو یہ مرض اکثر ہوتا ہے اور بڑھاپے میں بہت کم۔ جو لوگ ضعف دماغ کے باوجود تن آسانی اور تن پروری کے عادی ہوجاتے ہیں اور تھوڑی بہت بھی ریاضت نہیں کرتے یا جو اصحاب شکم پوری کیساتھ ریاضت وغیرہ اور محنت کا کام کرتے ہیں یا جو اصحاب کھانے پینے میں احتیاط نہیں کرتے اور جنہیں اکثر سوء ہضمی کی شکایت ہوجایا کرتی ہے یا جو لوگ مرطوب جگہ میں رہتے یا دھوپ میں دیر تک اپنا وقت گذارتے ہیں یا شراب کثرت سے پیتے ہیں انکو بہت جلد یہ مرض پیدا ہونیکا اندیشہ ہے۔ کثرت مباشرت ۔ یا مباشرت بالکل ترک کر دینا۔ عورتوں کو ایام ماہواری یا ولادت کے بعد نفاس کا بند ہوجانا یہ اسباب ایسے ہیں جن سے صرع پیدا ہو سکتا ہے۔ ضعیف الجثہ یا کمزور آدمی جن کے بدن میں خون کم ہو انکو مرض صرع مہلک ہے۔ اگر مریض صرع کی پیشانی اور چہرہ اور گردن پر برص (سفید داغ) نمودار ہو جائیں تو یہ علامت صرع کے عنقریب زائل ہونیکی سمجھی جاتی ہے مرگی کے مریض کیلئے زیادہ سرد اور زیادہ گرم اور تیز ہوا میں بیٹھنا اور بلند جگہ اور چاندنی میں دیر تک رہنا اور چرخ اور ہنڈولہ جھولنا اور گھومتی ہوئی چیزوں کو جن پر نگاہ قائم نہ ہو سکے دیکھنا مضر ہے۔

ریاضت معتدل جس میں زیادہ تکان نہ پیدا ہو اور صبح و شام ہوا خوری کرنی لطیف اور زود ہضم غذا کھانی اور ٹھنڈے موسم میں نیم گرم پانی سے اور گرم اوقات میں تازہ پانی سے غسل کرتے رہنا مفید ہے۔

کبھی یہ مرض مرطوب اور ٹھنڈی غذا کثرت	ایسی حالت میں مریض ہر وقت کاہل اور سست ہوگا بدن کا	بیخ بادیان ۔ بیخ کرفس ۔ بیخ اذخر ۔ اسطوخودوس پرسیاوشاں اصل السوس مقشر ۔ ۷ ماشہ انجیر زرد ۳ عدد	اور نقیقہ ۔ قرص شام کو کھا کر اوپر سے اتفاقاً ۵ تولہ شربت اسطوخودوس الکتولہ شامل کرکے پی لیا کریں	دودھ بالکل نہ کھائیں خشکہ مچھلی بینگن کدو خرفہ پالک	گوشت بزچوزہ مرغ تیتر بٹیر کنجشک روٹی مونگ ارہر کی دال چاہیے پی سکتے ہیں	اگر اس قسم کے مریض کو گرانی معدہ محسوس ہو اور

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
صرع بلغمی	سے استعمال کرنے عرصہ تک نزلہ زکام کی شکایت رہنے سے پیدا ہوتا ہے کیونکہ دماغ میں بلغمہ رطوبت زیادہ ہو جاتی ہے اور روح کی گذرگاہوں میں کاوٹ پیدا کرکے اس مرض کا باعث ہوتی ہے۔	رنگ سفیدی مائل ہوگا ناک اور منہ سے رطوبت بکثرت بار بار خارج ہوگی حواس کند اور سست ہونگے مریض کا جسم بوجھل معلوم ہوگا اور دورہ کے وقت منہ سے جھاگ زیادہ نکلیں گے۔ ہاتھ پاؤں کی حرکت سست ہوگی۔	رات کو گرم پانی میں بھگوکر صبح کو ملکر چھان کر گلقند ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں آٹھ روز تک اس نسخہ کا استعمال برابر جاری رکھکر نویں روز برگ سنائے مکی نسخہ کیساتھ رات کو بھگودیں صبح کو ملکر چھان کر ترنجبین ۴ تولہ شکر سرخ ۴ تولہ مغز فلوس ۴ تولہ ملا کر صاف کرکے شیرہ مغز بادام شیریں ۵ دانہ پانی میں پیس کر شیرہ نکالکر دوائیں ڈالکر پلائیں۔ اس روز غذا میں تیسرے پہر مونگ کی کھچڑی کے سوا اور کچھ نہ دیں۔ اور اگلے روز گاؤزباں ۵ قرص جدوار عود صلیب والا چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھائیں اور اوپر سے عناب ۵ دانہ پانی میں پیس کر صاف کرکے شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر تخم ریحاں ۵ ماشہ چھڑک کر پلائیں اور تیسرے روز پھر مسہل لیں۔ اسیطرح تین مسہل لینے چاہئیں۔ اسکے بعد منضج کا نسخہ تین روز پلاکر پھر برگ سناء مکی ۷ ماشہ نسخہ کے ساتھ بھگو کر رکھیں اور جب چار گھڑی رات باقی رہے اٹھکر حب ایارج ۹ ماشہ پھانک کر سو رہیں۔ صبح کو اور مسہل کی دوائیں بغیر مغز فلوس و شیرہ مغز بادام شامل کرکے مسہل لیں۔ اسی طرح تین مسہل لیں۔ مسہل سے فارغ ہونیکے بعد خبث الحدید۔ مسک معتدل کے ہمراہ صبح کو اور مرجان جواہر والا گاؤزباں جدوار عود صلیب والا کے ہمراہ شام کو کھائیں اور معجون اسطخودوس ۹ ماشہ رات کو سوتے وقت کھائیں۔ اور برگ تبت اسطخودوس گل بنفشہ پوست الائچی خورد ہر ایک ۲ ماشہ لیکر باریک پیسکر ہلاس کی طرح سونگھیں۔ اور چالیس روز یہی دوائیں استعمال کریں۔	یا جدوار عود صلیب ۱-۱ ماشہ دونوں کو پیسکر گاؤزبان جدوار عود صلیب والا کے ہمراہ پہلے کھائیں اوپر سے شیرہ بادیان ۵ ماشہ شیرۂ تخم کشوث ۳ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکالکر مربی بنفشہ ۴ تولہ شامل کرکے پی لیا کریں۔	چنے اوڑد کی دال کچالو چقندر گوبھی بیگن شلجم امرود ناشپاتی تربوز خربزہ نہ کھائیں۔	بکری کے گوشت کو قیمہ کرکے بھون کر گرم مصالحہ وغیرہ اچھی طرح ڈالکر کھانا اس بیماری میں نہایت مناسب اور اچھا ہے پودینہ کی چٹنی کھانیکے وقت دسترخوان پر ہونی چاہئے۔	ڈکاریں کچی اور ترش آئیں تو پہلے تخم ترب پانی میں جوش دیکر چھانکر اس پانی سے پہلے قے کر لینا چاہئے اسکے بعد صبح و شام کا نسخہ استعمال کرنا چاہئے۔
صرع سوداوی	اور کبھی دھوپ میں پھرنے گڑ وغیرہ گرم چیزیں زیادہ کھانے عرصہ تک رنج و غم میں مبتلا رہنے کی وجہ سے مادہ سوداوی	اسحالت میں جسم لاغر ہوگا بھوک زیادہ معلوم ہوگی دلپر گھبراہٹ اور وحشت ہوگی دورہ کے وقت منہ سے جھاگ کم نکلیگا جس کا مزہ ترش ہوگا اور دورہ سے	بسفائج افتیموں ہلیلہ سیاہ ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ خبکاسنی۔ بیخ بادیان شاہترہ چرائتہ بادیان منقی پرسیاؤشاں اصل السوس عناب اسطخودوس رات کو گرم پانی میں بھگوکر صبح کو ملکر چھانکر گلقند ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں پندرہ روز یہی نسخہ استعمال کراکے صرع بلغمی میں جو نسخہ مسہل کا درج ہے۔ اس کا استعمال کرائیں و مسہل کے	ا قرص جدوار عود صلیب ایکعدد مرکب مفرح ہمراہ قرص کے ہمراہ شام کو کھلائیں اوپر سے عرق بادیان ۸ تولہ فتجمسند ۲ تولہ شہد خالص ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور مرکب اسطخودوس ۷ قرص رات کو عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ کے ہمراہ کھلایا کریں اور روغن سوسن یا روغن بنفشہ کی سر پر	مسور کی دال بینگن گوبھی گوشت گاؤ۔ آلو مچھلی کچالو چقندر چنے اُڑد کی دال مولی پیاز لہسن گڑ تیل ہرگز نہ کھائیں۔ محنت و مشقت اور دھوپ میں پھرنے سے بچیں۔	خشکہ روٹی۔ بکری کا گوشت بے چربی دار چوزہ مرغ اور دوسرے پرندوں کا گوشت کا شوربہ گھی مکھن دودھ کم کھائیں کھچڑی مونگ ارہر کی دال پالک کدو خرفہ توری تربوز خربزہ انار شیریں ہرے دھنیہ کی چٹنی بناکر لیموں نچوڑ کر کھانا نہایت	کھانا بھوک سے کم اور ہضم ہونیکے بعد جب خوب بھوک معلوم ہونے لگے تب کھائیں غسل کرنا اور تھوڑی ریاضت اور عطر خاص سونگھتے رہنا

نہایت مفید ہے۔ ۱۰۰| اچھا ہے ٭

زیادہ ہوکر روح کی گذرگاہوں میں جمع ہوجاتا ہے اور اس مرض کا موجب ہوتا ہے ٭

پہلے خیال فاسد دل میں پیدا ہونگے اور بعض اوقات خود بخود دور معلوم ہوگا قبض کی ہمیشہ شکایت رہیگی۔

بعد تبرید اسہل حب ایارج کیساتھ بغیر مغز فلوس | مالش کریں ٭
دخیرہ مغز بادام دیں۔ اور درمیان میں تبرید مذکورہ کا استعمال کراتے ہیں مسہل سے فراغت کے بعد المسک معتدل ۵ قرص کھاکر اوپر سے عرق مرکب مصفی خون ۸ تولہ شربت عناب ۲ تولہ ڈالکر پی لیا کریں۔ اور شام کا نسخہ بدستور جاری رکھیں اور رات کو مرکب نجاح ۷ قرص کھاکر عرق منڈی ۲ مصری ۲ تولہ ڈالکر اوپر پلائیں۔ اور کھانا کھانیکے بعد مرکب کبد ۲-۲ قرص کھائیں۔ اور سر پر روغن گل کی مالش کریں اور بلاس مذکور بھی تیار کرکے کبھی سونگھ لیا کریں ٭

صرع خرابی معدہ کی وجہ سے

کبھی معدہ میں بلغم یا کسی اور مادہ کی اکھٹا ہوجانے سے ہضم خراب ہوکر معدہ سے غلیظ بخارات اٹھکر دماغ کی طرف جاتے ہیں اور روح کی گذرگاہوں میں اٹککر اس مرض کا باعث ہوتے ہیں ٭

معدہ میں بوجھ ہوگا بھوک کم لگیگی منہ کا مزہ میٹھا ہوگا دورہ کیوقت معدہ سے دماغ کی طرف بخارات چڑھتے معلوم ہونگے قے ہونیسے دورہ میں تخفیف ہوگی سو ہضمی ہوجانیسے دورہ جلد واقع ہوگا

اگر اس قسم کے صرع میں مریض کو کھٹی ڈکاریں آتی ہوں یا منہ سے رطوبت زیادہ نکلتی ہو تو پہلے گرم پانی میں سکنجبین ملاکر اس سے قے کرائیں اسکے بعد گل بنفشہ مویز منقی ۹ دانہ بیخکاسنی بادیان گاؤزبان رات کو گرم پانی میں بھگوکر صبحکو ملکر چھانکر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملاکر پی لیں۔ اگر چند روز میں افاقہ نہ ہو تو صبح کے نسخہ میں برگ سنا کی اضافہ کرکے رات کو بھگوئیں صبحکو ملکر چھانکر گلقند ۴ تولہ ترنجبین ۴ تولہ شکر سرخ ۴ تولہ شیرخشت ۴ تولہ بڑھاکر ایک ایک روز ناغہ کرکے حسب قاعدہ تین مسہل دیں۔ اسکے بعد خبث الحدید ایک قرص مسک معتدل کے ہمراہ صبحکو استعمال کریں اور مرجان جواہر ایک قرص گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص کے ہمراہ شام کو کھائیں۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو ملین ۳ قرص رات کو کھالیا کریں ٭

اور شام کو یقیظہ ۵ قرص پہلے کھاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ شربت اسطوخودوس ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور مقوی معدہ اکبعد کھانا کھانیکے بعد کھلائیں اور اسطوخودوس ۷ قرص رات کو گرم پانی سے استعمال کرائیں اور عجیب تین قطرہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ملاکر تھوڑا تھوڑا دنمیں پانچ مرتبہ دیں ٭

بھنڈی اور ثقیل چیزیں کدو توری پالک خرفہ آلو کچالو اروی چقندر مولی گاجر سے پرہیز رکھیں کھانا زیادہ نہ کھائیں کھانا کھاکر فوراً نہ سوئیں

چوزہ مرغ تیتر بٹیر بکری کا گوشت قیمہ کرکے بھون کر گرم مصالحہ وغیرہ ڈالکر کھائیں مونگ ارہر کی دال پودینہ کی چٹنی شلجم تھوڑے کی بھوجیا بناکر کھائیں روٹی ایسے آٹے کی کھائیں جسمیں نمک اور سوڈا شامل کرلیا گیا ہو

اگر معدہ میں بلغم کے علاوہ کسی اور خلط کا غلبہ ہو تو اسکی علامت جیسا کہ آئندہ امراض معدہ میں ذکر ہوگا دیکھکر تنقیہ کرائیں ٭

صرع اطفال ام الصبیان

خوردسال بچوں کو اکثر دودھ چھوڑنیسے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ دماغی قوت کے ضعف کیساتھ بلغمی رطوبت کی زیادتی اور سوء تدبیر کھانے پینے کی بے احتیاطیوں سے شیرخوار بچوں کو اول قسم کا صرع زیادہ تر واقع ہوسکتا ہے اور اس سے بڑی عمر کے بچے کو کھانے پینے کی بے احتیاطی سے۔ بچوں کو اگر صرع کا دورہ واقع ہو تو ان کے ہاتھ پاؤں پکڑلیں اور لوٹنے پٹخنے نہ دیں۔ ہتھیلیوں اور تلووں پر موٹے کپڑے کو پوٹلی کی طرح بناکر آہستہ آہستہ پھیریں اور ذیل کا شافہ عمل میں لائیں اور روغن گل یا مکھن گرم پانی میں ملاکر بدن اور ہاتھ پیروں پر ملیں تاکہ تشنج رفع ہو ٭

دورہ رفع ہونیکے بعد صبحکو گل بنفشہ۔ بیخکاسنی۔ مویز منقی۔ بادیان۔ اسطوخودوس گاؤزبان بیخ اذخر پانی میں جوشدیکر چھانکر ۱۔ تولہ خمیرہ بنفشہ ملاکر پلائیں اور شام کو جدوار عود صلیب دونوں کو پیسکر خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والے میں ملاکر کھلائیں دس بارہ روز کے بعد صبح کے نسخہ میں سنا کی اضافہ کرکے جوشدیں بعدہٗ صاف کرکے ترنجبین شیرخشت مغز فلوس ملاکر پھر چھانکر پلائیں اگر دست نہ آئیں تو کپڑے کی مضبوط بتی بناکر شکر سرخ روغن ارنڈی میں ملاکر بتی لت کرکے اس سے شافہ دیں۔ دو چار

روز کے وقفہ سے تین مسہل دیں۔ ہر مسہل کے درمیان منضج پلائیں۔ مسہل سے فراغت کے بعد ایک وقت حب صرع نصف گولی بچہ کی ماں کے دودھ میں گھسکر اور دوسرے وقت شام کی دوا بدستور ہفتہ عشرہ تک استعمال کرائیں تاکہ پھر دورہ عود نہ کرے۔ بچہ کی دودھ پلانیوالی کو غذا اچھی دینی چاہئے۔ قبض اور رطوبت پیدا کرنیوالی چیزوں سے پرہیز۔ غذا کا مفصل بیان صرع کے بحث میں ملاحظہ کریں اور جب اپ کار بند ہوں نوٹ جو اوپر بیان کیا گیا ہے وہ شیرخوار بچوں کیلئے ہے بڑی عمر کے بچوں کو انکی عمر کے موافق دو چند سہ چند ادویات دینی چاہئیں

صرع کی چند مفید تدابیر اور مجرب دوائیں

جن بچوں کو مرض صرع ہو جاتا ہو تو مرجان سرخ کا عمدہ دانہ لیکر آگ میں سرخ کرکے بچے کی پیشانی اور دونوں ابروؤں (بھنوؤں) کے درمیان داغ دیں تو انشاء اللہ پھر مرض کا دورہ عود نہ کرے گا اور عود صلیب کی زوماده نیلا دھاگہ میں باندھکر گلے میں بچے کے تعویذ کی طرح ڈالنا اکثر مفید دیکھا گیا ہے اگر بچہ کو ولادت کے وقت زمرد پانی میں گھس کر چٹا دیا جائے تو مرض صرع کا حملہ اس بچہ پر نہ ہوگا۔ زمرد کا گلے میں لٹکانا بھی مفید ہے۔ فادزہر حیوانی دودھ میں گھسکر بچہ کو پلانا بالخاصہ دافع صرع ہے ؎

سکتہ (بیہوشی مثل مردہ)

سکتہ وہ مہلک مرض ہے جسمیں انسان کے تمام اعضا اپنے اپنے فرایض منصبی سے مثلاً آنکھ دیکھنے سے کان سننے سے ہاتھ پاؤں حرکت سے معطل اور بیکار ہو جاتے ہیں اور مریض بالکل بے حس و حرکت مردہ کیطرح ہو جاتا ہے صرف خفیف تنفس اور گلے میں قدرے خرخراہٹ کی آواز محسوس ہوتی ہے جس سے سمجھ لینا چاہئے مریض سکوت ہے میت نہیں۔ بعض اوقات سانس کی آمد و رفت اور نبض کی حرکت بھی محسوس نہیں ہوتی اور مریض سکتہ اور میت میں کچھ فرق نہیں ہوتا ایسی حالت میں شناخت کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کے نتھنوں کے پاس بہت باریک دُھنی ہوئی روئی یا کبوتر یا کسی اور جانور کا نہایت نرم اور نازک پر اس طرح رکھا جاوے کہ ہوا یا آس پاس کے آدمیوں کا سانس اس کو متحرک نہ کر سکے پھر غور کر کے دیکھا جائے اگر روئی یا پر کے روئیں میں حرکت محسوس ہوتی ہے۔ تو معلوم کرنا چاہئے کہ ابھی جان باقی ہے اسی طرح تاریک مقام میں مریض سکتہ کی پتلیوں کو کھولکر دیکھنے سے چراغ کی روشنی اور اُجالے میں دیکھنے سے دیکھنے والے کی صورت کا عکس معلوم ہوتا ہے۔ بعض لوگ یہ بھی کرتے ہیں کہ نہایت باریک ہلکا کٹورہ تانبے یا چاندی کا لیکر تھوڑا پانی یا پارہ اس کے اندر ڈالکر مریض کے سینہ پر رکھتے ہیں اگر پانی یا پارہ میں کچھ حرکت محسوس ہوتی ہے تو زندہ ورنہ مردہ سمجھا جاتا ہے۔ مبتلائے مرض ہونے سے پہلے کاہلی بدن کسل حرکات۔ جسم کا پھڑکنا نیند کی حالت میں دانتوں کا پیسنا گردن کی رگیں پھولی ہوئی ہونی۔ دماغ میں دفعۃً زیادہ سردی کا پہنچنا یہ تمام امور ایسے ہیں کہ جن کے بعد اکثر سکتہ پیدا ہونیکا اندیشہ ہے۔ اس لئے ان شکایات کے پیدا ہوتے ہی ان کے معالجہ کی طرف رجوع کریں۔ تاکہ اس مرض مہلک کے پیدا ہونیکا خوف باقی نہ رہے جسمانی دماغی محنت اعتدال کے درجہ پر کرتے رہنا معدہ کو صاف رکھنا قبض نہ ہونے دینا صبح کو سویرے سو کر اٹھنا خواب اور بیداری مناسب مناسب وقت پر پورا کرنا لطیف اور زود ہضم غذا مقرر کر لینا ہوا دار صاف مکان میں رہنا مرض سکتہ کا حملہ انسان پر نہیں ہونے دیتا ؎

علاج

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	کبھی یہ مرض ٹھنڈی چیزوں کے زیادہ کھانے مرطوب اشیاء کے	ایسی حالت میں ہاتھ پاؤں ڈھیلے ہونگے چہرہ اور جسم کا رنگ سفید ہوگا مرض کا حملہ	حالت بیہوشی میں برگ تنبت کا نپھل جندبیدستر سنک باریک پیسکر نلکی کے ذریعہ نتھنوں میں پھونکیں اور سونگھیں گندم نمک طعام دونوں کی	ہوش آنے پر شام کو تیقظ انقرویائے کبیر کے ہمراہ ۵ قرص کھلاکر ایقاظ ۵ تولہ شربت بنفشہ تولہ شامل کرکے پلائیں اور ہر کرب اسطخودوس	افاقہ دورہ سے فراغت مسہل تک کوئی غذا یا پانی بالکل نہ دیں۔ دماغی اور عام محنت	افاقہ دورہ کے بعد پانچ روز تک صرف شہد اور عرق بادیان جوشدہ کر پلائیں منضج شروع ہونے پر اگر ضعف اور بھوک	بیہوشی کی حالت میں بازو اور پنڈلیوں کو رومال سے کسکر باندھیں اور پہر

سکتہ بلغمی

کثرت استعمال۔ نہاری سری پائے کو زیادہ تر غذا بنا لینے کچا دودھ۔ مکھن وغیرہ بے ترتیبی سے استعمال کرنے نزلہ زکام کا باقاعدہ علاج نہ کرنے کی وجہ سے بلغم زیادہ ہو کر دماغ میں روح کی گذرگاہ ہونکو بالکل بند کر دیتا ہے اور اس مرض کا باعث ہوتا ہے

ہونے سے پہلے جابجا سے جسم پھڑکتا ہوا معلوم ہوگا منہ میں لعاب رہیگا۔ اس جریض اور مردہ میں سوائے مخصوصہ علامات کے جو اوپر بیان کی گئیں اور کوئی فرق نہیں ہوتا اور اکثر زیادہ موٹے سفید رنگ والے اشخاص کو ہوتا ہے۔

پوٹلی بنا گرم کر کے سر کو سینکیں۔ اور بابونہ برنجاسف صعتر پودینہ ۶ ماشہ عقرقرحا ۲ ماشہ ہر ایک تولہ پانی میں جوشدیکر صاف کر کے پیٹے کی ٹیٹھو سے سر پر ڈالیں۔ اگر مریض کا منہ کھل سکے تو تریاق فاروق شہد میں ملاکر مریض کی تالو اور زبان پر ملیں اور روغن شفائی نیمگرم کر کے سر پر مالش کریں اگر ان تدابیر سے مریض ہوش میں نہ آئے تو غاریقون تربد سفید برگ چقندر مغز حب الخروع قنطوریون دقیق شبت سورنجان ہر ایک ۵ ماشہ بسفائج فستقی ۶ ماشہ سنا مکی ۹ ماشہ مغز حب قرطم ۷ ماشہ عناب ۱۰ دانہ سپستان ۱۰ دانہ ڈیڑھ سیر پانی میں جوشدیں جب نصف رہجائے صاف کر کے مغز فلوس ۳ تولہ شکر سرخ ۲ تولہ روغن بید انجیر ۳ تولہ روغن بادام شیریں ۳ ماشہ جاؤشیر ۲ رتی مقل ۴ ماشہ بورہ ارمنی ۲ ماشہ اضافہ کر کے حقنہ کریں۔ جب مریض ہوشیار ہوجائے تو کھانا پینا بالکل بند رکھیں اور بجائے آب غذا کے صرف شہد ۲ تولہ اور عرق بادیان ۱۰ تولہ میں جوشدیکر جب نصف باقی رہے پلائیں۔ اور جند بیدستر زنجبیل زراوند باریک پیسکر ۲ تولہ شہد خالص میں ملاکر دن میں دو تین مرتبہ چٹنی کی طرح چٹائیں۔

۱-۲ ۱-۲ ۲ ۸

۲ قرص رات کو کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ پلائیں مسہل سے فراغت کے بعد خبث الحدید ۱ قرص معجون جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ صبحکو کھلائیں اور بزرگبد ۲-۲ قرص بعد کھانا کھانیکے کھلائیں اور مرجان جواہر ایک قرص گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں

مشقت کے کام نہ کریں تا صحت غسل سے پرہیز رکھیں مسہل کے بعد بھی ٹھنڈی چیزوں کدو توری تربوز کھیرا ککڑی دودھ مکھن نانگی زیادہ سرد پانی سے پرہیز رکھیں

زیادہ ہو تو کبوتر یا بکری کا شوربہ خوب گرم مصالحہ وغیرہ ڈالکر پلائیں اگر مسہل کی ممانعت ہو تو صرف ماء العسل (شہد اور عرق بادیان) یا مونگ یا موٹھ کی دال پکاکر اسکا پانی دیں۔ اگر کمزوری زیادہ ہو تو روٹی کا باریک چھلکا اتار کر شوربہ یا موٹھ کے پانی میں بھگو کر بقدر سد رمق دیں مسہل کے چند روز بعد تک صرف بکری کے گوشت کا شوربہ اور ہر کی پتلی دال پکاکر گرم مصالحہ وغیرہ اچھی طرح ڈالکر پتلی چپاتی سے کھائیں

کی بھوسی اور نمک کپڑے میں باندھکر ہتھیلی اور تلووں پر زور سے پھیرتے رہیں۔ امید ہے کہ ہوش جلد آجائے گا۔

بقیہ علاج سکتہ بلغمی

اگر ضعف زیادہ محسوس ہو تو چوتھے یا پانچویں روز کبوتر کے بچہ کا شوربہ یا موٹھ کی دال کا پانی گرم مصالحہ وغیرہ اچھی طرح ڈالکر پلائیں بعد پانچویں روز سے یہ نسخہ پلانا شروع کریں۔ بادیان۔ بیخ بادیان۔ بنجکرفس۔ بیخ اذخر۔ بیخ کبر۔ اصل السوس پرسیاوشاں۔ اسطخودوس ہر ایک ۷۔۷ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ انجیر زرد ۵ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو ملکر چھانکر شہد خالص ۴ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو اتریفل کبیر ۳ ماشہ کھلائیں۔ آٹھ نو روز تک انہیں ادویات کا استعمال کراکے دسویں روز صبح کے نسخہ میں برگ سنا مکی اضافہ کر کے رات کو بھگوئیں اور صبحکو جوشدیکر چھان لیں اور مغز فلوس ۵ تولہ شکر سرخ ترنجبین گلقند ہر ایک ۴ تولہ شامل کر کے صاف کریں۔ اور شیرہ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کر کے پلائیں۔ ۹-۱۰ بجے تک اگر کوئی دست نہ آئے تو شربت دینار شربت دو ورد مکرر ۴-۴ تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ملاکر نیمگرم کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ شام کو بکری کے گوشت کی یخنی یا شوربہ یا مونگ کی دال کا پانی دیں۔ اگلے روز تبرید کا نسخہ بغیر تخم ریحاں کے پلائیں۔ تو تیسرے روز پھر حب ایارج کیساتھ یعنی بدستور دوائیں تیار رکھیں۔ اور حب ایارج ۹ ماشہ جب چار گھڑی رات باقی رہے اٹھکر عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ پھانک لیں اور صبحکو بدستور مسہل بغیر مغز فلوس اور شیرہ مغز بادام کے پی لیں۔ اگر اس کے بعد بھی کچھ کسل وغیرہ باقی رہے تو چار روز منضج کا نسخہ پھر استعمال کر کے ایک مسہل اور لیں۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	علاج: پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سکتہ	اور کبھی مقوی غذاؤں کے زیادہ استعمال۔ کثرت شرابخواری گوشت زیادہ کھانے سے خون زیادہ ہو کر فاسد ہو جاتا ہے۔ اور دماغ کیطرف چڑھ کر مرض سکتہ کے پیدا کرنیکا باعث ہوتا ہے ؛	ایسی حالتمیں چہرہ کا رنگ سرخ ہوگا رگیں پھولی ہوئی ہونگی۔ پیشانی پر پسینہ ہوگا سانس کی آمد ورفت محسوس ہوگی مرض کے واقع ہونے سے پیشتر مونہ کا مزہ شیریں ہوگا۔ بدن میں ایک قسم کا بوجھ محسوس ہوگا۔ انگڑائیاں زیادہ آئینگی ؛	بیہوشی کی حالت میں دونوں ہاتھوں کی سرد کی فصد کھولیں اور بقدر رقوت مریض خون لیں اور پنڈلیوں پر پچھنے لگا کر سینگیاں لگوائیں اسکے بعد بازو اور پنڈلیوں کو رومال سے کس کر باندھیں اور گیہوں کی بھوسی اور نمک کی پوٹلی بنا کر تلووں اور ہتھیلیوں کی مالش کریں اور نفخہ جو سرسام دموی میں مذکور ہے عمل میں لائیں جب ہوش آجائے تو گرم پانی میں سکنجبین ملا کر غرغرہ کرائیں اور روغن گل اور سرکہ ملا کر سر پر پالش کریں اور صندل اور عطر گلاب میں گھس کر سونگھائیں اور حب بنفشہ ۹ ماشہ رات کو چار گھڑی رات رہے اٹھکر عرق بادیان کیساتھ پھانک کر سو رہیں اور صبح کو آلو بخارا ۵ دانہ انجیر ۴ عدد عرق بادیان میں جوشدیکر شربت ورد مکرر شامل کر کے پلائیں اگلے روز تبرید دیں۔ اسی طرح تین روز تک دستوں کی دوا استعمال کرائیں ؛	افاقہ کے بعد ابریشم شیرہ عناب والا قرص چاندی کے ورق میں لپیٹ کر پہلے کہائیں اوپر سے عرق شاہترہ ۱۲ تولہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور خبث الحدید یکما قرص سرکہ معتدل قرص کے ہمراہ شام کو کھلائیں اور روغن بابونہ یا بنفشہ کی سر پر پالش کریں ؛	سہل سے فراغت کے پہلے جبتک کہ بھوک برداشت ہوسکے کوئی چیز نہ کھائیں اور فراغت کے بعد بھی چندروز تک گرم چیزیں چکنی چیزوں اور گوشت سے پرہیز رکھیں ؛	انفراغ سہل سے پیشتر اگر بھوک اور ضعف زیادہ معلوم ہو تو گیہوں کا دلیہ تھوڑے پانی میں پکا کر دیں اور رفتہ رفتہ غذا کی مقدار بڑھائیں۔ بکری کا شوربہ اور ارہر اور مونگ کی دال کھلائیں ؛	سہل کے روز اگر پیاس معلوم ہو تو بجائے پانی کے عرق گاؤزباں عرق بادیان پلائیں اور دوپہر کو چنے کی دال پکا کر اسکا پانی دیں اور شام کو مونگ کی تپلی کھچڑی کھلائیں ؛

فالج ولقوہ

یہ اس بیماری کا نام ہے جسمیں آدھا بدن حس وحرکت سے بالکل معطل وبیکار ہو جاتا ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ چہرہ کا نصف حصہ بھی اس کے ساتھ شریک ہوتا ہے گا ہے چہرہ مصیبت میں مبتلا نہیں ہوتا چہرہ کے نیچے والے اعضا خراب ہو جاتے ہیں اگر یہ بطلان حس وحرکت کا اثر کسی خاص عضو تک محدود ہوتا ہے تو استرخاء کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اگر سارا بدن بیکار ہو جاتا ہے اسوقت اسکو سکات کہتے ہیں۔ بہرصورت اس بیماری میں پٹھوں کے مسامات بند ہو کر روح نفسانی کے گذرنیکے قابل نہیں رہتے اور روح نفسانی جب اعضا تک نہیں پہنچتی تو حس وحرکت پیدا کرنیوالی قوت نفسانی نہیں جاسکتی۔ اور حس وحرکت دونوں باطل ہو جاتی ہیں۔ اگر تندرستی کی حالت میں کبھی آدھا بدن یا کوئی خاص عضو سُن پڑ جائے یا گاہ گاہ پھڑکتا رہے یا جاگنے کے بعد سرد معلوم ہو تو فالج کے پیدا ہونیکا احتمال ہے خصوصاً سردی کے زمانہ میں یا جس وقت شمالی ہوا چلتی ہو اور یہ آثار نمودار ہوں تو اسکی خاص دلیل ہے۔

لقوہ کے اسباب بھی تقریباً یہی ہوتے ہیں جو فالج کے ہیں۔ اور ایسے ہی علاج لیکن لقوہ اس بیماری کو کہتے ہیں جس میں منہ ٹیڑھا ہو کر ایک طرف مائل ہو جاتا ہے۔ عموماً جب منہ کے ایک سمت میں کبھی کبھی سردی یا حرکت محسوس ہو تو فوراً علاج کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ یہ بیماری اکثر موسم سرما میں زیادہ تر ہوتی ہے۔ اور سرد تر مزاج رکھنے والے اشخاص جن کے بدن میں بلغم کی کثرت ہوتی ہے وہ اس میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ بوڑھوں کو بہ نسبت جوانوں کے زیادہ ہوتی ہے۔ اگر جوانوں کو ہو جاتی

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
فالج و لقوہ	یہ اکثر سرد ہوا کے لگنے ٹھنڈا پانی زیادہ پینے سے بلغم زیادہ پیدا ہوتا ہے اور دماغ کیطرف چڑھکر روح نفسانی کی گذرگاہوں یعنی اعصاب کے مسامات میں نفوذ کرکے روح کو اعضا تک پہنچنے نہیں دیتا اور فالج ولقوہ نمودار ہوتا ہے	ایسی حالتمیں مرض کے واقع ہونیسے پیشتر چہرہ کے ایک حصہ یا بدن کے ایکطرف کو سردی زیادہ معلوم ہوگی کبھی کبھی سن ہوجانیکی شکایت چہرہ پر بھڑبھڑاہٹ ہوگی منہ کا مزہ پھیکا ہوگا - پیشاب غلیظ اور سفید آئیگا پاخانہ نرم ہوگا سر کے پچھلے حصہ میں خفیف درد معلوم ہوگا	ایسی صورت میں پہلے سات روز تک شہد اور عرق گاؤزبان جوشدیکر پلائیں آٹھویں روز یہ نسخہ منضج کا دیں۔ بادیان۔ بیخ بادیان بیخ کرفس اصل السوس پرسیاوشاں اسطوخودوس انجیر زرد تخم خطمی تخم خبازی گاؤزبان رات کو گرم پانی میں بھگوکر صبحکو ملکر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۵ تولہ حل کر کے پلائیں اگر مریض کا مزاج زیادہ گرم ہو یا گرمی کے زمانہ میں علاج کرنیکا اتفاق ہو تو سکنجبین اور بیخ کرفس نہ ڈالیں آٹھ نو روز تک یہ نسخہ پلاکر دسویں روز سنا مکی رات کو صبح کے نسخہ کے ساتھ بھگوئیں اور صبحکو املتاس ۴ تولہ شیر خشت ۲ تولہ ترنجبین ۲ تولہ شکر سرخ ملکر چھان کر خمیرہ بنفشہ کے بجائے گلقند ۴ تولہ ملاکر شیرہ مغز بادام شیریں اضافہ کرکے پلائیں۔ اور اگلے روز تبرید دیں اسیطرح تین مسہل لیکر پھر منضج کا نسخہ پانچ چار روز استعمال کریں اس کے بعد دو مسہل معہ حب ایارج کے سوائے مغز فلوس شیرہ مغز بادام کے دیگر ادویات مذکورہ بڑھا کر دیں ۰	اور شافی ۲ قرص شام کو کھلائیں اور روغن بیشش کی دھوپ میں بیٹھکر مالش کریں اور استحکام ایک عدد رات کو کھا کر اوپر سے ایقاظ ۴ تولہ پی لیں۔ مسہل کے بعد ابریشم حکیم ارشد والا ۵ قرص چاندی کے ورق میں لپیٹ کر صبحکو کھائیں اوپر سے ایقاظ ۳ تولہ عرق بادیان ۵ تولہ شربت مروری حارہ ۴ تولہ ملاکر پی لیں۔ اور مرجان جواہر والا اور بہمن گاؤزبان جواہر والا کبھی شام کو کھائیں یا انقرویا کبیر صبحکو روح بادیان ۴ تولہ اور تریاق فاروق مسک حارہ کے ہمراہ استعمال کریں اور روغن سرخ اور روغن بیر یا روغن کلان کی مالش کرتے رہیں	ان بیماریوں میں ان سب چیزوں سے پرہیز لازم ہے جو دیر ہضم اور نفاخ ہوں مثلاً اردی اُڑد کی دال گائے کا گوشت ترش چیزوں سے اور سرد ہوا سے سرد پانی سے قطعی پرہیز کریں دماغی محنت نہ کریں جب تک کہ کافی طور پر مسہل ہو کر مادہ بالکل نہ نکل جائے کوئی غذا سوائے ماء العسل کے نہ کھائیں کدو پالک اور کل ٹھنڈی چیزوں سے بعد کو کچھ دنوں پرہیز رکھیں خوشبودار چیزوں کا سونگھنا اور سبزہ پر ملنا مضر ہے ۰	شروع میں سات روز تک جیسا کہ علاج میں ذکر ہوا سوائے ماء العسل کے اور کوئی چیز نہ دیں۔ اگر کمزوری اور بھوک زیادہ معلوم ہو تو جنگلی کبوتر کا شوربہ یا مونگ کی دال ابال کر گرم مصالحہ وغیرہ ڈالکر اس کا پانی پلائیں منضج کے دنوں میں بھی یہی غذا دیں اگر ضعف زیادہ ہو تو روٹی کا بکل نکالکر اسکو شوربہ یا مونگ کی دال کے پانی میں خوب نرم کرکے کھلائیں۔ مسہلوں کے بعد بکری کا گوشت ارہر مونگ کی دال توری کریلہ تیتر مرغ یا بکری کا بھنا ہوا گوشت انڈا چائے قہوہ بسکٹ اور کھجور خوبانی انجیر بادام وغیرہ کھائیں ۰	ان بیماریوں میں ابتدا کے سات روز ماء العسل کے علاوہ کوئی چیز نہ دیجائے ماء العسل کے بنانیکی ترکیب یہ ہے عرق گاؤزبان ۲۰ تولہ شہد خالص ۵ تولہ دونوں کو ملاکر جوش دیں جب ایک چوتھائی حصہ اڑ جائے اتار کر پلائیں جبتک کہ مسہل وغیرہ ختم نہ ہو جائیں تیل وغیرہ نہ لگانا چاہئے اور مریض کو گرم کپڑے اڑھائیں اور ہوا سے محفوظ مکان میں رکھیں اگر سردی کا زمانہ ہو تو انگیٹھی وغیرہ روشن رکھیں ۰

نزلہ و زکام

دماغ کے فضول اگر ناک کے راستہ بہتی ہیں تو اس بیماری کو زکام کہا جاتا ہے۔ اور اگر سینہ کی طرف گرنے لگتے ہیں تو اسکو نزلہ کہتے ہیں۔ یہ دونوں کثیر الوقوع بیماریاں ہیں۔ اور اسقدر موذی اور تکلیف دہ ہوتی ہیں کہ اگر انکا جلد سے جلد تدارک کیا جائے تو بہت سے سخت اور مہلک امراض کی پیدائش کا باعث ہوتی ہیں۔ مثلاً آنکھوں کی بیماریاں۔ ناک کے امراض۔ اور کان کی شکایات خناق۔ ذات الجنب۔ کھانسی۔ سل۔ اسہال معدی۔ پیچش۔ جوڑوں کا درد۔

اکثر یہ بیماریاں دماغ کی کمزوری کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ دماغ کے ضعیف ہونیکی صورت میں دوسرے تیسرے دن تھوڑی سی گرمی یا سردی پہونچ جانے سے انکا دورہ ہوتا رہتا ہے۔ ایسی صورت میں دماغ کی قوت کا خصوصیت کے ساتھ خیال رکھنا چاہئے۔ وہ لوگ جن کا دماغ کثرت مباشرت کی وجہ سے ضعیف ہوجاتا ہے۔ عموماً اس شکایت میں مبتلا رہتے ہیں۔ تندرستی کی حالت میں حمام کرنا دماغی فضول دور کردینے کی وجہ سے عموماً نزلہ اور زکام سے بچاتا ہے +

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
نزلہ - زکام	کبھی یہ مرض گرمی کی وجہ سے دھوپ میں چلنے پھرنے گرم غذاؤں کے کھانے۔ بڑے بالوں کا سر پر رکھنا۔ سر پر بوجھ اُٹھانا یہ اسباب ہوتے ہیں جن سے صفرا زیادہ ہوکر بلغم میں ملجاتا ہے اور زکام پیدا کرتا ہے۔	اسحالت میں آنکھیں اور چہرہ سرخ ہوگا۔ ناک میں سوزش محسوس ہوگی۔ چھینکیں زیادہ آئینگی۔ حلق میں خراش ہوگا بلغم نیلا نکلے گا۔ بلغم کا مزہ نمکین ہوگا۔ سر میں گرمی معلوم ہوگی۔ منہ کا ذائقہ کسیقدر تلخ ہوگا۔ آنکھوں سے پانی بہے گا +	ایسی صورت میں بہدانہ ۳ ماشہ عناب ۵ دانہ سپستان ۹ دانہ تخم خطمی ۷ ماشہ گاوزبان ۵ ماشہ پانی میں خفیف جوشدیکر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈالکر صبح وشام پلائیں۔ اگر چند روز میں افاقہ نہ ہو تو گوند کتیرا ایک ایک ماشہ دونوں پیس کر خمیرہ خشخاش میں ملاکر پہلے کھائیں اوپر سے نسخہ مذکورہ پلائیں۔ اگر ایک مدت تک علاج پذیر نہ ہوتو یہ نسخہ استعمال کرائیں۔ مرکی ۱ رتی۔ افیون ۴ سرخ۔ زعفران ۴ سرخ۔ گوند۔ کتیرا ۱ رتی سب کو پیس کر ایک انڈے کی سفیدی میں ملاکر گول کاغذ جس میں سوئی سے چھید کئے گئے ہوں، لگاکر کنپٹی پر چپکائیں +	یا صبح کے نسخہ کے ساتھ شام کو عزب ۵ تولہ قرار داد ۳ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر شام کو پی لیا کریں پانچ چھ روز یہی ادویات استعمال کرکے زمانی ۹ ماشہ رات کو نیم گرم پانی سے کھاکر سو رہیں۔ اور ایک دن درمیان دیکر تیسرے روز پھر کھائیں جب نزلہ زکام رفع ہوجائے توخبث الحدید ۱ قرص مرجان کیس ۱ قرص میں ملاکر صبح کو اور مرجان ۱ قرص مرکب اُنگوروں ۱ قرص میں رات کو استعمال کریں	دن کے سونے اور پیٹ کے بل نیند کرنے۔ کھانے کے بعد جلدی سے سونا ترش چیزیں دودھ دہی غلیظ اور دیر ہضم چیزوں سے پرہیز کریں +	بکری کا گوشت۔ چوزہ مرغ۔ کدو پالک توری خرفہ کلڑی تنہا یا گوشت میں پکاکر مونگ ارہر کی دال خشکہ چپاتی۔ نان پاؤ۔ کھچڑی۔ بسکٹ۔ سیب۔ ناسپاتی رنگترہ کھائیں +	اس بیماری میں دماغ کے اندر مادہ کو رکنے نہ دیں۔ ورنہ دردسر پیدا ہوجانیکا اندیشہ ہے سرد پانی اور سرد ہوا سے پرہیز کریں گرمی اور سردی دونوں سے دماغ کو بچائیں سر کو ہمیشہ پوشیدہ رکھیں اور رات کو شبنم میں نہ سوئیں +
نزلہ زکام	اور کبھی سردی کیوجہ سے ہوتا ہے سرد پانی سے نہانا۔ اور سرد ہوا میں ننگا سر کرکے سونا اور برف وغیرہ ٹھنڈی	ایسی صورت میں سر میں گرانی بدن میں سستی ناک بند ہوگی۔ اگر ناک سے رطوبت نکلیگی تو وہ سفید اور غلیظ ہوگی دماغ کو گرم رکھنے یا گرم چیزو نکے	اس حالت میں اصل السوس مقشر گاوزبان زوفائے خشک گل گاوزبان ابریشم مقرض سبوس گندم نبات سفید ۲ تولہ پانی میں جوشدیکر چھانکر نیم گرم پلائیں اگر بلغم زیادہ غلیظ ہو تو کلونجی کو سرکہ ۵ تولہ میں ملاکر جوشدیکر اس کے	دو تین روز تک ادویات استعمال کرکے ملین ۵ قرص یا سپستان ۹ قرص رات کو روح گاوزبان ۴ تولہ روح یا دیان ۲ تولہ نیم گرم کے ہمراہ کھلائیں جب نزلہ رفع ہوجائے تو برشعثا ۲ سرخ روح گاوزبان ۴ تولہ کے ہمراہ صبحکو اور فولادی اڑھن	سرد پانی نہانے سے قطعی پرہیز کریں ٹھنڈی ہوا میں سر کو کھلا نہ رہنے دیں آلو اروی بھنڈی گائے کا گوشت اور دکی دال اور سرد چیزوں کے	بکری کا گوشت اور مونگ ارہر کی دال۔ انڈا کریلا۔ گاجر۔ بٹیر کا گوشت میتھی کا ساگ آم انگور سیب چلغوزہ ناسپاتی۔ بادام۔ نان پاؤ بسکٹ	اور زکام کی اس قسم میں سر کے بال نہ کتروانے چاہئیں اور سر پر تیل کی مالش بھی مضر ہے۔ اس قسم کا نزلہ زکام اکثر معدہ کی خرابی

چیزوں کا استعمال کرنا اور اسباب سے بلغم زیادہ ہوکر زکام پیدا کرتا ہے +	استعمال سے فائدہ ہوگا +	بخارات ناک میں پہونچائیں اور جند بید ستر برگ تبت باریک پیس کر ماس کیطرح سونگھیں پیاس کیوقت عرق گاؤزباں یا نیم گرم پانی پیئیں +	فلاسفہ کے ہمراہ شام کو استعمال کریں +	استعمال کریں پرہیز لازم ہے نیز برف سے بھی +	۴ کی وجہ سے ہوتا ہے جن لوگوں کو اس قسم کی شکایت ہتی وہ خبث الحدید ا قرص کبد جالینوس ۲ قرص میں ملاکر کھالیا کریں +

امراض عین — آنکھ کی بیماریان

آنکھیں انسان کی قوت مدرکہ کیلئے بمنزلہ جاسوس اول کے ہیں۔ خالق زمین و آسمان نے آنکھوں کی ساخت ایک عجیب و غریب صنعت کیساتھ بنائی ہے مجمع نور جہاں پر اشیاء اور مرئیات کی صورتیں دونوں آنکھوں کے ذریعہ سے پہونچکر منطبع ہوتی ہیں۔ دماغ کے اگلے حصہ میں ہے حلقہ چشم سے لیکر دماغ تک سات پردے شفاف دبراق اور پردوں کے اندر تین قسم کی رطوبتیں بھی ایسی ہی شفاف ہیں۔ مجمع نور باریک سے باریک چیز کی صورت بھی ان پردوں اور رطوبتوں کی آڑ سے جسطرح شناخت کرلیتا ہے وہ خدا ہی کی قدرت کا کرشمہ ہے۔ آنکھیں ایک نہایت بے بہا اور بیش قیمت جوہر ہیں جس کے آنکھ نہیں اس سے اسکی قدر وقیمت پوچھئے۔ آنکھیں جیسی نعمت پاکر آنکھ پیدا کرنیوالے کا شکر و ثنا نہ ادا کرنا۔ اسکی صحت کیطرف سے غفلت کرنا یا اس کو بیجا اور بیمحل صرف کرنا وہ کفران نعمت ہے کہ الہی توبہ۔ غبار سے ہوا زیادہ گرم یا زیادہ سرد ہوا کثرت جماع نشہ۔ روشن اور چمکدار چیزوں کو دیکھتے رہنا۔ باریک حروف کے مطالعہ کی کثرت۔ زیادہ رونا۔ غم وغصہ اعتدال سے زیادہ کرنا۔ عصر و مغرب کے درمیان لکھنے کا کام کرتے رہنا۔ معدہ کو غلیظ کرنیوالی اور ابخرات پیدا کرنیوالی چیزیں کھانا۔ معدہ اور دماغ کی خرابی بغیر ضرورت کوئی دوا آنکھوں میں لگانی آنکھوں کی صحت کے لئے مضر ہے۔ پاک اور شفاف و صاف پانی سے آنکھوں کو دہونا۔ لطیف اور معتدل غذا کا استعمال۔ اعتدال سے کھانا کھانا تاکہ بدہضمی نہ ہو۔ روغنیات مناسب کا سر پر مالش کرنے رہنا رات کو سرمہ لگاکر سونا آنکھوں کے لئے مناسب مفید تدبیر ہے +

رمد — آشوب چشم

آنکھیں دکھنی یہ مرض اوائل عمر میں یعنی بچوں کو اکثر ہوا کرتا ہے۔ جوانی اور بڑہاپے میں کم۔ گرمی کے موسم میں بہ نسبت جاڑے کے زیادہ ہوتا ہے۔ آنکھوں کے اندر کسی چیز کے گرنے اور آنکھوں میں دفعۃً زیادہ گرم یا زیادہ سرد ہوا کے لگنے۔ دہوپ میں زیادہ پھرنے۔ آگ کے پاس بادہ دیر تک بیٹھے۔ اور بدہضمی۔ بچوں کو دانتوں کے نکلتے وقت یہ مرض اکثر ہوتا ہے۔ کثرت مےخواری۔ سرکہ زیادہ کھانے۔ لہسن اور پیاز کا زیادہ استعمال کرنا۔ یہ بھی ایسے اسباب ہیں جن سے مرض رمد پیدا ہوسکتا ہے۔ خرما۔ انجیر۔ شفتالو۔ منقی۔ شہد۔ انگور شیریں۔ خربزہ۔ بینگن۔ اخروٹ۔ بالخاصہ مرض رمد کو پیدا کرتے ہیں۔ کرم کلہ۔ مسور کی دال کھانا۔ زیادہ سونا۔ زیادہ دیر تک جاگنا۔ سرنگوں رہنا۔ باریک اور سرخ اور سفید اور چمکدار چیزوں کا دیکھنا۔ زور سے چیخنا۔ کتب بینی نوشت وخواند رمد کی حالت میں مضر ہے۔ غذا کم کھانا۔ آرام وسکون اختیار کرنا۔ تاریک مقام میں رہنا۔ سبز یا نیلگوں عینک لگانا۔ سر اور آنکھیں پونچھنے کے لئے ہلدی کا رنگا ہوا رومال ہاتھ میں رکھنا ابتدا در مرض میں کنپٹیوں پر چونہ کا لیپ کرنا مفید تدبیر ہے۔ آشوب چشم کی حالت میں سر پر تیل نہ ملنا چاہئے۔ معدے کی حالت کو درست رکھنا چاہئے۔ قبض نہ ہونے دیں۔ دن کو نہ سوئیں تاکہ رات کو اچھی طرح نیند آئے اور شب کی بیداری اور بیقراری سے تکلیف نہ اٹھانی پڑے +

آشوب چشم	اگر گرمی کی وجہ سے ہو تو چہرہ پر سرخی ہوگی آنکھیں زیادہ سرخ اور سوجی	چہرہ پر سرخی ہوگی آنکھیں زیادہ سرخ اور سوجی ہوئی ہونگی تپس	ایسی حالتیں بیدانہ پانی میں بھگو کر اس کا لعاب نکالیں عناب مغز تخم تربز پانی میں پیس کر	اگر بشا ہنترہ قرص کھلاکر اوپر سے غروب ۳ تولہ عرق کاسنی ۷ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر	گرم چیزیں کھانا نقصان دہ ہے دہوپ میں نہ پھریں۔ آگ کے	گوشت حلوان۔ توری۔ شلغم ٹنڈہ اور ارہر مونگ کی دال۔ روٹی کھچڑی نان پاؤ بسکٹ انڈے کھا سکتے ہیں +	آنکھیں میل نہ جمع ہونے دیں اور ہاتھ سے آنکھ نہ ملیں باریک ململ کا پرانا کپڑا اوڑہا

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	ہوئی ہونگی ٹمیں اور درد بہت ہوگا۔	بہت ہوگی۔ کنپٹی کی رگیں ابھری ہوئی ہوں گی۔	اور چھانکر اسکا لعاب ملاکر شربت نیلوفر شامل کر کے صبح اور شام کو پئیں اور بکری کا دودھ سر کے بال کترواکر اسپر دھوائیں۔	پلائیں۔ مرکب گشنیزی، قرص رات کو کھلائیں اور جشم پانی میں گھسکر آنکھ کے گرد لیپ کریں	پاس بیٹھیں۔ لکھنا پڑھنا اور دماغی محنت چھوڑ دیں۔ چاء نہ پئیں۔	۴ ہوا ہلدی میں رنگ کر ہاتھ میں رکھیں۔ اور جب میل صاف کرنیکی ضرورت ہو تو اس کپڑے سے آہستہ سے میل کو نکال دیں۔	
آشوب چشم	اور کبھی سرد ہوا کے لگنے ٹھنڈے پانی سے نہانے۔ جاڑوں میں پھلا پھرنیکی وجہ سے بلغم زیادہ پیدا ہونیسے یہ مرض ہوتا ہے۔	چہرہ سرخ ہوگا آنکھوں میں سرخی اور کھٹک کم ہوگی۔ چرک چیپڑ زیادہ پانی کم آئے گا۔ سو کر اٹھنے کے وقت آنکھیں چپک جائیں گی۔ یہ خاص علامت ہے۔	ایسی حالت میں گل بنفشہ عناب سپستان آدہ پاؤ پانی میں جوش دیکر چھانکر شربت بنفشہ ۲ تولہ صبح و شام پلائیں اگر آنکھیں چپک جایا کریں۔ تو ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک ۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگوکر رکھیں صبحکو آب زلال لیکر نرم کپڑا تر کر کے اس سے آنکھیں دہویا کریں اگر تکلیف زیادہ ہو تو رسوت لودھ پٹھانی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ ہر ایک ۶ ماشہ پھٹکری بریاں ۲ ماشہ افیون باریک پیسکر ململ کے صاف کپڑے میں پوٹلی باندھکر پانی میں بھگوکر تھوڑی دیر کے بعد آنکھوں پر پھیرتے رہیں۔	مرکب گشنیزی، قرص رات کو سوتے وقت کھلاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ روح بادیان ۲ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور جشم الکحل پانی میں گھسکر آنکھ کے گرد لیپ کریں اگر قبض ہو تو بجائے گشنیزی کے سنائی قرص استعمال کرائیں۔ اگر کچھ سرخی باقی رہجائے تو کحل کبیر سلائی سے دونوں وقت آنکھ میں لگائیں	غسل نہ کریں ترشی سے قطعی پرہیز سرد ہوا سے بچیں سرد پانی کم پئیں کھانا پیٹ بھرکر نہ کھائیں سرد ترکاریاں کدو پالک خرفہ دہی مکھن وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔	گوشت حلوان۔ توری۔ شلجم۔ ٹنڈہ۔ ارہر۔ مونگ کی دال۔ روٹی۔ کھچڑی نان پاؤ بسکٹ انڈے بادام چھوارہ چلغوزہ گوشت کا قیمہ کر کے یا کباب بناکر کھائیں تو مناسب ہے۔	آنکھ میں میل اکٹھا ہونے دیں اور آنکھ کو ہاتھ سے نہ ملیں باریک ململ کا پرانا کپڑا ہلدی میں رنگا ہوا ہاتھ میں رکھیں اور جب میل صاف کرنیکی ضرورت ہو اس کپڑے سے آہستہ سے میل نکالیں

آشوب چشم کی بعض مفید دوائیں گل منڈی ایک عدد ثابت نگلنے سے ایک سال تک آنکھیں دکھنے نہیں آتیں۔ اور دو چار نگلنے سے دو چار سال تک۔ اسی طرح اناس کی ہندکا مفتہ یا بدھ کے روز طلوع آفتاب سے پہلے انار کے درخت کے پاس جاکر دانت سے ثابت کلی کترکر نگل لینے سے کئی سال تک آشوب چشم نہیں ہوتا۔ **مرض** آشوب چشم سے آرام ہونیکے بعد ضرورت ہے کہ دماغ کی حالت درست رکھی جائے تاکہ تکان اور تعب جو اسکو پہنچ چکا ہے اس کا تدارک اور تلافی ہوجائے اور دماغ اور آنکھوں کا ضعف دور ہوجائے اور اس کیلئے کشتہ مرجان جواہر والا قرص گاؤزبان جواہر والا قرص کے ہمراہ صبحکو پندرہ بیس روز تک کھا لینا چاہئے۔

ناخونہ

ایک ہلالی شکل کا سرخی مائل ابھرا ہوا نشان آنکھ کے کسی ایک کوئے کی طرف ہوتا ہے۔ اور اکثر آنکھیں دکھنے کی حالت میں بے احتیاطی اور عدم پرہیز کیوجہ سے یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ بوڑھے اور سوداوی مزاج کے آدمی اور خریف کے موسم میں اور خشک ملکوں میں زیادہ ہوتا ہے۔ بچوں اور مرطوب مزاج والوں کو کم۔

بیوقت کھانا کھانا۔ اور بڑے جانوروں کا گوشت بینگن بھنا ہوا۔ مسور کی دال مچھلی لہسن پیاز وغیرہ تبخیر پیدا کرنیوالی چیزیں اس مرض کیحالتمیں استعمال کرنی مضر ہیں۔ کھانا کم کھانا اور رات کو بالکل نہ کھانا اس مرض کیلئے مفید تدبیر ہے۔

ناخونہ	دماغ کے اندر بلغم وغیرہ کی زیادتی کی وجہ سے آنکھوں کے اندر رطوبات کے اکٹھا ہونے سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے	آنکھ کے کویہ کی طرف ایک سرخ نشان ابھرا ہوا دکھائی دے گا۔ جڑ اندرونی گوشہ کی طرف اور نوک پتلی کی طرف ہوتی ہے اور بڑھکر تل تک پہنچ جاتی ہے۔ اس سے بینائی میں فرق آجاتا ہے ؛	ایک گرہ ہلدی کی موٹی سی لیکر اور آٹے کی گولی میں بند کرکے آگ میں پکائیں پھر اس ہلدی کی گرہ کو نکالکر ٹھنڈا کرلیں اور اسکی ہموزن پھٹکری لیکر دونوں کو نہایت باریک غبار کیطرح حل کریں اور صبح اور شام اور رات کو سوتے وقت آنکھ میں ناخونہ پر سلائی سے لگائیں اور ملٹھی بادیان پانی میں جوشدیکر ہم نولہ گلقند ملاکر صبحکو پی لیاکریں ؛	یا یقطہ ۵ قرص کھلاکر اوپر سے انیفاظہ ۵ تولہ شربت اسطوخودوس ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور ملین ۵ قرص یا زمانی ۹ قرص رات کو ۔ روح بادیان ۴ تولہ نیمگرم کے ساتھ کھلائیں اور کحل کبیر یا جلا سلائی سے دونوں وقت آنکھ میں لگائیں ؛	دودھ مچھلی بڑی عمر کے جانوروں کا گوشت نہ کھائیں۔ پیاز لہسن سے پرہیز رکھیں ترکاریاں بھی نہ کھائیں۔ میٹھی چیزیں حلوہ وغیرہ ترک کریں ؛	خربزہ مرغ تیتر بٹیر گوشت حلوان ایک سال سے کم عمر کا بھنا ہوا۔ روٹی ارہر مونگ کی دال۔ کھچڑی۔ چاول۔ انڈا کھائیں ؛	ناخونہ کا علاج اگر ابتدا ہی مین باقاعدہ کرلیا جاتا ہے تو آرام ہوجاتا ہے ورنہ کہنہ ہونے پر بمشکل اچھا ہوتا ہے

پھولی اور جالا یہ دونوں مرض مشہور ہیں آنکھ کی سیاہی پر سفید نقطہ پڑجانے کو پھولی اور آنکھوں میں ہلکی ہلکی ابر کی طرح سفیدی کو جالا کہتے ہیں۔ آشوب چشم کے علاج میں بے ترتیبی واقع ہونے اور شقیقہ وغیرہ کی حالت میں اکثر یہ مرض پیدا ہوتا ہے اور بچوں کو زیادہ رونے سے بھی ہوجاتا ہے۔ مگر بچوں کی پھلی کو جلد آرام ہوجاتا ہے اور بڑھاپے میں کم اور مشکل سے ؛

پھلی اور جالا	درد شقیقہ اور درد سر یا آشوب چشم کیحالت میں آنکھ پر غلیظ مادہ کے گرنیکی وجہ سے ہوتا ہے	آنکھ کی سیاہی پر سفید نقطہ یا پردہ دکھلائی دیگا اور بصارت کم یا بالکل جاتی رہیگی (نوٹ) اگر صداع اور شقیقہ کیحالت میں آنکھوں میں پھلی ہوگئی ہو تو صداع اور شقیقہ کا پہلے علاج کریں اسکے آرام ہونیکے بعد پھلی کی ادویات استعمال کریں	بارہ سنگھا عورت کے دودھ یا پانی میں گھسکر دن میں دو مرتبہ آنکھوں میں پھلی پر لگائیں۔ بچوں کو اگر زیادہ رونیکی وجہ سے ہوا ہو تو کندر انزروت صبر مرکی دم الاخوین سرمہ سیاہ اقلیمیا فضہ ہموزن باریک سرمہ کیطرح پیسکر پانی میں گوندکر شیاف بنائیں اور ایک شیاف پانی میں گھسکر بچہ کی آنکھ میں لگائیں ؛	اور سنائی ۷ قرص رات کو کھلاکر اوپر سے انیفاظہ ۵ تولہ روح بادیان ۵ تولہ پلائیں اور کحل بیاض یا جلا سلائی سے آنکھوں میں لگائیں اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو چکنی دوا پانی میں گھسکر آنکھ میں لگائیں اور گرد وغبار سے احتیاط رکھیں ؛	ثقیل اور دیر ہضم غذائیں کھانے سے اور دوسری نفخ اور ابخرہ پیدا کرنیوالی چیزیں استعمال نہ کریں لہسن پیاز سے پرہیز رکھیں ؛	قلیہ۔ چپاتی۔ کھچڑی ارہر مونگ کی دال۔ توری خرفہ۔ پالک۔ ڈبل روٹی انگور سیب انار وغیرہ استعمال کرسکتے ہیں ؛	چیچک کے بعد اگر آنکھیں پھولی ہوگئی ہو تو اسکو کھانے اور لگانیکی دوائیں دیر تک استعمال کرنی چاہئے کیونکہ اس قسم کی پھولی دیر میں جاتی ہے ؛

شبکوری - (رتونده) - روزکوری (دن کو نہ دکھائی دینا)

رتونده کی حقیقت یہ ہے کہ معدہ یا دماغ یا آنکھ کے اندر غلیظ مادہ اکٹھا ہونے سے جو ابخرہ غلیظ اٹھتے ہیں وہ روح باصرہ کو غلیظ کردیتے ہیں اور رات کو جب آفتاب غروب ہوجاتا ہے اسکی روشنی جس سے انسان بال کی کھال نکالتا ہے معدوم ہوجاتی ہے آنکھوں کی قوت باصرہ بوجہ غلیظ ہوجانیکے اپنے فعل سے قاصر ہوجاتی ہے اور مبصرات کو اچھی طرح شناخت نہیں کرسکتی۔ اور انسان رات کو فاقد البصارت ہوجاتا ہے۔ اور کبھی دھوپ میں دیر تک ٹھرنے یا آفتاب کی طرف دیر تک دیکھنے یا ہمیشہ براق یا روشن چیز کو پیش نظر رکھنے سے بھی

آنکھ کی رطوبات جلکر غلیظ ہو جاتی ہیں اور وہ غلیظ اور محترقہ بخارات روح کیساتھ ملجاتی ہیں۔ جسکی وجہ سے روح باصرہ کی لطافت کم ہو کر اسمیں غلظت پیدا ہو جاتی ہی اس لئے رات کو بصارت کام نہیں کرتی +
روزکوری کی حقیقت یہ ہی کہ زیادتی حرارت یا دماغ میں کسی تیز مادہ کے جمع ہونے سے روح باصرہ نہایت رقیق ہو کر اس قابل نہیں رہتی کہ کوئی چیز اس میں چھپ سکے۔ کیونکہ چیزوں کا چھپنا روح کے اعتدال پر موقوف ہی اور رات کیوقت برودت اور روح میں غلظت پیدا ہونیکی وجہ سے چیزیں بخوبی معلوم ہو سکتی ہیں۔ اسی وجہ سے چمگادڑ۔ اُلو۔ چھچھوندر وغیرہ اپنی روح باصرہ کے تیز اور کمال لطیف ہونیکی وجہ سے دن میں پوری طرح چیزوں کو دیکھ نہیں سکتیں +
باریک خطوط کی کثرت سطالعہ۔ اور بلند آواز سے پڑھنے سے یا شعاع آفتاب کو دیر تک دیکھتے رہنے سے بھی یہ مرض پیدا ہو جاتا ہی اور اکثر ازرق چشم یعنی کنجی آنکھ والیکو اور خشک مزاج کے اور بڑھاپے کی زمانہ میں اور خریف کے زمانہ میں اور خشک ملکوں میں یہ مرض زیادہ ہوتا ہے +

شبکوری	کبھی مرطوب اور ٹھنڈی چیزوں کے کثرت استعمال اور بلغم کی زیادتی سے غلیظ بخارات آنکھ و دماغ کیطرف چڑھ جاتے ہیں جسکے متعلق دیکھنے کا کام ہی اسکو غلیظ کر دیتی ہیں اور یہ مرض لاحق ہوتا ہے +	دن کو آنکھوں سے دکھلائی دیتا ہی اور جوں جوں آفتاب کی روشنی کم ہوتی جاتی ہی اور شام کا وقت ہوتا جاتا ہی آنکھ کی بینائی میں کمی ہوتی جاتی ہی گرمیوں کی بہ نسبت سردیوں میں مرض کی شکایت زیادہ ہوتی ہی گرم اشیاء کے استعمال سی فائدہ ہوتا ہے +	پیپل درج ترکی بکری کے کلیجہ کے ایک ٹکڑے میں چھید کر کے رکھ دیں اور ایک گرم سلاخ پر رکھیں اور پکنے کی حالت میں جو پانی اس سے نکلے اسکو لیکر آنکھ میں لگائیں۔ بہت مفید ہی اور پیپل کلاں شہد خالص میں گھسکر یا بکری کے کان کا میل شہد خالص میں حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں +	یا کحل روشنائی یا کحل کبیر صبح شام اور دو پہر کو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں اور نقطہ ۵ قرص کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق نانخواہ ۵ تولہ شربت زوفا ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور صغیر رات کو عرق بادیان ہمراہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ آرام ہونیکے بعد بصر یا کحل الجواہر دونوں وقت آنکھوں میں لگایا کریں +	مرغ کا سر بالخاصہ شبکوری پیدا کرتا ہی اسکو ہرگز نہ کھائیں مبخر چیزیں جیسے لہسن پیاز مسور کی دال باقلا لوبیا کلہ گوبھی۔ خرفہ نہ کھائیں۔ رات کو کھانا نہ کھائیں +	لطیف اور زود ہضم گوشت بزمرغ تیتر بٹیر بیضۂ مرغ نیمبرشت۔ ساگودانہ دودھ میں پکا کر۔ شلجم چقندر گوشت میں پکا کر۔ مونگ کی دال پودینہ کی چٹنی روٹی کھائیں +	تخم سرس ۳ تولہ باریک پیسکر سوا پاؤ آٹے میں ملا کر روٹی پکا کر مولی کی بھجیا کیساتھ کھانا تین روز تک نہایت مفید ہے +
روزکوری	کبھی مباشرت کی کثرت سے دماغ کی کمزوری سے روح ضعیف ہو کر یا گرم چیزوں کی زیادتی استعمال سے روح میں رقت آجاتی ہی اور آفتاب کی شعاع کی تیزی سے روح تحلیل ہو کر دکھائی دینا موقوف ہو جاتا ہے	دن میں آنکھوں سے نہیں سوجھتا جوں جوں شام قریب ہوتی جاتی ہی قوت باصرہ اپنا کام پورا کرنے کے قابل ہوتی جاتی ہی اور سورج نکلتے ہی بینائی کا نور جاتا رہتا ہی بہ نسبت گرمیوں کے سردی میں شکایت کم رہتی ہی ٹھنڈی چیزوں کے استعمال سی آرام ہوتا ہے۔	ایسی صورت میں بہدانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور تخم خرفہ ۳ ماشہ کشنیز خشک ۳ ماشہ پانی میں پیسکر شیرہ نکالکر لعاب میں ملا کر شربت عناب ۴ تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں اور صندل سفید گلاب میں گھسکر پیشانی پر لیپ کریں اور یہ سرمہ تیار کر کے سلائی سے لگائیں۔ گرد سماق سرمہ سیاہ ۳ کافور گلاب میں گھسکر سرمہ تیار کریں اور آنکھ میں لگائیں اور وقتاً فوقتاً مکھن کی سر پر مالش کیا کریں +	یا ابریشم شیرۂ عناب والا ۵ قرص پہلے کھلا کر اوپر سے عرق نیلوفر ۶ تولہ قرابہ داد ۳ تولہ شربت عناب ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور شام کو مربے سیب تولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھلائیں اور اوپر سے عرق شاہترہ عرق کاسنی ۶ ۶ تولہ ملا کر شربت صندل ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور روغن کدو اور کاہو کی سر پر مالش کریں +	ترش اور زیادہ نمکین تیز اور میٹھی غذائیں نہ کھائیں شراب سے قطعی پرہیز مباشرت اور حرکات نفسانی غم و غصہ وفکر نہ کریں۔ آفتاب کی طرف نہ دیکھیں۔ لال مرچ گرم مصالحہ گڑ تیل وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں +	گوشت چوزہ مرغ۔ بکری کے سری پائے اور مونگ و ماش کی دال اور دھنیا مصالحہ زیادہ ڈالیں انڈا روٹی۔ خشکہ کھچڑی انجیر انگور کیلا گھیا مکھن دودہ دہی بالائی استعمال کر سکتے ہیں +	[illegible]

قذیٰ (آنکھ کے اندر کوئی چیز پڑجانا)

بعض اوقات چھوٹے چھوٹے جانور ربھنگے آنکھوں میں اُڑکر گرجاتے ہیں۔ یا کسی چیز کے باریک ریزے آنکھوں میں پڑجاتے ہیں۔ تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک پہاڑ کا ٹکڑہ آنکھوں میں گھس گیا ہے۔ اور آنکھوں سے مسلسل پانی جاری ہوجاتا اور اس قدر تکلیف ہوتی ہے کہ آنکھ کھولنا دشوار ہوجاتا ہے اور اس تکلیف سے آنکھیں سرخ ہوجاتی ہیں۔ جب آنکھ میں کوئی چیز گر پڑے تو آنکھ کو ہرگز نہ ملیں (ورنہ آنکھ جیسے نازک عضو کا اس سے چھل جانے اور زخم ہوجانیکا اندیشہ ہے) اور تدابیر ذیل عمل میں لائیں۔ تاکہ آنکھ جیسی نعمت عظمیٰ برقرار اور محفوظ رہے اور غلط تدابیر سے اس مفید ترین اور بے بہا عضو کو نقصان نہ پہنچے۔

علاج

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
آنکھ میں کوئی چیز پڑجانا	ہوا کے تیز چلنے گرد و غبار کے اُڑنے سے کوئی چیز آنکھوں میں پڑجاتی یا چلتے پھرتے کوئی جانور اُڑتا ہوا آنکھ کے مقابل آگرہ آنکھ میں پڑجاتا ہے	آنکھوں سے یک بیک پانی جاری ہونے لگیگا اور کھٹک معلوم ہوگی آنکھ کے اندر کوئی چیز چبھتی ہوئی محسوس ہوگی آنکھ سرخ ہوجائیگی پلک کو لوٹ کر دیکھنے سے گری ہوئی چیز دکھائی دیگی۔	نیم گرم پانی جس سے آنکھ کو تکلیف نہ پہونچے کسی کشادہ برتن میں بھرکر چہرہ اسمیں داخل کرکے اسمیں آنکھ کھولیں۔ اگر اس ترکیب سے نہ نکلے تو پلک کو الٹ کر صاف روئی یا کسی نرم اور صاف کپڑے سے الگ سے وہ چیز جو آنکھ میں پڑ گئی ہو نکال لیں یا نشاستہ باریک پیسکر سلائی سے اچھی طرح آنکھ میں لگالیں تھوڑی دیر کے بعد گری ہوئی چیز اسمیں مل جائیگی تب روئی یا نرم کپڑے سے نکال لیں۔	اگر اسکی تکلیف سے آنکھ دُکھنے آجائے تو شیاف ابیض ۳ ماشہ کھلاکر اوپر سے عرق گاؤزبان ۷ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں آنکھ کے اندر سے چیز نکل جانیکے بعد برود کافوری سلائی سے آنکھوں میں لگائیں تاکہ ٹھنڈک اور آرام معلوم ہو۔	آنکھوں میں جب کوئی چیز پڑجائے تو ہاتھوں سے نہ ملیں دو چار روز لہسن پیاز وغیرہ کے کھانے سے پرہیز رکھیں۔	حسب عادت ہر ایک چیز بکری کا گوشت کدو پالک توری خرفہ چنے کا ساگ مونگ ارہر کی دال شلجم آلو بھنڈی توری چقندر بادام انگور سیب وغیرہ کھائیں۔	اگر کوئی جانور بھنگہ وغیرہ راستہ میں چلتے چلتے آنکھ کے اندر گرجائے تو فوراً دو چار قدم بھی نہیں چلیں اگے نہ بڑھیں۔ اس ترکیب سے اسیوقت بغیر زحمت کے یہ جانور نکل آئیگا۔

ضرب العین (آنکھ پر چوٹ لگنا) اگر آنکھ پر چوٹ لگ جائے تو حلوا جو بازار میں ملتا ہے ایک پیسہ کا لیکر دودھ پٹھانی ۲ ماشہ باریک پیسکر اس میں ملالیں۔ اور گرم کرکے صاف پوٹلی میں باندھکر آنکھ کو پوٹلی سے سینکیں اور پھر حلوا سینکنے کے بعد ذرا گرم کرکے آنکھ پر باندھ دیں۔ یا سرکنڈے کی جڑ (جس کے قلم بنایا کرتے ہیں) اور ہلدی پانی میں گھسکر جسجگہ آنکھ پر چوٹ لگی ہے۔ نیم گرم کرکے لیپ کریں اگر چوٹ کی جگہ پر خون جم جائے یعنی جگہ سیاہ ہوجائے تو جھاؤ کی تر لکڑی لیکر جلائیں اور جو پانی اس سے نکلے اس کو آنکھ پر ملیں فی الفور نفع ہوگا۔ اگر بعد کو کچھ سرخی باقی رہجائے تو زعفران مصطگی ہموزن لیکر دونوں کو باریک پیسکر انڈے کی زردی میں ملاکر آنکھ کے گرداگرد لیپ کریں۔ اس کے بعد ریٹھہ یا پودینہ کے پانی کا لیپ کریں۔

لکھنے پڑھنے سینے پرونے کا کام نکریں دھوپ میں اور آگ کے پاس بیٹھنے سے پرہیز رکھیں۔ ترشی نہ کھائیں۔ کدو پالک توری بکری کے قلیہ میں یا تنہا پکاکر کھائیں۔ ارہر مونگ کی دال۔ روٹی خشکہ کھچڑی دہی۔ دودھ مکھن بسکٹ نان پاؤ سیب انگور حسب عادت کھائیں۔

شعر منقلب۔ (پڑبال) یہ نہایت تکلیف دہ مرض ہے پلک کے اندر بال ٹیڑھے ہوکر اندر گھس جاتے ہیں۔ اور آنکھ میں چبھتے رہتے ہیں اور ہر وقت آنکھوں سے پانی جاری رہتا ہے اس تکلیف اور سیلان اشک سے آنکھیں

کمزور ہوجاتی ہیں اور رفتہ رفتہ آنکھوں کی دوسری بیماریاں اس مرض سے پیدا ہونے لگتی ہیں۔ بعض اوقات یہ پڑوال پلکوں کے اندرونی حصہ میں بھی جو ہر وقت آنکھوں سے ملا رہتا ہے پیدا ہوجاتے ہیں جس سے اور بھی سخت اذیت ہوتی ہے۔ اور انسان اچھی طرح آنکھیں کھولنے اور بند کرنے اور قوت بصر سے حسب ضرورت کام لینے سے معذور ہوجاتا ہے۔ یہ مرض اکثر سرد مزاج والوں کو اور بوڑھوں کو اور جاڑے کے موسم میں اور سرد ملکوں میں ہوتا رہتا ہے اگر آنکھوں میں پڑوال ہوجائیں تو بہتر علاج اس کا یہ ہے کہ پہلے ان بالوں کو موچنے سے اکھڑوائیں۔ اس کے بعد مرکب کنجد صبح شام اور دوپہر کو آنکھوں میں لگائیں اور حب ہلیلہ ۹ قرص رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے پھانک لیا کریں اور شیا ہترہ، قرص روزانہ رات کو روح گاؤزبان ۴ تولہ کے ساتھ کھا لیا کریں۔ **پرہیز** آنکھوں سے زیادہ کام نہ لیں۔ دہوپ میں نہ پھریں۔ لکھنے پڑھنے کا کام کم کریں **غذا** قلیہ روٹی ارہر مونگ کی دال کھچڑی روٹی حسب عادت کھائیں۔ انگور، سیب رنگترہ وغیرہ کھا سکتے ہیں ✦

شعیرہ (گوہانجنی) یہ ایک مشہور مرض ہے جس کو ہندوستان کے بعض حصص میں انجن ہاری بھی کہتے ہیں یہ ایک جَو کے دانہ کے برابر یا اس سے بھی بڑا ہوتا ہے جو پلکوں کے کنارہ پر پیدا ہوتا ہے جس میں سوزش اور خارش ہوتی ہے رنگ اس کا سرخ ہوتا ہے پہلے پلکوں میں کچھ خارش ہوتی ہے اور کھجانے سے تھوڑی دیر کے بعد دانہ نمودار ہوتا ہے۔ یہ مرض اکثر خشک مزاج والوں اور بوڑھے آدمیوں کو اور برسات کے موسم میں اور خشک ملکوں میں زیادہ تر ہوا کرتا ہے۔ **علاج** جس وقت پلکوں پر یہ دانہ پیدا ہوجائے تو ایک لونگ لیکر پانی میں گھسکر نہایت احتیاط سے کہ آنکھ کے اندر نہ جائے اس دانہ پر لگائیں۔ یا پرانی دیوار کا کوئلہ اور کنوئیں کے پاس کی ٹھیکری دونوں کو گھسکر لگائیں اور مربی ہلیلہ ایک عدد پانی سے شیرہ دہوکر ایک چاندی کے ورق میں لپیٹ کر رات کو سوتے وقت کھا لیا کریں ✦

اگر دانہ دوبارہ سہ بارہ یا متعدد نکلنے شروع ہوں اور بار بار نکلتے ہوں تو عناب ۵ دانہ تخم کاہو ۳ ماشہ کشنیز خشک ۳ ماشہ بادیان ۵ ماشہ پانی میں پیسکر چھان کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈالکر روزانہ صبح کو پی لیا کریں اور رات کو سوتے وقت کرشا ہترہ، قرص پانی سے کھا لیا کریں ✦ **پرہیز** بھوک سے کھانا کم کھائیں۔ اور تبخیر پیدا کرنیوالی اشیا لہسن پیاز اور جو چیزیں معدہ کو خراب کرتی ہیں نہ کھائیں **غذا** قلیہ روٹی۔ خشکہ کھچڑی۔ مونگ ارہر کی دال سبز ترکاریاں۔ خرفہ۔ پالک کدو۔ توری۔ شلجم۔ بسکٹ نان پاؤ۔ سوڈا واٹر۔ انگور سیب وغیرہ کھائیں ✦

جرب الاجفان (روہے) پلکوں کے اندر کنارہ پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں۔ جن سے بیحد تکلیف ہوتی ہے اور آنکھیں اوپر سے سرخ ہوجاتی ہیں۔ اس کو روہے کہتے ہیں یہ مرض اکثر آشوب چشم کی حالت میں علاج کی بے ترتیبی۔ غبار۔ دہوئیں اور روشنی سے احتیاط نہ کرنے۔ کھانے پینے کی بے اعتدالی۔ بچوں کے ہاتھ۔ منہ صبح اٹھکر نہ دہونے سے پیدا ہوا کرتا ہے اگر ابتدا ہی میں اس کا معقول انتظام نہیں کیا جاتا تو رفتہ رفتہ آنکھوں کے دوسرے امراض پیدا ہوجاتے ہیں جس سے انسان کی قوت بینائی پر بُرا اثر پڑتا ہے ✦

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	مذکورہ اسباب کی وجہ سے رطوبت فاسدکے	پلکوں پر ورم ہوگا رنگ سرخ ہوگا پلک کے اندر چھوٹے چھوٹے دانہ	ایسی صورت میں صعتر سوختہ۔ نوشادر صمغ عربی تینوں چیزوں کو کوٹ چھان کر سرکہ میں پیس کر	یا مرکب شا ہترہ صبح کو کھلا کر اوپر سے عرق مکو مصفی خون ۸ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملا کر	ابخرہ پیدا کرنیوالی چیزیں مثل لہسن پیاز نہ کھائیں	غذا عمدہ گیہوں کی روٹی چوزہ مرغ گوشت حلوان۔ انڈے۔ کدو۔ توری پالک	خارش آنکھے وقت ہاتھوں سے نہ ملنا

جمع ہوجانیسے بیہ رطوبت آنکھوں کی فاسد آتی اور پھنسیاں پیدا کرکے اس مرض کا باعث ہوتی ہے +

ہونگے۔ ونیز بیحد خارش اور جلن ہوگی آنکھیں گدلی ہونگی کھجانیسے خارش اور زیادہ ہوگی۔ حتی کہ کھجاتے کھجاتے کچھ مواد خارج ہوجائے آنسو جاری رہیں گے

سایہ میں خشک کریں اور سرمہ ساں کرکے آنکھوں میں لگائیں اور مصری کی ڈلی لیکر پلکوں کو لوٹ کر دو انوں پر رگڑ دیا کریں سماق ۲ ماشہ دانہ سفیداب کتیرا کافور پانی میں پیسکر آنکھوں پر لیپ کریں +

پلائیں اور صغیر، قرص رات کو سوتے وقت نیمگرم پانی سے استعمال کرائیں اور باسلیقون سلائی سے آنکھوں میں لگائیں آرام ہونے پر بینائی سلائی سے دونوں وقت آنکھوں میں لگایا کریں +

دھوپ اور گرد وغبار وغیرہ سے بچیں۔ گڑ تیل سے پرہیز رکھیں ترشی بالکل نہ کھائیں +

خرفہ۔ ارہر۔ مونگ کی دال انجیر۔ انگور۔ انار وغیرہ کھائیں !!

چاہئے کیونکہ اس سے اور زیادہ خارش آئے گی +

ضعف بصر (یعنی نگاہ کی کمزوری)

آجکل یہ شکایت ایسی عام ہوگئی ہے کہ جس شخص کو دیکھا جائے وہ عینک آنکھوں پر چڑھائے کمزوری بصارت کا شاکی نظر آتا ہے۔ بعض نوجوان ابتدا میں شوقیہ عینک چڑھانیکے عادی ہوجاتے ہیں۔ لیکن چند ہی سالوں کے بعد ان کو یہ عارضہ دامنگیر ہوجاتا ہے کہ عینک کو اتار کر قریب کی چیز کو بھی دیکھنے سے مجبور ہوجاتے ہیں۔ خفقان صحت کی عدم پابندی۔ غذاؤں کی بے ترتیبی۔ طویل بیماریاں۔ ضعف دماغ اور ضعف ہضم کی متواتر شکایت۔ مغرب اور عصر کے درمیان اور مغرب کے بعد زیادہ کتب بینی۔ کسی تیز روشنی کی طرف زیادہ دیر تک دیکھنا۔ آنکھوں کی بیماریوں میں زیادہ مبتلا رہنا عموماً کمزوری نگاہ کا باعث ہوتا ہے۔

ضعف بصر - نگاہ کی کمزوری

اور کبھی مباشرت کی کثرت یا عرصہ تک نزلہ زکام یا اور امراض دماغی میں مبتلا رہنے کی وجہ سے دماغ کمزور ہوجاتا ہے اور ضعف بصر کی شکایت پیدا ہوتی ہے +

آنکھیں گدلی ہونگی اور کسیقدر خصوصاً بھوک کیحالت میں جلن معلوم ہوگی کسی ٹھنڈی چیز کے کھانے اور سونیکے بعد افاقہ معلوم ہوگا آنکھیں بیٹھی ہوئی یعنی گرد حلقہ پڑا ہوا ہوگا ضعف پیدا ہونیسے بیشتر دماغی محنت کی زیادتی اور عموماً مزاج میں گرمی اور خشکی کی علامات

ایسی حالت میں بہدانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور تخم کاہو مقشر ۳ ماشہ مغز تخم تربز ۳ ماشہ مغز کدوئے شیریں ۳ ماشہ مغز بادام ۵ دانہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں پیسکر چھانکر شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر صبح شام پلائیں اور تازہ سونف کا پانی اور یا لیموں کا پانی نکالکر سلائی سے بطور سرمہ کے آنکھ میں لگائیں یا پوست ہلیلہ زرد گلاب میں گھسکر آنکھوں میں لگائیں صبح اور سرمہ سیاہ آب بادیان یا آب لیموں یا گلاب میں کھرل کرکے رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں +

نسخہ مذکورہ چند روز تک استعمال کرنیکے بعد کشتہ مرجان جواہر والا ایک قرص گاؤزبان جواہر والا کے ہمراہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر صبحکو اور مرکب کشنیزی ۲ قرص رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں اور لبصر یا کحل الجواہر صبح دوپہر اور شام کو سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔ اور ابریشم حکیم ارشد والے کا استعمال کرانا بھی اس مرض میں مفید ہے +

دماغی محنت کم کریں مباشرت سے پرہیز رکھیں لال مرچ نہ کھائیں۔ چمکدار چیزوں کی طرف نہ دیکھیں پیاز لہسن گڑ تیل سے پرہیز۔ بینگن مچھلی ماش مسور کی دال اور گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں +

خشکہ کھچڑی چپاتی گوشت دودھ مکھن بالائی۔ نان پاؤ۔ بسکٹ۔ کدو۔ توری ارہر مونگ کی دال سیب۔ ناشپاتی۔ انار انگور۔ نارنگی۔ رنگترہ بادام۔ چلغوزہ۔ پستہ۔ اخروٹ۔ ناریل وغیرہ کھائیں

[illegible]

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
ضعف بصر	اور کبھی سرد اور غلیظ غذائیں زیادہ کھانے یا کسی اور وجہ سے بلغم کی زیادتی ہو کر دماغ میں غلظت اور کثافت آجاتی ہے اور ضعف بصر کا باعث	دور کی چیزیں بہ نسبت قریب کی چیزوں کے صاف دکھائی دینگی۔ سرد پانی اور برف کے استعمال سے شکایت زیادہ ہوگی آنکھوں میں کھرتے اور بند کرتے وقت کسل اور سونیکے بعد چیپڑ آئیں گے +	اس صورت میں بادیان ۵ ماشہ اصل السوس ۵ ماشہ اسطوخودوس ۵ ماشہ پرسیاوشان ۵ ماشہ دانہ ہیل ۳ ماشہ مصری ۲ تولہ پانی میں جوش دیکر چھانکر صبح اور شام پی لیا کریں اور مصطگی رومی ۱-۱ ماشہ منہ میں ڈالکر چبایا کریں +	یقظہ ۵ قرص شام کو کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور استحکام ایک عدد رات کو کھلائیں چند روز تک یہ ادویات استعمال کرانیکے بعد رات کو زمانی ۹ قرص کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ ۵ نیم گرم کر کے پلائیں اور ایک دن درمیان میں دیکر اسی طرح تین روز کھلائیں اس کے بعد ۷ قرص صبح کو کھلائیں اور کشتۂ مرجان لیموں مرکب گاؤزبان ۱۲ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں۔ اور کحل روشنائی سلائی سے آنکھوں میں لگائیں +	کھانا کھانیکے بعد فوراً نہ سوئیں سرد اور ترش چیزیں نہ کھائیں ٹھنڈی ہوا میں نہ پھریں کدو پالک توری۔ خرفہ خربزہ سے پرہیز کریں +	بکری کا گوشت چوزہ۔ مرغ۔ تیتر بٹیر میتھی کا ساگ۔ گاجر تنہا یا گوشت میں پکا کر۔ دہنیہ۔ پودینہ کی چٹنی انڈا چائے۔ نان پاؤ۔ بسکٹ۔ روٹی ارہر مونگ کی دال۔ بادام پستہ انجیر وغیرہ کھائیں +	اس قسم میں تھوڑی بہت ورزش کرتے رہنا شام کے وقت چہل قدمی کرنا مفید ہے اگر نزلہ کی شکایت رہتی ہو تو پہلے اس کا علاج کریں +

امراض الاذن - (یعنی کان کی بیماریاں)

انسان کی زندگی کیلئے ضروری حواس میں سے ایک وہ قوت بھی ہے جس کے متعلق سننے کا کام ہے اور وہ قوت کان میں رکھی گئی ہے۔ کان میں ایک پیچیدہ سوراخ ہوتا ہے جسکی انتہا پر ایک گول اور چوڑا مقام دکھائی دیتا ہے جس کو (جوبۃ الاذن) کہتے ہیں اور اسمیں ہوا بھری رہتی ہے۔ اسکی اندرونی سطح ایک عصبی جھلی سے بند رہتی ہے جسوقت بولا جاتا ہے یا کوئی آواز ہوتی ہے تو خارجی ہوا میں ٹھوکر لگتی ہے اور اسمیں ایسی ہی موجیں پیدا ہوتی ہیں جیسی کہ پانی میں کسی ضرب وغیرہ کے لگنے مثلاً ڈھیلا ڈالنے یا کسی اور طریقہ سے حرکت ہونیکی وجہ سے۔ لیکن پانی کے غلیظ ہونیکی وجہ سے یہ موجیں دکھائی دیتی ہیں اور ہوا چونکہ نہایت لطیف چیز ہے اس لئے اسمیں محسوس نہیں ہوتیں۔ پس یہ ہوائی موجیں جب اس پیچیدہ سوراخ کے ذریعہ اس فضاء (جوبۃ الاذن) کے نزدیک پہونچتی ہیں تو اس ہوا کو جو اسمیں پہلے سے موجود ہوتی ہے حرکت میں لاتی ہے اور اس ہی طرح اس ہوا کی ٹھوکر جھلی پر پڑتی ہے چونکہ سننے کی قوت اسی جھلی میں ہوتی ہے اس لئے وہ ان مختلف قسم کی ٹھوکروں کو تمیز کرتی ہے اور **قوت سامعہ** کہلاتی ہے۔ کان کا سوراخ قدرت نے ایک خاص مصلحت سے ٹیڑھا بنایا ہے یعنی سیدھا ہونیکی حالت میں ہوا کی موجیں براہ راست جھلی میں ایسی قوی ٹھوکر لگاتیں کہ اس نازک چیز کا سلامت رہنا جس پر قوت سامعہ کا دارومدار ہے دشوار ہو جاتا۔ اب یہی ہوا پیچ کھا کر اور ضعیف ہو کر آتی ہے جسکی وجہ سے جھلی کو کوئی خوف نہیں۔ اور بکشادہ پیشانی اس کو قبول کر کے ہر آواز کو محسوس کرتی ہے +

کان کے اجزا میں سے ہمکو بظاہر سوائے ایک سیپی نما کری کے جس کو ہم کان کہتے ہیں اور کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ حالانکہ یہ کری صرف اس فائدہ کیواسطے پیدا کی گئی ہے کہ جس وقت ہوا کی موجیں آواز کو لیکر کان کی طرف آئیں تو یہ ان کو مجتمع کر کے سوراخ کے اندر داخل کرے جہاں قوت سامعہ موجود ہے پس اگر یہ کری نہ ہوتی تو یہ ہوا کان کے سوراخ میں ٹھیک طور سے داخل نہ ہو سکتی اور اکثر حصہ اس کا پراگندہ ہو جاتا یہی وجہ ہے کہ جن لوگوں کے کان کی (بیرونی کری)

کسی وجہ سے مثلاً لڑائی وغیرہ میں کٹ جائے یا کسی طریقہ سے ضایع ہوجاتی ہے تو انکی سماعت میں بہت فرق آجاتا ہے۔

قوت سامعہ حواس خمسہ کا ایک رکن ہے اور ظاہر ہے کہ بہرا آدمی بھی اکثر لذائذ دنیوی سے محروم رہتا ہے اسی لئے جو جو کثیر الوقوع بیماریاں اس عضو کو لاحق ہوتی ہیں خلاصہ طور پر انکا بیان معہ اسباب و علامات اور علاج درج ذیل ہے ٭

وسخ الاذن (یعنی کان میں میل اکٹھا ہوجانا) ٭ اگرچہ یوں تو معمولی طور پر ہر شخص کے کان میں میل ہوتا ہے مگر بعض اوقات یہ اسقدر زیادہ ہوجاتا ہے کہ اچھا خاصا مرض بن جاتا ہے اور کان کی نالی کو بند کرکے آواز اس کے اندر نہیں جانے دیتا اور بھلا چنگا آدمی بہرا ہوجاتا ہے۔ بعض اوقات یہی میل خشک ہوکر کان میں چبھتا ہے اور درد اور تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو عموماً کان کی صفائی کا خیال نہیں رکھتے اور نہاتے ہوئے کان کو اچھی طرح صاف نہیں کرتے یا خراب غذاؤں کے کھانیکے عادی ہوتے ہیں یا جن کو اکثر نزلہ زکام کی شکایت رہتی ہے۔ یا وہ لوگ جو کسی ایسے کام میں مصروف رہتے ہیں جسمیں مٹی کوڑے کے ذرات کان میں جانیکا احتمال ہے اس مرض میں زیادہ تر مبتلا ہوتے ہیں کان کریدنے کے لئے ہمیشہ چاندی یا سونے کی سلائی استعمال کرنی چاہیئے۔ کیونکہ لوہے یا تانبے وغیرہ کی سلائی سے کریدنے میں اندیشہ ہے کہ اس کا زنگ کان کے اندر لگ کر سوزش پیدا کردیگا۔ نیز یہ کہ سلائی نوکدار اور تیز نہ ہونی چاہیئے۔ اور نہ زیادہ اندر داخل کریں اگر کان میں خارش ہو تو صرف ایک یا دو مرتبہ انگلی یا کسی اور چیز سے کھجلا لیا جائے۔ اگر اسپر بھی کھجلی رفع نہ ہو تو روغن بادام یا روغن گل کا ایک قطرہ نیم گرم کرکے کان میں ڈالیں ٭

اگر میل کان کے اندر خشک ہوجائے تو پہلے نمک اور پانی ملا کر نیم گرم کرکے روئی بھگو کر کان میں رکھیں۔ جب نرم ہوجائے تو آہستہ سے نکلوا دیں۔ اور خشک ہونیکی حالت میں ہرگز نہ نکلوائیں

	کبھی گرد وغبار میں پھرنے مٹی کوڑے وغیرہ میں کام کرنے۔ نزلہ زکام ضعف دماغ وغیرہ کی وجہ سے کان میں میل اکٹھا ہوکر تکلیف دینے لگتا ہے۔	اگر میل زیادہ ہو تو اونچا سنائی دیتا ہے۔ کان میں خارش ہوگی۔ اگر دھوپ کے رخ پر کان کو رکھکر دیکھا جائے تو میل بخوبی دکھائی دیگا	ایسی حالت میں پانی گرم کرکے کسی برتن میں لیکر اسکی بھاپ کان کے اندر پہنچائیں اگر صرف صفائی کی بے احتیاطی کی وجہ سے یہ حالت پیدا ہوئی ہو تو کان کا میل نکلوا دیں اور گرم پانی بذریعہ پچکاری کان میں پہنچائیں سب میل آہستہ آہستہ کرکے نکل آئیگا اور اگر نزلہ زکام کی وجہ سے ہو تو اسکا علاج کریں	اور محلل یا روغن بابونہ یا روغن بنفشہ نیم گرم کرکے دو تین قطرہ کان میں ٹپکائیں اور روغن بادام یا روغن کدو کی سر پر مالش کریں اگر کان میں زخم ہوجائے تو احمر ردی کے پھایہ سے کان کے اندر لگائیں اور مربہ شاہترہ، قرص رات کو کھایا کریں ٭	گرد وغبار سے بچیں دھوپ میں نہ پھریں۔ نزلہ زکام پیدا کرنیوالی چیزیں ترشی وغیرہ نہ کھائیں۔	بکری کا گوشت انڈا۔ دودھ مکھن۔ بالائی۔ کدو۔ توری کریلہ پالک خرفہ۔ کھچڑی خشکہ بسکٹ نان پاؤ انگور وغیرہ حسب عادت کھائیں ٭	میل وغیرہ سے کان کو آٹھویں دسویں روز صاف کرتے رہا کریں میل نہایت احتیاط سے نکلوائیں۔ کیونکہ بعض اوقات خراش اور پردہ پھٹ جانیکا اندیشہ ہے ٭

قذی الاذن (کان میں کسی چیز کا پڑ جانا) کان میں کسی چیز کے پڑ جانے سے جو بیقراری لاحق ہوتی ہے۔ وہ مخفی اور محتاج بیان نہیں۔ زیادہ تر مختلف قسم کے چھوٹے چھوٹے حیوانات مثلاً چیونٹی مچھر وغیرہ اسمیں داخل ہوکر اندر حرکت کرتے ہیں اور سخت درد اور بےچینی کا باعث ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ناسمجھ بچے کھیلتے ہوئے۔ پنسل یا کوڑی یا کوئی اور چیز کان میں ڈال لیا کرتے ہیں اور خود کو اور نیز ماں باپ کو سخت آفت اور پریشانی میں مبتلا کردیتے ہیں ایسی صورت میں کان کو آفتاب کے رخ کرکے دیکھیں اگر پڑی ہوئی چیز قریب سوراخ معلوم ہو تو فوراً موچنے وغیرہ سے

پکڑ کر باحتیاط نکالیں اور اگر زیادہ اندر ہو تو پچکاری وغیرہ سے نکالیں - اور تدابیر ذیل عمل میں لائیں +

کان میں کوئی جانور پڑ جانا

اسباب: عموماً کوئی چھوٹا جانور کان کے اندر پڑ جاتا ہے اور اسکی حرکت سے نہایت سخت تکلیف معلوم ہوتی ہے یا کبھی کان کے اندر کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں +

علامات: کان میں درد ہوگا اندر کوئی چیز چلتی ہوئی محسوس ہوگی - کیڑوں کے پیدا ہونے کی صورت میں کان سے بدبو آئے گی - اور بعض اوقات یونہی یا پچکاری کرنے سے باریک کیڑے نکلتے ہیں کبھی پیپ اور خون ملا ہوا نکلتا ہے +

علاج: کریلہ کا پانی نچوڑ کر نیم گرم کر کے کان کے اندر ٹپکائیں اس سے وہ جانور جو کان کے اندر ہوتا ہے مر جاتا ہے اسیطرح گلئے کے گوشت کو بھونتے ہوئے جو پانی اس سے ٹپکتا ہے اگر اسکو کان میں ڈالا جائے تو یہ بھی نہایت مفید تدبیر ہے پھر گرم پانی کی پچکاری کریں تاکہ وہ حیوان نکل جائے - اگر کان کے اندر کیڑے پیدا ہو جائیں تو آڑو کے پتے کوٹ کر انکا پانی نچوڑ کر نیم گرم کان میں ڈالیں یا سہاوراہ نیم کے پتوں کے پانی میں حل کر کے نیمگرم کان میں ٹپکائیں یا افتیمون اور پودینہ خشک ہموزن لیکر پانی میں جوش دیکر نیمگرم پچکاری کریں اور شراب ۶ ماشہ شہد خالص ۹ ماشہ روغن گل ۳ ماشہ اور دو انڈوں کی سفیدی ملا کر کپڑے کی بتی اسمیں لتھیڑ کر کان کے اندر رکھکر نکال لیں اور مرہم کافوری یا احمر کپڑے یا روئی پر لگا کر کان کے اندر رکھیں +

اور روغن محلل یا روغن کمیلہ نیمگرم کر کے کان کے اندر دو تین قطرہ ٹپکائیں چونکہ اس بیماری میں عموماً قبض وغیرہ کے ہو جانے سے تکلیف بڑھ جانیکا اندیشہ ہے اس لئے بالکل آرام ہونے تک ملین ۳ رات کو سوتے وقت کبھی کبھی استعمال کر لیا کریں + اگر کان میں زخم ہو جائے تو مرکب شاہترہ، قرص عرق مندی ۶ تولہ عرق گاؤزبان ۶ تولہ شربت عناب ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں +

پرہیز: تبخیر پیدا کرنیوالی چیزیں مثل لہسن پیاز مولی مچھلی گائے کا گوشت - گڑ تیل وغیرہ نہ کھائیں - ترشی سے پرہیز رکھیں +

غذا: بکری کا گوشت - چوزہ مرغ دودھ انڈا - توری - کدو - گکڑی - مونگ ارہر کی دال - بسکٹ - ڈبل روٹی خشکہ کھچڑی - سیب - انگور - رنگترہ وغیرہ کھائیں +

ضروری ہدایت: جب کان کے اندر کوئی چیز پڑ جائے تو کھجلانا اور کریدنا سخت مضر ہے - کیونکہ اس سے کان کے اندر سوزش پیدا ہونے یا خراش اور چھل جانیکا اندیشہ ہے -

حکۃ الاذن - (کان کی خارش)

کان کی خارش بھی ایک تکلیف دہ عارضہ ہے آدمی کا ہاتھ ہمیشہ کان ہی کی طرف رہتا ہے - اکثر یہ مرض کان میں میل کچیل اکٹھا ہونے گرد و غبار سے احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے لیکن بعض اوقات کسی تیز مادہ کے کان میں آ جانے سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے اور جسقدر کھجایا جاتا ہے اسی قدر خارش زیادہ ہوتی ہے اور رفتہ رفتہ کان میں پھنسیاں یا ورم پیدا ہو کر طرح طرح کی بیماریوں کا باعث ہوتا ہے

کان میں کھجلی ہونا

اسباب: کسی تیز مادہ کے کان میں آ جانے سے یا میل وغیرہ کے اکٹھا ہو جانے سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے کبھی خارش زیادہ ہو کر باریک باریک پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور تکلیف زیادہ بڑھ جاتی ہے +

علامات: کان میں کھجلی ہونا کبھی کبھی درد کی شکایت ہونا - کان میں سرخی دکھائی دیگی اگر کسی مادہ کیوجہ سے ہو تو سوزش اور تکلیف زیادہ ہوگی اگر کان میں پھنسیاں ہوگئی ہوں تو آفتاب کے رخ کر کے دیکھنے سے معلوم ہونگی +

علاج: اس حالت میں افسنتین سرکہ میں جوش دیکر نیمگرم کان میں ٹپکائیں اور عناب ۵ دانہ گل نیلوفر ۵ ماشہ گل گاؤزبان ۵ ماشہ اسطخودوس ۵ ماشہ گل بنفشہ ۵ ماشہ شاہترہ ۷ ماشہ عرق شاہترہ ۱۵ تولہ میں جوش دیکر چھانکر شربت عناب ۲ تولہ شامل کر کے صبح کو پلائیں - اگر کان میں میل وغیرہ دکھائی دے تو نکلوا دیں - اگر کان میں چھوٹی چھوٹی پھنسیاں پیدا ہو جائیں تو نیم کے پتے پانی میں جوش دیکر نیمگرم کی پچکاری کریں اور احمر یا مرہم کافور کپڑے کی بتی پر لگا کر کان کے اندر رکھیں +

اگر کسی مادہ وغیرہ کی وجہ سے ہو تو بوء، قرص کھلا کر اوپر سے عرق دب ۵ تولہ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور مرکب عشبہ، قرص عرق عشبہ ۸ تولہ مصری ۲ تولہ ملا کر شام کو استعمال کرائیں اور محلل یا روغن بابونہ میں پھریری تر کر کے کان کے اندر رکھیں +

پرہیز: گرم چیزوں سے مثل گڑ تیل مچھلی - بینگن سے پرہیز رکھیں - لال مرچ چائے ترش چیزوں اور گرد و غبار سے بچیں

غذا: مونگ ارہر کی دال کدو پالک توری خرفہ - کریلا - بکری کا شوربہ مرغ کا گوشت کھچڑی روٹی خشکہ نان پاؤ بسکٹ دودھ مکھن بالائی سیب وغیرہ کھائیں

ضروری ہدایت: جب یہ بات معلوم ہو جائے کہ خارش کسی شے کے آ جانے کیوجہ سے پیدا ہوئی ہے یا کان میں پھنسیاں نمودار ہو جائیں - ایسی صورت میں کھجانا سخت مضر ہے

سیلان الاذن (کان بہنا)

یہ مرض اکثر بچوں کو اور مرطوب مزاج والوں کو زیادہ ہوتا ہے۔ بچوں کا بارہ تیرہ سال کی عمر کے بد خود بخود جاتا رہتا ہے۔ اس مرض میں علاوہ ان معمولی تکالیف کے جس کو مریض محسوس کرتا ہے متواتر کان بہنے سے دماغ ضعیف اور کمزور ہو جاتا ہے اگر عرصہ تک اس بیماری کا سلسلہ جاری رہے تو رفتہ رفتہ دماغ کی پرورش کرنیوالی قوت خراب ہو جاتی ہے اور اسی طرح دماغ اپنی غذا کا حصہ پوری طرح ہضم نہیں کرسکتا۔ اور وہ غذا اسی بہنے والی رطوبت کی صورت اختیار کر لیتی ہے اور زیادتی مرض کا باعث ہوتی ہے اور انسان تمام کاروبار سے معطل و بیکار ہو جاتا ہے۔ لہٰذا چاہئے کہ اس مرض کا ابتدا ہی میں کافی طور سے علاج کر کے قلع قمع کر دیں تاکہ آیندہ وہ ہولناک نتائج جو اس موذی مرض کا ثمرہ ہیں رونما نہوں +

کان بہنا	اکثر یہ مرض رات کو کھلی جگہ سونے سر کو کھلا رکھنے سے سردی لگ کر ہوتا ہے نیز بچوں کے دانت نکلتے وقت کان میں زخم وغیرہ ہو جاتے ہیں +	شروع میں ہلکا بخار ہوگا درد اور بیچینی ہوگی نیند نہ آئے گی درد پیدا ہونیکے بارہ یا چودہ گھنٹے بعد کان بہنا شروع ہوگا +	اس حالت میں نیب کی پتی اور شہد پانی میں جوش دیکر کسی برتن میں کر کے کان کو اس کا بھپارہ دیں جب کسی قدر ٹھنڈا ہو جائے تو اسی پانی کو پچکاری کے ذریعہ کان کے اندر پہنچائیں اور اچھی طرح صاف کر کے تھوڑی سی روئی اس پانی یا شہد میں تر کر کے نیم کے خشک پتے پیس کر اس روئی پر چھڑک کر کان کے اندر رکھیں تین وقت صبح و دوپہر شام کان اسی طرح دھوئیں	اور تو، قرص صبحکو کھلا کر اوپر سے ایقاظ ہ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور استحکام ایک عدد رات کو عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں + اور محلل یا روغن بابونہ نیم گرم کر کے کان میں لگائیں۔ آرام ہونیکے بعد کشتہ مرجان گاؤزبان جواہر والے کے ہمراہ ایک قرص ۵ قرص چند روز تک استعمال کرتے رہیں +	سرد چیزیں نہ کھائیں سرد ہوا میں نہ پھریں رات کو سر کھلا نہ رکھیں مبخر چیزیں مثل لہسن پیاز وغیرہ نہ کھائیں گڑ تیل ترشی سے پرہیز رکھیں +	مونگ ارہر کی دال چپاتی۔ بکری کا گوشت بھنا ہوا توری کریلہ تنہا یا بکری کے گوشت میں پکا کر خشکہ کھچڑی نان پاؤ۔ بسکٹ چاء انڈ۔ پلاؤ وغیرہ کھائیں +	اگر غسل کریں تو گرم پانی سے کرنا چاہئے اور احتیاط رکھیں کہ پانی کان کے اندر نہ جائے۔ اگر قبض ہو تو اس کے رفع کرنیکی تدبیر کریں +

وجع الأذن (کان کا درد)

یوں تو درد ہر عضو کا۔ مشہور مقولہ ہے (چو عضوے بدرد آورد روزگار + دگر عضوہا را نماند قرار +) انسان کے تمام اعضاء کو اپنے فعل سے تقریباً معطل اور بیکار کر دیتا ہے۔ لیکن وہ اعضا جو خود رئیس ہیں یا اعضاء رئیسہ مثل قلب و دماغ وغیرہ کے قریب واقع ہوئے ہیں انکا درد علاوہ ان تکالیف کے جن کا اثر مریض اور اس کے افعال پر پڑتا ہے اگر چندے ٹھہر جائے تو انسانی زندگی کو ہمیشہ کے لئے ناقابل برداشت صدمہ پہنچاتا ہے اور انسان زندگی پر موت کو ترجیح دینے لگتا ہے۔ پس ظاہر ہے کہ کان کے دماغ کے قریب ہونیکی وجہ سے اس کے امراض علاوہ شدت تکلیف کے آگے چلکر نہایت ہولناک نتیجہ پیدا کرنیوالے ہوں گے +

اکثر کان کے درد کا سبب کان میں میل کچیل کا اکٹھا ہونا۔ کان کو کسی تیز دھار یا نوکدار چیز سے کریدنے کی وجہ سے کان میں خراش پیدا ہونا۔ گرمی بعض اوقات سرد ہوا وغیرہ کے لگنے یا کسی مادے کی زیادتی مثل صفرا وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے علاج میں اصل سبب کو دریافت کر کے جیسا آگے ہر ایک کی علامات اور علاج درج ہے رفع سبب کی طرف توجہ کریں۔ اگر درد زیادہ شدید ہو تو پہلے ایسی ادویات استعمال کرائیں جو درد میں تسکین بخش ثابت ہوں۔ اس کے بعد ازالہ سبب کریں +

کان کا	کبھی گرم غذاؤں کے زیادہ استعمال۔ دھوپ	اس حالت میں سر ہلکا ہوگا کان میں درد کیسا سوزش	ایسی حالت میں بہدانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور عناب ۵ دانہ مغز تخم کدو شیریں	شاہترہ، قرص صبحکو کھلا کر اوپر سے عرق ۵ تولہ عرق کاسنی ۱۰ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلائیں	گرم چیزیں مثلاً گوشت گاؤ سرخ مرچ لہسن وغیرہ نہ کھائیں	سرد ترکاریاں مثل کدو توری پالک خرفہ شلجم ٹنڈا تنہا یا بکری کے گوشت میں	کان کے درد کی حالت میں افیون اسوقت استعمال کرنی چاہئے جب مریض

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ (علاج)	ادویہ مرکبہ (علاج)	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
درد گرمی سے	یا آنچ کے سامنے کام کرنے یا صفراوی مادہ ہو کر اس مرض کا سبب ہوتا ہے +	اور جلن معلوم ہوگی آفتاب کے رخ کان کرکے دیکھنے سے سرخی معلوم ہوگی سرد چیزوں کے استعمال سے فائدہ محسوس ہوگا	۳ ماشہ مغز تربوز ۳ ماشہ پانی میں پیس کر چھانکر حب ملا کر شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کرکے صبحکو پلائیں اور روغن گل اور سرکہ ملا کر آگ پر گرم کرکے نیمگرم کان میں ٹپکائیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو افیون زعفران لڑکی کی ماں کے دودھ میں گھس کر دو تین قطرہ کان میں ڈالیں فی الفور آرام ہوگا +	اور ابریشم شیرہ عناب والا ۷ قرص شام کو کھلا کر اوپر سے تراوادہ ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ شربت صندل ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو سفوف سرنبفشہ ۹ ماشہ رات کو گرم پانی سے پھانک لیا کریں +	دھوپ میں نہ پھریں بینگن مسور اور ارہر کی دال مولی مچھلی سے قطعی پرہیز رکھیں	پکا کر دہنیہ کی چٹنی خشکہ کھچڑی روٹی بسکٹ تربوز انگور رنگترہ انار سیب وغیرہ کھائیں +	سخت بیچین ہو اور کسی چیز سے فائدہ نہ ہو تو بریرہ عورت کے دودھ میں گھسکر استعمال کرانی چاہئے تیل وغیرہ میں ہرگز استعمال نہ کریں
کان کا درد سردی سے	اور کبھی سرد ہوا کے لگنے یا زکام وغیرہ کی وجہ سے یا مرطوب غذاؤں کے کھانے سے بلغم زیادہ ہو کر یہ مرض پیدا ہوتا ہے	سر میں گرانی ہوگی نیند زیادہ آئیگی ناک سے ریزش۔ منہ سے رطوبت خارج ہوگی۔ مرض کے پیدا ہونے سے پیشتر نزلہ زکام کی شکایت رہنا خاص علامت ہے	اس صورت میں اسطخودوس ۵ ماشہ بادیان ۵ ماشہ گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ پانی میں جوش دیکر چھانکر گلقند عسلی ۴ تولہ یا شہد ۲ تولہ شامل کرکے صبح کو پلائیں اور اکلیل الملک مرزنجوش پودینہ خشک ۶-۶ ماشہ پانی میں جوش دیکر اس کا بھپارہ دیں اور اجوائن ۳ اور مکو خشک، پانی میں جوش دیکر روئی تر کرکے کان کے اندر رکھیں۔ آرام ہونیکے بعد چند روز تک حب الحدید ۱ قرص مرکب [illegible] کے ہمراہ صبحکو اور کشنیزی ۷ قرص عرق گاؤزبان ۲ تولہ ایقاظ ۵ تولہ کے ہمراہ رات کو استعمال کریں +	اور نقطہ قرص شام کو کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۳ تولہ عرق بادیان ۲ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور زمانی ۵ قرص عرق بادیان ۱۲ تولہ نیمگرم کے ہمراہ استعمال کیا کریں۔ اور محلل یا روغن ترب نیمگرم کرکے دو تین قطرہ کان میں ٹپکائیں	سرد ہوا میں نہ پھریں ٹھنڈا پانی نہ پئیں۔ شبنم میں نہ سوئیں۔ غلیظ اور سرد و تر کاریاں مثل اروی پالک خرفہ وغیرہ نہ کھائیں تا افاقہ سرد پانی سے غسل نہ کریں +	بکری کا گوشت بھنا ہوا مونگ ارہر کی دال چوزہ مرغ تیتر بٹیر چائے کریلہ روٹی کھچڑی نان پاؤ بسکٹ انڈا چھوارہ بادام چلغوزہ وغیرہ کھائیں +	اگر ان تدابیر سے فائدہ نہ ہو تو منضج بلغم جو پہلے مذکور ہوا پلا کر مسہل دیں اس کے بعد مقوی دماغ ادویات استعمال کرائیں +
کان کا درد پھنسیوں کی وجہ سے	کبھی کان میں پھنسیاں نکلنے کی وجہ سے یا زخم ہونیکی وجہ سے درد ہوتا ہے پھنسیاں کان میں اکثر کسی تیز مادہ کے اجتماع کی وجہ سے ہوا کرتی ہیں	کان سے پیپ وغیرہ کا نکلنا اگر پھنسی قریب ہو تو کان کو آفتاب کے رخ کرنے سے دکھائی دیگی درد شدید ہوگا باہر سے دیکھنے سے کان سرخ معلوم ہوگا خارش کے وقت کھجانے سے تکلیف زیادہ ہوگی +	اگر کان میں پھنسی ہو تو لہسن کا جوا چھیل کر دو یا گہ میں پر ڈوگر گرم کرکے کان کے اندر رکھیں اور اگر زخم ہو جائے تو نیم کو پانی میں جوش دیکر پہلے کان دھوئیں اور پرانی روئی کی بتی شہد میں تر کرکے انزروت باریک پیسکر یا پھٹکری اور مرکی باریک پیسکر بتی مذکور پر چھڑک کر کان میں رکھیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو افیون کو جلا کر راکھ لیکر جند بیدستر ملا کر روغن گل میں حل کرکے نیمگرم کان میں ٹپکائیں +	اور مرکب شاہترہ ۵ قرص پہلے کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۲ تولہ عرق مرکب مصفی خون ۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور کان کو دھونے کے بعد احمر یا مرہم کافوری کپڑے کی بتی پر لگا کر کان کے اندر رکھیں +	گوشت اور گرم چیزیں نہ کھائیں لہسن پیاز گڑ تیل سے پرہیز رکھیں۔ کرم کلہ گوبھی بینگن اڑد کی دال نہ کھائیں	ہلکی چیزیں توری کریلہ پالک خرفہ کدو ارہر کی دال مونگ کی دال۔ خشکہ بسکٹ روٹی۔ نان پاؤ سیب وغیرہ کھائیں +	کبھی کان کے زخم میں باریک باریک کیڑے پڑ کر درد کا باعث ہوتے ہیں ایسی صورت میں کافور پیسکر کان میں ڈالیں ایک رات کے بعد جب کیڑے مر جائیں تو زخم کا علاج کریں

کان میں درد پانی سے

اور کبھی نہانیکے وقت بے احتیاطی کرنے یا دریا میں غوطہ لگانیکی وجہ سے کان میں پانی بھر جاتا ہے اور کان میں درد ہو جاتا ہے!

شکایت پیدا ہونیسے پہلے نہانا یا کسی اور طریق سے کان میں پانی کا چلا جانا اسکے بعد خفیف درد کا ہونا کان میں پھر پھری آواز سنائی دینا ٭

ایسی صورت میں ابر مردہ کا فتیلہ بنا کر یا روئی کی بتی کان کے اندر اچھی طرح گھمائیں اس سے کان کے اندر کا کل پانی جذب ہو جائیگا اور تنبا کو والے پان کی پیک کان کے اندر ڈالنے میں فی الفور نفع ہوگا اگر درد زیادہ ہو تو پوست خشخاش بابونہ اکلیل الملک بنفشہ تخم السی پانی میں پیسکر نیمگرم کرکے کان کے گرد لیپ کریں ٭

کان کا پانی خشک کرنیکے بعد محلل یا روغن ترب یا روغن بنفشہ نیمگرم کرکے کان میں ٹپکائیں اگر قبض ہو تو ملین قرص یا زمانی ۲ قرص رات کو عرق بادیان ۱۲ تولہ نیمگرم کے ہمراہ استعمال کرائیں

سرد ہوا اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز رکھیں تبخیر پیدا کرنیوالی چیزیں مثل لہسن پیاز وغیرہ نہ کھائیں

بکری کا گوشت مونگ ارہر کی دال انڈا دودھ چائے بسکٹ نان پاؤ بادام چھوہارہ چلغوزہ انگور سیب سنگترہ ناسپاتی وغیرہ کھائیں ٭

اگر کان میں پانی پڑ جائے تو اسی حالت میں ایک ہاتھ کان پر رکھکر سر کو جھکا کر کنپٹی پر زور سے دھکا لگانیسے پانی نکلکر فی الفور نفع ہوگا

دوی وطنین (کان میں گنگناہٹ ہونا)

اس بیماری میں دماغ کے اندر ریاح یا بخارات کا غلبہ ہو جانیکی وجہ سے یہ ریاح اور بخارات دماغ میں گھومتے اور چکر لگاتے رہتے ہیں اور جسوقت کان کے پردہ پر ٹھوکر لگاتے ہیں تو یہ آواز پیدا ہوتی ہے مگر بعض اوقات کان میں کیڑے پیدا ہو جاتے اور ان کے حرکت کرنے اور کبھی کان میں پیپ پڑ جانے کی وجہ سے بھی یہی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن پیپ کی صورت میں تکلیف بہت زیادہ ہوتی ہے اور جب تک کان بہنا شروع نہ ہو جائے، بہنی کی حالت قایم رہتی ہے۔ کیڑوں اور پیپ کا علاج اور علامات اوپر گذر چکی ہیں۔ مکرر اعادہ کرنیکی ضرورت نہیں۔ لیکن جو ریاح اور بخارات کے غلبہ کی وجہ سے ہوتا ہے اس کا علاج ذیل میں درج کیا جاتا ہے ٭

کان میں گنگناہٹ ہونا

کبھی دماغ میں کسی تیز مادہ کے اکٹھا ہو جانے کی وجہ سے اس مادہ سے ریاح یا بخارات پیدا ہو کر دماغ میں گردش کرتے اور چکر کھاتے ہیں انکی آواز قوت سامعہ

مرض پیدا ہونیکے پہلے دماغ میں رطوبت کا غلبہ ہونا دماغ کے اندر کسی چیز کی حرکت معلوم ہونی کانوں اور آنکھوں کے پاس کپکپاہٹ ہونا۔ آنکھوں کے پپوٹے ابھرے ہوئے ہوں گے۔ رات کے وقت شکایت زیادہ ہوگی

اول دماغ کے تنقیہ کے واسطے گل بنفشہ ۷ ماشہ پرسیاوشان ۷ ماشہ بادیان ۷ ماشہ بیخ بادیان ۷ ماشہ اسطخودوس ۷ ماشہ مویز منقیٰ ۹ دانہ گاؤزبان ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر بنفشہ مرکب ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں آٹھ دس روز تک یہ نسخہ پلاکر نویں روز برگ سنا مکی ۶ ماشہ نسخہ مذکور میں اضافہ کرکے بھگوئیں اور صبح کو ملکر چھانکر مغز

اور مرکب اسطخودوس ۲ قرص شام کو کھلا کر اوپر سے اطریفل ۴ تولہ عرق بادیان ۸ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور محلل یا روغن بابونہ نیمگرم کرکے کان کے اندر ٹپکائیں اور روغن بادام کی سر پر مالش کریں سہل ختم ہونیکے بعد چند روز تک خبث الحدید ۱ گرام مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ صبح کو کھلائیں اور بو، قرص شام کو کھلا کر اوپر سے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ نیمگرم کرکے پلائیں اور استحکام ایک عدد رات کو نیمگرم پانی سے استعمال کرتے

زیادہ گرم اور تبخیر پیدا کرنے والی چیزیں مثل گوشت گاؤ لہسن پیاز نہ کھائیں گوبھی شلجم کرم کلہ سے پرہیز رکھیں۔ دھوپ میں نہ پھریں۔ شراب نہ پیئیں ٭

بکری کے بچہ کا گوشت۔ مونگ ارہر کی دال خشکہ کھچڑی چپاتی کریلہ بسکٹ نان پاؤ بادام ناسپاتی وغیرہ کھائیں۔ بکری کا گوشت بھوننے کے بجائے اگر کباب بنا کر کھائیں تو نہایت مناسب ہے پودینہ کی چٹنی بنا کر کھانا اچھا ہے ٭

اس مرض کے علاج کے ساتھ اس امر کا لحاظ رکھیں کہ قبض نہ ہونے پائے اسکے واسطے مرکب تنکار ۲ عدد رات کو گرم پانی سے کھایا کریں

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	محسوس کرتی ہے اسکو دوی وطنین کہتے ہیں ۔	۴ فلوس شکر سرخ ترنجبین گلقند شیرخشت ۴-۴ تولہ ملا کر دوبارہ صاف کرکے شیرۂ مغز بادام شیریں ۵ دانہ شامل کرکے پلائیں اور روز سہ پہر کو مونگ کی کھچڑی دیں اور اگلے روز تبرید کا نسخہ پلائیں تیسرے روز منضج مو سنا کی بھگو کر رات کو حب ایارج کھلائیں اور صبح کو مسہل کی دوائیں سوائے مغز فلوس اور شیرہ بادام کے شامل کرکے پلائیں اور اکلیل الملک بابونہ برگ شبت ۶-۶ ماشہ پانی میں جوش دیکر بھپارہ لیں اور جند بیدستر اور کلونجی ایک ایک ماشہ پیسکر ہلاس کی طرح سونگھیں ۔		ربیں ۔			

ثقل سماعت (بہراپن) یہ عارضہ پیرانہ سالی یعنی بڑھاپے میں تو خود بخود بغیر کسی خارجی سبب کے قوت کی کمزوری اور اعصاب پر خشکی کے غلبہ کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے ۔ اور بعض اوقات کسی زبردست آواز کے صدمہ سے سماعت کا پٹھا بیکار ہو جاتا ہے مثل توپ وغیرہ کے ۔ اور قوت سامعہ باطل ہو کر انسان بہرا کہلاتا ہے مندرجہ بالا دونوں صورتوں میں علاج بیکار ہے ۔ لیکن کبھی کان میں میل وغیرہ کے اکٹھا ہو جانے سے یا کسی خارجی چیز کے کان کے سوراخ کو بند کر دینے کی وجہ سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
اونچا سنائی دینا	میل کچیل کا اکٹھا ہونا کسی چیز کا کان میں چلا جانا یا کسی خلط غلیظ کا کان میں گر کر اکٹھا ہو جانا جس سے وہ ہوا جو آواز کو قوت سامعہ تک پہنچاتی ہے کان کے اندر جانے سے رک جاتی ہے ۔	مرض سے پہلے گرد و غبار میں کام کرنا تیز سرد چیزوں کا استعمال سر کی گرانی کان میں کسی قسم کی جلن اور سوزش کا ہونا آفتاب کی طرف کان کرکے دیکھنے سے میل وغیرہ جو چیز رکنے والی ہوگی اکثر دکھائی دیجاتی ہے ۔	اگر میل وغیرہ کے یا کسی چیز کے کان میں پڑ جانے کی وجہ سے ہو تو اس کے نکالنے کی تدابیر جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے کریں ورنہ جس طرح کہ دوی وطنین میں ذکر ہوا منضج اور مسہل دیں ۔ اس کے بعد جاشا اور پودینہ کو کوٹ کر پانی میں ملا کر شہد ڈالکر جوش دیں اور اس سے غرغرہ کریں ۔ اور خردل اور انجیر کوٹ کر فتیلہ یعنی بتی بنا کر کان میں رکھیں ۔	اور یقظہ ۔ قرص صبح کو ایقاظہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں ۔ اور استحکام ایک عدد رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے استعمال کریں ۔ اور بہراپن یا روغن سماعت کشا نیم گرم کرکے کان میں ٹپکائیں اگر دماغ ضعیف ہو تو ابریشم عود مصطگی والا اور قرص کشتہ مرجان جواہر ایک قرص شام کو کھایا کریں ۔ اور روغن بادام کی سر پر مالش کریں ۔	گائے کا گوشت ارو کی دال ۔ آلو ۔ اروی کیلا اور کل غلیظ چیزیں نہ کھائیں ۔ سرد پانی سے پرہیز رکھیں اور سرد ہوا سے بچیں !!!	مونگ ارہر کی دال کریلہ توری خشکہ کھچڑی بکری کا گوشت بسکٹ نان پاؤ ۔ سیب ۔ ناسپاتی ۔ انگور بادام چھوہارہ انڈا مکھن چنے کا ساگ کدو پالک توری خرفہ ککڑی کھائیں ۔	کھانا بھوک سے کم کھائیں اور قبض نہ ہونے دیں تاکہ بخارات دماغ کی طرف چڑھ کر باعث ایذا نہ ہوں ۔

امراض الانف - (ناک کی بیماریاں)

ناک ایک چھوٹا سا عضو ہے جو چہرہ کے اوپر واقع ہے قدرت نے اسکو علاوہ خوبصورتی کے ایک بہت بڑی منفعت کو مدنظر رکھتے ہوئے بنایا ہے یعنی سونگھنے کی قوت جس سے ہم خوشبو اور بدبو میں تمیز کر سکتے ہیں اسی کے اندر والے پٹھے میں ودیعت ہے

ناک کی بیماریوں کا علاج کبھی تو غرغرہ سے ہوتا ہے اور کبھی خاص ناک میں مختلف قسم کی ادویات مختلف صورتوں اور مختلف طریقوں سے ڈالی جاتی ہیں اگر ناک میں کوئی چیز ڈالنی اور دماغ تک اس کا اثر پہنچانا مدنظر ہو تو اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ مریض کو چارپائی پر چت لٹائیں۔ اسکی گردن کے نیچے تکیہ وغیرہ کچھ نہ رکھیں بلکہ سرہانے کی پٹی سے اوسکی گردن نیچے لٹکائیں۔ مزید احتیاط کیلئے چارپائی کو پیروں کی طرف سے کسی قدر اونچا کریں۔ اس صورت سے مریض کی گردن بہت نیچی ہوجائے گی اور دوا کے ڈالتے ہوئے حلق میں چلے جانیکا خطرہ جاتا رہیگا۔ اگر کوئی تیز چیز ناک میں ڈالنی مقصود ہو تو ٹھنڈے پانی میں کپڑا تر کرکے سر پر رکھیں یا سرکہ اور روغن گل ملاکر سر پر لگائیں۔ اور پھر دوا ڈالیں۔

رعاف۔ نکسیر پھوٹنا۔ اکثر یہ مرض جوان آدمیوں کو گرمیوں کے موسم میں ہوا کرتا ہے۔ اسکی وجہ عموماً خون کی بدن میں زیادتی ہوتی ہے۔ اس سبب سے رگیں پھٹ کر خون ناک سے بہنے لگ جاتا ہے ایسی صورت میں بہتر ہے کہ فصد کرائیں اور ایسی چیزیں کھانی چھوڑ دیں جن سے خون زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً دودھ انڈے مغزیات وغیرہ نہ کھائیں اور خون کے کم کرنیوالی چیزیں مثل مسور کی دال بکری کے سری پائے وغیرہ کھائیں۔

نکسیر پھوٹنا

دماغ میں گرمی کی زیادتی کی وجہ سے خون میں حدت اور جوش کی وجہ سے رگیں پھٹ کر خون نکلنے لگ جاتا ہے اور ناک سے بہتا ہے اسکو رعاف یا نکسیر پھوٹنا کہتے ہیں۔

سر میں گرمی اور خشکی ہوگی ناک میں جلن اور سوزش معلوم ہوگی اکثر حقہ پینے یا پان کھانے کے بعد یا دھوپ میں چلنے یا اور کوئی کام سخت کرنیکے بعد نکسیر پھوٹے گی۔

ایسی حالت میں بہدانہ ۳ ماشہ پانی میں لعاب نکالیں اور عناب ۵ دانہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ تخم کاہو مقشر یا تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ میں پیس کر چھانکر لعاب ملاکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر صبح شام پی لیا کریں۔ اور نشاستہ گل ارمنی دونوں سرکہ خالص میں پیس کر سر اور پیشانی پر لیپ کریں۔

یا ابریشم شیرہ عناب والا قرص کھا کر اوپر سے عرق کاسنی ۲ تولہ غوب ۴ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پی لیا کریں اور مربہ کہربا قرص شام کو کھا کر اوپر سے قرار داد ۴ تولہ عرق شیر ۸ تولہ شربت عناب ۴ تولہ شامل کرکے پی لیں اور مربی آملہ ایک عدد شیرہ دھوکر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر رات کو کھایا کریں اور روغن چنبیلی یا روغن کاہو کی سر پر مالش کیا کریں۔

دھوپ میں نہ پھریں گرم چیزیں نہ کھائیں چند دنوں تک لکھنے پڑھنے کا کام ترک کریں گوشت گاؤ انڈے لہسن پیاز نہ کھائیں سر پر بال ہوں تو کترو ادیں۔

ٹھنڈی چیزیں کدو۔ توری۔ کریلا۔ پالک۔ خرفہ تنہا یا بکری کے گوشت میں پکا کر کھائیں خشکہ کھچڑی چپاتی آنار سیب ناشپاتی نارنگی انگور تربوز خربزہ کھیرا وغیرہ کھائیں۔

اس مرض کی حالت میں بکری کا دودھ سر کے بال کترو اکر دھونا نہایت مفید ہے۔ اگر نکسیر خون کی کثرت سے ہو تو سر بدو کی فصد کھلوائیں۔

اور مکڑی کا جالا لکھنے کی سیاہی میں تر کرکے چکنی کا امتحان اس کو لگا رہتا ہے اسپر چھڑک کر ناک میں رکھیں نکسیر فی الفور بند ہوگی نکسیر جاری ہونیکے وقت سر پر سرد پانی دھارنا بھی مفید ہے۔ اکثر اس سے نکسیر بند ہوجاتی ہے۔

خشم (سونگھنے کی قوت کا جاتے رہنا)

سونگھنے کی قوت کا زائل ہوجانا ظاہر ہے کہ کس قدر تکلیف دہ عارضہ ہے انسان خوشبو اور بدبو میں کچھ تمیز اور فرق نہیں کرسکتا اکثر لذائذ دنیوی سے محروم رہجاتا ہے۔ یہ اکثر ان لوگوں کو جن کو بد احتیاطی کی وجہ سے اکثر نزلہ زکام اور امراض دماغی لاحق ہوتے رہتے ہیں اور علاج باقاعدہ نہیں ہوتا پیدا ہوتا ہے۔ کبھی یہ مرض خلقی یعنی پیدائشی بھی ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں علاج معالجہ فضول ہے۔ کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ علاج سے کوئی مفید نتیجہ نہیں نکلا۔

خلط بارد غلیظ کے ناک کے انتہائی جوف

پہلے نزلہ زکام کا ہونا سر کی گرانی یعنی بوجھ معلوم

ایسی حالت میں بادیان بیخ بادیان گل بنفشہ اصل السوس مویز منقی گاؤزبان ۵ ۵ ۵ ۵ وزن

صبح کے نسخہ کے ساتھ شام کو تو قرص کھلاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ شربت بنفشہ تولہ بھر شامل

غلیظ چیزیں مثل اور دکی دال اردی کیلا۔ وغیرہ نہ کھائیں

بکری کا گوشت بھنا ہوا قیمہ خوب گرم مصالحہ ڈالکر مونگ ارہر کی دال

اگر بلغم زیادہ غلیظ ہو اور بیماری بہت پرانی

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	میں اکٹھا ہونیکی وجہ سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے اور خلط دماغی نزلہ زکام کی زیادتی اور اسکے علاج کی بے ترتیبی پیدا ہوکر اکٹھی ہوتی ہے +	ہونا بولنے میں گنگناہٹ کی آواز معلوم ہونا کبھی کبھی ناک سے غلیظ رطوبت کا خارج ہونا ۔ ہونٹوں پر بھربھراہٹ ہونا +	رات کو گرم پانی میں بھگوکر صبحکو ملکر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور کلونجی ۔ خردل ۔ شحم حنظل ۔ پودینہ خشک مرزنجوش ۔ تخم کرفس زیرہ سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں جوشدیکر اسکی بھاپ سونگھیں ۔	کرکے پلائیں اور استحکام ایک عدد یا مرکب کشنیز ۵ قرص رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں ۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو ملین ۲ قرص دوسرے تیسرے روز کھالیا کریں ۔ مسہل کے بعد چند روز تک خبث الحدید ۱ قرص جالینوس ۱ قرص کے ہمراہ صبح شام استعمال کرتے رہیں ۔	ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز رکھیں دودھ مکھن وغیرہ نہ کھائیں سرد ہوا اور سرد پانی سے احتیاط رکھیں	مینتھی کا ساگ ۔ کھچڑی چپاتی بسکٹ نان پاؤ ۔ سونٹھ پینی اور ادرک کی چٹنی چائے انگور وغیرہ استعمال کریں +	ہو تو منضج کا نسخہ بجائے آٹھ دس روز کے پندرہ روز تک پلاکر مسہل دیں تاکہ نضج پاکر مادہ اچھی طرح خارج ہوجائے ۔

اگر آٹھ دس روز تک افاقہ نہ ہو تو صبح کے نسخہ میں گلقند ترنجبین شکر سرخ سنا مکی بڑھاکر حسب طریقہ مذکورہ ایک مسہل سادہ اور دو حب ایارج دیں +

بخر الالف ۔ ناک سے بدبو آنا ۔ یہ بیماری اکثر سرد ملکوں میں اور سرد مزاج والے اصحاب کو نزلہ زکام کے علاج کی بے ترتیبی اور اس کے بگڑنے اور بند ہوجانیکی وجہ سے ہوتی ہے +

نام مرض	اسباب	علامات	علاج — ادویہ مفردہ	علاج — ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
ناک سے بدبو آنا	نزلہ زکام کے بگڑنے یا بند ہوجانیکی وجہ سے رطوبت غلیظ ناک کے اندر اکٹھی ہوکر سڑ جاتی ہے اور جو چیز سونگھی جاتی ہے اسکی بو اسکے ساتھ ملکر خراب ہوجاتی ہے +	سر میں بوجھ معلوم ہوگا کبھی کبھی غلیظ ریزش خارج ہوگی جو بدبودار ہوگی ۔ مرض پیدا ہونے سے پہلے نزلہ زکام کا ہونا ۔ علاج کی بے ترتیبی وغیرہ ۔	ایسی صورت میں گل بنفشہ ۵ مویز منقی ۵ عدد جکاسنی ۵ بادیان بیخ بادیان ۵ پرسیاوشاں گاؤزبان ۵ اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خبازی رات کو گرم پانی میں بھگوکر صبحکو جوشدیکر ملکر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور برگ تبت کا نہل جند بیدستر قرنفل باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر نسوار کی طرح سونگھے ۔ آٹھ دس روز	اور افضل ۲ قرص شام کو کھاکر اوپر سے اطریفل ۵ تولہ عرق پودینہ ۶ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پی لیں اور استحکام ایک عدد رات کو نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں ۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو سپستان خیارشنبری ملکر رات کو عرق بادیان نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں ۔ مسہل کے بعد فولاد ۱ قرص مرکب مصطگی ۱ قرص کے ہمراہ صبحکو اور خبث الحدید ۱ قرص مرکب جالینوس ۱ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کریں +	سرد ہوا اور ٹھنڈی چیزوں سے احتیاط رکھیں ۔ بیحز چیزیں گائے کا گوشت مولی لہسن پیاز نہ کھائیں ۔ برف کا استعمال نہ کریں ۔	ہلکی زود ہضم چیزیں انڈا بسکٹ ۔ ڈبل روٹی ساگودانہ کی کھیر بکری کا گوشت مونگ ارہر کی دال بھنی ہوئی گرم مصالحہ ڈالکر چائے روٹی کھچڑی انگور وغیرہ کھائیں +	[illegible]

کے بعد مسہل کی دوائیں یعنی برگ سنا مکی ۶ ماشہ گلقند ترنجبین شکر سرخ بڑھاکر ایک مسہل سادہ اور دو مسہل حب ایارج کے ساتھ لیں درمیان مسہل کے تبرید مذکور استعمال کرتے رہیں +

عطاس (چھینکیں آنا) یوں تو معمولی طور پر چھینک آنا صحت کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ مگر جب حد سے گزر جاتی ہیں تو انسان کو بجائے فائدہ کے طرح طرح کے آلام و مصائب میں گرفتار کر دیتی ہیں۔ اگر ایک مدت تک یہ سلسلہ جاری رہے تو دماغ قطعی بیکار ہو جاتا ہے اس کی تمام قوتیں تحلیل ہو کر اپنے فرائض کے ادا کرنے سے قاصر ہو جاتے ہیں۔ یہ کیفیت بعض اوقات دھوپ میں چلنے یا گرد و غبار کے مثلاً غبار تمبا کو وغیرہ کے ناک میں چلے جانے سے پیدا ہو جاتی ہے مگر یہ زیادہ دیر پا نہیں ہوتی۔ خود بخود کچھ دیر میں زائل ہو جاتی ہے اور چھینکوں کا آنا ہی اس کا علاج ہوتا ہے۔ اگر زیادہ تکلیف معلوم ہو تو ٹھنڈے پانی سے نہائیں۔ یا روغن گل یا روغن کدو ناک میں اچھی طرح صاف کر کے ٹپکائیں ۔

	نزلہ حار کا ہونا دماغ میں گرمی اور خشکی کا غلبہ ہو کر رطوبت دماغ میں اکٹھی ہو جاتی ہے اور خراش پیدا کرتی ہے جس کی وجہ سے بے اختیار چھینکیں آنی شروع ہو جاتی ہیں ۔	نزلہ حار کی جو علامات بیان کی گئی ہیں یعنی آنکھوں کی سرخی۔ ناک میں جلن سب موجود ہونگی۔ جو رطوبت ناک سے نکلے گی نہایت پتلی اور زردی مائل ہوگی۔ پیاس زیادہ ہوگی ۔	ایسی حالت میں بہدانہ ۲ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور عناب ۵ دانہ تخم کاہو مقشر ۲ ماشہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ میں پیس کر چھان کر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے لعاب بہدانہ ملا کر صبح و شام پی لیا کریں اور کشنیز اور صندل سفید پانی میں پیس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ اور کسی شیشی میں ڈال کر اس کو سونگھیں ۔	یا نزلی آب تربوز والا ۲ قرص صبح کو کھا کر اوپر سے غروب ۴ تولہ فرار داو ۴ تولہ شربت صندل ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور اطریفل شیرہ عناب والا ۵ قرص شام کو عرق کاسنی ۶ تولہ عرق شیر ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اگر نیند لانیکی ضرورت ہو تو خواب آور پیشانی پر ضماد کریں اور روغن کاہو یا کدو کی سر پر مالش کریں ۔	دھوپ میں نہ پھریں کوئی تیز چیز نہ سونگھیں۔ لال مرچ لہسن۔ گرم مصالحہ اور گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں آلو اروی گرم تیل کی چیزیں نہ کھائیں	کدو۔ پالک۔ خرفہ۔ شلجم ٹنڈا توری۔ کریلا۔ تنہا یا بکری کے گوشت میں پکا کر کھائیں۔ خشکہ کھچڑی ناشپاتی۔ سیب۔ انار وغیرہ کھائیں ۔	[illegible]

جفاف الانف (ناک کی خشکی) حکۃ الانف (ناک کی کھجلی) چونکہ یہ دو بیماریاں اکثر ساتھ واقع ہوتی ہیں اور اسباب بھی دونوں کے تقریباً ایکساں ہیں۔ اس لئے ایک ہی فصل میں ذکر کیجاتی ہیں۔ حرارت کی زیادتی گرمی میں کام کرنے۔ گرم اور صفراوی بیماریوں کے لاحق ہونیکے بعد یہ عارضہ لاحق ہوتا ہے۔

	دماغ کی گرمی اور خشکی گرم بیماریوں صفراوی بخاروں کی حالت میں دماغ کی رطوبت تحلیل ہو جانا	گرمی اور خشکی کی علامات کا ملنا ہونا پیاس کی زیادتی دھوپ میں چلنے یا گرمی میں کام کرنے سے تکلیف زیادہ ہوگی۔ پہلے صفراوی بخار کا	بہدانہ ۳ ماشہ عرق گاؤزباں میں بھگو کر لعاب نکالیں اور عناب ۵ دانہ مغز تخم کدو ۳ ماشہ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ تخم کاہو ۳ ماشہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ عرق گاؤزباں میں پیس کر چھان کر لعاب ملا کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر صبح	یا مرکب شیخ الرئیس ۵ قرص صبح کو کھلا کر اوپر سے عرق شیر ۶ تولہ روح گاؤزبان ۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور مربہ آملہ ایک تولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر شام کو کھلائیں اور روغن کاہو یا روغن چنبیلی	بھنے ہوئے چنے لال مرچ گرم مصالحہ دکھائیں دھوپ میں نہ پھریں دماغی محنت نہ کریں گائے کا گوشت مچھلی۔ بینگن لہسن پیاز	چوزہ مرغ تیتر بٹیر بکری کا گوشت کدو توری۔ شلجم۔ ٹنڈا۔ ارہر مونگ کی دال خشکہ کھچڑی دودھ مکھن بالائی انگور سیب رنگترہ کھائیں ہرے دھنیہ کی چٹنی لیموں کا استعمال	سر کے بال کترا کر بکری کا دودھ سر پر دھونا نہایت مفید ہے تیز تیل لگا کر گرم پانی سے نہانا بھی بہتر ہے

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	علاج ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	ہوجاتی ہے اور ناک بھی خشک ہوجاتی ہے	آنا یا کسی تیز مرض میں مبتلا ہونا ہے	شام دونو وقت پی لیا کریں اور عورت کا دودھ ایکدو قطرہ یا کافور کدو کے پانی میں گھسکر ناک میں ٹپکائیں	کی سر پر مالش کریں ✤	اُڑد کی دال۔ بینگن مسور کی دال نہ کھائیں ✤	نہایت مفید ہے ✤	

قلاع الفم (منہ آنا) اس بیماری میں کسی خلط کے خراب ہوجانے سے خواہ خرابی کسی وجہ سے ہو منہ میں چھوٹے چھوٹے دانے پیدا ہوجاتے ہیں اور اسقدر تکلیف دیتے ہیں کہ مریض کا کھانا پینا چھوٹ جاتا اور بات تک کرنی دشوار ہوجاتی ہے۔ عموماً جن لوگوں کو تمباکو نوشی کی زیادہ عادت ہوتی ہے اور خصوصاً کثرت سے سگرٹ پینے والے اشخاص اس مرض میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ نمکین غذا کا زیادہ استعمال۔ معدہ کی حرارت قبض وغیرہ بھی اس مرض کے باعث ہوتے ہیں ✤

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
منہ آنا خون کی زیادتی یا خرابی کیوجہ سے	کبھی یہ مرض خون کی زیادتی اور اسمیں کسی قسم کی خرابی آجانیکی وجہ سے ہوتا ہے اور خون میں جوش آکر اسکی چھوٹی چھوٹی پھنسیاں منہ میں پیدا ہوجاتی ہیں	دانتوں کا رنگ سرخ ہوگا رگیں گردن اور چہرہ کی پھولی ہوئی ہوں گی۔ بدن موٹا تازہ ہوگا چہرہ ذرا آنکھیں سرخ ہونگی۔ منہ کا مزہ شیریں ہوگا۔ دانے چھوٹے ہوئے ہوں گے ✤	بہتر علاج یہ ہے کہ کسی لایق طبیب یا ڈاکٹر سے رائے لیکر فصد کھلوائیں اور بہدانہ ۳ ماشہ عرق گاؤزبان میں بھگو کر لعاب نکالیں اور عناب ۵ دانہ مغز تخم کدو مغز تخم تربوز تخم خرفہ سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ عرق گاؤزبان میں پیسکر چھانکر لعاب ملاکر شربت عناب ۲ تولہ شامل کرکے صبح شام پی لیا کریں۔ اور مہندی کے پتے پانی میں جوشدیکر اس میں کافور حل کرکے کلیاں کریں اور طباشیر کتھ سفید [illegible] گلسرخ کافور ہر یک ۳ ماشہ پیسکر چھان کر دو تین مرتبہ ہر روز منہ میں چھڑکیں ✤	یا مرکب شاہترہ ۲ قرص صبح کو کھلا کر اوپر سے غروب ۵ [illegible] ۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور ابریشم شیرہ عناب والا ۵ قرص شام کو عرق شیر ۶ تولہ عرق ماء الجبین ۶ تولہ شربت نگترہ ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں اگر قبض کی شکایت ہو تو ملین قرص دوسرے تیسرے روز رات کو استعمال کرایا کریں۔ اور قلاع دو تین مرتبہ خشکی سے روزانہ منہ میں چھڑکتے رہیں ✤	گوشت گھی دودھ اور مرغن نہ کھائیں گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں دھوپ میں نہ پھریں۔ لال مرچ گرم مصالحہ کھانے اور پینے کے تمباکو سے پرہیز رکھیں ✤	کدو پالک توری کریلا چقندر خشکہ چپاتی بسکٹ نان پاؤ۔ مسور کی دال ساگودانہ کی پتلی کھیر۔ بکری کے سری پائے انار رنگترہ وغیرہ کھائیں ✤	[illegible]
منہ آنا بلغم سے	کبھی یہ مرض بلغم شور یعنی نمکین بلغم کی زیادتی کی وجہ	رنگ دانتوں کا اور چہرہ کا سفیدی مائل ہوگا درد اور سوزش کم ہوگی منہ سے	ایسی صورت میں اصل السوس مقشر ۵ ماشہ پرسیاوشاں ۵ ماشہ گاؤزبان ۵ ماشہ دانہ ہیل ۲ ماشہ پانی میں جوشدیکر یا عرق بادیان	اور بوٹے قرص شام کو کھلا کر اوپر سے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ افاقہ کے بعد خبث الحدید	زیادہ نمک گائے کا گوشت اوردکی دال ترشی تیل گڑ سے پرہیز اور شلجم	مونگ ارہر کی دال کھچڑی کریلا چپاتی خشکہ۔ ساگودانہ کی کھیر وغیرہ کھائیں گیہوں کا دلیہ۔ اراروٹ	اگر بخار بھی ہو تو صبح کے پینے کی دوا بنا کر خاکسی ۵ ماشہ چھڑک کر

سے	سے جب یہ بلغم منہ کی طرف رجوع کرتا ہے تو اسکے نازک ہونے کی وجہ سے اسمیں پھیکا پن پیدا کر دیتا ہے -	رال کثرت سے جائیگی دانت خوب ابھرے ہوئے اور نمایاں ہونگے منہ کا مزہ پھیکا ہوگا - پیاس کم ہوگی +	۱۲ تولہ میں جوشدیں اور خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور تخم ترب عاقرقرحا ہر ایک ایک تولہ پانی میں جوشدیکر کلیاں کرائیں - اور گاوزبان جلاکر منہ میں چھڑکیں +	ایک قرص مرکب جالینوس ، قرص کے ہمراہ صبحکو اور فولاد ۱ قرص انوشدارو ۵ ماشہ کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں +	گوبھی - دودھ سے پرہیز رکھیں	پکا کر چمچہ سے کھائیں -	پیا کریں +
منہ آنا سودا کی وجہ سے	کبھی سودا کی زیادتی اور اسکی خرابی سے بھی یہ سودا خون میں ملجاتا ہے اور اسکو فاسد کر کے ان تکلیفوں کی تولید کا باعث ہوتا ہے	دانتوں اور زبان کی رنگت سیاہی مائل ہوگی - سوزش زیادہ ہوگی اور تکلیف کی شکایت رہیگی پھنسیاں زیادہ ابھری ہوئی نہ ہونگی - منہ کا مزہ کھٹا ہوگا +	اول چند روز تک مصطگی کا نسخہ جو سودی میں مذکور ہوا استعمال کرائیں اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو یہ نسخہ دیں - شاہترہ چرائتہ سرپھوکہ سنڈی ہلیلہ سیاہ کوخشک ہر ایک ۶ ماشہ عناب ۵ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو ملکر چھانکر شربت عناب ۲ تولہ ڈالکر پلائیں دس گیارہ روز تک - بعد نسخہ	اور مرکب لیموں ایک عدد شام کو تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں اور قلاع دن میں دو تین مرتبہ منہ میں چھڑکتے رہیں مسہل سے فراغت کے بعد مرکب شاہترہ ، قرص کھلاکر اوپر سے عرق مرکب مصفی خون ۵ تولہ روح مندی ۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ شامل کر کے صبحکو پلائیں اور مرکب عشبہ ، قرص رات کو استعمال کرائیں +	مچھلی گائے کا گوشت آلو بینگن میتھی کا ساگ مسور کی دال مرغ کا گوشت لال مرچ گڑ تیل نہ کھائیں دھوپ میں نہ پھریں یا نہ تکیں	بکری کے بچہ کا گوشت دودھ گھی ارہر کی دال مکھن بالائی خشکہ چپاتی - ساگودانہ کی کھیر - توری کریلا - خرفہ بسکٹ - نان پاؤ - سیب انگور انار کھائیں +	اگر آتشک کی وجہ سے مرض ہو تو تدابیر مذکورہ کے علاوہ کیکر کی چھال پانی میں جوشدیکر کلیاں کرائیں اور رسوت کریلہ کے ستوں کے پانی میں پیسکر زبان پر رکھیں

پلانیکے بعد اسمیں افتیمون بسفائج ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد ہر ایک ۶ ماشہ بڑھا کر شام کو بھگوئیں اور صبحکو ملکر چھانکر مغز فلوس ۴ تولہ گلقند ۴ تولہ مغز بادام ۵ دانہ پانی میں پیسکر چھانکر اضافہ کر کے پلائیں - اگر دس گیارہ بجے تک کوئی دست نہ ہو تو شربت دینار ۲ تولہ روح بادیان ۴ تولہ ملاکر نیم گرم کرکے تھوڑا تھوڑا پلائیں اور دوپہر کے بعد کھچڑی پکا کر کھلائیں اسی طرح تین مسہل دیں مسہل ...

سیلان اللعاب (رال بہنا)

یہ بیماری بچوں میں تو عموماً زیادتی رطوبات کی وجہ سے ہوتی ہے مگر بعض اوقات بڑے آدمیوں میں معدہ کی خرابی یا امعاء (آنتوں) میں خراب رطوبت کے موجود ہونے یا کیچوے پیدا ہونیکی وجہ سے بھی ہو جاتی ہے اگر رالکو لعاب زیادہ نکلے تو سمجھ لینا چاہئے کہ آنتوں میں کیچوے یا کدو دانے پیدا ہوگئے ہیں اور وہ علاج کرنا چاہئے جو امراض الامعا کی فصل دیدان میں بیان کیا گیا ہے اور باقی اقسام کا علاج ذیل میں درج ہے -

رال بہنا	کبھی معدہ میں حرارت کی زیادتی کی وجہ سے غلیظ بخارات اٹھکر منہ کیطرف آتے ہیں اور خود اور نیز اپنے پاس کی رطوبتوں کو بہاتے ہیں جس سے	سب سے بڑی اور معتبر علامت اسکی یہ ہے کہ خالی پیٹ یعنی بھوک کے وقت زیادتی ہوگی - پیاس زیادہ معلوم ہوگی - بدن میں	ایسی صورت میں زرشک ۲ ماشہ عرق نیلوفر ۵ تولہ میں پیس کر شیرہ نکالیں اور سکنجبین ۲ تولہ ڈالکر صبح شام پی لیا کریں - پیاس کے وقت رب انار شیریں ۲ تولہ پانی میں حل کر کے پیا کریں اور گلبنج گل انار ہلیلہ	اور صبحکو مخروطہ ۵ تولہ یا قرار داد ۴ تولہ پلائیں اور شام کو غروب ۵ تولہ پلادیا کریں یا صبحکو مرکب انارین ۱ قرص یا مرکب طباشیر ۱ قرص اول کھلائیں اور اسپر روح گاوزبان ۳ تولہ میں سکنجبین سادہ ۲ تولہ	گوشت - دودھ - گھی - لال مرچ - گرم مصالحہ چائے - انڈا نہ کھائیں دھوپ میں نہ پھریں +	کدو پالک توری خرفہ - شلجم - کریلا ارہر مونگ کی دال خشکہ چپاتی - نان پاؤ - انار - ناسپاتی - رنگترہ وغیرہ کھائیں +	اس مرض میں سوڈا لیمونیڈ برف ڈالکر یا لیموں کا آب شورہ پینا نہایت مفید ہے +

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ (علاج)	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
	یہ مرض پیدا ہوتا ہے	خشکی ہوگی ✦	میں جوشاندہ کرکے غرغرہ اور کلیاں کریں ✦	ملاکر پلائیں اور رات کو سوتے وقت مسک بارد ۳ رتی کھلائیں	×	×	×
رال بہنا	اور کبھی معدہ میں برودت اور ہضم کی خرابی کی وجہ سے ریاح غلیظ اور رطوبات فاسدہ زیادہ پیدا ہوکر اس مرض کا باعث ہوتی ہیں	کھانا کھانیکے بعد رال کی زیادتی۔ پیٹ میں ریاح کا غلبہ رہیگا۔ کھٹی ڈکاریں آئینگی رطوبت غلیظ ہوگی۔ کبھی کبھی پیٹ میں ہلکا ہلکا درد ہوگا۔	گل بنفشہ۔ بادیان۔ بیخ بادیان۔ پرسیاوشاں اصل السوس ہر ایک ۲ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ آٹھ دس روز تک یہی نسخہ استعمال کرانیکے بعد برگ سنا مکی ۲ ماشہ مغز فلوس گلقند۔ ترنجبین۔ شکر سرخ ہر ایک ۲ تولہ شیرہ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کرکے مسہل دیں اگلے روز تبرید پلائیں۔ اسیطرح اگر مناسب سمجھیں تو تین مسہل دیں ✦	اور صبح کو یقظہ ۵ قرص اول کھاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ پی لیں اور شام کو افضل ۵ قرص اول کھاکر ایقاظ ۵ تولہ پئیں اور رات کو سوتے وقت مقوی معدہ ایک عدد کھاکر سو یا کریں۔ دونوں وقت کھانا کھانیکے بعد چورن ایک قرص کھا لیا کریں۔ یا صبح کو مرکب مصطگی ۲ قرص کھاکر اوپر سے روح بادیان ۴ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر استعمال کریں اور شام کو جالینوس ۲ قرص کشتہ خبث الحدید ۱ قرص کے ہمراہ کھلائیں اور رات کو سوتے وقت الاملاح ایک قرص مرکب بسباسہ ۲ قرص میں ملاکر کھائیں ✦	کدو۔ توری۔ پالک۔ خرفہ اور ٹھنڈی چیزیں کھائیں۔ دودھ سے پرہیز رکھیں سرد پانی نہ پئیں ترشی اور تر چیزیں ہرگز نہ کھائیں ✦	بکری کا گوشت مونگ ارہر کی دال کھچڑی روٹی۔ چائے بسکٹ انڈا۔ انگور وغیرہ کھائیں۔ گوشت کے کوفتے یا کباب بنا کر کھائے جائیں۔ تو مناسب ہے ✦	اس بیماری میں نمک اور پانی جوشاندہ کرکے سکنجبین سادہ ڈالکر قے کرانا بے انتہا مفید ہے۔
بخر الفم (منہ سے بدبو آنا)	منہ کی بدبو بھی ایک ایسی بیماری ہے جس سے ہر ایک شخص متنفر ہوتا ہے اور خود وہ شخص بھی جس کو یہ بیماری ہوتی ہے نہایت تنگ اور زندگی سے بیزار نظر آتا ہے جو لوگ صبح کو مسواک کرنیکا خیال نہیں رکھتے۔ کھانا کھانیکے بعد اچھی طرح منہ صاف نہیں کرتے۔ یا جن کا معدہ خراب ہوتا ہے اکثر اس بیماری میں مبتلا نظر آتے ہیں ✦						
منہ سے بدبو آنا	کبھی معدہ کی خرابی اور اسکی حرارت کی زیادتی کی وجہ سے بخارات اٹھکر منہ کی طرف آتے اور بدبو پیدا کرنیکا سبب ہوتے ہیں ✦	بھوک کیوقت مرض میں زیادتی ہوگی ٹھنڈی چیزیں کھانیکے بعد تخفیف معلوم ہوگی۔ بعض اوقات جی متلائیگا۔ صبح کے وقت یعنی سوکر اٹھنے کے بعد بدبو زیادہ آئے گی ✦	املی ۷ ماشہ پانی میں بھگو کر ملکر اس کا پانی لیکر اور زرشک ۳ ماشہ پانی میں پیسکر چھانکر دونوں کو ملاکر شربت انار یا سکنجبین ۲ تولہ ڈالکر پلائیں۔ اور جو کے ستو گھولکر برف سے ٹھنڈا کرکے پلانا مفید دوا و نیز غذا ہے۔ زہر مہرہ طباشیر ہر ایک ایکماشہ پیسکر مرکب انارین ۲ قرص کے ہمراہ کھلائیں اوپر سے شربت کیوڑہ ۲ تولہ پانی میں ملاکر پلائیں ✦	اور صبح کو تخم خرفہ ۵ تولہ میں مصری ایک تولہ ملاکر استعمال کریں۔ اور شام کو غروب ۳ تولہ پی لیا کریں۔ یا صبح کو قرص زرشک ۴ قرص یا قرص کافور ۳ عدد اول کھاکر اوپر سے روح گلاب ۴ تولہ یا عرق نیلوفر ۱۲ تولہ یا روح گاؤزبان ۴ تولہ میں شربت انار میں ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور شام کو مرکب گاؤزبان ۲ قرص یا مرکب ابریشم ۵ قرص یا گاؤزبان جواہر والا ۵ عدد کھلائیں۔ اور رات کو سوتے وقت مرکب انارین ۲ قرص کھا لیا کریں ✦	گرم چیزیں گائے کا گوشت لال مرچ انڈے مچھلی چائے لہسن پیاز بینگن مسور کی دال مولی چقندر ٹنڈے سے پرہیز رکھیں ✦	کدو۔ ککڑی۔ پالک۔ خرفہ۔ ارہر مونگ کی دال۔ بکری کا شوربہ خشکہ۔ چپاتی دہی کھٹائی کی چٹنی۔ برف سیب انار رنگترہ وغیرہ کھائیں ✦	پیاس کے وقت ٹھنڈے پانی میں سکنجبین یا شربت لیموں یا شربت انار ترش ملاکر پلائیں تو بہتر ہے ✦

مرض						
منہ سے بدبو آنا	بعض اوقات معدہ میں بلغم کی کثرت ہوتی ہے اور وہ متعفن ہوکر اسکے بخارات منہ کی طرف چڑھتے ہیں اور منہ سے بدبو آتی ہے	متلی - بھوک کی زیادتی سرد اشیاء سے نقصان پیٹ میں نفخ ہوگا تراقر کی آواز سنائی دیگی - معدہ میں بوجھ معلوم ہوگا	ایسی حالتمیں مولی کے بیج پانیمیں جوشدیکر اسمیں سکنجبین ملاکر پلائیں تاکہ قے ہو - بعد اسکے جیساکہ سیلان لعاب میں بیان کیا گیا عمل میں لائیں یعنی اول منضج پلائیں - بعدہ مسہل دیں - تنقیہ عام کے بعد حب ایارج سے تنقیہ خاص کریں اور گلسرخ مازو سبز سنبل الطیب پانیمیں جوشدیکر کلیاں کراتے رہیں	اور صبح و شام دونوں وقت اول بقدر ۵ قرص کھاکر اوپر سے الپافاظہ ۵ تولہ پی لیا کریں - اور کھانا کھانیکے بعد چورن ایک ماشہ کا کھا لینا مفید ہے یا مربی عود و خمیرہ، قرص صبح کو کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مرکب نمک سلیمانی ۵ قرص مرکب مصطگی ۵ قرص ہمراہ کھالیا کریں اور انکو سوتے وقت زمانی ۵ قرص کھاکر سو جایا کریں +	گگے کا گوشت - مچھلی آلو اردی اور روگی دال پالک کدو خرفہ کیلا حجابہ غلیظ اور دیر ہضم اشیاء مولی چقندر چنے کی دال نہ کھائیں +	حلوان کا گوشت - بکری کے کباب - قلیہ مونگ کی دال اور بٹیر کا گوشت غرضیکہ لطیف اشیاء کھائیں - بتھوے کی بھجیا شلجم توری میتھی کا ساگ سیب انگور کھا سکتے ہیں +

[illegible]

بطلان ذوق (مزہ معلوم نکرسکنا) بعض اوقات کسی زیادہ تیز یا مخدر (سُن کردینے والی) چیز کے کھانے سے زبان کی حس جاتی رہتی ہے - جو لوگ افیون کا زیادہ استعمال کرتے ہیں انکو یہ مرض ضرور پیدا ہو جاتا ہے آجکل بعض لوگوں کو کوکین کھانیکی اسقدر عادت ہوگئی ہے کہ انہوں نے اس فضول اور بیفائدہ شے کو استعمال میں لاکر اپنے مال اور تندرستی کو خراب کر رکھا ہے اس کے استعمال سے بھی زبان کی حس جاتی رہتی ہے -

مرض						
کسی چیز کا ذائقہ نہ معلوم کر سکنا	زبان کیطرف جو پٹھے آتے ہیں انکے ذریعہ سے مزہ اور ذوق ہمکو معلوم ہوتا ہے جب انکے مساموں میں رطوبت وغیرہ کے بھر جانیکی وجہ سے روح نفسانی نفوذ نہیں کرتی تو یہ حالت ہو جاتی ہے	فرح بلغمی ہوگا - نزلہ بارد کی شکایت رہتی ہوگی یا منہ خراب ہوگا کھانا پورے طور سے ہضم نہ ہوتا ہوگا - منہ میں ہر وقت لعاب اکٹھا رہیگا ذائقہ میٹھا ہوگا انگڑائیاں جمائیاں زیادہ آئیں گی +	جو منضج سیلان لعاب بار دمیں بیان کیا گیا ہے وہ اس مرض میں بھی آٹھ روز تک پلاکر اسی ترکیب سے مسہل دیں اس کے بعد عاقرقرحا سماق گلسرخ پانیمیں جوشدیکر سکنجبین یا شہد ۲ تولہ اسمیں ملاکر کلیاں کرائیں - اور عاقرقرحا زنجبیل دونوں کو ہموزن پیس کر دن میں چند مرتبہ زبان پر مل لیا کریں +	مربی مصطگی، قرص مرکب جالینوس، قرص یا افضل ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق پودینہ ۵ تولہ عرق پان ۲ تولہ میں مصری ملاکر پلائیں - اور شام کو کمونی ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق دیان ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور رات کو زمانی ۵ قرص یا مرکب کشنیزی ۹ قرص کھلایا کریں +	گگے کا گوشت شلجم گوبھی آلو اردی غرضکہ ہر غلیظ اور دیر ہضم چیز سے پرہیز رکھیں - ماش اور چنے کی دال بھی نکھائیں مچھلی دودھ دہی سے احتیاط رکھیں +	حلوان کا گوشت گرم مصالحہ کے ساتھ پکاکر کھائیں - لہسن گول مرچ مونگ ارہر کی دال کھا سکتے ہیں - ہرے دھنیہ پودینہ اور ادرک کی چٹنی انگور سیب وغیرہ کھائیں +

[illegible]

ثقل اللسان - (لکنت زبان) اس بیماری میں آدمی پوری طرح اور جلدی جلدی نہیں بول سکتا - اور حروف پر اٹک جاتا ہے بعض حروف بالکل صاف نہیں پڑھتا کیونکہ حروف کا بنانا زبان کا کام ہے یہ منہ کے مختلف اطراف و جہات میں حرکت کرکے حروف بناتی ہے ظاہر ہے کہ جس قدر جلد کوئی شخص بولیگا اوسی قدر اسکی زبان کو تیز اور جلد حرکت کرنی پڑے گی + اگر زبان کے اون قدرتی ذرائع میں جو حرکت دینے میں کام آتے ہیں کوئی خرابی ہو جائے تو ضروری بات ہے کہ اسکی حرکت کرنے میں جس پر صحت الفاظ اور پورا کلام کرنا موقوف ہے خلل واقع ہوگا - ایسے اشخاص کو ہم ہکلا کہتے ہیں +

[illegible]	کبھی رطوبات بلغمیہ زبان میں	حواس کند ہونگے زبان بوجھل	جو طریقہ منضج اور مسہل کا سیلان لعاب بار دمیں بیان	صبح کو افضل ۵ قرص مرکب مصطگی، قرص	کدو پالک خرفہ - گوبھی شلجم	حلوان کا گوشت گرم مصالحہ کے ساتھ	مربی زنجبیل کا

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
لکنت زبان (ہکلاپن)	نفوذ کرکے ان پٹھوں میں گھس جاتی ہیں جو زبان کو حرکت دلاتے ہیں اور جب وہ ڈھیلے ہوجاتے ہیں تو زبان کو حرکت نہیں کرا سکتے	معلوم ہوگی منہ سے لعاب زیادہ نکلیگا مزاج مریض کا بلغمی ہوگا اور جو بلغم کی دوسری نشانیاں ہیں وہ موجود ہوں گی +	کیا گیا ہے وہی اس میں بھی استعمال کرنا چاہئے اور سکنجبین عسلی پانی میں ملا کر گرم کرکے اس کے ساتھ کلیاں کریں۔ پانچ سیاہ مرچ، خردل، نوشادر، عاقرقرحا، لونگ، زنجبیل ہر ایک ۵ ماشہ پانی میں جوش دیکر غرغرہ اور کلیاں کرائیں او مغز بادام شیریں ۵ دانہ شہد خالص ۲ تولہ میں گھوٹ کر صبح کو چٹنی کی طرح چاٹ لیا کریں +	اوّل کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ روح بادیان ۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملائیں اور شام کو حب جالینوس ۲ قرص کھلا کر اوپر سے عرق پودینہ ۱۲ تولہ میں نبات سفید ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ سوتے وقت استوکام ایک عدد اوّل کھا کر عرق بادیان ۵ تولہ عرق پودینہ ۳ تولہ ایقاظ ۳ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پی لیں +	آلو۔ اروی۔ گائے کا گوشت۔ دودھ مچھلی مولی۔ مسور کی دال بینگن سے پرہیز +	ابکا کر کھائیں مونگ ارہر کی دال چپاتی نان پاؤ۔ چائے بسکٹ۔ اس قسم کے مریض کو بادام غذا اور دوا دونوں میں زیادہ استعمال کرنے چاہئیں	کا دوامی استعمال اس مرض میں نہایت مفید ہے +
تتلاپن	بعض اوقات یہ رطوبات غلیظ زبان کے پٹھوں میں نفوذ کرکے اسکو ڈھیلا کرنیکی بجائے سکیڑ دیتی ہیں اور یہ شکایت پیدا ہوجاتی ہے	زبان اینٹھی ہوئی معلوم ہوگی یا باہر کو بڑھی ہوئی معلوم ہوگی یا اندر کی طرف تشنج ہونیکی صورت میں چھوٹی ہوگی +	منضج و مسہل اسی ترکیب سے دینا چاہئے جس طرح اوپر بیان کیا گیا۔ اور غرغرہ وغیرہ بھی وہی استعمال کئے جائیں جو ذکر کئے گئے اور روغن بابونہ زبان پر ملیں۔ اور چٹنی مذکورہ بالا بنا کر استعمال کریں +	صبح کو مرکب جالینوس ۲ قرص اوّل کھلا کر اوپر سے روح بادیان ۳ تولہ ایقاظ ۵ تولہ میں مصری ملا کر پلائیں۔ اور شام کو ایقاظ ۵ تولہ عرق پودینہ ۲ تولہ روح بادیان ۲ تولہ میں بنفشہ مرکب ۲ تولہ حل کرکے پلائیں اور سوتے وقت مرکب استخودوس ۲ قرص کھلایا کریں	کدو خرفہ پالک گوبھی شلجم آلو چقندر اروی گائے کا گوشت دودھ مچھلی مولی بینگن مسور کی دال سے پرہیز رکھیں +	مونگ ارہر کی دال گوشت حلوان گرم مصالحہ کے ساتھ کھائیں لہسن کریلا چپاتی چائے وغیرہ استعمال کریں انڈا بسکٹ انگور سیب انار وغیرہ کھائیں + + + + + +	
شقاق اللسان (زبان کا پھٹ جانا) بعض اوقات زیادہ جاگنے، نہار منہ اور شور چیز کے کھانے یا زیادہ گرم چائے یا دودھ یا کوئی اور چیز گرم کھانے سے یہ عارضہ لاحق ہوتا ہے۔ اسی طرح یہ عارضہ کبھی کبھی ہونٹوں میں بھی ہو جایا کرتا ہے اس کا بھی یہی علاج کریں +							
زبان کا پھٹ جانا	گرمی اور خشکی کی زیادتی کی وجہ سے زبان جیسے ضعیف عضو کی رطوبات خشک ہوکر زبان	زبان کی رنگت سرخ ہوگی پیاس زیادہ لگے گی۔ زبان میں سوزش ہوگی۔ باہر کے دیکھنے سے پھٹی ہوئی معلوم ہوگی +	بہدانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر لعاب نکالیں اور عناب ۵ دانہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ مغز تخم تربوز ۳ ماشہ پانی میں پیس کر شیرہ نکالیں اور شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر پلائیں اگر سوزش زیادہ ہو تو اسپغول	صبح کو مرکب گاؤزبان ۲ قرص یا مرکب ابریشم ۵ قرص یا ابریشم شیرہ عناب والا ۲ قرص اوّل کھلا کر اوپر سے محرورہ ۵ تولہ عرق نیلوفر ۵ تولہ میں شربت سیب ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو روح گاؤزبان ۳ تولہ قرار دم	ترشی نمک مرچ گرم مصالحہ گوشت گاؤ لہسن پیاز بینگن چائے بیگن گڑ تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز رکھیں +	ٹھنڈی ترکاریاں مثل کدو توری پالک خرفہ کریلا تنہا یا بکری کے گوشت میں پکا کر ارہر مونگ کی دال تربوز ککڑی کھائیں +	کبھی پان میں چونہ زیادہ کھانے سے زبان پھٹ جاتی ہے ایسی حالت میں فوراً لونگ ناریل کا ٹکڑا چبائیں

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
دانتوں کا درد	کبھی یہ مسوڑھوں کی جڑوں میں بلغمی رطوبت کے اکٹھا ہونے یا ریح کے جمع ہونے یا خون کی زیادتی یا سردی سے پیدا ہوتی ہے	درد شدید نہیں ہوتا ٹھنڈی چیزوں کے کھانے اور پانی پینے سے درد زیادتی ہے مسوڑھے سوجے ہوئے ہونگے اگر درد ریاحی ہو تو ایک دانت سے دوسرے میں جاتا ہوا معلوم ہوگا	اصل السوس تخم شبت دانہ ہیل شگوفہ گاؤزبان پرسیاؤشاں مصری سب کو پانی میں جوش دیکر پلائیں اور انہی ادویات کو سوائے مصری کے جوش دیکر کلیاں کرائیں اور ہینگ کو بھون کر بکری کے عدہ میں حل کرکے دانتوں پر ملیں اور مرچ سیاہ عاقرقرحا زنجبیل شیطرج ہر ایک ۲ ماشہ سب کو باریک پیسکر بطور منجن کے ملیں ؛	صبح کو فلاسفہ ۵ ماشہ یا افضل ۵ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق پودینہ ۲ تولہ ایقافاطا ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو جالینوس ۲ قرص یا مرکب مصطگی ۲ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ عرق پان ۵ تولہ میں مصری ملا کر پلائیں اور مصفی وندان یا سنون تمباکو یا سنون پوست مغیلاں ملا کریں۔ اور داڑھ اگر کھوکھلی ہو تو عجیب کی پھریری رکھنا نہایت سودمند ہے ؛	گائے کا گوشت بھنڈی توری اروی اُرد کی دال شلجم گوبھی بینگن پیاز دہی دودھ دہی مکھن سے پرہیز رکھیں ؛	بکری کا گوشت۔ مونگ۔ ارہر کی دال کریلا۔ توری۔ میتھی کا ساگ۔ چپاتی۔ کھچڑی۔ انڈا۔ چائے۔ بسکٹ۔ انگور وغیرہ کھائیں ؛	اگر ریاح کی وجہ سے ہو تو بادیان انیسون پودینہ خشک ہر ایک ۲ ماشہ پانی میں جوش دیکر کلیاں کرائیں اور انہی کو باریک پیسکر بطور منجن کے ملیں
دانتوں کا درد	کبھی دانتوں کی جڑوں میں کیڑے پیدا ہوکر انکے چلنے اور کاٹنے کی وجہ سے درد پیدا ہوتا ہے اور یہ درد کبھی کم اور کبھی زیادہ ہوتا رہتا ہے	دانتوں کی جڑوں میں کسی چیز کی حرکت معلوم ہوگی مگر غور سے دیکھا جائے۔ تو دانتوں میں سوراخ معلوم ہونگے منہ سے سخت بدبو آئے گی ؛	کمیلہ بارنگ ہر ایک ۲ ماشہ ایک ململ کے کپڑے میں پوٹلی بنا کر خوب جوش دیں اور نکال کر پانی سے کلیاں کرائیں اور پوٹلی دانتوں کی جڑوں پر لگائیں اور عاقرقرحا ۳ ماشہ افیون نوشادر باریک پیسکر بطور منجن کے ملیں۔ تخم شفتالو کے پتوں کا پانی لیکر منہ میں کچھ دیر رکھیں یہ نہایت مفید ہے اگر اسطرح فائدہ نہ ہو تو دانت نکلوا دیں	صبح کو جالینوس ۲ قرص یا مرکب مصطگی ۲ قرص کھلائیں اور شام کو افضل ۵ قرص اول کھلا کر اوپر سے ایقافاطا ۵ تولہ میں مصری ایک تولہ ملا کر پلائیں۔ اور سوتے وقت زمانی ۲ قرص یا مرکب اسطوخودوس ۲ قرص کھلایا کریں۔ روغن کمیلہ کو نیم گرم کرکے دانتوں پر اسکی مالش کریں اور عجیب کی پھریری بنا کر رکھیں ؛	گائے کا گوشت اُرد کی دال۔ بھنڈی۔ توری اروی۔ گوبھی تیل اور گڑ کی چیز۔ دودھ اور مکھن سے پرہیز رکھیں ؛	میتھی کا ساگ نان پاؤ بسکٹ کھچڑی روٹی۔ بکری کا گوشت کریلا توری۔ سیب۔ ناسپاتی۔ انگور چلغوزہ کھائیں۔ چائے پی سکتے ہیں ؛	اگر گندھک کے کھڑ کو کسی برتن میں ڈال کر جلائیں اور ڈنڈی کے ذریعہ اس کا دھواں دانتوں تک پہنچائیں تو اس درد کو نہایت مفید ہوتا ہے ؛

تحرک الاسنان (دانتوں کا ہلنا) یہ مرض بوڑھوں میں عموماً اور کبھی کبھی جوانوں کو بھی ہو جاتا ہے۔ اطبار کا قول ہے کہ اگر بچوں یا بوڑھوں کو یہ مرض لاحق ہو تو اس کے علاج کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ بچوں میں تو خود بخود کچھ مدت کے بعد جاتا رہتا ہے اور بوڑھوں کو صحت نہیں ہوتی لہذا علاج بیکار ہے۔ البتہ جوانوں میں قابل اور محتاج علاج ہے ؛

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
دانتو[illegible]	کبھی رطوبت بلغمی رقیق، دانتوں کی	مسوڑھے ڈھیلے ہونگے منہ سے لعاب کثرت سے	عاقرقرحا بیخ کبر گلنار سعد کوفی شب یمانی گلسرخ سنبل الطیب ہر ایک ۳ ماشہ سب کو پیسکر	صبح کو یقلاط ۵ قرص یا فلاسفہ ۵ قرص یا مسک معتدل ۲ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق پودینہ	گائے کا گوشت توری کدو شلجم ٹھنڈا پانی کی	مونگ ارہر مسور کی دال۔ بکری کا گوشت گرم مصالحہ ڈالکر کریلا میتھی کا	برف اور ٹھنڈے پانی سے قطعی احتیاط رکھیں اگر

(دانتوں) کا ہلنا	نزلے میں اکٹھی ہو کر دانتوں کو ہلانیکا باعث ہوتی ہے	نکلے گا۔ کسی چیز کے چبانے کے وقت درد معلوم ہوگا۔	منجن بنائیں اور صبح شام دونوں وقت دانتوں پر ملیں۔ اگر چند روز تک فائدہ نہ ہو تو نسخہ منضج جو فصل لعاب دہن میں بیان ہوا آٹھ دس روز پی کر اسیطرح مسہل لیں۔ اوپر سے عرق بادیان ۲ تولہ پلائیں۔ کھانا کھانے کے بعد استحکام اکسیر کھایا کریں اور صبح وشام کو سنون کلاں یا کباب یا سنون پوست مغیلاں	۔تولہ اطریفل ۵ تولہ میں مصری ملا کر پلائیں اور شام کو حب مصطگی یا قرص مرکب جالینوس ۱ قرص اول کھلا کر	پیاز تربوز خربوزہ اور ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز رکھیں ۔	ساگ مچھلی چائے لبکٹ نان پاؤ وغیرہ کھائیں ۔	نزلہ زکام کے بدپرہیز ہو تو بغیر مسہل کے فائدہ نہیں ہو سکتا

تغیر لون الاسنان (دانتوں کا رنگ خراب ہوجانا)

بعض اوقات مسواک پر مداومت نکرنے یا خراب غذاؤں کے زیادہ کھانے سے دانت سبز یا زرد ہوجاتے ہیں یا سیاہ۔ اور اسوجہ سے نہ محض بدنمائی معلوم ہوتی بلکہ اس سے یہ خرابی بھی لاحق ہوتی ہے کہ آہستہ آہستہ دانت ٹوٹنے لگ جاتے ہیں ۔

دانتوں کا رنگ خراب ہوجانا	کبھی کسی خلط کی زیادتی سے یہ خلط دانتوں کیطرف آتی اور دانتوں کی رنگت خراب کردیتی ہے	اگر صفرا کی زیادتی ہو تو رنگت زرد ہوگی اگر بلغم کی زیادتی ہو تو سیسہ کی سی رنگت ہوگی اگر سودا کی ہو تو سیاہ رنگ ہوگا ۔	بیخ کبر۔ افسنتین۔ مصطگی۔ عاقرقرحا ہر ایک ۶ ماشہ پانی میں جوش دیکر کلیاں کرائیں۔ اور انہیں کو پیسکر بطور منجن کے دانتوں پر ملیں ۔	صبح کو نقشند ۳ تولہ عرق بادیاں ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور صبح وشام مسی یا سنون مجلی یا سنون زرد یا سنون کلاں دانتوں پر ملا کریں ۔	اگر خلط کے مطابق علاج کریں	حسب عادت ہر چیز کھائیں اگر خلط کا غلبہ زیادہ ہو تو اوس کے موافق غذائیں کھائیں ۔	اگر چند روز تک فائدہ نہ ہو تو حسب قاعدہ جس خلط کا غلبہ ہو اسکے موافق منضج پی کر مسہل لیں ۔

صریر الاسنان (سوتے میں دانت چبانا)

بعض اشخاص کو یہ عارضہ لاحق ہوجاتا ہے کہ سوتے میں اسطرح منہ چلاتے ہیں کہ جیسے کوئی شخص کچھ کھاتا ہو اور دانتوں کی رگڑ یعنی کڑکڑ کی آواز آتی ہے چونکہ یہ عارضہ زیادہ تر رطوبت کی زیادتی ہضم کی خرابی اعصاب اور عضلات کی کمزوری سے ہوتا ہے اس لئے اکثر بچے اور بوڑھے اسمیں زیادہ تر مبتلا ہوتے ہیں۔ جوان آدمی بھی اگر ہضم کی عمدگی اور کھانے میں احتیاط نہیں رکھتے تو ہضم ضعیف ہو کر اس مرض میں مبتلا ہوجاتے ہیں ۔

سوتے میں دانت چبانا	معدہ کی خرابی اور ضعف ہضم سے رطوبات دریاح پیدا ہو کر عضلات فم کیطرف آتے ہیں اور اس مرض کے پیدا کرنیکا باعث ہوتے ہیں	منہ سے پانی کا بہنا معدہ کی خرابی کی علامات کھانیکا پوری طرح ہضم نہ ہونا۔ جمائیاں اور انگڑائیاں آتی اس کی علامت ہے ۔	جس طرح سیلان لعاب بار دمیں بیان کیا گیا۔ منضج پلا کر مسہل دیں۔ بادیان منضج کے اثنا میں باریک پیسکر گلقند عسلی میں ملا کر شام کو کھائیں ۔	یا صبح کو مصطگی قرص یا مسک حارہ فی یا فلاسفہ قرص نادل کھلا کر اوپر سے اتقانخاہ ۲ تولہ عرق بادیان ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو جالینوس قرص کھایا کریں اور سوتے وقت مقوی معدہ ایک عدد پانی کے ساتھ نگل لیں غذا کے بعد جوارش ایک قرص کھالیا کریں ۔	گائے کا گوشت اڑد کی دال۔ آلو اروی۔ بھنڈی شلجم گوبھی اور ہر ایک بلغم اور ریح پیدا کرنے والی چیز اور دودہ سے پرہیز رکھیں ۔	حلوان کا گوشت۔ کریلا توری۔ میتھی۔ مونگ ارہر کی دال۔ چپاتی خشکہ۔ روٹی چاہئے نان پاؤ۔ بسکٹ۔ انار شیریں وغیرہ کھا سکتے ہیں ۔	کبھی یہ مرض صرع کا مقدمہ ہوتا ہے لہذا حفظ ماتقدم کریں کبھی دانتوں کے کیڑوں سے بھی شکایت ہوجاتی ہے لہذا وہ علاج کریں جو فصل ویدان میں بیان کیا گیا ہے

امراض الحلق - حلق کی بیماریاں

حلق اس فضا یعنی کشادہ مقام کا نام ہے جہاں سے مری (غذا کی نالی) اور حنجرہ (ہوا کی نالی) شروع ہوتی ہیں ہوا باقاعدہ پہلے پہلے اسی مقام میں پہنچکر اپنا راستہ لیتی ہے۔ امراض حلق میں کلی طور پر بہترین علاج فصد ہے اگر استفراغ کی ضرورت ہو تو بلا منضج استعمال کرائے مسہل دیں۔ نیز حلق کی بیماریوں میں شدت تکلیف کے وقت ہاتھ پاؤں کو کھینچکر باندھنا مفید تدبیر ہے +

خناق - یعنی سانس نہ لے سکنا یا کوئی چیز نہ نگل سکنا - یہ دراصل ایک شدید موذی اور مہلک ورم ہوتا ہے۔ جو کبھی مری (غذا کی نالی) کے عضلات اور گاہے حنجرہ (ہوا کی نالی) میں پیدا ہوتا ہے ان دونوں میں فرق اس طور سے کرتے ہیں کہ مریض سے سوال کیا جائے کہ اس کو سانس لینے میں زیادہ تکلیف ہوتی ہے یا کسی چیز کے نگلنے میں۔ اگر سانس نہیں لیا جاتا تو ورم حنجرہ ہے ورنہ ورم مری۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج - ادویہ مفردہ	علاج - ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
گلے میں ورم پیدا ہوجانا	دکھ، صفرا یا خون کی زیادتی اور خرابی سے یہ صفرا یا خون حلق کیطرف رجوع کرتا ہے اور ورم پیدا کرکے خناق کا باعث ہوتا ہے +	اگر خون کی زیادتی اسکا سبب ہے تو چہرہ کا رنگ سرخ ہوگا زبان پھولی اور ابھری ہوئی ہوگی منہ کا مزہ شیریں ہوگا اور اگر صفرا ہے تو منہ کا مزہ کڑوا ہوگا جلن اور سوزش بہت ہوگی بخار نہایت تیز بیہوشی - پیاس کی زیادتی یہی اسکی خاص علامتیں ہیں +	سب سے پہلے مرض کے رونما ہوتے ہی فوراً سر کی فصد کھلوائیں اور بقدر طاقت مریض خون نکلوائیں اسکے بعد دونوں کانوں کے نیچے اور گردن کے درمیان پچھنے لگوائیں اور دوسرے روز بھی انہی تدابیر پر عمل کریں اگر مریض کمزور زیادہ ہوجائے تو اگلے روز پچھنے موقوف کریں اور فصد کا خون بھی کم نکالیں زبان کے نیچے کی رگ کی فصد لینا بھی خناق کیلئے نہایت مفید تدبیر ہے لیکن ایسی رگوں کی	ان تدابیر کے بعد سکنجبین مرکب گاؤزبان ۲ تولہ میں یا گاؤزبان جواہر والا ۶ ماشہ تولہ کھلاکر عرق گاؤزبان ۸ تولہ عرق ۵ تولہ میں شربت انار شیریں ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو ابریشم شیرہ عناب والا خمیرہ ۱ تولہ کھلائیں اور اوپر سے عرق شاہترہ ۸ تولہ محروں ۵ تولہ قرار داد ۳ تولہ میں شربت توت سیاہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں - اگر مریض کے زیادہ کمزور ہوجانے کی وجہ سے خطرہ ہو تو جواہر مہرہ ایک قرص مرکب مروارید ۵ قرص میں ملاکر کھلائیں +	درمیان مرض میں ہو تو آب انار یا گیہوں کے پتلے دلیہ کے اور کچھ نہ دیں بعدہ کچھ دنوں تک گوشت گرم تیل وغیرہ سے پرہیز رکھیں +	بعد افاقہ کدو توری پالک خرفہ ارہر مونگ کی دال - دودھ مکھن بالائی خشک بسکٹ - سیب انگور - انار - ناسپاتی - کھیرا ککڑی - کیک وغیرہ کھا سکتے ہیں +	[illegible]

ⓢ فصد کسی لائق اور ہوشیار جراح سے کرائیں۔ اور ابتداء میں پنڈلیوں اور دونوں شانوں کے درمیان یا ٹھوڑی کے نیچے سینگیاں لگوانا بھی بیحد مفید ہیں +

عسر البلع (مشکل سے نگلنا) عموماً اس کا سبب مختلف قسم کے اورام ہوتے ہیں اگر تکلیف زیادہ ہو تو وہ تدابیر عمل میں لائیں جو خناق میں بیان کی گئی ہیں۔ اور معمولی شکایت کا علاج ذیل میں درج کیا جاتا ہے +

اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
اگر گرمی اور خشکی کی وجہ	منہ خشک ہوگا پیاس	اسپغول ۶ ماشہ بہدانہ ۳ ماشہ عرق گاؤزبان	یا سکنجبین مرکب گاؤزبان ۲ تولہ آزرمن یا گاؤزبان جواہر	گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں	کدو ککڑی - ٹنڈا - توری - پالک	اس مرض کی حالت میں

نگلنے میں تکلیف ہونا	سے حلق کے غدود متورم ہو جاتے ہیں اور راستہ روک کر اس مرض کا باعث ہوتے ہیں	کی زیادتی بھوک کم ہو گی۔ حلق میں سوزش معلوم ہو گی نگلنے میں تکلیف زیادہ ہو گی	۱ تولہ عرق شاہترہ ۱۰ تولہ میں بھگو کر لعاب نکالیں اور تخم خرفہ سیاہ تخم کاہو مقشر تخم کدو شیریں ایک ۲ ماشہ عناب ۵ دانہ عرق مذکور میں پیسکر شربت توت سیاہ ۲ تولہ ڈالکر پلائیں اور تازہ دودھ سے غرغرہ کرائیں	والا ۵ عدد قرص کھلا کر اوپر سے غزدب ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۸ تولہ میں شربت شہتوت ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو ابریشم شیرہ عناب والا قرص اول کھلا کر اوپر سے محرورہ تولہ فت ارداد ۳ تولہ عرق نیلوفر ۴ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں	السی پیاز گرم مصالحہ سرخ مرچ وغیرہ نہ کھائیں۔ چکنائی کم کھائیں	خرفہ مسور کی دال نہایت مفید ہے کھچڑی خشکہ بسکٹ نان پاؤ مونگ ارہر کی دال چپاتی کھائیں	باہر سے چھو کر دیکھیں جس موقعہ پر گلا دکھتا ہو وہاں پہلے چونہ کا لیپ کریں جب خشک ہو جائے تو اوپر سے شہد لگائیں
نگلنے میں تکلیف ہونا	کبھی برودت اور رطوبت کی زیادتی سے بھی یہ مرض پیدا ہوتا ہے یعنی بلغم کی زیادتی کی وجہ سے غدود متورم ہو جاتے ہیں	پیاس کم ہو گی گرم چیز کے کھانے سے مثلاً چائے وغیرہ کے پینے سے آرام معلوم ہو گا تھوک زیادہ آئیگا منہ میں ہر وقت پانی رہیگا	انیسون بادیان مصطگی سنبل الطیب ہر ایک ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو ملکر چھان کر گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو مصطگی ایکماشہ پیسکر گلقند میں ملا کر کھائیں	یا نقطہ ہضوم مرکب یا جالینوس ۲ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۸ تولہ ابغاظہ ۲ تولہ مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو افضل ... کھلا کر اوپر سے عرق پان ۵ تولہ عرق پودینہ ۲ تولہ میں شربت شہتوت ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور سوتے وقت استحکام ایک عدد کھا لیا کریں	گوشت گاؤ۔ آلو کی دال آلو۔ اروی۔ گوبھی۔ شلجم۔ دودھ مکھن سے پرہیز رکھیں	بکری کا گوشت بھنا ہوا نیمبرشت انڈے تیتر بٹیر مرغ۔ ارہر مونگ مسور کی دال کھچڑی روٹی چائے بسکٹ وغیرہ کھائیں	چڑیوں کا گوشت اس مرض کی حالت میں نہایت مفید ہے قبض کیحالت میں بھی عرق سپستاں خیارشنبری ایک تولہ رات کو کھانا نہایت مفید ہے
بحۃ الصوت۔ آواز بیٹھ جانا	بعض اوقات یہ شکایت کسی بیرونی سبب مثلاً دھوئیں یا غبار وغیرہ کا سانس کیساتھ اندر چلا جانا نیز زیادہ بلند آواز سے کچھ کلام کرنا۔ ایک عرصہ تک تقریر کرنے سے آلہ آواز (لسان المزمار) کی ساخت میں تغیر آکر گلا پڑ جاتا ہے۔ بعض اوقات غلطی سے سینہ دریکھا جانیکی وجہ سے بھی یہ شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں چراغ کا گل لیکر پان میں رکھکر کھانا نہایت مفید ہوتا ہے اسی طرح ادرک چباتے رہنا بھی رفع شکایت کرتا ہے						
آواز بیٹھ جانا	عموماً گرمی اور خشکی کی زیادتی خواہ کسی خلط کے زیادہ مثلاً صفرا وغیرہ کی وجہ سے ہو یا کسی اور وجہ سے	پیاس زیادہ معلوم ہو گی ٹھنڈی چیز دیکھ استعمال سے آرام معلوم ہو گا حلق خشک رہیگا اگر غلبۂ خلط ہو تو ذائقہ کڑوا ہو گا	صبحکو بہدانہ ۲ ماشہ لعاب نکالکر عناب ۵ دانہ مغز تخم کدو شیریں مغز تخم تربوز ہر ایک ۳ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں شیرہ نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور لعاب اسپغول لعاب بہدانہ ہر ایک ۳ ماشہ عرق شاہترہ میں شیرہ نکالکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر شام کو پلائیں	یا محرورہ ۵ تولہ عرق نیلوفر ۷ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح کو پلائیں۔ اور شام کو غزدب ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۷ تولہ میں شربت انار ۴ تولہ ملا کر استعمال کریں۔ اور سوتے وقت مرکب گاؤزبان ۲ قرص چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھلایا کریں اور دوا ایک عدد یا لجۃ الصوت ایک عدد ہر وقت منہ میں رکھکر اس کا لعاب نگلتے رہیں	دھوپ میں نہ پھریں۔ سرخ مرچ گرم مصالحہ مچھلی چائے وغیرہ سے پرہیز رکھیں	بکری کے بچہ کا گوشت۔ چوزہ مرغ ارہر مونگ کی دال کدو پالک خرفہ دودھ بادام۔ چلغوزہ سیب رنگترہ کھائیں	اگر نزلہ کی وجہ سے آواز بیٹھ گئی ہو تو وہی علاج کریں جو نزلہ حار میں بیان کیا گیا ہے

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
آواز بیٹھ جانا	کبھی برودت اور رطوبت بھی اس کا سبب ہوتی ہیں خواہ بلغم کی زیادتی سے ہو یا اور کسی وجہ سے ۔	زیادہ تر موسم سرما بارش وغیرہ کے دنوں میں مرض کا پیدا ہونا گلے میں کھرکھراہٹ اور بوجھ معلوم ہونا بلغم کا زیادہ نکلنا اس کی شناخت ہے ۔	اصل السوس ۵ پرشیاوشاں سپستاں انجیون بیج بادیان مصری ۲ تولہ پانی میں جوشدیکر صاف کرکے پلائیں ۔ بیخ کرفس پودینہ خشک انیسون تخم شبت شہد خالص ۲ تولہ سبکو جوشدیکر صاف کرکے غرغرہ کرائیں اور خولنجان یا اورک منہ میں رکھکر چوستے رہیں	صبحکو نقطہ قرص کحالینوس، قرص مرکب یا مصطگی ، قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۲ تولہ انیقاظ ۵ تولہ میں نبات سفید ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو نقلا نیم معرہ اول کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور دلکش اکیمدہ منہ میں رکھکر چوستے رہیں ۔	ٹھنڈی چیزیں نہ کھائیں ۔ آلو اروی گائے کا گوشت دودھ مکھن سے پرہیز رکھیں	تیتر ۔ بٹیر کا گوشت ۔ چوزہ مرغ ارہر مونگ کی دال میتھی کا ساگ انڈے چائے ۔ بسکٹ ۔ توس کھائیں ۔	اس مرض کیحالت میں وقتاً فوقتاً ہینگ کا استعمال کرتے رہنا کھانے کے ساتھ نہایت مفید ہے نیز پائیں ونگ کھایا کریں ۔

امراض الریہ والصدر ٭ پھیپھڑے اور سینہ کی بیماریاں

پھیپھڑے کا وجود بھی قدرت کی عجیب غریب صنعتوں کا اعلیٰ نمونہ ہے اور انسان کے لئے ایک نہایت ضروری عضو ہے کیونکہ یہ اس عضو رئیس کی جس کو قلب کہتے ہیں اور سلطنت بدنیہ میں بمنزلہ بادشاہ کے خیال کیا جاتا ہے مدد اور معاونت کرتا ہے ۔ قلب کو جس پر نہ محض انسانی بلکہ تمام حیوانات کی زندگی موقوف و منحصر ہے جسوقت روح کی تعدیل و ترویح کے لیے ہوا کی ضرورت پڑتی ہے تو اسی پھیپھڑے کے ذریعہ ہوا باہر سے جذب ہوتی ہے اور اسی ہوا کی آمد و رفت کو ہم سانس کہتے ہیں ۔

چونکہ پھیپھڑے کی ساخت نہایت نرم اور نازک ہوتی ہے اس لئے تمام تیز اور گرم چیزیں ترشی کا زیادہ استعمال اس کے لئے مضر ثابت ہوا ہے ۔ پھیپھڑے کے امراض میں زیادہ تر لعوقات اور حبوب نہایت مفید ہوتی ہیں کیونکہ منہ میں زیادہ دیر تک رہنے اور لعاب نگلتے وقت قصبہ ریہ کے قریب گذرنے کی وجہ سے برابر اثر پہنچتا رہتا ہے ۔

ضیق النفس ۔ (سانس کی تنگی یا دمہ)

یہ ایسا موذی مرض ہے کہ جب انسان کے پیچھے پڑجاتا ہے تو نہایت پریشان کرتا ہے اور بہت مشکل سے علاج پذیر ہوتا ہے ۔ قے کرانا اس بیماری میں نہایت مفید ہوتا ہے ۔ پہلو اور سینہ کو ملتے رہنا نیز ریاضت کرنا نہایت سودمند ہے اگر کمر کے مہروں اور دونوں شانوں میں درد نمودار ہو جائے تو مرض لاعلاج ہوتا ہے ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
ضیق النفس	بلغم کا پھیپھڑے کے اندر جمع ہو جانا اور اسکی دو صورتیں ہیں	پہلی صورت میں مرض آہستہ آہستہ شروع ہوگا سینہ میں کھرکھراہٹ زیادہ ہوگی سانس	ایسی حالتمیں ابریشم سبوس گندم گاؤزبان گل گاؤزبان ۵ زوفائے خشک اصل السوس مقشر ۵ مصری ۲ تولہ پانی میں جوشدیکر چھان کر پلائیں اگر بلغم	سعوق معتدل یکتولہ مربہ سپستان ۱۲ قرص عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں جوشدیکر صبحکو پلائیں اور شام کو صنیق ایک قرص بھریان میں رکھکر کھلائیں	زیادہ سونے اور ٹھنڈی اور ترش چیز کھانے میوہ جات مثل انگور وغیرہ کھانے	بکری کا گوشت بھنا ہوا ۔ چوزہ مرغ تیتر بٹیر انڈے چائے بھیجے کی کھچڑیا ۔ قہوہ ۔ بسکٹ ۔ نان پاؤ	چونکہ یہ مرض دورہ کے ساتھ ہوتا ہے اس لئے افاقہ کے دنوں

(یعنی دمہ)	ہوتی ہیں یا یہ کہ پھیپھڑے کے اندر سردی پہنچکر اسی میں بلغم پیدا ہوجائے یا دماغ کی طرف سے بطور نزلہ بلغم گرے اور جمع ہوجائے۔	تنگ ہوگا یا حرکت اور ریاضت کے وقت زیادہ باہر نکل آئیگی دوسری صورت میں نزلہ کے علامات سر میں درد اور بوجھ بینائی کا ضعف ظاہر ہونا وغیرہ	زیادہ غلیظ ہو تو بیخ بادیان مویز منقی انجیر زرد اور اضافہ کرکے اور بجائے مصری کے خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور روغن السی آگ پر رکھکر ہمیں مقدم اور بکری کے گردہ کی چربی ڈالکر نیم گرم سینہ پر مالش کریں اور اوپر سے روئی سینک کر باندھیں اگر چند روز تک افاقہ ہو تو اسوقت منضج حار جو فالج کی تحت میں گذرا پلاکر مسہل دیں ٭	اور اس کے بعد ابقاظ ۵ تولہ میں مصری ایک تولہ ملاکر پلائیں۔ اور رات کو سوتے وقت حب کھانسی ۳ عدد نگل لیا کریں۔ اور دمہ کو ایک طرف سے آگ دیکر ناک سے دہواں کھینچیں ٭	بعد فوراً پیاس ہو مناسخت بھر ہے دودھ دہی مکھن لیموں سرد پانی کے استعمال سے قطعی پرہیز رکھیں ٭	مونگ ارہر کی دال لاہی کا ساگ نہایت مفید ہے۔ بادام چلغوزہ چھوہارہ کھا سکتے ہیں ٭	میں جمل سبب نفع کرنیکی کوشش کریں اور حالت دورہ میں رفع تکلیف کے ساعی ہوں ٭
				اگر نزلہ ہو تو صبحکو خواب نخود کے دانہ کے برابر اول کھاکر اوپر سے عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ میں شربت خشخاش ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مرکب خشخاش، قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق گاؤزباں میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ رات کو سوتے وقت مدار ایکعدد منہ میں رکھکر لعاب چوستے رہیں ٭			
(دمہ)	کبھی پھیپھڑے میں خشکی ہوجانیکی وجہ اس کے تجاویف تنگ ہوکر سانس رک رک کر آتا ہے اور یہ بیماری پیدا ہوجاتی ہے ٭	کھرکھراہٹ کم ہوگی کھانسی خشک آئیگی یعنی ٹھسک ہوگی پیاس زیادہ معلوم ہوگی منہ خشک رہیگا اور قارورہ کبھی سرخی مائل ہوگا۔	اس صورت میں صبحکو لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ مغز تخم کدوئے شیریں ۳ ماشہ شیرہ تخم کاہو منقشر ۳ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے پی لیں۔ اور بکری کے دودھ کا زیادہ استعمال رکھیں بلکہ شام کو تخم ریحاں شیر بز۔ تار مصری ۲ تولہ ڈالکر پی لیا کریں اور گل بنفشہ گل خطمی گل نیلوفر ہر ایک ۶ ماشہ پانی میں جوش دیکر سینہ پر نطول کریں اور روغن گل کی سینہ پر مالش کریں	یا صبح کو مرکب ابریشم حکیم ارشد والا اول کھلاکر اوپر سے روح گاؤزباں ۴ تولہ عرق زبب ۵ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مرکب گاؤزباں ۲ قرص یا گاؤزباں جواہر والا ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے روح گاؤزباں ۳ تولہ ساده ۵ قرص یا ابریشم	محنت مشقت کم کریں دہوپ میں نہ پھریں گرم چیز گڑ تیل کھٹائی لال مرچ گرم مصالحہ گوشت گائے۔ مچھلی لہسن پیاز وغیرہ سے پرہیز رکھیں	گوشت حلوان۔ دودھ مکھن بالائی کا استعمال نہایت مفید ہے۔ پیٹھا توری کدو پالک خرفہ ارہر اور اڑد کی دال بکری کا گوشت۔ مغز بادام چلغوزہ پستہ بسکٹ کھائیں ٭	[illegible]
				محرورہ تولہ میں شربت بادام ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور رات کو سوتے وقت سپستاں مرکب ۲ تولہ یا لعوق معتدل ۲ تولہ روح گاؤزباں ۴ تولہ میں جوش دیکر صاف کئے بغیر پی لیں ٭			
سعال (کھانسی)	اطباء کا خیال ہے کہ جسوقت پھیپھڑہ کسی موذی چیز کے دفع کرنیکے لئے حرکت کرتا ہے تو اس کو کھانسی کہتے ہیں۔ کھانسی کا سبب اکثر دماغی نوازل ہی ہوتے ہیں جو پھیپھڑے کیطرف گرتے رہتے ہیں اور پھیپھڑے کو انکے دفع کرنیکی ضرورت ہوتی ہے اگر کھانسی کے ساتھ اسہال بھی ہوں تو اسوقت طبیب کو چاہئے کہ کھانسی میں استعمال ہونیوالی چیزوں کو بھولے۔ اور ایسی صورت میں شربت حب الآس شربت انار شربت صندل وغیرہ جامع تاثیر رکھنے کیوجہ سے مفید ہوتے ہیں						
	پھیپھڑے کے اندر سردی کے پہنچنے او	یہ قسم بڈھوں اور بچوں اور مرطوب مزاج کے لوگوں میں	ایسی حالت میں گاؤزباں گل گاؤزباں عناب ۵ دانہ اصل السوس مقشر ۳ ماشہ مصری ۲ تولہ پانی میں جوشدیکر صاف کرکے	صبحکو تریاق کبیر ایک قرص گلقند عسلی ۲ تولہ میں ملاکر یا لعوق کتان ۷ ماشہ روح گاؤزباں ۴ تولہ	سرد ہوا سے سر اور سینہ کو بچائیں ٹھنڈے پانی سے	بکری کا گوشت انڈے چائے بسکٹ ارہر مونگ کی دال کھچڑی چنے اور لاہی	اگر مرض زیادہ پرانا ہوجائے تو قیم ترنب کیتولہ

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
کھانسی	بلغم کے زیادہ جمع ہونے کی وجہ سے سانس لینے میں دقت ہوتی اور پھیپڑا اس تکلیف کو دفع کرنے کیلئے حرکت کرتا ہے۔	زیادہ ہوتی ہے بہ نسبت دن کے رات کو کھانسی زیادہ اٹھے گی سوتے میں خرخر کی آواز سانس کیساتھ ہوگی قارورہ مائل بہ سفیدی ہوگا گرم چیزوں سے فائدہ ہوگا۔	صبح شام پلائیں اور رب السوس منہ میں رکھکر لعاب چوستے رہیں اور رات کو منہ میں رکھکر سوئیں اگر چند روز میں افاقہ نہ ہو تو بادیان بیخ بادیان اصل السوس مقشر زوفائے خشک پرسیاوشاں مصری پانی میں جوشدیکر صاف کر کے گرم گرم پلائیں اور مربہ میوہ سالم پیپر شہد خالص میں ملاکر چٹنی سی بناکر انگلی سے چاٹتے رہیں۔	میں جوشدیکر بلا صاف کئے ہوئے پلائیں۔ اور شام کو گرشنیزی ۲ درم یا زمانی ۲ درم اول کھلاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ روح گاؤزبان ۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور لب الخشخاش یا گل لسپتہ یا سرفہ یا کھانسی منہ میں رکھکر لعاب چوستے رہیں۔	قطعی پرہیز رکھیں اور کدو آلو اروی پالک ٹھنڈا چکنائی ترشی سے پرہیز رکھیں ٹھنڈے پانی سے نہانا مضر ہے	کا ساگ۔ بادام۔ کریلا۔ پستہ مچھلی کباب وغیرہ کھائیں۔	سکنجبین ۴ تولہ پانی میں جوش دیکر پلاکر قے کرائیں۔
کھانسی	کبھی پھیپڑے میں غیر طبعی طور پر گرمی پیدا ہوجاتی ہے وجہ سے کھانسی ہوجاتی ہے۔	کھانسی میں بلغم خارج نہ ہوگا پیاس زیادہ ہوگی حلق خشک رہیگا سینہ پر بوجھ نہ معلوم ہوگا کسی تر چیز کے کھانے سے آرام معلوم ہوگا۔	شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ شیرہ تخم خرفہ ۳ ماشہ شیرہ مغز تخم کدو شیریں ۳ ماشہ عرق گاؤزبان یا عرق نیلوفر ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ شامل کرکے دونوں وقت پی لیا کریں۔ اگر خشکی زیادہ ہو تو لعاب بہدانہ لعاب اسپغول اس نسخہ میں زیادہ کریں اور نسخہ حریرہ مغز بادام والا جو ضعف دماغ میں بیان کیا گیا ہے استعمال کریں	صبح کو تر کی آب تربوز والا مع کرکے یا تر کی آب نیشکر والا اول کھاکر اوپر سے روح گاؤزبان ۲ تولہ عرق درہ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو سعوق معتدل تولہ بھر اول کھلاکر اوپر سے روح گاؤزبان ۲ تولہ عرق ذب ۵ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور حب لعاب بہدانہ منہ میں رکھکر لعاب چوستے رہیں۔	گائے کا گوشت گرم مصالحہ آلو اروی مچھلی لہسن پیاز چائے گڑ تیل ترشی سے پرہیز رکھیں	تربوز۔ آنار۔ سیب۔ انگور۔ بکری کا گوشت فالودہ۔ ماء الشعیر دودھ مکھن بشرطیکہ بخار نہ ہو کھچڑی بادام وغیرہ پالک کدو خرفہ کھائیں۔	[illegible]

شہیقہ (کالی کھانسی) اسکو متعدی اور وبائی امراض میں شمار کیا گیا ہے۔ دو برس سے آٹھ برس تک کے بچوں کو لاحق ہوجایا کرتی ہے بعض اصحاب کا خیال ہے کہ اگر یہ کھانسی بچہ کو ایک بار پیدا ہوجاتی ہے تو پھر دوبارہ نہیں ہوتی۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
کالی	ابتداً تو اسکی بلغم غلیظ کے سوا کوئی نالی تک شاخوں میں جم جاتا ہے	شروع شروع میں تو زکام اور خفیف بخار ہوجاتا ہے چھینکیں بار بار آتی ہیں	پہلے سات روز تک یہ نسخہ پلائیں گاؤزبان بیخ کرفس اصل السوس بیخ بادیان بیخ کاسنی منقٰی سپستاں رات کو گرم پانی میں بھگو دیں	صبح کو سعوق معتدل ۲ تولہ مربہ سپستاں ۱ تولہ اول کھلاکر اوپر سے عرق گاؤزبان ۵ تولہ ایقاظ ۳ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں	غلیظ اور بلغم پیدا کرنیوالی غذاؤں سے پرہیز کریں گھی چربی گڑ تیل کی بنی ہوئی	دودھ ساگودانہ اراروٹ فرنی بکری کا شوربہ کھچڑی خشکہ بسکٹ انڈا۔ ربڑی۔ انگور ناسپاتی	بیماری کی ابتداء میں جب بچہ کو پسلی کا درد شروع ہوجائے تو

کھانسی	بیٹی اور معمولی کھانسی کے علاج کی بے ترتیبی سے ہوتی ہے لیکن اگر زیادتی ہو تو دیگر متعدی امراض کی طرح چھوت یا کھانے کے برتنوں یا دیگر مختلف صورتوں سے ہو جاتی ہے	ابتدا میں تھوڑی تھوڑی خشک کھانسی اٹھتی ہے ہفتہ عشرہ کے بعد سخت ہو جاتی ہے چہرہ سرخ یا نیلگوں ہو جاتا ہے آنکھیں ابھر آتی ہیں اندر کی طرف دم کھینچنے سے سیٹی کی سی آواز نکلتی ہے۔ رات کو کھانسی زیادہ ہوتی ہے ٭	اور صبح کو پھر جوشاندہ گلقند عسلی یا خمیرہ بنفشہ ملا کر پلائیں۔ لوبان۔ کاکڑا سنگی دونوں کو پیس کر خمیرہ گاؤزبان میں ملا کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اول کھلائیں۔ اور اوپر سے باقلا اصل السوس پرسیاوشاں گاؤزبان ہر ایک ۵ ماشہ سپستان ۹ عدد پانی میں جوشاندہ کر صاف کر کے شربت فریادرس ۲ تولہ ملا کر پلائیں ٭	اور شام کو حب سیتی ایک قرص پان میں یا پیڑے میں رکھ کر کھلائیں۔ اور رات کو سوتے وقت کھانسی ایک عدد اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۵ تولہ ایقاظ ۲ تولہ میں مصری ملا کر پلائیں ٭	چپٹی چیزیں نہ کھائیں مچھلی۔ شلجم۔ گوبھی کدو۔ ککڑی۔ کھیرا وغیرہ نہ کھائیں ترشی سے پرہیز رکھیں۔ سرد پانی سے نہ نہائیں ٭	سیب۔ بادام۔ چلغوزہ۔ پستہ۔ چھوہارہ وغیرہ کھا سکتے ہیں ٭	بچے کی امید کم رہتی ہے۔ گرسل ایک جانور مینا کے مشابہ زرد اور سرخ چونچ کا ہوتا ہے اس مرض میں اس کے گوشت کا شوربہ بالخاصہ مفید ہے ٭

سل (پھیپھڑے کا زخم)

اس سے مراد پھیپھڑے کا زخم ہے۔ عموماً جب پہلے گرم نزلات ہوتے ہیں اور وہ سینہ کی طرف گرتے اور پھیپھڑے کے اندر خراش پیدا کرتے ہیں تو اس کا نتیجہ یہ بیماری ہوتی ہے بعض اوقات ذات الجنب (نمونیا) کا ورم معمولی تدابیر سے تحلیل نہیں ہوتا اور آخر اس میں پیپ پڑ جاتی ہے اور وہ پھٹ کر زخم کی صورت اختیار کر لیتا ہے چنانچہ سل ہو جاتی ہے۔ پرانی کھانسی سے بھی علاج کی بے ترتیبی کی وجہ سے عموماً سل ہو جاتی ہے۔ کیونکہ کھانستے کھانستے پھیپھڑے کے کمزور جرم میں خراش اور زخم پیدا ہو جاتے ہیں۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ حقیقت میں تو پھیپھڑہ میں کسی قسم کا زخم وغیرہ نہیں ہوتا۔ لیکن اس کی ظاہری حالت بعینہ سل والوں کی سی ہوتی ہے۔ سانس کی تنگی۔ سخت کھانسی۔ بدن کی کمزوری۔ دبلاپن۔ یہ سب علامات جو سل میں پائی جاتی ہیں اس میں بھی ہوتی ہیں۔ اس قسم کے اشخاص میں گاڑھی اور نہایت غلیظ رطوبات ہمیشہ سر سے سینہ کی طرف اترتی رہتی ہیں اور چونکہ وہ نہایت سڑی ہوئی اور پیپ کے مشابہ ہوتی ہیں اس لئے ان کے تھوک میں نکلنے سے سل کا شبہ ہوتا ہے۔ اگرچہ فی الحقیقت یہ بیماری ضیق النفس کا ایک نمونہ یا قسم ہے۔ لیکن اعراض و علامات کے اعتبار سے سل کے ساتھ مشابہت و مناسبت رکھنے کی وجہ سے اطباء اس کو بھی سل کہہ دیا کرتے ہیں۔ لیکن زخم ہونے کی صورت میں سل حقیقی ہے اور اسکو سل غیر حقیقی کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔ دونوں میں فرق یہ ہے کہ غیر حقیقی میں محض کچی رطوبت تھوک کے ساتھ نکلتی ہے اور بخار بالکل نہیں ہوتا۔ اور حقیقی میں پیپ اور خون دونوں نکلتے ہیں اور اس کے ساتھ خفیف بخار ہونا ضروری ہے۔ بعض اوقات تشخیص مرض کے لئے اس بات کی معلوم کرنے کی ضرورت پڑتی ہے کہ تھوک کے ساتھ خارج ہونے والی رطوبات محض بلغم غلیظ ہیں یا پیپ۔ اس کے امتحان کی بہترین تدبیر یہ ہے کہ ان رطوبات کو پانی میں ڈالکر رکھدیں۔ ہلائیں نہیں۔ دو تین گھنٹے کے بعد دیکھیں۔ اگر وہ تہ نشین ہو گئی ہو تو پیپ سمجھنا چاہئے ورنہ بلغم۔ یا دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈالکر دیکھیں اگر ان سے بدبو اٹھے تو پیپ ہے ورنہ بلغم۔ اور جب مریض کے بال گرنے لگ جائیں اور ایسے اسہال آنے شروع ہو جائیں کہ نہایت بدبودار ہوں اور تھوک بھی زیادہ بدبودار ہو جائے تو مریض کو قریب الموت سمجھنا چاہئے۔ اس بیماری میں دودھ پلانا نہایت مفید ہے لیکن دودھ پلانے کے لئے مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہئے ٭

جسوقت بدن میں خشکی بہت زیادہ ہوجائے۔ اسوقت دودہ دینا مناسب ہوتا ہی۔ لیکن دودہ پلانے سے پہلے اسبات کی کامل چھان بین کرنی چاہئے کہ بخار نہ ہو کیونکہ بخار کی صورت میں دودہ پلانا نہایت نقصان دہ او مضرت رساں
تدبیر ہے۔ عورت۔ بکری اور گدھی تینوں کا دودہ پلایا جاسکتا ہی۔ اگر عورت یا بکری کا دودہ پلانا مقصود ہو تو ایسی عورت یا بکری تجویز کرنی چاہئے جس کے ولادت کو تقریبًا چالیس روز گذر گئے ہوں۔ اگر گدھی کا دودہ پلانا مطلوب ہو تو
ایسی گدھی تلاش کرنی چاہئے جسکو بچہ جنے پورے چار ماہ یا اس سے کسیقدر زیادہ عرصہ گذر گیا ہو۔
اگر ممکن ہو تو اس بکری یا عورت یا گدھی کو ٹھنڈی ترکاریاں کھلائیں۔ اگر خاص طور پر چارے اور کھانیکا انتظام نہ ہوسکے تو کم سے کم ان کو ایسی گرم چیزیں نہ دینی چاہئیں کہ جنکا اثر دودہ میں پیدا ہو کر سل کو نقصان دیکھے۔ اس کے بعد
دودہ نکالکر پہلے روز ۲ تولہ سے شروع کرنا چاہئے۔ تین روز تک برابر یہ مقدار پلاکر چوتھے روز ایک تولہ بڑہائیں اسطرح برابر ایک تولہ بڑہاتے رہیں یہانتک کہ دودہ کی مقدار ۱۲ تولہ تک پہنچ جائے اس کے بعد پھر ایک ایک تولہ کم کرتے رہیں یہانتک
کہ پھر اپنی ابتدائی مقدار پر پہونچ جائے۔ اوس کے تین روز تک اسی مقدار کو استعمال کراکے چھوڑ دیں۔ دودہ پلانیکے ایک گھنٹہ بعد مریض کی نبض کی حالت دیکھیں اگر وہ قوی اور عظیم پائی جائے تو سمجھنا چاہئے کہ دودہ اچھی طرح ہضم ہوگیا۔ اور
اگر ضعیف اور کمزور صغیر ہو تو دودہ کے پوری طرح ہضم نہونے اور طبیعت کے ثقل کی علامت ہے۔ ایسی حالت میں ایک دو دن تک دودہ دینے سے ہاتھ روک دیں۔ دودہ پلانیکے درمیان مچھلی اور ترشی سے قطعی پرہیز کریں۔ اگر دودہ
استعمال کرتے ہوئے بخار کی شکایت ہوجائے تو جب تک بخار رہے دودہ پلانا چھوڑ دیا جائے۔ اور اسکی بجائے ککڑی کا پانی یا تربوز کا پانی یا شیرہ تخم خرفہ پلانا چاہئے۔ پھر جب بخار جاتا رہے تو دودہ بطریق سابق استعمال کرانا
شروع کرادیں اگر دودہ معدہ میں خراب اور فاسد ہوجائے تو اسوقت تلیین دیں۔ دودہ میں بہت تھوڑی سی شکر یا شہد ملانا چاہئے تاکہ معدہ میں جمنے کا اندیشہ نرہے۔ اگر کھانسی بہت تیز ہو تو کتیرا دودہ میں حل کرکے پلائیں معدہ کی کمزوری کی صورت میں زیرہ سیاہ پیسکر دودہ پر چھڑک کر پلا[ئیں]

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سل	نزلہ حارکے تیز تیز مواد پھیپڑے پر گرنے اور ذات الجنب نمونیا وغیرہ کے باقاعدہ علاج نہونیکی وجہ سے مواد رک کر ورم پک جاتا ہی اور زخم پیدا	اس کے ساتھ تپ دق کا ہونا ضروری ہی۔ کھانسی اور کھانسی میں کبھی خون اور کبھی خشک چھلکے نکلتے ہیں۔ چہرہ سرخ ہوتا ہی آخر میں بعینہٖ دق کی سی نشانیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ آنکھیں گھس جاتی	گیرو۔ سنگجراحت ۱ماشہ دم الاخوین ۱ماشہ بسد سوختہ ۱ماشہ ان سب کو پیسکر خمیرہ خشخاش میں ملاکر اول کھلائیں ادپسر بہیدانہ ۳ ماشہ عناب ۵ دانہ سپستان ۹ دانہ پانی میں جوشدیکر شربت اعجاز ۲ تولہ ڈالکر پلائیں۔ اگر ان دواؤں سے فائدہ نہ ہو تو مرجان سوختہ ۱ماشہ اور سرطان جلا ہوا ۱ماشہ انہی چیزوں کے ساتھ ملاکر کھلائیں۔ اگر کھانسی	صبحکو کہربا قرص مرکب خشخاش ۱۲ قرص کے ہمراہ اول کھلائیں اور اوپر سے عرق گاؤزبان ۸ تولہ قرار داد ۳ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ یا شربت خشخاش ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو سرطان کافوری ۴ قرص یا طباشیر ملین ۴ قرص کہربا ۴ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق گاؤزبان ۸ تولہ	گرم چیزوں گائے کا گوشت شلجم گوبھی آلو دیر ہضم چیزوں سے پرہیز کریں بخرم اشیاء لہسن پیاز نہ کھائیں دہوپ میں نہ پھریں مریض کو حرکت و ریاضت نکرنے دیں	بکری کے گوشت کا شوربہ مرغ اور تیتر اور بٹیر کا گوشت۔ مونگ یا پالک یا خرفہ یا کدو۔ توری ککڑی وغیرہ پکاکر کھلائیں۔ چاول کھچڑی انڈے کی زردی بسکٹ کیک نان پاؤ نان شیریں سیب ناسپاتی کھاسکتے ہیں	سل غیر حقیقی میں وہی علاج کرنا چاہئے جو ضیق النفس بلغمی میں بیان کیا گیا۔ اگر نوازل دماغ سے اتر کر اس کا باعث ہوتے ہوں تو انکے روکنے کیلئے وہی تدابیر

ہو کر سل کا مرض ہو جاتا ہے ✤

ہیں ناخن ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور پاؤں پر ورم ہو جاتا ہے جس طرف کے پھیپھڑے میں زخم ہوتا ہے اس کروٹ لیٹنے سے تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔

تیز ہو تو مذکورہ بالا نسخہ کے ساتھ گوند کتیرا رب السوس ملا کر کھلائیں ✤ سریشم ماہی نیم گرم پانی میں حل کر کے اور مصری گھول کر پلائیں ✤

عنوب ۵ تولہ میں شربت خشخاش ۲ تولہ یا شربت اعجاز ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۔ اور رات کو سوتے وقت سُرفہ ۵ عدد پانی یا عرق گاؤزباں ۲ تولہ کیسا تھ نگل لیا کریں ۔ اگر کمزوری زیادہ ہو جائے تو جواہر مہرہ ۲ چاول یا حب جواہر ایک عدد گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص یا ابریشم حکیم ارشد والا ۵ ماشہ میں ملا کر کھلائیں ✤

عمل میں لائیں جو نزلہ و زکام کے بحث میں بیان کی گئی ہیں ✤

ذات الجنب (پسلی کا درد)

بعض اوقات پھیپھڑے کے اندرونی عضلات میں یا اُس عصبی جھلی میں جو پسلیوں کی اندرونی سطح پر استر کرتی ہے یا حجاب حاجز یعنی غذائی اعضاء اور سانس لینے والے اعضاء کو جدا کرنیوالی جھلی میں ورم ہو جاتا ہے اس کو ذات الجنب کے نام سے پکارتے ہیں۔ جالینوس نے کہا ہے کہ ذات الجنب کی حالت میں اگر اسہال شروع ہو جاویں تو خراب علامت ہے ایسی صورت میں اس کے بند کرنے کے لئے یہ تدبیر ایک حد تک مفید و مناسب ہے۔ کہ جَو کو بھون کر اس کا ماء الشعیر بنالیں اور اس میں شربت حب الآس یا شربت انار شیریں ملا کر پلائیں ✤ کبھی پسلیوں کی باہر والی جھلی میں ورم ہو جاتا ہے اسکو ذات الجنب غیر حقیقی کہتے ہیں اور اسکی علامات بھی تقریباً حقیقی جیسی ہیں۔ لیکن ایسی سخت اور شدید نہیں ہوتیں۔ اس کا علاج بھی حقیقی کی مانند کرنا چاہئے۔ اور جسوقت معلوم ہو کہ ورم میں پیپ پڑ گئی ہے تو نشتر سے فوراً چیر کر پیپ خارج کر دیں

(ذات الجنب (پسلی کا درد

ذات الجنب کا مادہ اکثر صفراء خالص یا ایسا خون ہوتا ہے جس میں صفرا ملا ہوا ہو اور بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ تمکین بلغم سے پیدا ہوتا ہے لیکن خون سودا بلغم اگر ان تینوں خلطوں سے پیدا ہوتا بھی ہے تاہم اسکو صفرا کی آمیزش و اختلاط ضروری ہے ورنہ ان اخلاط سے پیدا نہیں ہو سکتا۔ غیر حقیقی بعض اوقات خالص خون سے بھی پیدا ہو جاتا ہے ✤

بخار ہمیشہ رہیگا اور پسلیوں کے نیچے چبھن محسوس ہوتی اور کھانسی بھی ہے اور درد نہایت سخت اور تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔ سانس نہایت تنگ رہتا ہے اور نبض میں منشاریت ہوتی ہے یعنی اجزاء نبض سختی اور نرمی میں مختلف ہوتے ہیں کسی شاعر نے ان علامات کو فارسی شعروں میں جمع کیا ہے۔ قطعہ

پنج باشد نشان ذات الجنب
گر تو گوش ہیداری
سرفہ و تپ خلیدن پہلو
نفس تنگ و نبض منشاری

تین روز کے اندر جس طرف ورم ہوا ہے اسکی دوسری جانب کی فصد باسلیق کھلوائیں اگر تین روز کے بعد فصد کھولنے کی ضرورت محسوس ہو تو اسی طرف کی کھولیں جس طرف درد ہے اور اتنا خون نکالیں کہ غلیظ اور سیاہ خون سارا نکلکر رقیق اور صاف اور سرخ خون نکلنے لگے۔ لیکن اگر قوت کے کمزور ہو جانے کا خیال دامنگیر ہو تاہم ۸ تولہ سے کم خون نہ نکالنا چاہئے۔ اس کے بعد بہیدانہ عناب سپستان تخم خطمی پانی میں جوشدیکر تخم کاہو مقشر کا شیرہ نکالکر اس جوشاندہ میں ملا کر شربت بنفشہ ملا کر خاکسی چھڑک کر پلائیں اگر مادہ زیادہ رقیق ہو اور اس نسخہ سے نہ نکل سکے تو اس جوشاندہ میں گل بنفشہ نیلوفر عنب الثعلب خشک تخم خبازی گاؤزباں زیادہ کریں۔ اگر مریض کا مزاج اور تسکین حرارت کی ضرورت محسوس ہو تو شیرہ تخم خیارین اور شیرہ تخم خرفہ اور شیرہ مغز تخم کدو شیریں نکالکر جوشاندہ مذکور کے ساتھ پئیں ✤

صبح کو کشتہ قرن الایل ۱ قرص گاؤزباں مرکب ۱ تولہ یا گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص میں ملا کر صبح و شام کھلائیں اور اوپر سے عنوب ۵ تولہ عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پیا کریں۔ اور تخم کتان و مکی اور کرسنہ نیم گرم درد کے مقام پر ضماد کریں۔ اور پیاس کی حالت میں عرق مکوہ اور عرق گاؤزباں کے بغیر کچھ نہ پلائیں

دہی تیل اور دھوپ میں بیٹھنے سے۔ زیادہ کھانے سے افیون بھنگ دیگر مخدر چیزوں ترش چیزوں چاول اور قابض اشیاء بیسن شلجم گائے کا گوشت غلیظ چیزوں مچھلی بھنڈی اروی آلو وغیرہ سے پرہیز کریں

حلوان کے گوشت کا شوربہ پکا کر کھائیں مونگ ارہر کی دال چپاتی خشک کریلا اور توری۔ کدو۔ پالک۔ خرفہ اگر معدہ ضعیف نہ ہو اور اس میں ملول نہ ہو تو دودھ نان پاؤ بسکٹ۔ کیک انار۔ سیب شیریں ناسپاتی۔ انگور کھا سکتے ہیں ✤

امراض القلب ۔ (دل کی بیماریاں)

دل وہ رئیس عضو ہے کہ جو سینہ میں بائیں طرف رکھا ہوا ہے ۔ جس پر انسان وغیرہ جملہ حیوانات کی زندگی موقوف و منحصر ہے ۔ حکیم ارسطو نے کہا ہے کہ دل ہی ایک عضو ہے جو سب سے پہلے حرکت کرتا ہے اور سب سے آخر میں اس کی حرکت بند ہو کر سکون میں تبدیل ہو جاتی ہے ۔ دل کے حالات کا پتہ نبض ۔ سانس ۔ سینہ کی خلقت ۔ سینہ کے بالوں ۔ اور بدن کے چھونے ۔ اور اخلاق و عادات ۔ بدن کی قوت و کمزوری ۔ ان سب چیزوں سے چلتا ہے ۔ لیکن نبض اگر سریع اور متواتر ہوتی ہے تو قلب کی حرارت کا نشان ہے اور اس کی خلاف صورت میں برودت پر دلالت کرتی ہے ۔ نبض کی قوت انتظام و نظام کا درست رہنا اس کے مختلف احوال میں اختلاف کا رونما ہونا قلب کی صحت پر دلالت کرتی ہے ۔ سانس کی بھی تقریباً یہی حالت ہے ۔

اگر سینہ چوڑا ہوتا ہے تو یہ بھی قلب کی حرارت کا نشان ہے ۔ اور سینہ کا تنگ ہونا برودت کا ۔ اگر کسی شخص کے سینہ پر بال ہوں اور خصوصاً جب زیادہ سیاہ اور گھونگر والے ہوں تو دل کی گرمی پر دلالت کرتے ہیں ۔ ورنہ سردی پر ۔ تمام بدن کو چھونے سے اگر گرمی شدید محسوس ہو تو کسی خاص شکایت نہ ہونے کی صورت میں دل کی شدت گرمی کی علامت ہے ۔

غصہ کا زیادہ ہونا جرأت و شجاعت ہمت و قوت دل کے گرم ہونے پر اور اس کے خلاف سرد ہونے پر دلالت کرتی ہے ۔ اور اگر اعضا نہایت توانا اور قوی ہیں تو دل کی گرمی کا نشان ہے ورنہ سردی کا ۔

خفقان (دل کی دھڑکن)

دل کو کسی تکلیف پہنچنے کی وجہ سے اس میں نہایت مضطرب حرکات پیدا ہو جاتی ہیں ۔ اور اس کو خفقان کہا جاتا ہے ۔ بعض اوقات اس کی جھلی کو بھی اگر کوئی تکلیف یا صدمہ پہنچتا ہے تو دل کی دھڑکن شروع ہو جاتی ہے ۔ بعض اوقات رحم دماغ یا معدہ یا آنتوں کی تکلیف اس کی تکلیف کا باعث ہوتی ہے ۔ بعض اوقات وبائی بخار یا طاعون یا وبائی ہیضہ کے بعد یہ شکایت ہو جاتی ہے کبھی کسی زہریلے جانور کے کاٹنے سے بھی یہ عارضہ ہو جاتا ہے ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ (علاج)	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
خفقان دل	کبھی یہ مرض ہضم کی خرابی یعنی تبخیر کی وجہ سے گرم بخارات کے قلب کی طرف چڑھنے یا کسی سخت مرض میں مثلاً ہیضہ طاعون یا کسی تیز بخار کے بعد خشکی	نبض کی سرعت اور تواتر اور خشکی اور پیاس کی زیادتی اور سرد ہوا میں رہنے سے پیاس کا کم ہونا ۔ بدن کا دبلاپن ۔ بجوابی نبض کی صلابت غصہ غم وغیرہ پیشاب کی رنگت سرخی مائل اور پاخانہ خشک	آملہ مربی ایک عدد لیکر اسکو پانی میں دھو کر شیرہ سے صاف کر کے اس کو چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اول کھائیں اور اوپر شیرہ خرفہ سیاہ ۳ ماشہ شیرہ کشنیز خشک ۳ ماشہ شیرہ زرشک ۳ ماشہ شیرہ آلو بخارا ۳ عدد لعاب بہدانہ ۴ ماشہ لعاب گاؤزباں عرق کیوڑہ عرق گلاب بید مشک ۴ تولہ عرق گاؤزباں میں نکالکر شربت صندل ۲ تولہ یا شربت انار شیریں یا شربت سیب شیریں یا شربت	ابریشم سادہ قرص یا ابریشم حکیم ارشد والہ ۵ قرص یا ابریشم شیرہ عناب والہ ۵ قرص یا خمیرہ مروارید ورق طلا والا چاندی کے ایک ورق میں لپیٹ کر اول کھلائیں اور اوپر سے عرق گاؤزباں ۵ تولہ عرق گذر ۴ تولہ عرق گلاب ۲ تولہ میں شربت سیب ۲ تولہ ملاکر صبح کو پلائیں اور شام کو گاؤزباں جواہر والہ ۵ قرص مرکب مروارید ۵ قرص یا مروارید مرکب نسخہ کلاں ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے مخمورہ ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ عرق بید مشک ۴ تولہ یا عرق خوالگہ ۵ تولہ	گائے کا گوشت ۔ مرچ سرخ گرم مصالحہ آلو اروی لہسن پیاز مچھلی مولی پنے اڑد کی دال ۔ گڑ میں کی بنی ہوئی چیزیں اور تمام گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں ۔	حلوان کا گوشت کدو توری خرفہ پالک کریلا مونگ ارہر کی دال عرق ماء اللحم انڈوں کی زردی انگور سیب ناشپاتی لوکاٹ تربوز وغیرہ کھا سکتے ہیں دودھ مکھن بالائی بگڑہ ککڑی کھیرا چوزہ مرغ تیتر بٹیر کا بھنا ہوا گوشت نہایت مفید ہے ۔	[illegible]

(خفقان — بقیہ)

بڑھکر خفقان کا مرض پیدا ہوتا ہے۔ | اور قبض دائمی کی شکایت ہوگی ۔ | نیلوفر ملاکر پلائیں ۔ اگر بخار ہمراہ ہو تو کھٹی چھاچھ (لسی) پلائیں اور صندل اور گلاب اور کافور | عرق گذر یہ نسخہ دیگر ۵ تولہ عرق کیوڑہ ۴ تولہ میں شربت رنگترہ ۲ تولہ یا شربت ابریشم ۲ تولہ یا شربت صندل ۲ تولہ یا شربت انگاٹ ۲ تولہ یا شربت انار شیریں ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔

میں کرتہ بسا کر پہنائیں ۔ اگر خون کی زیادتی معلوم ہو تو فصد لیں اس کے بعد شیرہ عناب ۵ دانہ عرق گاؤزبان عرق کیوڑہ میں نکالکر شربت سیب شیریں ملاکر پلائیں ۔ اگر گرمی اور صفرا کی زیادتی معلوم ہو تو کافور ۲ رتی طباشیر ایک ماشہ مروارید نصف ماشہ سب کو آب انار یا عرق کیوڑہ میں پیسکر اول کھائیں اور اوپر سے تمر ہندی ایک تولہ آلو بخارا ۵ دانہ پانی میں بھگو کر اور اسکا زلال لیکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔

دل دھڑکنا

سبب: بعض اوقات محض برودت سے یا مادہ بلغمی کے دل کے پردہ میں جمع ہوجانے سے ریاح وغیرہ پیدا ہوتی ہیں اور قلب پر بوجھ پڑکر قلب مضطربانہ حرکت اس کے دفع کرنیکی واسطے کرتا ہے اور خفقان کی حالت پیدا ہوجاتی ہے۔

علامات: نبض کا صغیر اور سست ہونا گرم چیزوں کے استعمال سے دھڑکن کا کم ہوجانا سستی بدن ۔ چہرہ کا رنگ نہایت بدنما معلوم ہونا دل کا ڈوبتے رہنا ۔ بھوک کم لگیگی پاخانہ ڈھیلا آئیگا ۔ پیشاب غلیظ اور سفید ہوگا پیاس بہت کم لگیگی ۔ انگڑائیاں جمائیاں زیادہ آئیں گی ۔

علاج: بادرنجبویہ ۵ گاؤزبان گل گاؤزبان پانی میں جوشدیکر گلقند ۴ تولہ ڈالکر پلائیں ۔ برگ گاؤزبان درونج عقربی زرنباد ۲ تولہ دانہ الائچی خورد سب کو کوٹ پیسکر شربت انار شیریں ملاکر چٹنی بنا کر کھائیں ۔ سنبل الطیب زعفران ۔ گل سرخ ریحان کے پانی میں پیسکر دل کے مقام پر ترتیب کریں ۔ اگر چند روز تک برابر یہ تدبیر کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو یہ منضج پلائیں ۔ عناب تخم خیارین ۵ دانہ شاہترہ گاؤزبان بادرنجبویہ پرسیاوشان عنب الثعلب خشک مویز منقی ۔ عرق گاؤزبان عرق شاہترہ میں رات کو بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر گلقند ۴ تولہ ڈالکر پلائیں آٹھ روز تک برابر یہ نسخہ پلاکر نویں روز نسخہ میں یہ چیزیں بڑھائیں ۔ گلسرخ ۵ ماشہ اسطوخودوس ۵ ماشہ سنا مکی ۷ ماشہ مغز فلوس ۴ تولہ رات کو نسخہ ان سب چیزوں سمیت گرم پانی میں بھگو رکھیں صبح کو خوب مل چھان کر شیرہ مغز بادام ۵ دانہ ملاکر پلائیں اور دوسرے روز شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ بادیان عرق بادیان ۶ تولہ عرق گاؤزبان میں نکالکر گلقند ۴ تولہ ملاکر پلائیں ۔

صبح کو مسک معتدل ۵ قرص یا مسک جواہر والی ۵ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق پان ۵ تولہ عرق الائچی ۲ تولہ عرق عنبر ۴ تولہ میں گلقند ۴ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو لیقطہ ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے ایقاظاہ ۵ تولہ عرق بادیان ۷ تولہ میں مصری ۲ تولہ ڈالکر پلائیں ۔ اور رات کو مرکب شیخ الرئیس ۵ قرص یا اعظم ۵ قرص یا مفرح ولکشاہ ۵ ماشہ اول کھلا کر اوپر سے عرق گاؤزبان ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔

غذا: برف سرد ہوا شلجم گوبھی آلو اروی ترش چیزوں غلیظ اشیاء پیاز لہسن دودھ گھی کی کثرت سے سیب ناشپاتی رنگترہ گڑ تیل کی بنی ہوئی چیزیں اور چنے کی دال وغیرہ نہ کھائیں ۔

حلوان کا گوشت چڑیوں بٹیر تیتر مرغ چوزہ کا گوشت بھون کر اور گرم مصالحہ ڈالکر کھائیں ۔ انڈے کی زردی مونگ ارہر کی دال چپاتی چائے بسکٹ ۔ نان پاؤ ۔ گوشت اگر کباب یا کوفتوں کی صورت میں کھائیں تو مناسب ہے ۔

اگر مالیخولیا مراقی ہو اور خفقان بھی لاحق ہوجائے تو اسوقت صافن کی فصد کھلوائیں ۔ عود شیریں پیسکر دوا المسک معتدل جواہر والی میں ملاکر چاندی کے ورق میں لپیٹ کے اول کھلائیں اور اوپر سے شیرہ کشنیز خشک شیرہ دانہ الائچی عرق بادیان یا عرق عنبر میں نکالکر گلقند ملاکر پلائیں ۔

غشی "بیہوشی"

اس عارضہ میں بیمار بیہوش ہوکر بالکل بےحس و حرکت ہوجاتا ہے ۔ اگر غشی پیدا کرنیوالا سبب کمزور ہوتا ہے ۔ تو غشی کے درمیان کچھ کسیقدر افاقہ ہوجاتا ہے ۔ ورنہ کچھ عرصہ تک عموماً یکساں حالت رہتی ہے ۔

سبب: زیادہ تر اس کا سبب تحلل روح یا کمزوری

علامات: ہاتھ پاؤں کا سرد ہوجانا ۔ سانس کا تنگ ہونا نبض

علاج: نوبت کے وقت ہاتھ پاؤں کسکر باندھ دیں اور ہاتھ پیروں کی مالش کریں ۔ گلاب کیوڑہ عرق بیدمشک | مرکب بارد ۵ قرص یا گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص مرکب مقوی ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق ب | بعد افاقہ چند روز تک گرم چیزوں سے پرہیز کریں ۔ شلجم ۔

غذا: ماء اللحم جدید ۔ شوربہ یا یخنی بکری کے گوشت کی دودھ گھی مکھن بالائی نان پاؤ | اس مرض میں خواہ

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
(بیہوشی)	اور خون کی کمی ہوتی ہے شل چوٹ وغیرہ کیوجہ سے یا کسی اور طریقہ سے خون زیادہ نکلجائے نیز کبھی درد کی شدت یا زیادہ رنج یا دفعتہً خوشی سے بھی غشی کی نوبت پہنچتی ہے	کی کمزوری اور صفر رنگ کا زرد پڑجانا تھوڑا سا سرد پسینہ ۔ اگرچہ سکتہ اور بیہوشی کی حالت قریب ہی قریب ہے مگر بیہوش آدمی بال وغیرہ اکھیڑنے سے اور کس کر ہاتھ پاؤں باندھنے سے بات کا جواب دیدیتا ہے اور مریض سکتہ نہیں	کافور شیشہ میں ڈالکر ہلاکر مریض کو سنگھائیں اور خوشبودار عرقیات چہرہ اور سینہ پر چھڑکیں ۔ پنڈلیوں اور مونڈھوں کے درمیان خالی سینگیاں لگوائیں ۔ اگر غشی کی حالت میں بھی قے کرائی جائے تو مناسب ہے ۔ اگر قے کرانا منظور ہو تو پانی گنگنا کرکے اسمیں نمک یا سکنجبین ملاکر مریض کو پلائیں عرق ماء اللحم جدید یا آب سیب (اگر مذہبی ممانعت نہوتی شراب میں یا داگر ہو تو) عرق	۵ تولہ قرار واد ۳ تولہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ میں شربت سیب شیریں ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مرکب ابریشم سادہ ۵ قرص یا ابریشم حکیم ارشد والا ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق بید مشک ۵ تولہ عرق کیوڑہ ۵ تولہ مخروزہ تولہ میں شربت انار شیریں ملاکر پلائیں اور سوتے وقت آملہ مربی ایک عدد کا شیرہ دھوکر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھایا کریں ۔	گوبھی دیر ہضم اور نفاخ اشیاء جیسے مولی آلو ۔ بھنڈی مچھلی وغیرہ چنے حسمور کی دال اور ارود کی دال سے پرہیز کریں دھوپ میں نہ پھریں اور آگ کے سامنے نہ بیٹھیں ۔	خشکہ ۔ کھچڑی ۔ چپاتی ۔ مونگ ارہر کی دال ۔ انار شیریں ۔ سیب شیریں انگور ۔ خوبانی بادام ۔ چلغوزہ پستہ ۔ تربوز خربزہ امرود ناسپاتی رنگترہ وغیرہ کھائیں ۔	کسی سبب سے ہوتے کرانا نہایت مفید خیال کیا گیا ہے ضرور قے وقت ضرور قے کرائیں ۔

گلاب بید مشک میں ملاکر آہستہ آہستہ حلق سے نیچے اتاریں ۔ اگر درد کیوجہ سے غشی ہو تو ان تدابیر کیساتھ درد پر افیون وغیرہ لگاکر درد کو تسکین دیں ۔

امراض المعدہ (معدہ کی بیماریاں)

یہ ظاہر ہے کہ جملہ اعضاء کی غذا کا معدہ ہی متکفل ہے ۔ کیونکہ کوئی عضو ضرورت کے وقت براہ راست غذا طلب نہیں کرسکتا ۔ بلکہ ہر ایک عضو کے لئے غذا کا انتظام معدہ ہی کو کرنا پڑتا ہے اسی سبب سے جسوقت معدہ میں کوئی خرابی لاحق ہوتی ہے تو تمام اعضا غذا کے نہ پہنچنے کی وجہ سے ایک حد تک معطل اور بیکار ہوجاتے ہیں ۔ پس اگر معدہ کی خرابیوں کو ام الامراض کہا جائے تو بیجا نہیں ۔ اسی کے تندرست اور صحیح ہونے سے انسان تندرست اور قوی رہسکتا ہے ورنہ ہرگز نہیں ۔ جو شخص چاہتا ہے کہ معدہ کی حالت کو ٹھیک اور صحیح رکھنے میں کامیاب ہو اس کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل تدابیر اور ہدایات پر عملدرآمد کرے ۔ معدہ کے امراض چونکہ زیادہ تر تخمہ (بدہضمی) کی وجہ سے ہوا کرتے ہیں اس لئے ان اسباب سے قطعی بچتا رہے جو تخمہ کے پیدا ہونیکا باعث ہوسکیں ۔ چنانچہ بھوک سے زیادہ غذا نہ کھائیں کوئی غلیظ اور دیر ہضم اور نفاخ اور مبخر (تبخیر پیدا کرنیوالی) چیز نہ کھائیں ۔ ایک کھانے کے پوری طرح ہضم ہوجانے سے پہلے دوسری غذا نہ کھائیں ۔ کچی اور پوری طرح نہ پکی ہوئی غذا نہ کھائیں ۔ پیٹ بھر کر فوراً کوئی ثقیل اور شدید حرکت محنت و ریاضت نکریں ۔ پیٹ بھر کر فوراً نہ سو جائیں ۔ کھانا کھانیکے بعد بے ضرورت اور خصوصاً زیادہ مقدار میں پانی نہ پئیں ۔ لیکن اگر کسی شخص کے معدہ میں گرمی زیادہ ہو اور غذا کے بھڑک جانیکا خطرہ دامنگیر ہو تو ٹھنڈے پانی کے بعد از غذا استعمال کرنیکی اجازت ہے ۔ دو چار لقموں کی اشتہا ابھی باقی ہو کہ دسترخوان سے ہاتھ علیحدہ کریں ۔

عموماً تجربہ ہے کہ اگر کوئی شخص پرخور ہوتاہے تو وہ موٹا نہیں ہوسکتا - اور اس کے بدن میں بالکل قوت نہیں آتی - کیونکہ اسکی بدہضمی اس کو غذا سے فائدہ لینے کی مہلت و موقعہ نہیں دیتی - لیکن جو شخص بھوک سے ایک دو لقمہ کم کھانیکا عادی ہوتاہے - اسکی نہ صرف صحت اچھی رہتی ہے بلکہ اس کا بدن اس معتدل غذا سے پوری طرح فائدہ حاصل کرتاہے - اور خوب موٹا اور قوی ہوتاہے - جو کھانا طبیعت کو مرغوب نہیں اسکا استعمال کرنا بھی نقصان دیتاہے - اس کے زبردستی کھانے اور معدہ میں پہنچنے کے بعد دو حالتیں ہوتی ہیں - اگر وہ ہلکا ہوتاہے تو اسکو طبیعت قے کے ذریعہ اور اگر بھاری ہوتاہے تو اسکو دستوں کے ذریعہ نکال دیتی ہے ◆

وجع المعدہ (معدہ کا درد)

معدہ کا درد ایسی تکلیف دہ چیز ہے کہ اسکی علاج میں تساہل کرنا بہت سی تکالیف و آفات کا باعث ہوتاہے - کیونکہ یہ اگر ایک عرصہ تک رہتاہے تو معدہ میں ورم پیدا کر دیتاہے - اور غشی یا قولنج کی نوبت پہنچتی ہے ◆

پیٹ کا درد	ثقیل اور بادی غذاؤں کے کھانے سے ہضم خراب ہو کر ریاح پیدا ہوتی ہیں اور تنگی مقام کی وجہ سے تمدید پیدا ہو کر درد کا باعث ہوتی ہیں۔	پسلیوں کی طرح اوٹ پیٹ کا پھولا ہوا ہونا کھٹی ڈکاریں آئینگی - کبھی کبھی ہچکیاں بھی آنے لگتی ہیں - اور ریاح کا چلنا پھرنا محسوس ہوگا ◆	شیرہ تخم کشوث ۳ ماشہ شیرہ بادیان عرق پودینہ یا عرق بادیاں یا عرق الائچی میں نکالکر خمیرہ بنفشہ ۱ تولہ یا گلقند یا شربت دینار ملا کر پلائیں مصطگی ۱ ماشہ دانہ الائچی خورد ۱ ماشہ دونوں کو پیس کر جوارش مصطگی یا گلقند میں ملا کر اول کھائیں اور اسپر شیرہ بادیان شیرہ پودینہ خشک شیرہ زیرہ سیاہ ۵ ماشہ عرق بادیان میں نکالکر گلقند ملا کر پلائیں حقہ پینا درد ریحی کے لئے مفید ثابت ہوا ہے ◆	صبح کو جالینوس ۱ قرص یا کمونی ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے ایقاظہ ۱ تولہ عرق پودینہ ۷ تولہ میں مصری ملا کر پلائیں اور شام کو مصطگی مرکب ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ۲ تولہ مصری ملا کر پلائیں - اور سوتے وقت مقوی معدہ ایک عدد کھا لیا کریں اور غذا کے بعد چورن ایک ماشہ کھا لیا کریں ◆	گائے کا گوشت اور دکی دال شلجم آلو گوبھی - مولی کدو - دودھ وغیرہ ریاح پیدا کرنیوالی اشیاء سے پرہیز کریں - کچالو بھنڈا توری - اروی چقندر وغیرہ ہرگز نہ کھائیں ◆	حلوان - مرغ - تیتر - بٹیر کا گوشت مونگ ارہر کی دال - چائے - بسکٹ کیک - وغیرہ استعمال کرسکتے ہیں پالک خرفہ ککڑی تازہ جس کو پھول کہتے ہیں - پودینہ یا ادرک کی چٹنی مفید چیز ہے ◆	[illegible]
پیٹ کا درد	بعض اوقات غذا معدہ میں خراب اور فاسد ہو جانیکی وجہ سے رک جاتی ہے اور اپنے غیر طبعی ہونیکی وجہ سے درد پیدا کرتی ہے ◆	پہلے ایسے کھانوں کا استعمال جو معدہ کے لئے مضر ہوں اسکی علامت ہے - زیادہ کھا جانا یا درد سے پہلے ان تدابیر کا خیال نہ رکھنا جو غذا کے استعمال کیلئے ضروری بیان کی گئی ہیں ◆	سب سے پہلے نیمگرم پانی میں نمک ملا کر مریض کو پلائیں تاکہ اسکو قے ہو جائے اسکے بعد سکنجبین اور گلقند گلاب میں ملا کر مریض کو پلائیں اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو تو تربد سفید سنا مکی دونوں کو پیسکر گلقند میں ملا کر اول کھلائیں شیرہ بادیان عرق بادیان میں نکالکر شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۱۲ تولہ	صبح کو طلب ۱ قرص یا تقطہ ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے ایقاظہ ۵ تولہ عرق بادیان ۷ تولہ میں گلقند ۴ تولہ ملا کر استعمال کریں اور شام کو کمونی مسہل ۱ قرص یا سفرجلی مسہل ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۷ تولہ عرق پودینہ ۵ تولہ میں گلقند ملا کر پلائیں کھانے کے بعد چورن ایک ماشہ کھا لیا کریں ◆	جب تک معدہ صاف نہ ہو کھانا بالکل چھوڑ دیں اور صاف ہونیکے بعد بھوک سے کم کھائیں - کوئی غلیظ دیر ہضم نفاخ چیز نہ کھائیں ◆	حلوا یکی گوشت کا شوربہ یا یخنی چوزہ مرغ - سونٹھ کا مربی مونگ ارہر کی دال - ہلکی چپاتی وغیرہ کھا سکتے ہیں - پودینہ کی چٹنی میں زیرہ شامل کر کے کھائیں ◆	[illegible]

ضعف ہضم، سوء ہضم، تخمہ

ان تینوں شکایات کے اسباب اور حقیقتیں قریب قریب ہوتی ہیں اس لئے ایک ہی جگہ درج کرنا موزوں سمجھا گیا۔ ضعف ہضم اس حالت کا نام ہے جب معدہ اپنی کمزوری کی وجہ سے معمولی غذا کو دیر میں ہضم کرے۔ سوء ہضم کے بھی یہی معنی ہیں لیکن اسمیں شرط یہ ہے کہ غذا پوری طرح ہضم نہ ہوکر کسی ردی اور فاسد کیفیت کی طرف منتقل ہوجائے۔ تخمہ کے معنی بالکل بطلان ہضم کے ہیں۔ یہ وہ صورت ہے جس میں معدہ بالکل غذا میں عمل دخل نہ کرے ✱

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سوء ہضم یعنی بدہضمی ہوجانا	معدہ کی گرمی بھی بعض اوقات ان عوارض کی باعث ہوتی ہے کبھی یہ حرارت یبوست کیساتھ لگے گی اکیلی اور یہ حرارت خشکی بعض اوقات تو صفرا کی زیادتی کے باعث زیادہ ہوجاتی ہے اور کبھی سادہ ہوتی ہے ✱ ایسی صورت میں معدہ کے قویٰ تحلیل ہوکر اس قسم کے عوارضات ظہور پذیر ہوتے ہیں ✱	پیاس کی شدت گرم غذاؤں سے نفرت اور لطیف اور غذا کی تھوڑی مقدار نہایت جلد فاسد ہوجاتی ہے اور بار اور غلیظ کھانا خوب ہضم ہوگا۔ اگر صفرا ہو تو منہ میں کڑواپن تشنگی۔ زبان کی خشکی بھوک کم لگیگی۔ بدن دبلا اور کمزور ہوگا نیلی پیشاب اور پاخانہ کی زردی قبض یا دستوں کی شکایت رہے گی ✱	اگر محض حرارت ہو تو شیرہ زرشک ۳ ماشہ عرق گاؤزبان یا عرق نیلوفر میں نکالکر شربت انار شیریں ۲ تولہ یا سکنجبین ملاکر پلائیں اگر صفرا ہو تو سب سے پہلے پانی گنگنا کرکے اس میں سکنجبین ملاکر پلائیں تاکہ قے ہوجائے اس کے بعد زرشک آلو بخارا، تمر ہندی ان سب کو بھگو کر کچھ دیر کے بعد خوب ملکر چھان کر شربت بنفشہ یا شربت انار ملاکر پلائیں اگر رطوبت کی کثرت معلوم ہو تو پانی نیم گرم کرکے اسمیں نمک اور سکنجبین ملاکر قے کرائیں اور اس کے بعد طباشیر ۳ ماشہ پیس کر گلقند ۲ تولہ میں ملاکر کھلائیں اگر خشکی محسوس ہو تو ماء الشعیر یا گائے کا دودھ پلانا نہایت مفید ہے	صبحکو جوارش صندل ۵ ماشہ مرکب طباشیر ۲ قرص کھلاکر اوپر سے محرور ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۷ تولہ میں شربت انار ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مرکب تمر ہندی ۲ قرص یا عود ترش ۲ قرص اول کھلاکر قرار داد ۳ تولہ عرق گاؤزبان ۸ تولہ میں شربت صندل ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔	گوشت۔ سرخ مرچ گرم مصالحہ شراب آلو اروی بھنڈی مچھلی دودھ گھی بالائی مٹھائی کی کثرت بادام چھوہارہ بینگن میتھی کا ساگ لہسن تورئی روغنی اور جملہ ثقیل چیزوں سے پرہیز ضروری ہے ✱	کدو۔ توری کریلا۔ پالک انڈے کی زردی مونگ ارہر کی دال چپاتی خشکہ کھچڑی نان پاؤ۔ کیک۔ لیمونیڈ۔ بسکٹ قہوہ استعمال کرسکتے ہیں انار سیب انگور نارنگی۔ رنگترہ۔ لوکاٹ وغیرہ کھائیں ✱	ایسے مریض کو معمول کے خلاف بھوک ... [illegible] دوران مرض میں [illegible]
	کبھی برودت رطوبت کی کثرت معدہ کے اندر بلغمی رطوبات کی کثرت ہوکر معدہ کی	بھوک کی زیادتی اور ہضم کی کمی ترش ڈکاریں رنگ کی سفیدی بدن کا ڈھیلا ہونا حرکات کا سست ہونا پاخانہ	ایسی صورت میں عود مصطگی لونگ الیمون ۳ ماشہ تخم کرفس زنجبیل ان سب کو پانی میں جوش دیکر صاف کرکے اور گلقند عسلی ۲ تولہ ملاکر پلائیں مصطگی گلسرخ عود زعفران صبر افسنتین	ایسی صورت میں صبحکو طلب ۶ ماشہ مرکب جالینوس ۲ قرص اول کھاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق پودینہ ۷ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور شام کو تقطہ ۵ قرص بالکونی ۲ قرص	گائے کا گوشت آلو اروی بھنڈی ٹماٹر اور مسور کی دال کدو تربوز خربزہ کیلہ سیب غلیظ اور	حلوان کا گوشت مرغ تیتر بٹیر بھنا ہوا گرم مصالحہ کے ساتھ مربی زنجبیل مونگ ارہر کی دال چپاتی کریلا توری نان پاؤ۔ بسکٹ چائے قہوہ وغیرہ	اگر کھانا کھانے کے بعد حب پپیتا ۳ عدد کھالیا کریں تو فائدہ مند ہیں

	قوتیں ضعیف ہو جاتی ہیں اور یہ مرض رونما ہوتا ہے بوڑھے اور بچوں میں عموماً یہ شکایت ہوا کرتی ہے ۔	کا رقیق اور ڈھیلا ہونا اور منہ میں لعاب کی کثرت تیز لو گرم چیزوں کے کھانے کی خواہش خشک چیزوں کے استعمال سے فائدہ ہونا ۔	شراب یا بہی کے پانی میں سب کو پیسکر نیم گرم معدہ پر لیپ کریں ۔ اگر ضرورت ہو پانی نیم گرم کر کے اس میں نمک ملا کر قے کرائیں ۔ اگر ان تدابیر سے فائدہ کی صورت نظر نہ آئے تو جس طرح فالج میں بیان کیا گیا منضج دیکر مسہل استعمال کرائیں	یا مرکب زنجبیل ۷ قرص کے ہمراہ الملح یا مرکب سلیمانی یا نمک شیخ الرئیس ایک قرص ملا کر اول کھلائیں اور اوپر سے سونف بادیان ۲ تولہ انیسون ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور کھانا کھانے کے بعد جوارش کمونی ۶ ماشہ یا مربہ ہڑ بچھڑ ۲ عدد یا استحکام ایک عدد کھا لیا کریں اور رات کو سوتے وقت مقوی معدہ	دیر ہضم چیزیں مثل مچھلی دودھ وغیرہ سے پرہیز کریں	استعمال کر سکتے ہیں ۔
						[illegible] کھائیں ۔

نقصان و بطلان اشتہا (بھوک کا کم یا بالکل زائل ہو جانا)

ان دونوں صورتوں میں ایک ہی سبب ہوتا ہے ۔ لیکن اگر وہ سبب کمزور ہوتا ہے تو بھوک بالکل زوال پذیر ہونے کے بجائے کم ہو جاتی ہے اور سبب کے قوی ہونے کی صورت میں بھوک بالکل جاتی رہتی ہے ۔ بعض اوقات کرم شکم اس کا باعث ہوتے ہیں کیونکہ وہ آنتوں کو کاٹتے اور اذیت و تکلیف پہنچاتے ہیں اور اسی وجہ سے معدہ میں بھی اسی قسم کی تکلیف پہونچتی ہے اور بھوک کا احساس اس سے جاتا رہتا ہے اور معدہ اسکو دفع کرنے کی طرف زیادہ متوجہ ہوتا ہے اور غذا کے جذب کرنے کی طرف پوری توجہ نہیں ہوتی ۔

بھوک کم لگنا یا بند ہو جانا	کبھی گرم چیزوں کے زیادہ استعمال سے صفرا زیادہ ہو کر معدہ پر گر کر یا زیادہ دیر تک بھوکا رہنے کی وجہ سے حرارت بھڑک کر معدہ کی قوت کو تحلیل کرتی اور غذا کی خواہش کو بالکل باطل کر دیتی ہے ۔	پیاس کی شدت ۔ منہ کی خشکی ۔ گرمی کے وقت شکایت کی زیادتی گرم چیزوں سے نفرت وغیرہ اگر صفراء کی ہی زیادتی ہو گی ۔ تو منہ کا کڑوا پن صفراوی قے ۔ سوزش معدہ وغیرہ ہو نگی ۔	ایسی صورت میں اگر صفراء کی کثرت ہو تو پانی نیم گرم میں سکنجبین ملا کر قے کرائیں اس کے بعد شیرہ زرشک ۲ ماشہ شیرہ آلو بخارا ۳ عدد شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ عرق گاؤزبان یا عرق نیلوفر ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت عوزہ یا سکنجبین یا شربت انار شیریں ۲ تولہ ملا کر پلائیں	یا ایسی حالت میں صبح کو مرکب طباشیر ، قرص یا جوارش صندل ۷ ماشہ یا طباشیر لیمن ۴ عدد اول کھلا کر اوپر سے عرق نیلوفر ۷ تولہ محرور ۵ تولہ میں شربت انار شیریں ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۔ اور شام کو مرکب سہدی ۷ قرص اکسیر عود ترش ۷ قرص اول کھلا کر اوپر سے آب انار ۸ تولہ یا آب آلو کا ٹ ۵ تولہ عرق نیلوفر ۵ تولہ قرار داد ۳ تولہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ یا شربت صندل ۲ تولہ یا شربت کیوڑہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۔	گرم چیزوں سے پرہیز کریں ۔ گوشت گرم مصالحہ گرم گرم کھانا ۔ دھوپ ریاضت گرم ہوا سے بچائیں ۔ آگ کے سامنے نہ بیٹھیں ۔	کدو ۔ توری ۔ پالک ۔ خرفہ ۔ تربوز انگور ۔ سیب ناسپاتی مونگ کی دال چپاتی ۔ نان پاؤ ۔ بسکٹ وغیرہ ارہر کی دال لیموں نچوڑ کر ہرے دھنیہ کی چٹنی کھائیں ۔	اگر صفراء کی زیادتی ہو تو [illegible] [illegible] [illegible]

نام مرض	اسباب	علامات	علاج		پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
			ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ			
بھوک کم یا بند ہو جانا	اور کبھی ثقیل اور ٹھنڈی چیزوں کے زیادہ استعمال کرنیکی وجہ سے رطوبات بلغمیہ زیادہ ہو کر بھوک کے زوال کا باعث ہوتی ہیں۔	منہ کے رنگ کا سپید جیسا اور خراب ہونا۔ پیاس کا نہ ہونا کھٹی ڈکاریں۔ اگر بلغم کی زیادتی ہو تو لعاب دہن پیشاب کی سفیدی اور غلظت اس کی خاص علامتیں ہیں ۔	اگر بلغم کی زیادتی ہو تو پانی گرم کر کے اسمیں نمک ملاکر قے کرائیں قے ہو جانیکے بعد اصل السوس۔ عود خام۔ مصطگی گل گاؤزبان دانہ الائچی ہر ایک ۳ ماشہ ان سب چیزوں کو پانی میں جوشدیکر گلقند ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور مصطگی عود خام زنجبیل ان سب کو کوٹ پیسکر گلقند عسلی ۲ تولہ میں ملاکر کھا لیا کریں	یا ایسی صورت میں صحت کیمیا ۲ بوند عرق پودینہ یا عرق بادیان ۱۲ تولہ یا ایقاظ ۵ تولہ میں ملاکر پلائیں اور شام کو اکسیر اقرص تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں اور سوتے وقت طحال ۲ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۵ تولہ عرق پودینہ ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔	گائے کا گوشت۔ غلیظ اور نفاخ چیزیں نہ کھائیں باسی کھانا۔ آلو اروی دودھ مچھلی وغیرہ نہ کھائیں ۔	حلوان کا گوشت۔ مونگ ارہر کی دال چپاتی۔ چائے بسکٹ۔ کریلا۔ میتھی کا ساگ۔ مرغ تیتر بٹیر۔ قہوہ چلغوزہ بادام وغیرہ	مرکبات صحت کا استعمال رکھنا مفید ہوتا ہے ۔
بھوک کم ہو جانا	بعض اوقات طحال بڑھ جاتا ہے اور اسوجہ سے سودا تم معدہ پر نہیں گرتا اور بھوک نہیں محسوس ہوتی اکثر بیماریوں کے بعد بھی بھوک کا یہی سبب ہوتا ہے۔	طحال کا بڑھا ہوا ہونا کسی ترش اور تیز چیز کے استعمال سے بھوک کا لگنا۔ منہ کا مزہ سیٹھا ہوگا بائیں پسلیوں کے نیچے انگلی سے دبانے سے طحال کا اچھی طرح پتہ لگ سکتا ہے	لہسن اور انجیر زرد سرکہ میں دو چار دن بطور آچار رکھیں۔ اس کے بعد نکالکر نہار منہ ناشتہ کے طور پر کھایا کریں۔ اگر مناسب ہو تو تخم تمر ہندی اور حب جیران دونوں کو پانی میں خوب جوشدیکر سکنجبین عسلی ملاکر قے کرائیں بہرحال طحال کے بڑھنے کی تدابیر کریں جو اپنے موقع پر بیان کی گئیں ۔	اور کیمیا ایک بوند نیم گرم پانی میں ملاکر صحت کا استعمال کریں اور طحال دو عدد شام کو تازہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔ اگر مسہل کی ضرورت ہو تو وہی مسہل جو عظم طحال کے بیان میں آئے گا استعمال کریں مسہل کے بعد۔ اشتہار ۲ عدد صحت کو کھاکر اوپر سے عرق برنجاسف ۶ تولہ ایقاظ ۵ تولہ شربت کشوث ۲ تولہ ملاکر پی لیا کریں ۔	غلیظ اور دیر ہضم چیزوں سے پرہیز۔ چاول مچھلی دودھ گھی کی کثرت سے پرہیز کریں ٹھنڈا پانی برف وغیرہ بھی مضر ہیں ۔	حلوان کا بھنا ہوا گوشت۔ توری کریلا۔ چائے۔ بسکٹ۔ مونگ ارہر کی دال۔ انڈا۔ گوشت بھنا ہوا کھائیں ۔	ہاضم صحت کا کھانا کھانے کے بعد استعمال کرنا۔ ورزش کرنا اور بے وقت اور بے حد کھانا نہ کھانا مفید ہے ۔

عطش مفرط (سخت پیاس) پیاس کے متعلق اطباء نے لکھا ہے کہ دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک صادق دوسری کاذب عطش صادق اس کو کہتے ہیں کہ جس میں اعضا رئیس رطوبات بہت کم ہو جائیں اور وہ پانی کی خواہش کریں اور کبھی معدہ میں بلغم کے چپک جانے یا کسی اور وجہ سے بھی پیاس کا غلبہ ہوتا ہے اس کو عطش کاذب یا جھوٹی پیاس کہتے ہیں ایسی حالت میں نیم گرم پانی پینا مفید تدبیر ہے۔ اگر ایسی حالت میں سرد پانی پی لیا جائے تو بلغم کی غلظت زیادہ ہو کر پیاس اور زیادہ لگتی ہے۔ اور نیم گرم پانی سے وہ بلغم جو معدہ سے چپٹ کر پیاس کا باعث ہوتا ہے وہ نرم ہو کر خارج ہو جاتا ہے ۔

پیاس زیادہ لگنا	معدہ کی حرارت اور خشکی سے منہ کی رطوبات خشک ہوجاتی ہیں اور معدہ کو اور زیادہ پانی کی ضرورت پڑتی ہے اور پیاس لگتی ہے	تیز بخاروں یا کسی گرم چیز مثلاً لہسن پیاز وغیرہ کے کھانے کے بعد ہونا اسکی نشانی ہے۔ سرد پانی سے تسکین کا ہونا بھی۔ دوڑنے دھوپ میں چلنے کے بعد بھی اکثر اسی قسم کی پیاس ہوتی ہے	ایسی صورت میں لعاب اسپغول سلم شیرہ تخم خرفہ یا شیرہ مغز تخم کدو شیریں عرق نیلوفر یا عرق بید یا کیوڑہ یا گلاب میں نکالکر شربت نیلوفر یا سکنجبین یا شربت انار شیریں ملاکر پلائیں۔ اگر صفرا کی لنہٹ پیاس معلوم ہو تو شیرہ زرشک عرق گاؤزبان میں نکالکر شربت انار ترش یا سکنجبین ملاکر پلائیں۔	یا صبحکو بارشی انارین ۷ ماشہ یا مفرح عود ترش جوارش صندل ترش ۵ ماشہ اول کھلاکر اوپر سے روح گاؤزبان ۳ تولہ مجروہ تولہ میں شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر ۲-۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مرکب بارد ۵ قرص یا مرکب طباشیر ۲ قرص اول کھلاکر اوپر سے عرق نیلوفر ۵ تولہ قرار داد ۳ تولہ ۶ عرق گاؤزبان ۴ تولہ میں شربت نیلوفر ۲ تولہ یا سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں ✣	گوشت گرم مصالحہ سرخ مرچ دودھ کباب گرم گرم کھانا لہسن شراب انڈے مچھلی مولی بینگن گڑ تیل وغیرہ سے پرہیز کریں ✣	کدو خرفہ پالک توری کریلا آلو مونگ مسور کی دال چپاتی خشکہ کھچڑی انگور سیب ناسپاتی انار مربی سیب مربی صندل مربی آملہ بسکٹ نان پاؤ وغیرہ کھائیں ✣	اگر استفراغ یا حرکت و ریاضت کے بعد پیاس معلوم ہو تو کچھ دیر رک کر پانی پئیں۔ اگر ممکن ہو تو سوڈا پئیں ✣

نفخ و قراقر معدہ (معدہ میں ریاح کا ہونا اور انکا بولنا) یہ مرض اکثر بچوں اور بوڑھوں کو معدہ میں برودت کی زیادتی کیوجہ سے ہوتا ہے۔ جوانوں میں کم۔ لیکن اگر شکایت پیدا ہو جائے تو ضعف معدہ کی علامت سمجھنا چاہیئے ✣

ثقیل اور ٹھنڈی غذاؤں کے زیادہ استعمال کرنے سے ریاح پیدا ہوکر چلتے پھرتے میں اور نفخ پیدا ہو جاتا ہے	تمدد شکم۔ قراقر کی آواز سنائی دیگی۔ میٹھا میٹھا یا سخت درد۔ کھٹی ڈکاریں آئنگی تھوک زیادہ آئیگا پیٹ پھولا ہوا ہوگا ✣	شیرہ بادیان شیرہ انیسون شیرہ دانہ الائچی گلاب میں نکالکر گلقند ملاکر پلائیں اور بادیان انیسون صعتر بیخ کرفس ہر ایک ۵ ماشہ بادیان بادرنجبویہ قرطم ہر ایک ۷ ماشہ ان سب کو پانی میں جوش دیکر صاف کرکے گلقند ملاکر پلائیں۔ لوبا جرہ نمک طعام سبوس گندم زیرہ نانخواہ سبکو کپڑے کی پوٹلی میں باندھکر گرم کرکے معدہ پر ٹکور کریں	اور مربہ لقمان یا الاملاح ۲ قرص یا سفوف نمک شیخ الرئیس ایک قرص یا مرکب سلیمانی ایک قرص یقطہ ۵ قرص کے ہمراہ صبحکو کھائیں اور شام کو مرکب بسباسہ ۲ قرص یا کمونی ۲ قرص یا مرکب مزاجالینوس ۲ قرص یا مرکب مصطگی ۲ قرص کھلاکر اوپر سے روح بادیان ۴ تولہ یا عرق پودینہ ۱۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور کھانا کھانیکے بعد ایک قرص جوارش یا مرکب پپیتا ۲ عدد یا اسنحکام ایک عدد کھا لیا کریں ✣	ریاح پیدا کرنیوالی چیزوں سے پرہیز مثلاً آلو اروی اور اوروی کی دال۔ مچھلی دودھ کدو۔ ٹھنڈی ترکاریاں۔ ترشی سے پرہیز رکھیں ✣	بکری کا گوشت چپاتی مرغ تیتر بٹیر گرم مصالحہ کے ساتھ مونگ ارہر کی دال کھچڑی چائے انڈے بسکٹ نان پاؤ کیک کباب وغیرہ کھائیں	سرمائی حالتوں میں سوڈے کی بوتل پی لینا مفید ہوتا ہے ✣

قے۔ تہوع۔ غثیان۔ (قے)۔ (اُبکائی)۔ (متلی)۔ خدا نے قدرتی نے معدہ کو اس قدر حس دیا ہے کہ جب کوئی چیز اسکی مخالف ہوتی ہے تو وہ فوراً اسکی تکلیف و اذیت کو محسوس کرتا ہے اور اس کو دفع کرنیکے درپے ہوجاتا ہے اور اس کے دفع کرنے میں ان قوتوں سے کام لیتا ہے جو قدرت نے اسکی شرافت و کرامت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو عنایت کی ہیں پس اگر معدہ قوی ہوتا ہے اور تکلیف بھی زیادہ ہوتی ہے تو اس موذی کو اپنے آپ سے قے کی صورت میں نکال پھینکتا ہے اور اگر خود ضعیف ہوتا ہے یا اس موذی کی اذیت زیادہ نہیں ہوتی تو اسوقت بہت خفیف حرکت کرتا ہے اور تکلیف دینے والی چیز خارج نہیں ہوتی اس حرکت کو تہوع یا اُبکائی کہتے ہیں۔ اور جب زیادہ ضعیف ہونیکی صورت

میں صرف تنفر کا اظہار کرتا ہے۔ اس کو غثیان کہتے ہیں۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ (علاج)	ادویہ مرکبہ (علاج)	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
قے یا اُبکائی آنا	معدہ میں صفرا کی زیادتی اس کا باعث ہوتی ہے اور یہ صفرا یا تو خاص معدہ ہی میں پیدا ہوتا ہے یا اور کسی عضو سے معدہ میں آکر جمع ہو جاتا ہے۔	منہ کا کڑوا پن پیاس کی شدت و کثرت زبان کی خشکی اور اسمیں کانٹے پڑ جائیں گے اور اگر قے ہوگی تو اسمیں صفرا کے مختلف رنگ پائے جائیں گے۔ اکثر زرد ہوگی۔	پانی گنگنا کر کے اس میں محض سکنجبین ملا کر پلائیں اور قے کرائیں تاکہ معدہ پوری طرح صاف ہو جائے۔ اس کے بعد زرشک۔ سماق ۱۲۔ گلاب میں پیسکر شربت انار شیریں ۲ ملا کر پلائیں یا زرشک تخم خرفہ تخم خیارین گلاب میں پیسکر شیرہ نکالیں اور اسمیں شربت انار یا شربت آلو بخارا یا شربت لیموں یا سکنجبین ملا کر پلائیں۔ جب شکایت رفع ہو جائے تو طباشیر۔ زرورد۔ کشنیز خشک۔ سماق۔ انار دانہ بریاں ان سب کو ہموزن لیکر خوب باریک کوٹیں اور سفوف بنا کر رکھدیں اور کھانے کے بعد ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام کو پانی میں رب بہی یا رب انار گھول کر اس کے ساتھ پھانک لیا کریں۔	صبح کو مرکب آملہ، قرص یا جوارش انارین ۷ ماشہ مرکب تمر ہندی، قرص یا مرکب طباشیر، قرص اول کھلا کر اوپر سے مطلوب ۴ تولہ عرق گاؤزباں ۸ تولہ میں شربت انارین ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو جالینوس ۲ عدد اول کھا کر اوپر سے محرور ۵ تولہ عرق گاؤزباں ۸ تولہ میں شربت انگور ۲ تولہ یا سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔	دھوپ میں چلنے بھوک پیاس محنت و ریاضت گوشت گرم مصالحہ مرچ سرخ گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔	کدو پالک خرفہ توری کریلا چپاتی کھچڑی خشکہ برف مربی آملہ مربی صندل مربی سیب نان پاؤ بسکٹ مونگ مسور کی دال کھا سکتے ہیں۔	اگر قے زیادہ ہو تو پانی کی چیزوں کے ساتھ معدہ پر یہ لیپ بھی لگائیں۔ سماق انار دانہ بریاں طباشیر زرورد صندل کافور گلاب آب سیب میں پیسکر معدہ پر ضماد کریں۔
متلی ہونا	اور کبھی ٹھنڈی اور مرطوب غذائیں زیادہ استعمال کرنے کی وجہ سے بلغم زیادہ پیدا ہوتا ہے اور ہضم خراب کر کے اس مرض کے پیدا کرنے کا سبب ہوتا ہے۔	منہ میں نمکینی یا ترشی کا معلوم ہونا۔ پیاس کا نہ ہونا معدہ میں نفخ ریاح کا معلوم ہونا۔ پیشاب میں غلظت اور سفیدی ہوگی۔ مقدار بھی معمول سے کچھ زیادہ ہوگی۔ پاخانہ لعابدار ہوگا	ایسی صورت میں مولی کے بیج نمک شہد خالص پانی میں جوش دیکر نیم گرم پانی پلا کر قے کرائیں اور اگر معلوم ہو کہ اس سے طبیعت صاف ہوتی ہے تو دوبارہ سہ بارہ قے کرائیں بعدہ مصطگی ۳ ماشہ پیسکر گلقند ۲ تولہ میں ملا کر کھلائیں۔ مصطگی۔ سنبل الطیب۔ عود۔ پوست ترنج سرکہ اور گلاب میں پیسکر معدہ پر لیپ کریں	یا صبح کو مسک معتدل ۵ قرص یا انوشدارو سادہ ۵ یا انوشدارو لولوی ۵ ماشہ یا یاقوتی ۵ قرص یا جالینوس ۲ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۲ تولہ نیم گرم کر کے مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو مرکب بسباسہ، قرص یا کمونی، قرص اول کھلائیں اور اوپر سے ایضاً ۵ تولہ عرق پودینہ ۵ تولہ عرق بادیان ۵ تولہ میں مصری ملا کر پلائیں۔ رات کو سوتے وقت مقوی معدہ ایک عدد کھا لیا کریں۔	دودھ مچھلی گائے کا گوشت لوبیا چنا اور دیر ہضم چیزیں آلو اروی سرد چیزیں برف دہی مکھن گھی کی کثرت سے پرہیز کریں۔	حلوان کا گوشت بھنا ہوا مرغ۔ تیتر۔ بٹیر۔ گرم مصالحہ چائے۔ بسکٹ کیک۔ نان پاؤ۔ مونگ ارہر کی دال چپاتی کھچڑی مونگ کی۔ انڈے وغیرہ کھا سکتے ہیں۔	[illegible]

مکرین ا۔ دہ پودینہ خشک مصطگی دارچینی پوست ترنج عود پوست بیرون پستہ ان سب کو باریک پیسکر جوارش مصطگی ۶ ماشہ میں ملا کر دو بار دو وقت

فواق (ہچکی)

جسطرح پھیپھڑا اپنی تکلیف دہ چیز کو کھانسی کے ذریعہ سے دفع کرنیکی کوشش کرتا ہے۔ اسیطرح اگر فم معدہ کو کوئی اذیت و تکلیف ہوتی ہے تو وہ ہچکی کی صورت میں دفع کرتا ہے۔ بعض اوقات اگر کوئی تیز چیز کھائی جاتی ہے یا کوئی نہایت تیز خلط (صفراء) معدہ پر گرتی ہے یا معدہ میں رطوبت بلغمیہ اکٹھی ہو جاتی ہے تو ہچکی لاحق ہوجاتی ہے۔

ہچکی آنا

غلیظ اور چکنی غذاؤں کے زیادہ کھانیکی وجہ سے لیسدار رطوبات پیدا ہوکر فم معدہ پر چپٹ جاتی ہیں اور ہچکی کا مرض پیدا ہوتا ہے۔

اس قسم کے کھانے کھانے کے بعد ہچکی کا پیدا ہونا۔ معدہ کی گرانی وغیرہ پیاس زیادہ معلوم ہوگی۔ گرم پانی پینے کے بعد ہچکیاں کسی قدر رکم ہوجائیں گی۔

نمک گرم پانی۔ سکنجبین ملاکر خوب قے کرائیں۔ زیادہ غذا کھانی چھوڑ دیں۔ تخم کرفس ۳ ماشہ دو قو۔ زیرہ سیاہ۔ زنجبیل۔ پودینہ خشک انیسون۔ اسارون۔ سنبل الطیب زراوند۔ مدحرج ان سب کو جوشدہ کر گلقند ملاکر پلائیں۔ چند بیدستر پیسکر جوارش مصطگی میں ملاکر اول کھلائیں اوپر شیرہ انیسون شیرہ زنجبیل عرق بادیان عرق پودینہ میں نکالکر گلقند یا شربت دینار ملاکر پلائیں۔

یا صبحکو طلب ۶ قرص یا مرکب بسباسہ ۲ قرص اوّل کھلاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق پودینہ ۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور شام کو کمونی ۲ قرص مرکب جالینوس ۲ قرص اوّل کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور غذا کھانے کے بعد جوارش ایک ماشہ یا استحکام ۲ عدد یا مرکب پپیتا ۲ عدد کھا لیا کریں۔

غلیظ دیر ہضم نفاخ چیزیں نہ کھائیں۔ شکم پری۔ برف۔ سرد اشیاء سے پرہیز کریں۔

حلوان کا گوشت بھنا ہوا۔ انڈوں کی زردی۔ مونگ ارہر کی دال۔ کھچڑی چپاتی۔ چائے بسکٹ۔ نان پاؤ وغیرہ کھائیں۔

مریض کو کسی معمولی طریقہ سے اچانک ڈرانا۔ گرم پانی کے چند گھونٹ پینا فائدہ دیتا ہے۔ دونوں شانوں کے درمیان خالی سینگیاں لگوانا بھی فائدہ مند ہے۔

ہچکی آنا

کبھی معدہ کی برودت اور ریاح غلیظہ پیدا ہوکر تمدید پیدا کرتے ہیں اور معدہ اپنی موذی کو ہچکی کے ساتھ دفع کرنیکی کوشش کرتا ہے۔

پیاس کی کمی گرم چیزوں کے کھانیکی خواہش ضعف ہضم اور اگر ریاح ہوں تو نفاخ چیزوں کے کھانے کے بعد پیدا ہونا پیٹ میں نفخ ریاح شکم درد وغیرہ۔

ایسی صورت میں شیرہ انیسون شیرہ زیرہ سیاہ شیرہ تخم کشوث عرق بادیان میں نکالکر خمیرہ بنفشہ ملاکر کھلائیں۔ بادیان پودینہ خشک انیسون الائچی خورد مصطگی ان سبکو پانی میں جوشدہ کر گلقند یا خمیرہ بنفشہ یا شربت دینار ملاکر پلائیں۔ اس کے بعد کندر مصطگی زیرہ سیاہ پودینہ خشک زنجبیل سب کو پیسکر گلقند یا شہد میں ملاکر کھا لیا کریں۔

یا صبحکو مرکب بسباسہ ۲ قرص یا کمونی ۲ قرص اوّل کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ نمک ۲ تولہ مصری ملاکر پلائیں اور شام کو یقظہ ۵ قرص یا طلب ۶ قرص اوّل کھاکر عرق پودینہ ۲ تولہ ایقاظ ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور کھانا کھانیکے بعد جوارش ایک ماشہ کھا لیا کریں۔ سوتے وقت مقوی معدہ ۲ عدد کھاکر اوپر سے عرق بادیان ۶ تولہ عرق پان ۳ تولہ عرق الائچی ۳ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔

گائے کا گوشت آلو اور دال اور چنا۔ شکم پری ٹھنڈی ترکاریاں مثلاً کدو ٹینڈا خرفہ پالک وغیرہ سے پرہیز کریں دودھ نہ کھائیں۔

چوزہ مرغ۔ تیتر بٹیر کا گوشت گرم مصالحہ حلوان کا گوشت۔ انڈے پلاؤ۔ قورمہ۔ چائے۔ بسکٹ مونگ ارہر کی دال چپاتی وغیرہ کھا سکتے ہیں۔

گرم کپڑے سے پیٹ کو سینکنا اور تیز خوشبو سونگھنا بھی مفید ہے۔

وجع الفواد (فم معدہ کا درد)

پہلے بتایا جاچکا ہے کہ بھوک کا احساس باری تعالیٰ نے فم معدہ کے سپرد کیا ہے اور اس امر میں تمام اعضاء کا متکفل گردانا ہے۔ پس اس ضرورت کی وجہ سے اس کا نہایت ذکی الحس ہونا لازمی امر تھا۔ اسی وجہ سے اسکی ذراسی تکلیف حد درجہ کی ایذا کا باعث ہوتی ہے اور درد کیا تمیں شدت تکلیف سے غشی لاحق ہوجاتی اور سرد پسینہ آنا شروع ہوجاتا ہے۔ اسکے واسطے قوی تدبیر اور موثر علاج کی ضرورت ہے۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
فم معدہ کا درد	فم معدہ پر صفرا گرنے سے عموماً یہ صورت پیدا ہو جاتی ہے چنانچہ جس وقت آدمی زیادہ بھوکا رہتا ہے یا کسی محنت و ریاضت کا اتفاق ہوتا ہے یا کھیرن پہلے سے درد شدید ہوتا ہے تو اس کے بعد عموماً یہ درد ہوتا ہے۔	گرمی۔ پیاس۔ منہ کی خشکی زبان کی سفیدی۔ منہ کا کڑواپن۔ بےچینی۔ سخت گھبراہٹ۔ پاخانہ سوزش کے ساتھ آئیگا۔ پیشاب سرخی مائل ہوگا۔ کسی ٹھنڈی چیز کے کھانیکے بعد آرام معلوم ہوگا۔	ایسی صورت میں شیرہ زرشک ۳ ماشہ گلاب اور عرق گاؤزبان میں نکالکر شربت لیموں ۲ تولہ یا سکنجبین یا شربت عوزہ ۴ تولہ ملا کر کھلائیں۔ اور چھاچھ میں اگر برف ملا کر دیں تو بھی نہایت مفید ہوتا ہے۔ اگر صفرا کا غلبہ بہت زیادہ ہو تو باسلیق کی فصد کھولیں بعدہ مذکورہ بالا نسخہ پلائیں۔ اور صندل سفید گلسرخ ملاٹھی سماق ان سب کو گلاب میں پیسکر اور لعاب اسپغول اضافہ کرکے فم معدہ پر لیپ لگائیں۔	صبحکو جوارش انارین ۷ ماشہ یا مرکب تمر ہندی ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے مطلوب ۴ تولہ عرق گلاب ۸ تولہ میں شربت انار شیریں یا شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو مرکب ۱ قرص یا مرکب آملہ ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے محرور ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۸ تولہ میں شربت انار ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔	گرم اشیاء بالکل نہ کھائیں گوشت اور دودھ گھی کی کثرت گرم مصالحہ چائے انڈے وغیرہ سے پرہیز کریں۔	کدو۔ پالک۔ خرفہ۔ توری۔ کریلا مونگ۔ مسور کی دال خشکہ۔ چپاتی کھچڑی۔ بسکٹ۔ نان پاؤ کیک۔ انگور۔ ناسپاتی۔ سیب۔ انار وغیرہ کھا سکتے ہیں۔	اگر درد شروع ہونے کے ساتھ [illegible] پانی میں گلقند ملا کر کھلائیں۔
	اگر ان تدابیر سے فائدہ نہ ہو تو پہلے نیم گرم پانی میں سکنجبین ملا کر قے کرائیں اور اس کے بعد مذکورہ بالا تدابیر و تجاویز عمل میں لائیں۔						
فم معدہ کا درد	بعض اوقات ریاح غلیظ فم معدہ میں بند ہو کر اذیت و تکلیف دیتی ہیں اور انکی تمدید کی وجہ سے درد پیدا ہوتا ہے۔	گرمی۔ گھبراہٹ۔ بےچینی قلق و کرب۔ منہ کی خشکی ڈکار آنے سے درد میں کمی۔ نیچے سے ریاح کا خارج ہونا۔ کبھی درد میں شدت۔ گاہے کمی وغیرہ	بادیان ۳ پودینہ خشک مصطگی انیسون دانہ ہیل ۲ زیرہ سیاہ ان سب کو گلاب میں جوش دیکر گرم گرم چائے کے مانند پئیں۔ پودینہ خشک۔ زیرہ سیاہ مصطگی چباتے رہیں۔ قرنفل کلاہ دار شکر سفید ۲ تولہ ان دونوں کو خوب باریک پیسکر ۶ ماشہ کی مقدار میں بکری کے دودھ کے ساتھ صبح و شام کھانا مفید ہے۔ گلاب کا عطر فم معدہ پر ملنا بھی مفید ہے۔	صبحکو مرکب بسباسہ ۱ قرص یا مرکب جالینوس ۱ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق پودینہ ۸ تولہ ایقاظ ۵ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور شام کو مسک معتدل ۵ قرص یا ایقاظ ۵ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان نیم گرم ۱۲ تولہ میں مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور غذا کھانیکے بعد چورن ایک قرص کھا لیا کریں اور رات کو سوتے وقت استحکام ۲ عدد یا مقوی معدہ ۲ عدد کھا لیا کریں۔	گائے کا گوشت آلو اروی کدو توری۔ ٹنڈے بھنڈی دودھ مکھن بالائی وغیرہ سے پرہیز کریں۔	حلوان کا بھنا ہوا گوشت۔ تیتر بٹیر مرغ میتھی کا ساگ مونگ مسور کی دال گرم مصالحہ کے ساتھ چپاتی چائے۔ انڈے نان پاؤ کیک بسکٹ وغیرہ کھا سکتے ہیں۔	[illegible] کا مربہ صبح و شام کھاتے رہنا اس تکلیف میں بہت فائدہ دیتا ہے۔

اس کتاب کی ہر ایک دوائیں [illegible] دواخانہ دہلی میں تیار رہتی ہیں۔ فہرست ملاحظہ ہو۔

ہیضہ

اگرچہ یہ بیماری مہلک اور خطرناک ہونیکی وجہ سے اس قدر مشہور و معروف ہے کہ تعریف و تعرف کی محتاج نہیں۔ ہر شخص اس موذی مرض کو جانتا اور ہر فرد بشر اس مفسد کو پہچانتا ہے۔ لیکن پھر بھی شیخ الرئیس نے جو کچھ بیان فرمایا ہے بدیہ ناظرین ہے۔ فرماتے ہیں کہ یہ بیماری اس ردی حالت کا نام ہے جسمیں غیر منہضم غذا اور فاسد مواد بدن تے اور اسہال کے ذریعہ دفع ہوتے ہیں جب یہ مرض شروع ہوتا ہے تو مریض کو قے شدید اسہال صفراوی کے بعد یا پہلے نیلے رنگ کے متعفن اسہال یا گوشت کے دھوون جیسے یا چاول کی پیچ کی طرح کے اسہال ہونے لگتے ہیں۔ ہیضہ کے وجود کے تین بڑے سبب ہیں **فساد آب وہوا** ہمکو معلوم ہے کہ انسان کی ضروریات زندگی یعنی اسباب ستہ ضروریہ (ہوا، کھانا اور پینا۔ حرکت و سکون بدنی۔ حرکت و سکون نفسانی۔ سونا جاگنا۔ احتباس و استفراغ) میں سب سے زیادہ ضروری ہوا ہے۔ اس کے بعد پانی اور غذا کی ضرورت ہے۔ باقی سب امور کا مرتبہ علی قدر مراتب ان کے بعد ہوتا ہے۔ یہ پہلے بھی معلوم ہوچکا ہے کہ ہوا اس قدر ضروری ہے کہ بدون اس کے ایک لمحہ بھی زندگی کا نشاد شوار ہوجاتا ہے۔ کیونکہ یہ ہوا اندر جاکر روح کے ترویح و تعدیل کا باعث ہوتی ہے۔ اور باہر نکلتے ہوئے روح کے دخانی اور جلے ہوئے اجزا کو ساتھ لیکر آتی ہے۔ اور اسیطرح ہوا کا خروج و دخول دونوں ترویح کا باعث ہوتی ہے۔ اور انسانی زندگی کیلئے نہایت اہم اور ضروری چیز ہے۔ لیکن اس کا یہ فائدہ جب ہی حاصل ہوسکتا ہے جب ہوا کے اجزا اس قدرتی نسبت پر موجود ہوں۔ اور اسمیں کچھ ردی بخارات یا خراب کیفیتیں نہ پیدا ہوئی ہوں۔ اور صورت ثانی میں ہم اسکو فاسد اور ردی اور خراب کہے بغیر نہیں رہ سکتے۔ اور وہ روح کیساتھ ملکر اس میں اس قسم کا زہریلا اثر پیدا کردیتی ہے جسکی وجہ سے وہ روح اس قابل نہیں رہتی کہ انسانی زندگی کے ضروری امور اس سے صادر ہوسکیں۔ جسطرح ہوا کی خرابی اس قسم کی ردی اور خراب بیماریوں کا باعث ہوتی ہے۔ اسی طرح خراب اور فاسد پانی سے بھی فائدہ کی بجائے نقصان پہنچتا ہے۔ صاف اور شفاف۔ ہلکا اور میٹھا پانی اعضاء کو تر و تازہ رکھتا اور کرتا ہے اور غذا کے پکانے میں کام آتا ہے غذائی مادہ کو پتلا کرکے تنگ رگوں میں گذارتا ہے۔ بعض فضلات کو اپنے ساتھ لیکر بدن کے مختلف مقامات سے خارج ہوتا ہے۔ لیکن جب اسے کوئی اجنبی اور فاسد چیز ملکر خراب کردیتی ہے تو اسی پانی سے بجائے منفعت کے مضرت لاحق ہوتی ہے۔

آب وہوا کے خراب ہوجانیکا اثر بعض اوقات تو براہ راست انسان پر پڑتا ہے اور اسکو بعض موذی اور مہلک امراض کا سامنا ہوتا ہے اور کبھی صرف حیوانات پر اور کبھی حیوانات کی کسی خاص قسم پر۔ اور بعض اوقات نباتات پر یا ان میں سے کسی خاص نوع پر۔ چنانچہ کبھی کسی غلہ میں کوئی ذاتی سقم پیدا ہوجاتا ہے۔ اور بعض اوقات پھلوں میں خرابیاں دیکھنے میں آتی ہیں کبھی ساگ ترکاریوں میں یہ حالت محسوس ہوتی ہے۔ بعض اوقات چوپاؤں کے کھانے کی چیزوں میں یہ خرابی پیدا ہوتی ہے۔ اور نباتات کا فساد کبھی تو ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ ہر شخص ادنیٰ تامل سے پہچان جاتا ہے مثلاً کسی غلہ کی شکل یا رنگ یا مقدار جسامت یا مزہ میں تغیر پیدا ہوجاتا ہے۔ لیکن بعض اوقات یہ فساد و خرابی بقدر پوشیدہ اور خفی ہوتی ہے کہ اونکا پتہ یا تو کیمیاوی امتحان سے لگ سکتا ہے یا ان نقصانات سے جو ان کے استعمال کے بعد انسان یا دیگر حیوانات کو لاحق و عارض ہوتے ہیں۔

ہیضہ طاعون چیچک اور بعض قسم کے وبائی بخار انہیں فساد اور خرابیوں کے نتائج ہوتے ہیں۔ اسی طرح حیوانات میں بھی آب وہوا کے فاسد تغیرات بعض قسم کے ردی نتائج و اثرات کا باعث ہوتے ہیں۔ چنانچہ منہ اور پاؤں میں زخم ہوجاتے ہیں اور کبھی ورم حلق ہوجاتا ہے۔ اور کبھی متعفن دست آتے ہیں۔ اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جانور کچھ سست ہوکر آپ ہی آپ مرنے لگتے ہیں۔ اسی طرح وبائی امراض بہت سے خانگی اور جنگلی دونوں قسم کے جانوروں میں۔ نیز پرندوں اور غیر پرندوں ہر قسم جانوروں میں ہوتا ہے۔ اور ان حیوانات یا نباتات کا اثر بعض اوقات اس قدر قوی ہوتا ہے کہ انسانی قوتیں بھی اس کے مقابلہ میں عاجز آجاتی ہیں اور انسان میں بھی اس قسم کی خرابیاں رونما ہونے لگتی ہیں۔

(۱) غذاؤں کا ذاتی فساد - اگر یہ آب وہوا کا خراب اثر خوراکی نباتات اور غذاؤں کے ذریعہ انسان یا حیوانات پر موثر ہو یا حیوانی غذاؤں (دودھ یا گوشت وغیرہ) کے ذریعہ سے انسانی بدن میں سرایت کرے تو ایسی غذاؤں کو فاسد اور نہایت مفسد سمجھنا چاہئے - اور ان سے ہر وقت پرہیز کرنا ضروری ہے - اور اگر لاعلمی میں ایسی غذائیں کھالی جاتی ہیں تو سب سے پہلے انکا اثر اعضاء ہضم معدہ اور آنتوں پر پڑکر پھر خون میں پہونچتا ہے اور اپنے مقتضائے طبع کے مطابق بہت سے امراض کا موجب ہوتا ہے - اور اگر آب وہوا کا خراب اثر براہ راست انسان پر ہوتا ہے تو وہ مسامات بدن کے ذریعہ تمام بدن میں تنفس کے ذریعہ پھیپھڑے میں پہنچکر (اور پانی مسامات یا معدہ میں پہونچکر) پہلے خون میں سرایت کرتا ہے اور پھر جب خون کے ذریعہ سے وہ فسادی زہر تمام جسم میں سرایت کرتا ہے اس سے ان اعضاء میں امراض پیدا ہوتے ہیں جو اس فساد سے متاثر ہوسکیں اور امراض بھی وہی پیدا ہوتے جن کو وہ فساد پیدا کرسکتا ہے ؀

(۲) معمولی غذاؤں کے استعمال کی خرابی - یہ ہیضہ کی بالکل ایک علیحدہ اور جداگانہ قسم ہے جو براہ راست وبا کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھتی - لیکن اگر یہ وبا کے زمانہ میں واقع ہوجائے تو ہیضہ وبائی کے لئے ایک قوی محرک ہوتی ہے - اور یہ بھی تقریباً ایسی ہی مہلک اور زندگی تلف کرنیوالی ہوتی ہے جیسے وبائی - یہی باعث ہے جو اس کو ہیضہ غذائی یا ہیضہ تخمی کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے ؀

اس حالت میں اگرچہ غذا میں کوئی ذاتی فساد یا خرابی موجود نہیں ہوتی - البتہ اس کے استعمال کی خرابی اور سوء تدبیر اگر عمل میں آتی ہے تو ہضم فاسد ہوکر غذا میں ایک خاص قسم کی سمیت پیدا ہوجاتی ہے اور اسیطرح اسکو طبیعت قے اور اسہال کے ذریعہ دفع کرنے لگتی ہے - اگر یہ سمیت اور زہریلا اثر عروق میں سرایت کرکے اعضاء تک پہنچ جاتا ہے تو وہ بھی اپنے پاس کے غذائی مادہ کو معدہ اور آنتوں کی طرف واپس کرتے ہیں - اور کثرت اسہال وقے سے ہیضہ وبائی کے سے عوارض پیدا ہوتے ہیں - سوء تدبیر کی چند صورتیں ہیں - چنانچہ ایک یہ کہ پہلی غذا کے پوری طرح ہضم ہونے سے پیشتر دوسری غذا کھائی جاتی ہے تو یہ صورت واقع ہوجاتی ہے - خصوصاً پہلی غذا کے فاسد ہونے کے آثار وعلامات (ترش ڈکاریں سوزش معدہ وغیرہ) پائی جائیں اور اسپر دوسری غذا کھائی جائے تو بہت ہی جلد یہ صورت پیدا ہوجاتی ہے - ایسے ہی غذا کی مقدار گنجایش سے زیادہ کھانا - یا اسقدر پانی پینا کہ جس سے غذا کے انہضام میں خلل وخرابی واقع ہو ؀

علامات منذرہ ہیضہ کے زمانہ میں اگر یہ علامات نمودار ہوجائیں تو فوراً حفظ ماتقدم کی تدابیر پر عملدرآمد کرنا چاہئے - بھوک کا سبب خارجی کے سوا ہوجانا یا کم ہوجانا - (۲) پیاس کا زیادہ ہونا (۳) کبھی متلی کا ہوجانا اور اکثر فساد ہضم کا رہنا (۴) طبیعت میں گھبراہٹ اور بےچینی (۵) پست ہمتی اور چہرہ کی بے رونقی (۶) وحشت اور فساد خیالات اور (۷) اگر کسی شخص کو اس بیماری میں مبتلا ہونیکا خوف طاری ہو تو اس کی کامل حفاظت کریں - اور اسکی تدابیر حفظ صحت میں احتیاط کریں (۸) وبائی زمانہ میں ایک یا دو دستوں کا ہوجانا - یا غیر معمولی طور پر پاخانہ کا آنا -

تدابیر حفظ ماتقدم - تمام آبادی میں گلی کوچوں میں صفائی کا خیال رکھنا - گندہ نالوں - مویشی خانوں - پاخانوں وغیرہ میلے اور گندہ مقامات میں صفائی کا پورا پورا خیال رکھنا - پانی کے لئے چاہات کی خاص نگرانی اور صاف کراتے رہنا - پینے کے پانی کو اول جوش دیکر بعدہ سرد کرکے پلانا - اپنے مکانوں کو دافع تعفن اشیاء سے دھونی دینا - جیسے لوبان یا گندھک وغیرہ سلگانا - اگر آبادی کے قریب کہیں مرض رونما ہو تو پپیتا - زہر مہرہ - نارجیل دریائی کافور اپنے پاس رکھنا - پپیتا مونہ میں رکھکر چوستے رہنا کبھی کبھی اسمیں سے قدر قلیل گلاب میں گھسکر پی لینا - اگر سرکہ اور پیاز کھانیکو طبیعت چاہے تو تھوڑا بہت کھالینا - غذاؤں کے استعمال میں احتیاط کرنا - دیر ہضم اور نفاخ اور فاسد اشیاء کے کھانے سے پرہیز کرنا معدہ کو بالکل خالی نرکھنا - اور بھوک سے کم کھانا نہایت ضروری ہے - مکانوں میں آدمیوں کی کثرت نہ ہونی چاہئے - صندل سفید - کافور گلاب میں گھسکر یا سرکہ میں پیسکر مکان میں چھڑکنا بھی مفید ہے - اگر کوئی مریض ہوجائے تو اس کے پاس زیادہ نہ ٹھہرنا - اور اسکی قے اور دستوں کو راکھ وغیرہ سے ڈھک دینا - بہرصورت اس بیماری میں مواد کے نکالنے میں پوری توجہ کرنی چاہئے - اور قے اور اسہال میں سے جس کے ذریعہ ممکن ہو مواد

نکالنے کی تدبیریں اور جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ کثرت استفراغ سے قوت نہایت ضعیف و کمزور ہو گئی ہے دستوں کو بند نہ کریں۔ بعض جاہل اور ناتجربہ کار طبیب اسہال سے گھبرا کر فوراً ان کے بند کرنیکے درپے ہوجاتے ہیں اور شدید قابضات اور حابس ادویات استعمال کرا دیتے ہیں۔ لیکن اس سے خطرناک نتائج پیدا ہوتے ہیں۔ چونکہ مادہ زہریلا ہوتا ہے اس لئے بند ہونیکے بعد وہ قلب و دماغ یا دیگر اعضاء رئیسہ پر حملہ کرتا ہے اور آدمی ہلاک ہوجاتا ہے۔ طبیب کو چاہیئے کہ ہیضہ کی دشوار اور سخت حالتوں سے گھبرا کر ہمت نہ ہارے۔ اور قے اور اسہال کی کثرت سے کسی قسم کا خوف نہ کرے۔ کیونکہ انہی استفراغات میں مریض کی شفایابی کا راز مضمر ہے۔

ہیضہ میں اگر دیکھا جائے کہ مادہ اوپر کی طرف مائل ہے تو نیم گرم پانی کیساتھ سکنجبین یا نمک ملا کر قے کرائیں۔ اور معدہ کے صاف ہونیکے بعد گلاب میں شربت انار شیریں ملا کر تسکین اور تقویت معدہ کے لئے پلائیں اور اگر نفخ و قراقر کی آنتوں میں حرکت وغیرہ محسوس ہو اور ثابت ہو کہ مادہ نیچے کی طرف متوجہ ہے تو اسوقت جوارش سفرجلی مسہل یا جوارش شہریاراں کھلا کر انحدار پر اعانت کریں۔ اور طبیعت کے صاف ہوجانیکے بعد مصری اور گلاب کا شربت بنا کر پلائیں۔ اگر ہیضہ والے کو قے ہوکر غشی آجائے۔ نبض بیٹھنے لگے یا بند ہوجائے تو ہاتھ پاؤں پر بغلی سینگیاں کھچوائیں۔ پاشویہ کرائیں۔ اور گلاب، آب کشنیز سبز، کیوڑہ کا فور صندل ان چیزوں کو ملا کر لخلخہ سنگھائیں۔ کافور گلاب یا کیوڑہ یا بید مشک میں گھسکر منہ اور سینہ پر چھڑکیں اور ناریل دریائی، عود صلیب، جدوار، بنفشہ ہر ایک تین ماشہ ان سب چیزوں کو گلاب میں پیس کر حلق میں ٹپکائیں۔ اسی طرح تریاق فاروق ہمراہ عرق گلاب میں ملا کر حلق میں ڈالیں اور ناریل دریائی گلاب میں گھسکر دانتوں پر ملیں۔ مرغ کا پر حلق پھیرنا اور غشی وغیرہ کی حالت میں ہفت اندام یا اکحل کی فصد کھولنا بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ لیکن جس وقت افاقہ ہوجائے فوراً خون بند کردیں ورنہ نہایت نقصان دہ صورت ہوگی۔ اگر ضعف بہت زیادہ معلوم ہو تو ماء اللحم جدید میں انڈوں کی زردی گھول کر تھوڑا سا مشک حل کرکے حلق میں ڈالیں۔ اگر ہاتھ پاؤں میں تشنج ظاہر ہو تو گھی میں کپڑا چرب کرکے معدہ کے عضلات پر رکھیں۔ ہیضہ والے کو کھانا نہ دینا اور آرام و آسایش سے رکھنا بہترین تدبیر ہے۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
ہیضہ	وبائی آب و ہوا اس کا باعث ہوتی ہے اور وہ خون اور اعضاء پر بڑا گہرا اثر کرکے ہیضہ کا باعث ہوتی ہے۔ بعض اوقات اسکے ساتھ صفراوی ہیجان بھی آملتا	متلی ہوکر فوراً قے شروع ہوجاتی ہے۔ قے یا اسہال یا دونوں نہایت کثرت سے اور بار بار ہوتے ہیں بعض اوقات صرف ایک مرتبہ یا دو دفعہ قے اور اسہال ہونے سے مریض کی حالت نہایت ردی اور خراب	ایسی حالت میں جدوار، پپیتا، ناریل دریائی ہر ایک ایک ماشہ ان سب کو باریک پیسکر مرکب تمر ہندی، قرص کے ہمراہ کھلائیں اور اسپر گلاب ۱۲ تولہ میں سکنجبین ۲ تولہ ملا کر مریض کو پلائیں۔ اگر صفراء کی زیادتی معلوم ہو تو نیم گرم پانی میں سکنجبین ملا کر قے کرائیں کاسنی اور خاکسی پانی میں جوش دیکر اس میں سکنجبین ملا کر پلائیں۔ اگر اسہال کی کثرت	آرام ہونیکے بعد صبح کو مرکب تمر ہندی، قرص یا جوارش انارین ۷ ماشہ یا مرکب آملہ، قرص کھلا کر اوپر سے روح بادیان ۲ تولہ، عرق مکوہ ۲ تولہ، روح گاؤزبان ۲ تولہ میں سکنجبین سادہ ۲ تولہ یا رب بہی شیریں ۲ تولہ یا شربت انار ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور شام کو مرکب طباشیر، قرص یا مرکب عود زرشک، قرص اول کھلا کر اوپر سے	جب تک طبیعت صاف نہ ہوجائے کھانے سے قطعی پرہیز کریں دھوپ۔ گرمی۔ ریاضت حرکت محنت دماغی کام سے پرہیز کریں۔ طبیعت صاف ہوجانے اور قے اور اسہال بند ہوجانے کے بعد غلیظ دیر ہضم اور نفاخ	اگر طبیعت صاف ہونے سے پہلے کمزوری بہت زیادہ ہو تو ماء اللحم جدید یا کدو کاسنی والا یا شراب میں جوشدادہ انڈوں کی زردی گھول کر پلائیں (اگر مذہبی ممانعت ہو تو صرف ماء اللحم نیم گرم کرکے مصری ملا کر پلائیں۔) طبیعت صاف ہونے کے بعد حلوان کے گوشت کا شوربہ یا یخنی۔ کدو۔ توری کریلا۔ مونگ کی دال خرفہ پالک	پیاس کی حالت میں خوب کلاں پانی میں جوش دیکر اس میں سکنجبین یا شربت انار ملا کر پلاتے رہیں۔ اگر پانی معدہ میں نہ ٹھہرے تو انار دانہ بھون کر نمکوب کرکے پانی

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
ہیضہ	اور صفرا کی بہت زیادتی ہوتی ہے یہاں تک کہ دستوں اور قے میں صفرا کی کثرت نظر آتی ہے	ہو جاتی ہے نبض نہایت کمزور ہو جاتی ہے۔ آنکھوں کے گرد حلقہ پڑجاتا ہے کنپٹیوں میں گڑھا پڑجاتا ہے ناک خشک اور پتلی ہو جاتی ہے۔ مریض کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجاتا ہے	ہو اور مریض زیادہ ضعیف ہو چلا ہو تو اسوقت دستوں کا روکدینا نہایت ضروری ہے۔ ایسی حالت میں زہر مہرہ۔ بنسلوچن انار دانہ بریاں۔ سماق۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست ترنج۔ ہر ایک ایکماشہ ان سب کو پیسکر جوارش عود ترش ۷ ماشہ میں ملاکر اول کھلائیں اسپر شیرہ زرشک شیرہ تخم خرفہ سیاہ شیرہ آلو بخارا ۵ دانہ روح گاؤزبان ایکتولہ گلاب ۲ تولہ بیدمشک ۲ تولہ عرق	علاج — سے ۵ تولہ عرق بیدمشک ۴ تولہ مطلب ۵ تولہ عرق کیوڑہ میں شربت غورہ ۲ تولہ یا شربت انگور یا شربت کیوڑہ یا شربت صندل ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور سوتے وقت مرکب گاؤزبان جواہر والا ۵ قرص یا مرکب مروارید ۵ قرص یا مرکب ابریشم حکیم ارشد	چیزوں سے پرہیز۔ دودھ مچھلی۔ خربزہ آلو اروی بھنڈی گائے کا گوشت ایک عرصہ تک نہ کھائیں	چپاتی۔ نان پاو۔ بسکٹ وغیرہ کھا سکتے ہیں	میں ستو کی طرح گھولیں اور شربت انگور یا شربت انار یا شربت غورہ یا رب بہی شیریں یا رب انار یا رب انگور ملاکر پلائیں

والا ۵ قرص کیساتھ حالس ایک عدد کھائیں اور دن میں دو ایکمرتبہ محافظ ایک عدد کھالیا کریں۔ اگر کمزوری زیادہ معلوم ہو تو جواہر مہرہ ایک قرص مرکب بارد ۵ قرص کھلاکر اوپر سے ماء اللحم عنبری ۵ تولہ عرق بیدمشک ۱۰ تولہ شربت سیب ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔

(علامات) آواز بیٹھ جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں سرد پڑجاتے ہیں۔ اور اینٹھن پیدا ہو جاتی ہے۔ بالاخر پسینہ سرد آنے لگ جاتا ہے اور تمام اعضا سرد پڑجاتے ہیں۔ اور کبھی تمام بدن میں پیلاپن پیدا ہو جاتا ہے پیشاب بند ہو جاتا ہے بعض اوقات ہچکیاں شروع ہوجاتی ہیں جس قدر یہ علامات سخت ہوتی ہیں اسیقدر یہ مرض زیادہ خطرناک ہوتا ہے اگر صفرا کی کثرت ہو تو صفراوی۔ اسہال میں صفرا کا برآمد ہونا تشنگی کی زیادتی۔ معدہ اور آنتوں میں جلن منہ کا مزا کڑوا۔ جسوقت ناخن ٹیڑھے ہونے شروع ہوجاتے ہیں وہ حالت نہایت خطرناک ہوتی ہے۔

(ادویہ مفردہ) کیوڑہ ۲ تولہ میں نکالکر شربت غورہ یا سکنجبین یا شربت انار شیریں یا شربت حب الآس ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور ہر وقت یہ چٹنی چاٹتے رہیں۔ زہر مہرہ۔ بنسلوچن۔ سماق انار دانہ بریاں پوست ترنج ان سب کو باریک پیسکر شربت انار شیریں ۲ تولہ میں ملاکر چٹائیں۔ دو دو گھنٹہ کے بعد یہ گولیاں بناکر گلاب میں سکنجبین ملاکر اوس کے ساتھ نگلوائیں۔ نارجیل دریائی پپیتا۔ اصلی زہر مہرہ۔ بنسلوچن۔ زرنباد۔ عود خام۔ مغز تخم لیموں۔ مصطگی۔ مرچ سیاہ سب ہموزن لیکر عرق بادیان یا عرق پودینہ میں چنے کی برابر گولیاں بنائیں۔ غیر معمولی حالتوں میں محض لیموں کا بیج گلاب میں گھسکر شربت انار شیریں ملاکر چٹانا اور کھلانا بھی مفید ثابت ہوا ہے جھاؤ کی لکڑی کی راکھ سرکہ میں ملاکر یا گلاب میں کپڑا بھگوکر معدہ پر رکھنا مناسب و مفید ہے۔ اگر مادہ آنتوں میں موجود ہو اور یہ بات محسوس ہو کہ صفائی کے بغیر کوئی چارہ نہیں تو یہ ہلکی سی تلئین دیں۔ کیونکہ قوی مسہل دینے سے سخت خطرہ ہے۔ آلو بخارا ۵ دانہ گلسرخ ۶ ماشہ تمر ہندی ۴ تولہ پانی میں جوشدیکر مل چھان کر شربت دینار ۴ تولہ ملاکر یا گلقند حل کرکے پلائیں۔ اگر اسہال کی کثرت ہو جائے اور مریض کی زندگی کیلئے کوئی خطرناک ضعف کی صورت پیدا ہو تو برف اور گلاب ملاکر چہرہ پر چھڑکیں۔ ہاتھ پاؤں باندھیں۔ اور ہاتھ پاؤں کی خوب مالش کریں۔ اگر کسی طرح بھی اسہال نہ رکیں تو یہ سفوف بنا کردیں۔ دانہ ہیل مغز تخم کنار مغز خستہ آملہ صندل سفید۔ مغز کشنیز۔ طباشیر۔ پوست درخت ببول۔ برنج ساٹھی ہر ایک تین ماشہ۔ دانہ انار بریاں تولہ سب کو کوٹ پیسکر سفوف بنائیں۔ اور شربت انار کے ساتھ کھلائیں۔

ہیضہ	بعض اوقات تخمہ بھی اس مرض کا سبب ہوتا ہے	کھٹی ڈکاریں۔ پیٹ میں قراقر۔ معدہ میں ثقل۔ پہلے کسی غلیظ غذا کا کھانا یا غذا کی بے احتیاطی۔ بے ترتیبی تے ترش اور منہ میں تھوک کی زیادتی ؛	ایسی صورت میں معلوم کریں اگر طبیعت اوپر سے دفع کر رہی ہے تو پانی نیم گرم کرکے اس میں نمک ملا کر قے کرائیں اور اگر نیچے بذریعہ اسہال دفع کرنیکا قصد رکھتی ہے تو سنا مکی ۔ تربد سفید مجوف خراشیدہ دونوں کو پیسکر گلقند میں ملا کر اول کھلائیں اور بعدہٗ شیرہ بادیان ۔ شیرہ انیسون ۔ شیرہ تخم کشوث عرق بادیان	افاقہ ہونیکے بعد سفرجلی مسہل ، قرص یا شہر یاران ، نافخہ اول کھلا کر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ عرق پودینہ ۵ تولہ میں گلقند ۴ تولہ یا خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ یا شربت وردکرر ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۔ اور شام کو یقیطہ ۵ قرص یا طلب ۶ قرص یا مرکب کمونی ، قرص یا مرکب کبابہ ، قرص یا مرکب جالینوس	طبیعت صاف ہونے اور معدہ کے فضول کے منحدر ہوجانیسے پہلے کسی غذا کا کھانا سخت منع ہے اور اچھے ہوجانیکے بعد ہی پرہیز کریں جو پہلی قسم میں بیان کیا گیا ؛	بعد افاقہ ماء اللحم جدید یا خاص الخاص یا کموہ کاسنی والا ۔ حلوان کے گوشت کا شوربہ یا یخنی ۔ انڈوں کی زردی مونگ ارہر کی دال ۔ کھچڑی مونگ کی چپاتی چائے ۔ قہوہ ۔ بسکٹ ۔ کیک ڈبل روٹی ۔ سیب انار وغیرہ کھا سکتی ہیں ؛	اگر اس قسم میں پیاس لگا فلفل سیاہ گلاب ۵ دانہ ایک تیغ اور عرق بادیان میں پیسکر مریض کو پلائیں تو نہایت نافع اور سود مند ہے ۔

عرق پودینہ میں ۵ تولہ نکالکر خمیرہ بنفشہ یا گلقند یا شربت وردکرر یا شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلائیں یا ایک تولہ کمونی مسہل اول کھلائیں اور اوپر سے شیرہ بادیان شیرہ انیسون عرق بادیان میں نکالکر گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور اگر قے اور اسہال زیادہ ہوں اور بند کرنا مقصود ہو تو مصطگی ۔ عود ہندی ۔ انیسون ہر ایک ۶ ماشہ رازیانہ پودینہ خشک ہر ایک ۹ ماشہ ونگ ۳ ماشہ ان سب کو گلاب میں جوش دیکر جب تیسرا حصہ باقی رہجائے شربت حب الآس یا رب بہی شیریں ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۔ اور زعفران مشک عود ان سب کو باریک پیسکر سرکہ اور گلاب میں ملا کر معدہ پر لیپ کریں ۔ آکھ کی تازہ جڑ ایک تولہ کالی مرچیں ۶ ماشہ دونوں کو ادرک کے پانی میں نہایت باریک پیسکر چنے کی برابر گولیاں بنائیں ۔ اور ایک ایک گولی دو دو گھنٹہ کے بعد گلاب اور سکنجبین کے ساتھ کھلائیں تو نہایت مفید ہے ۔ کئی مرتبہ تجربہ میں آئی ہیں عموماً بے خطا ثابت ہوئی ہیں ؛

، قرص اول کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق بادیان ۷ تولہ نیم گرم کرکے مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور دو دو گھنٹہ کے بعد مرکب پپیتا ایک عدد اول کھلا کر اوپر سے عرق گلاب ۱۲ تولہ سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں ۔ اور سوتے وقت مسک معتدل سادہ ۵ قرص یا جواہر والی ۵ قرص یا انوشدارو سادہ یا جواہر والا ۵ - ۵ قرص کھلایا کریں ؛

امراض الکبد ۔ جگر کی بیماریاں

انسانی ہستی کے لئے ان ضروری اعضاء میں جن کو رئیس کے نام سے موسوم کیا گیا ہے ایک جگر بھی ہے اور غذا اور تغذیہ کا فعل اسی پر موقوف و منحصر ہے یا یوں کہنا چاہئے کہ کھائی ہوئی چیزیں اعضاء انسانی کے لئے مشابہت حاصل کرنے کی پہلی سیڑھی اور اولین درجہ یہیں طے کرتی ہیں ۔ یہ ایک گوشت نما عضو ہے جو داہنی پسلیوں کے نیچے اور ان سے پوشیدہ ہے معمولی طور پر صحیح اور تندرست اشخاص میں وہ پسلیوں کے باہر ٹٹولنے سے بھی معلوم نہیں دیتا ۔ لیکن جس وقت اسمیں کوئی عارضہ

پیدا ہوتا ہے اور یہی معمولی مقدار سے بڑھ جایا کرتا ہے اسوقت اس کا بیرونی کنارہ کم و بیش پسلیوں سے باہر نکل آتا ہے اور بہت اچھی طرح محسوس ہونے لگتا ہے اسکی دو سطحیں ہوتی ہیں ایک گہری جو معدہ کے ساتھ متصل و ملاقی رہتی ہے دوسری اُبھلی جو پسلیوں سے ملی ہوئی ہوتی ہے
جس وقت جگر میں کسی قسم کی خرابی لاحق ہوتی ہے تو اس کے ساتھ ساتھ معدہ پر بھی ضرور اثر پڑتا ہے جسکے ازالہ کے لئے علاج میں معدہ کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے ؂
ایک کھانے کے ہضم ہونے سے پہلے دوسرا کھانا کھالینا جسطرح معدہ کیلئے مضر ہے اسیطرح جگر کو بھی۔ نہار منہ ٹھنڈا پانی پینا خاصکر حمام مباشرت و ریاضت کے بعد یا برف کا استعمال کرنا جگر کو نقصان دیتا ہے۔ جگر کی ہر ایک گرم اور سرد بیماری میں کاسنی کو مختلف طریقوں سے استعمال کرنا نہایت سودمند ہے۔

ضعف الکبد - جگر کی کمزوری

ہر عضو کو اپنی غذا حاصل کرنے اور اسکے پورے انتظام اور اہتمام کے لئے جو افعال اس کے متعلق ہوں اونکو پورا کرنیکے واسطے چار قوتوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ جاذبہ۔ ماسکہ۔ ہاضمہ۔ دافعہ ایسے ہی جگر میں بھی یہ چاروں قوتیں کام کرتی ہیں اور ان سب کے یا کسی ایک کے خراب ہونے اور اپنے فعل سے عاجز ہوجانے کا نام ضعف الکبد ہے۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
جگر کی کمزوری	کبھی گرمی کے زمانہ میں گرم تدابیر کے زیادہ عمل میں لانیکی وجہ سے ضعف لاحق ہوجاتا ہے لیکن بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ حرارت اسکا سبب ہو۔ کیونکہ حرارت ہی انسان کے بدن میں ایک ایسی چیز ہے جسکی وجہ سے تمام	جگر کے مقام پر ہاتھ رکھنے سے گرمی معلوم ہوگی۔ اندر سے جگر کے مقام پر مریض کو سوزش محسوس ہوگی پیاس زیادہ لگیگی نبض تیزی کے ساتھ چلیگی پیشاب سرخی یا زردی مائل ہوگا بھوک جاتی رہے گی اگر یہ حرارت خون کی زیادتی کے ساتھ ہو تو مذکورہ علامات کے ساتھ اعضا میں گرانی	اس حالت میں آب کاسنی سبز آب مکوہ سبز ہر ایک ۴ تولہ پھاڑ کر شربت بزوری ۴ تولہ شامل کر کے صبحکو پلائیں۔ اور ۳ ماشہ اسپغول کا لعاب نکالکر تخم خیارین تخم کاسنی ہر ایک ۳ ماشہ عرق مکو عرق کاسنی میں شیرہ نکالکر سکنجبین سادہ ۴ تولہ ڈالکر شام کو پلائیں۔ اگر خون کی خرابی ہو تو پہلے فصد باسلیق کھلوائیں۔ اس کے بعد شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت ڈاکہ یا شربت صندل ۴ تولہ ڈالکر	یا صبحکو مرکب نمبر ۴ قرص کھلاکر اوپر سے عرق بید ۵ تولہ مخرور ۵ تولہ شربت کاسنی ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور قبض ہو تو شام کو طباشیر ملین ۴ قرص اول کھلائیں اوپر سے عرق کاسنی ۶ تولہ قرار داد ۴ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اگر دست آتے ہوں تو بجائے اس کے شام کو طباشیر قابض ۵ قرص کھلاکر اوپر سے ادویات مذکورہ شربت حماض ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اگر گھبراہٹ اور کمزوری معلوم ہو تو مرکب بارد ۵ قرص	کل گرم۔ چکنی اور شیریں چیزوں سے پرہیز کریں۔ گوشت۔ چکنائی۔ مرغ تیتر بٹیر گرم مصالحہ سرخ مرچ۔ غلیظ اور دیر ہضم اشیاء آلو اروی۔ توری لہسن پیاز انڈے چائے۔ دودھ شراب وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں۔ محنت مشقت نہ کریں دھوپ میں نہ پھریں۔ گرم	ٹھنڈی ٹھنڈی ترکاریاں کدو پالک خرفہ ککڑی۔ کھیرا ٹینڈا۔ چقندر۔ شلجم ارہر کی دال ہرے دھنیے کی چٹنی۔ کاسنی کے سبز پتوں کی بھوجیا بناکر کھانا اس مرض میں نہایت مفید ہے۔ ماءالشعیر۔ گیہوں کا دلیا خیارین کی کھیر۔ سیب انگور انار سپاتی۔ سنگترہ تربوز انار لیموں کا آب شورہ بناکر پئیں ؂	اگر قبض کی شکایت ہو تو آلو بخارا تمر ہندی ہر ایک ۴ تولہ پانی میں بھگو کر چند گھنٹہ کے بعد صاف کرکے مغز فلوس ۴ تولہ شکر سرخ ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اگر پاخانہ زیادہ نرم ہو تو فوراً قابض ادویات دیں ؂

نام مرض	اسباب	علامات	علاج	غذا	کیفیت
	تو تین اعانت حاصل کرتی ہیں اور اپنے اپنے کام کو علی قدر مراتب انجام دیتی ہیں جس وقت حد اعتدال سے حرارت بڑھ جاتی ہے تب البتہ اس مرض کے پیدا کرنیکا سبب ہوتی ہے	چہرہ سرخ ہوگا رگیں پھولی ہوئی ہونگی منہ کا مزہ شیریں ہوگا اور اگر اس کے ساتھ صفرا کی زیادتی ہو تو علاوہ اور گرمی کی علامات کے منہ کا مزہ کڑوا ہوگا۔ چہرہ زرد ہوگا پیاس کا غلبہ زیادہ رہیگا پیشاب کرنے میں سوزش ہوتی ہے	پلائیں اگر صفرا کی کثرت ہو تو شیرہ زرشک ۳ ماشہ شیرہ آلو بخارا ۳ دانہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ زلال تمر ہندی میں نکالکر شربت انار ۴ تولہ ڈالکر پلائیں۔ اگر دست آتے ہوں تو سماق۔ انار دانہ بریاں زرشک ان سب کو پانی میں بھگوکر پلاتے رہیں۔ اگر ان تدابیر سے فائدہ نہ ہو تو تخم کاسنی نیمکوفتہ ۱ تولہ کو رات کو پانی میں بھگوئیں اور صبحکو چار تہ کپڑے کی کرکے مثل ریتی کے چار مرتبہ ٹپکائیں یہانتک کہ نہایت شفاف زلال ہوجائے بعدہ شربت بزوری ۴ تولہ ڈالکر پلائیں۔ امید ہے کہ چند روز کے استعمال سے فائدہ کلی حاصل ہوگا۔ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر اول کھلائیں اوپر سے عرق کیوڑہ ۶ تولہ عرق بیدمشک ۶ تولہ شربت صندل ۲ تولہ ملاکر پئیں۔ موجودہ تکالیف کے رفع ہونیکے بعد کچھ مدت تک فولاد ایک قرص مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کراتے رہیں۔	تیل کی بنی ہوئی چیزوں اور مباشرت وغیرہ سے بچیں۔	
ضعف جگر یعنی جگر کی کمزوری	اور کبھی مرطوب غذائیں مثلاً دہی وغیرہ کے زیادہ استعمال کرنے سرد پانی برف وغیرہ زیادہ پینے کی وجہ سے بلغم زیادہ ہو جاتا ہے اور جگر کو ضعیف کر دیتا ہے	جگر کے مقام پر ہاتھ رکھنے سے ٹھنڈک معلوم ہوگی ہونٹ اور زبان کی رنگت سفید ہوگی بدن میں سستی اور ڈھیلا پن ہوگا چہرہ پر بھر بھراہٹ اور پیشاب گاڑھا ہوگا۔ نبض آہستہ چلے گی۔	صبح کو بادیان انیسون ہر ایک ۵ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ پانی میں جوشدیکر گلقند عسلی ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اور شام کو بادیان عنب الثعلب ہر ایک ۵ ماشہ جوشدیکر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اور افسنتین اذخر مکی سعد کوفی سلیخہ قسط تلخ گلسرخ ہر ایک ۶ ماشہ زعفران ایکماشہ مکوہ کے پانی میں پیسکر روغن سوسن ملاکر نیمگرم کرکے جگر کے مقام پر لیپ کریں۔ یا مستقی ۵ قرص صبحکو ایفاظ ۴ تولہ عرق افسنتین ۴ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور افضل ۵ قرص شام کو استعمال کرائیں اور زریاق ۱ قرص رات کو کھلائیں آرام ہونیکے بعد فولاد ایک قرص فلاسفہ یا مرکب مصطگی ۷ قرص کے ہمراہ صبحکو اور فائدہ ۲ عدد شام کو استعمال کرایا کریں۔	بکری کا گوشت۔ مرغ۔ تیتر بٹیر بھونکر کھائیں۔ گرم مصالحہ کا استعمال زیادہ رکھیں۔ پودینہ کی چٹنی۔ مونگ ارہر کی دال کریلا۔ میتھی کا ساگ انڈے وغیرہ کھائیں۔ غلیظ اور ٹھنڈی چیزیں آلو اروی بھنڈی کچالو کدو پالک توری خرفہ چنے اور اُڑد کی دال باقلا دودھ دہی مکھن۔ چکنائی سے پرہیز رکھیں۔	[illegible]

وجع الکبد (درد جگر) جگر کا درد بھی انسان کے لئے بہت بڑی بے چینی کا باعث ہوتا ہے۔ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ اعضاء کا تغذیہ اور غذا کا تغیر و تبدل سب سے پہلے یہیں سے شروع ہوتا ہے۔ اور یہ ایک ایسا امر ہے کہ جسپر بدن کی تمام قوتوں کا دارمدار ہے۔ جس وقت جگر میں درد لاحق ہوتا ہے اس وقت یہ فائدہ بالکل حاصل نہیں ہوتا اور اسی وجہ سے بدن بہت لاغر اور کمزور ہو جاتا ہے۔ علاوہ اس کے تکلیف اس قدر سخت ہوتی ہے کہ کسی کروٹ چین نہیں آتا۔ اور بعض اوقات درد کی شدت سے غشی کے دورہ پڑنے لگتے ہیں۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
جگر کا درد	کبھی گرم تدابیر کے زیادہ کرنے دہوپ وغیرہ میں زیادہ پھرنے کی وجہ سے جگر کی گرمی زیادہ بڑھ جاتی ہے اور درد کا باعث ہوتی ہے	جگر کے مقام پر جلن اور سوزش معلوم ہوگی۔ پیشاب کا رنگ زرد ہوگا۔ منہ خشک رہیگا پیاس زیادہ معلوم ہوگی بخار تیز ہوگا ؛	اس حالت میں صبحکو ماء الشعیر پلائیں اور شام کو ککڑی یا تربوز یا کدو کا پانی لیکر ۴ تولہ سکنجبین ڈالکر پلائیں اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو تو شیرۂ آلو بخارا ۵ دانہ عرق نیلوفر ۲ تولہ میں نکالکر شربت نیلوفر ۴ تولہ ڈالکر پلائیں قبض ہو تو آلو بخارا ۱۰ دانہ تمر ہندی ۴ تولہ پانی میں جوشدیکر مصری ملاکر پلائیں ؛	یا صبحکو مرکب تمر ہندی ۷ قرص یا جوارش زرین ۷ ماشہ کھلاکر اوپر سے عرق ۵ تولہ عرق کاسنی ۷ تولہ شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں اور مرکب ابریشم شیرۂ عناب والا یا مرکب بارد ۵ قرص شام کو عرق نیلوفر ۷ تولہ عرق شاہترہ ۷ تولہ شربت عناب ۴ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ افاقہ کے بعد فولاد ایک قرص دبید الورد ۷ قرص کے ہمراہ صبح شام استعمال کرائیں ؛	گرم اور ثقیل چیزیں گوشت گرم مصالحہ لال مرچ دودھ چائے انڈے آلو اروی بینگن مسور کی دال مچھلی وغیرہ نہ کھائیں ؛	ٹھنڈی ترکاریاں کدو پالک توری خرفہ ککڑی کھیرا ارہر کی دال شلجم ٹنڈا وغیرہ کھائیں۔ موسمی پھل تربوز انگور سیب رنگترہ خشکہ کھچڑی کھاسکتے ہیں ؛	[illegible]
جگر کا درد	کبھی سرد غذائیں کثرت سے استعمال کرنے برف کے زیادہ پینے ورزش کرکے پسینہ خشک ہونے سے پہلے پانی پی لینے کی وجہ سے بھی جگر میں سردی اثر کرکے مادہ بلغمی زیادہ ہوجاتا ہے اور درد جگر کا باعث ہوتا ہے ؛	جگر میں ہلکا ہلکا درد ہوگا ایک عرصہ تک یہ حالت رہنے کے بعد دست آنے لگ جائینگے۔ ہونٹ اور زبان کا رنگ سفیدی مائل ہوگا۔ چہرہ پر بھربھراہٹ ہوگی۔ آنکھوں کے پپوٹے پھولے ہوئے معلوم ہوں گے ؛	اسحالت میں بادیان بیخ بادیان بیخ اذخر بادرنجبویہ ہر ایک ۷ ماشہ پانی میں جوشدیکر صاف کرکے شہد خالص ۴ تولہ ڈالکر پلائیں آٹھ روز تک یہی نسخہ استعمال کرانیکے بعد نویں روز چار گھڑی رات رہے اٹھکر حب شبیار ۷ ماشہ نیمگرم پانی کے ساتھ پھانک لیں اور سویرے صبحکو اٹھکر مذکورہ نسخہ میں ترنجبین شکر سرخ گلقند ہر ایک ۴ تولہ ملائیں اور برگ سنا مکی پیسکر شامل کرکے پلائیں۔ تیسرے پہر کو مونگ کی کھچڑی کھائیں اور اگلے روز تبرید دیں۔ اسیطرح دو تین مسہل دیں امید ہے کہ مرض جاتا رہے گا ؛	اسی نسخہ کے ساتھ شام کو کرکم کبیر ۳ ماشہ روح عنب و ثعلب ۳ تولہ روح بادیان ۲ تولہ خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملاکر استعمال کرائیں۔ اور استحکام ایک عدد رات کو سوتے وقت کھلائیں مناسب ہے کہ کبد ۲-۲ عدد بعد کھانا کھانیکے استعمال کراتے رہیں مسہل سے فراغت کے بعد فولاد ایک قرص مسک معتدل ۵ ماشہ کے ہمراہ اور خبث الحدید ایک قرص دبید الورد ۷ قرص کے ہمراہ شام کو کھلائیں۔ بہتر ہو کہ صبح شام کی دوا کے ہمراہ عرق نانخواہ ۸ تولہ شربت دینار ۲ تولہ پلادیا کریں۔ اور روغن افسنتین نیمگرم کرکے جگر کے مقام پر مالش کریں ؛	تمام ٹھنڈی اور ثقیل چیزیں کدو پالک توری خرفہ ککڑی تربوز ٹنڈا خشکہ آلو اروی کچالو ماش اور چنے کی دال گائے کا گوشت مچھلی دودھ دہی مکھن وغیرہ سے پرہیز رکھیں ؛	ہلکی اور لطیف چیزیں بکری کا گوشت بھنا ہوا۔ مرغ تیتر بٹیر کا گوشت گرم مصالحہ وغیرہ اچھی طرح ڈالکر ادرک اور پودینہ کی چٹنی کریلا میتھی کا ساگ۔ چائے انڈے بسکٹ مونگ ارہر کی دال کھائیں ؛	[illegible]

ورم الکبد (جگر کی سوجن) ورم جگر بھی ایک نہایت مصیبت خیز عسر العلاج عارضہ ہے۔ اس مرض میں خون عمدہ نہ پہونچنے اور پوری طرح پرورش نہ ہونیکی وجہ سے بدن کی حالت نہایت خراب ہو جاتی ہے۔ نیز یہ کہ اس کے علاج میں نہایت احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ جگر ہی اون نازک اعضاء میں سے ہے جو نہ زیادہ سردی کی برداشت کر سکتے ہیں اور نہ زیادہ گرمی کی۔ اگر تحلیل کا اثر کسی قدر زیادہ پہونچ جائے تو بیماری کے ساتھ ساتھ قوتیں بھی فنا ہو جاتی ہیں اور اگر ذرا ضرورت سے زیادہ قابض اشیاء کا استعمال کیا گیا تو فوراً اس میں صلابت اور سختی پیدا ہو کر علاج سے ایک حد تک مایوس کر دیتی ہے۔ اسوجہ سے اسکے علاج میں نہایت حزم و احتیاط کی ضرورت ہے۔

ورم جگر

کبھی گرم اور چکنی اور شیریں غذاؤں کے زیادہ استعمال کرنے یا کثرت شراب خوری کی وجہ سے خون یا صفرا میں جوش پیدا ہو کر خراب ہو جاتے ہیں اور جگر کی طرف متوجہ ہو کر ورم پیدا کر دیتے ہیں۔

جگر کے مقام پر سوزش اور جلن اور درد ہوگا پیاس زیادہ ہوگی بخار شدت کے ساتھ ہوگا اگر یہ ورم مقعر (گہرے حصہ) میں ہو تو مذکورہ بالا علامات کے ساتھ ہچکی قے قبض غشی ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونگے اگر محدب (ابھرے حصہ) میں ورم ہو تو کھانسی سانس کا مشکل سے آنا۔ پیشاب کا بند ہونا خاص علامات ہیں۔ اگر دونو جانب ہو تو نہایت مہلک ہے۔

سب سے پہلے اگر مریض قوی ہو بدن میں خون زیادہ ہو تو فصد کھولیں بعدہٗ ورم اگر مقعر میں ہو تو شیرہ عنب الثعلب خشک ۵ ماشہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ عرق مکو ۶ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ میں نکالکر صاف کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے خاکسی ۷ ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ اس کے بعد یہ نسخہ منضج کا پلانا شروع کریں۔ عناب ۵ دانہ۔ گلسرخ۔ گل نیلوفر۔ بیخ کاسنی۔ عنب الثعلب خشک۔ ان سب چیزوں کو رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھان کر گلقند آفتابی ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور شام کو آب کاسنی سبز آب مکو سبز ہر ایک ۴ تولہ پھاڑ کر گلقند ۴ تولہ شامل کر کے پلائیں۔ ۵ روز کے بعد صبح کے نسخہ میں شکر سرخ۔ ترنجبین۔ شیر خشت۔ تمر ہندی ہر ایک ۴ تولہ ان سب چیزوں کو خوب حل کر کے گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اس ترکیب سے تھوڑے دست آجائیں گے۔ تیسرے پہر کو نرم کھچڑی مونگ کی پکا کر کھلائیں۔ اگر دست زیادہ آئیں تو شربت انار تازہ پانی میں یا عرق گاؤزبان میں ملا کر تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ دو مسہلوں کے بعد پانچویں روز سبز مکو اور کاسنی کا پانی پھاڑ کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر خاکسی ۷ ماشہ چھڑک کر پلائیں۔

مذکورہ علاج کے بعد صبح کو مرکب طباشیر اور اگر گرمی زیادہ معلوم ہو تو قرص کافور ۳ قرص اول کھلا کر اوپر سے عرق مکو ۶ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ اگر ورم مقعر میں ہو تو گلقند ورنہ شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو جوارش انارین ۷ ماشہ کھلا کر اوپر سے محرور ۵ تولہ عرق ذب ۳ تولہ ملا کر پلائیں جب ورم کو آرام ہو جائے۔ تو فولاد ایک قرص سو بید الورد ۲ قرص کے ہمراہ اور شام کو سبزی ۵ قرص عرق راحت افزا ۵ تولہ فرارداد ۳ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور مرکب فنتاع ایک قرص بعد کھانا کھانیکے استعمال کرائیں۔ اسیطرح مرکب گل اور قرص زرشک کا استعمال کرنا بھی مفید ہے۔

تمام گرم شیریں اور چکنی چیزوں سے قطعی پرہیز رکھیں گوشت گرم مصالحہ مرچ بینگن مچھلی انڈا میتھی کا ساگ۔ لہسن پیاز اروی آلو۔ کچالو چائے۔ دودھ۔ مکھن۔ دہی۔ خربزہ۔ گڑ۔ تیل کی بنی ہوئی چیزیں نہ کھائیں۔ محنت و مشقت نہ کریں۔

دوران مرض میں سوائے ماء الشعیر یا ساگودانہ یا خیارین کی کھیر کے اور کوئی غذا نہ کھائیں اگر بھوک زیادہ معلوم ہو تو پالک ابال کر اُسکے پانی میں روٹی کا پھلکا ملکر کھلائیں بعد افاقہ ٹھنڈی چیزیں کدو توری پالک خرفہ خشکہ کھچڑی۔ انار۔ انگور۔ سیب ناسپاتی وغیرہ کھائیں۔

اگر ورم کے ساتھ [illegible] والی ہو [illegible] نسخہ جو ضعف [illegible] میں بیان [illegible] استعمال کرائیں۔

اور اگر ورم محدب میں ہو تو فصد کے بعد شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم کاسنی۔ شیرہ تخم خربزہ۔ شیرہ تخم کشوث ہر ایک ۳ ماشہ عرق مکو ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بزوری ۴ تولہ ڈالکر پلائیں اور شام کو مکو اور کاسنی کا پانی پھاڑ کر

شربت بزوری ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ اور ابتدا کے زمانہ میں یہ لیپ لگائیں تخم کاسنی۔ صندل سفید۔ زردرد۔ آرد جو۔ عنب الثعلب خشک ہر ایک ۶ ماشہ آب کشنیز سبز آب گلو سبز میں پیس کر روغن گل ملا کر نیم گرم لیپ کریں۔ تین دن کے بعد اکلیل الملک ۶ ماشہ زعفران ایک ماشہ افسنتین ۶ ماشہ بڑھا کر لیپ کریں۔ اور ساتھ آٹھ روز کے بعد جب علامات میں تخفیف ہو جائے تو صندل موقوف کریں اور چھ۔ روز تک استعمال کرکے پھر صرف افسنتین ۶ ماشہ زعفران ۱ تا ۲ عود ۶ ماشہ آب مکو سبز اور سرکہ میں پیس کر لیپ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں صحت کلی حاصل ہوگی۔

ورم جگر	اور کبھی ٹھنڈی اور ثقیل غذا اور زیادہ استعمال کرنے بخار وغیرہ کی حالت میں پانی زیادہ پینے کی وجہ سے مادہ بلغمی زیادہ ہو کر جگر میں نفوذ کرکے ورم پیدا کر دیتا ہے	چہرہ اور زبان کا رنگ سفید ہوگا چہرہ پر بھربھراہٹ ہوگی۔ پاؤں پر ورم معلوم ہوگا پیاس کم ہوگی۔ درد اور بخار ہلکا ہوگا۔ پاخانہ ملین ہوگا آنکھوں کے پپوٹے پھولے ہوئے ہونگے۔ مقعر اور محدب کے یہی علامات ہونگی جو پہلے بیان ہوئیں	ایسی حالت میں تخم کاسنی۔ تخم خطمی نیم کوفتہ پرسیاوشاں۔ بادیان۔ اسطوخودوس ہر ایک ۵ ماشہ تخم کرفس ۳ ماشہ مصطگی ۲ ماشہ ان سب چیزوں کو پانی میں جوش دیکر صاف کرکے پرانا گلقند یا سکنجبین عسلی ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور عنب الثعلب خشک اسارون۔ افسنتین۔ برنجاسف۔ گل بابونہ اکلیل الملک ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران۔ سنبل الطیب ہر ایک ۳ ماشہ ہری مکو کے پانی میں پیس کر شامل کرکے نیم گرم کرکے جگر مقام پر لیپ کریں۔	اور گلکلانج ۲ قرص یا مستقی ۵ قرص شام کو کھلا کر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق برنجاسف ۸ تولہ شربت کشوث ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور فائدہ ۲ عدد رات کو سوتے وقت عرق افسنتین ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ آرام ہونیکے بعد افضل ۵ قرص فولادا ایک قرص کے ہمراہ صبحکو اور مسک معتدل ۵ قرص عرق فولاد ۶ ماشہ عرق مکو ۴ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں اور معجون زعفران ۵ ماشہ رات کو سوتے وقت عرق ماء اللحم کاسنی مکو والے ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔	گائے کا گوشت آلو پیاز توری ٹھنڈا اکدو ککڑی خرفہ لیموں دودھ مکھن بالائی دہی سے پرہیز رکھیں۔ موسمی پھل آم جامن امرود تربوز خربزہ نہ کھائیں۔	دوران مرض میں ساگودانہ کی کھیر آب نخود بالا ارہر کی دال ابال کر اس کا پانی لیکر گرم مصالحہ شامل کرکے پلائیں۔ مکو اور کاسنی کے پتوں کی بھوجیا بناکر چپاتی کے پھلکے کے ساتھ کھائیں اور بعد افاقہ مرغ تیتر بٹیر کا گوشت بھنا ہوا گرم مصالحہ وغیرہ ڈالکر کھلائیں۔ چائے پی سکتے ہیں۔	اس ورم کی حالت میں خون لگانے کے دو دو جونکیں جگر کے مقام پر لگانا نہایت مفید ہے۔ چند روز میں ورم زائل ہو جاتا ہے۔
ورم صلب	کبھی ورم حار یا بارد اگر علاج کی غلطی سے عرصہ تک رہتا ہے تو مواد کا لطیف حصہ تحلیل ہو کر غلیظ باقی رہ جاتا ہے اور ورم	جگر میں سختی اور ہلکا بخار ہوگا۔ بدن کا رنگ تیرگی مائل ہوگا۔ پیشاب کم اور رقیق ہوگا بھوک جاتی رہیگی۔ قبض دائمی کی شکایت رہیگی۔ اگر ورم محدب میں ہو تو پسلیوں کے	ایسی صورت میں بادیان ۶ ماشہ انیسون تخم کرفس حلبہ خار خسک مویز منقی ۵ انجیر زرد ۵ عناب ۵ اسارون غافث ۹ دانہ ان سب کو کچھ دیر گرم پانی میں بھگو کر خوب جوش دیں بعدہ اتار کر صاف کرکے سکنجبین بزوری ۴ تولہ روغن بید انجیر ۲ تولہ روغن بادام ۶ ماشہ شامل کرکے پلائیں۔ اور	اور شام کو کرکم کبیر ۲ قرص کھلا کر اوپر سے عرق برنجاسف ۱۰ تولہ عرق افسنتین ۱۰ تولہ شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور فائدہ ۲ عدد رات کو ایقاظ ۵ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں اور روغن افسنتین نوشادری کی جگر کے مقام پر مالش کریں اور کبد ۲-۲ عدد	گائے کا گوشت اور تمام گوشتوں کی بوٹی نہ کھائیں اروی آلو توری بھنڈی کچالو اڑد اور چنے کی دال اور مسور کی دال نہ کھائیں دودھ مچھلی انڈا چائے	بکری کے گوشت کے شوربے یا مرغ تیتر بٹیر کے شوربے میں ڈبل روٹی یا پتلی چپاتی گلا کر کھلائیں کدو پالک خرفہ اور بتھوے کا ساگ دھنیے کی چٹنی کاسنی اور مکو کے پتوں کی بھوجیا بنا کر کھلائیں۔ مونگ ارہر کی دال انگور	چونکہ یہ بیماری بہت مدت میں علاج پذیر ہوتی ہے اسلئے تقویت کیواسطے مریض کو عرق ماء اللحم کاسنی مکو والا ۵ تولہ سکنجبین بزوری معتدل

سخت ہوکر ورم صلب کہلاتا ہے نیز تلی کی خرابی کی وجہ سے بھی کبھی سودا زیادہ ہوکر سخت ورم کا باعث ہوتا ہے ۔	نیچے مڑنے سے ورم کی سختی اچھی طرح محسوس ہوگی۔ بدن لاغر ہو جائے گا ۔	مرحاشا افسنتین گل بابونہ سعد کوفی۔ اکلیل الملک برنجاسف عنب الثعلب خشک سنبل الطیب ہر ایک ۶ ماشہ ۔ جدوار رسوت ہر ایک ۳ ماشہ ان سب کو ہری مکو کے پانی میں پیس کر نیم گرم کرکے جگر کے مقام پر لیپ کریں۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو افسنتین ۶ ماشہ نوشادر ۳ مرغ دونوں کو پیس کر آنچ پر رکھیں جب پھٹ جائے اتار کر صاف کرکے پی لیں۔ امید ہے کہ چند روز کے استعمال سے فائدہ ہوگا ۔	کھانا کھانے کے بعد کھایا کریں۔ اگر چند روز تک بجائے پانی کے عرق افسنتین ۲ تولہ شربت کشوث ۴ تولہ ملا کر پیا کریں تو نہایت مفید تدبیر ہے۔ آرام ہونے کے بعد کشتہ فولاد ایک قرص ربید اورد ۲ قرص کے ہمراہ صبحکو اور تریاق ۲ قرص عرق نانخواہ ۸ تولہ کے ہمراہ شام کو کھایا کریں ۔	برف اور ٹھنڈے پانی سے بچیں ۔	دعنب رہ کھائیں ۔ ۴ تولہ شامل کرکے ایک وقت پلایا کریں ۔

استسقا - (جلندر) یہ ایسا مہلک اور پریشان کن مرض ہے کہ بہت کم اس سے مریض کا پیچھا چھوٹتا ہے اور یہ اسقدر مستحکم ہو جاتا ہے کہ مستقل علاج یا کسی خاص تدبیر کے بغیر قطعی علاج پذیر نہیں ہوتا۔ اس میں پہلے تو جگر ضعیف ہوتا ہے۔ پھر رفتہ رفتہ سارے اعضائے رئیسہ (قلب دماغ وغیرہ) خراب اور ضعیف ہو جاتے ہیں۔ اور ایک عرصہ تک رہنے کی وجہ سے اور اپنے کمال تکلیف اور مجبور کن اذیت کے باعث مریض کو زندگی سے بالکل عاری اور عاجز کر دیتا ہے۔ اس بیماری کی تین قسمیں بیان کی گئی ہیں۔ ایک تو وہ صورت ہے کہ جب یہ ردی اور فاسد مادہ بلغمی سارے بدن کے اعضا میں پیوست ہو جاتا ہے۔ اس کو اطبا اپنی اصطلاح میں **استسقاء لحمی** کہتے ہیں۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ رطوبت جوف شکم میں بھر جائے اور پیٹ بڑھ جائے اس کو **استسقاء زقی** کہتے ہیں۔ تیسری صورت یہ ہے کہ رطوبت کم اور غلیظ ہو اور اس سے ریاح پیدا ہو کر جوف شکم یعنی پیٹ میں بھر جائیں اور زقی کی سی حالت پیدا ہو جائے۔ اس کو **استسقاء طبلی** کہتے ہیں ۔

استسقاء لحمی	سرد پانی کے زیادہ استعمال ۔ برف وغیرہ زیادہ پینے کی وجہ سے بلغم کی زیادتی اور جگر کی کمزوری کی وجہ سے غذا پوری طرح ہضم نہیں ہوتی اور	تمام اعضا پھولے ہوئے ہونگے تمام بدن پر ورم سا معلوم ہوگا۔ بدن پر انگلی رکھکر دبانے سے گڑھا پڑجائیگا اور تھوڑی دیر کے بعد پھر بدن بدستور ہو جائیگا۔ پیشاب گاڑھا اور اسکی رنگت سفید ہوگی ۔	ایسی صورت میں عنب الثعلب خشک مویز منقی۔ بھنگاسنی بیخ بادیان۔ پرسیاوشاں ہر ایک ۷ ماشہ تخم خیارین مغز ۵ ماشہ تخم کشوث پوٹلی میں باندھکر ۵ ماشہ اصل السوس مقشر ۷ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو ملکر چھانکر خمیرہ بنفشہ یا گلقند عسلی ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ نوین روز ان دواؤں کے ہمراہ عود ۵ ماشہ	صبح کے نسخہ کے ساتھ ساتھ شام کو منقی ۵ قرص کھلا کر اوپر سے انفاظ ۵ تولہ پلائیں اور تریاق ۲ قرص رات کو سوتے وقت عرق افسنتین ۴ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں مسہل وغیرہ اور تدابیر گذشتہ سے فارغ ہو کر فولاد ایک قرص دبید الورد ۲ قرص کے ہمراہ صبحکو کھلائیں اوپر سے عرق نانخواہ ۶ تولہ شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلائیں	منفخ اور دیر ہضم چیزیں۔ ٹھنڈی اور ثقیل ترکاریاں ہرگز نہ کھائیں۔ الو اروی کچالو آرو چنے کی دال بھنڈی کدو ککڑی خرفہ پالک شلجم مولی گوبھی دودھ مچھلی لیموں بالائی مکھن چکنائی وغیرہ	ہلکی اور لطیف غذا بکری کا گوشت۔ تیتر بٹیر مرغ کا گوشت گرم مصالحہ وغیرہ ڈالکر بھونکر کھائیں۔ اگر کباب بنا کر کھائیں تو زیادہ مناسب ہے۔ انڈا چائے مونگ ارہر کی دال بسکٹ انار ناسپاتی انگور پودینہ ادرک کی چٹنی مولیاں سرکہ میں ڈالکر اسمیں رائی زیرہ وغیرہ شامل	استسقاء کی جملہ اقسام میں فصد بالکل منع ہے مگر جہاں عورتوں میں ایام ماہواری کے رکجانے کی وجہ سے جگر خراب ہوکر یہ مرض پیدا ہوا ہے فصد صافن مفید ہو سکتی ہے

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
جلندر	کچی غذا تمام بدن میں منتشر ہو کر بدن کے مسامات میں نفوذ کر کے اس مرض کا باعث ہوتی ہے	پاخانہ مقدار میں زیادہ اور نرم ہوگا پیاس بھی ساتھ لگیگی	مصطگی ۳ ماشہ دارچینی ۵ ماشہ سنا مکی ۷ ماشہ اضافہ کر کے بھگوئیں اور صبحکو مغز فلوس شیرخشت ترنجبین شکر سرخ ہر ایک ۴ تولہ شیرہ مغز بادام ۵۴ دانہ اور ملائیں اور صاف کر کے پلائیں سہ پہر کو پتلی کھچڑی اور اگلے روز تبرید دیں تین مسہل دینے کے بعد صبحکو اونٹنی کا دودھ ۷ تولہ گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں تین روز کے بعد ایک ایک تولہ دودھ اور تھوڑا تھوڑا گلقند اضافہ کرتے جائیں یہانتک کہ ۱۴ تولہ دودھ تک پہنچ جائے - اس کے بعد اسی طرح ایک ایک تولہ گھٹائیں اور مقدار اول پر لا کر چھوڑ دیں اور شام کو معجون دبید الورد ۷ ماشہ کھلا کر اوپر سے شیرہ عنب الثعلب خشک شیرہ بادیان شیرہ تخم کشوث عرق بادیان عرق مکو عرق کاسنی میں نکالکر گلقند ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں - اگر معجون میں عصارہ ریوند پیسکر ملائیں تو زیادہ مفید ہے اگر دوران استعمال دودھ میں دست آنے لگیں تو اب بارتنگ سبز چھڑک کر رب بہی شربت ملا کر پلائیں اور دودھ کا استعمال ترک کریں جب دست موقوف ہوں پھر بدستور استعمال شروع کرائیں نیز اگر منضج کے درمیان دست آنے لگیں تو اب بارتنگ سبز ۴ تولہ اضافہ کر کے تخم بارتنگ ۵ ماشہ چھڑک کر پلائیں اور عنب الثعلب خشک - آرد جو - گل بابونہ مغز فلوس سنبل الطیب - افسنتین - افتیمون ہری مکو کے پانی میں پیسکر نیم گرم لیپ کریں	اور سو سنبری ۵ قرص شام کھلا کر اوپر سے عرق راحت افزا ۵ تولہ یا عرق ماء اللحم کاسنی مکو دار ۵ تولہ شربت کشوث تولہ شامل کر کے پلائیں اور فائدہ ۲ عدد رات کو سوتے وقت کھلایا کریں ؎	گرد تیل ترشی ٹھنڈا پانی برف وغیرہ بالکل نہ استعمال کریں - سرد ہوا میں نہ رہیں	کر کے کھلائیں ؎	
جلندر	اور کبھی مختلف قسم کے اسباب سے جیسا کہ استسقاء لحمی میں بیان کیا گیا جگر ضعیف ہو جاتا ہے اور غذا فاسد ہو کر رطوبت کی صورت اختیار کرتی ہے اور جگر سے ناف کی طرف چلکر	تمام اعضاء دبلے اور سوکھے ہوئے ہونگے پیٹ بہت بڑھ جائیگا اور پیٹ کی کھال چمکدار ہوگی - کروٹ بدلنے سے پانی کے چھلکنے کی آواز ہوگی نبض نہایت کمزور ہوگی - سانس لینے میں دقت ہوگی زیادہ مدت تک رہنے کے بعد ہاتھ پاؤں پر ورم آ جائیگا	گل بنفشہ ۴ - مویز منقی ۹ دانہ - بیخ کاسنی بادیان گاؤزبان تخم کشوث پوٹلی میں ۳ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو مل کر چھانکر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ شامل کر کے پلائیں - اور شام کو دواء الکرکم کھلا کر اوپر سے شیرہ بادیان شیرہ تخم کشوث شیرہ انیسون عرق بادیان میں نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں - اگر قبض کی شکایت زیادہ ہو تو شربت دینار ۴ تولہ ملایا کریں اگر دست آنے لگیں تو بارتنگ سبز ۴ تولہ اور	مسہلوں سے فارغ ہونیکے بعد کرکم کبیر ۲ قرص صبحکو عرق بادیان ۱۲ تولہ گلقند یا شربت بزوری ۴ تولہ شامل کر کے پلائیں اور کشتہ فولاد ایک قرص مستسقی ۵ قرص کے ہمراہ شام کو کھلا کر اوپر سے عرق نانخواہ ۸ تولہ شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلائیں آرام ہونیکے بعد خبث الحدید ایک قرص مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ صبحکو اور جوارش جالینوس ۷ ماشہ شام کو استعمال کریں اور کبد ۲ - ۲ قرص بعد غذا کے کھائیں	دیر ہضم اور نفاخ اشیاء سے پرہیز رکھیں - سوائے اونٹنی کے اور کسی کا دودھ پینے کی اجازت نہیں - ماش اور چنے کی دال آلو اروی ٹنڈا کدو کمہن دہی گائے کا گوشت چکنائی وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں ؎	زود ہضم اور لطیف غذائیں بکری کا گوشت تیتر بٹیر مرغ - اگر گوشت کباب کی صورت میں یا بھنا ہوا خوب گرم مصالحہ ڈالکر کھائیں تو زیادہ مناسب ہے میتھی کا ساگ ارہر مونگ کی دال بتھوے کی بھوجیا پودینہ اور ادرک کی چٹنی کھائیں ؎	بعض عورتوں میں استسقاء کے ساتھ حمل کا شبہ پڑ جاتا ہے اس لئے معلوم کریں کہ استسقاء والی عورت کی ناف لوٹی ہوئی ہوتی ہے اور حاملہ کی نہیں استسقاء والی عورت کے لیٹنے کے وقت پانی دونوں طرف کوکھوں میں اکٹھا ہو جاتا ہے

پیٹ میں بھر جاتی ہے | پیشاب کم آئے گا۔

تخم بارتنگ ۳ ماشہ صبح کے نسخہ میں اضافہ کرکے آٹھ روز تک یہ نسخہ پلاکر نویں روز صبح کے نسخہ میں سنا مکی ۷ ماشہ رات کو بھگوئیں۔ صبحکو چھانکر ترنجبین شکر سرخ۔ مغز فلوس۔ گلقند ہر ایک ۴ تولہ شیرہ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کرکے پلائیں۔ اسی طرح حسب ضرورت دو یا تین مسہل دیں۔

اور جھیٹر کی پرانی مینگنیاں۔ سعد کوفی۔ اکلیل الملک۔ گل بابونہ۔ عنب الثعلب خشک۔ افسنتین۔ بورہ ارمنی۔ مرزنجوش۔ برنجاسف۔ مرکی ہر ایک ۶ ماشہ جند بیدستر ۳ ماشہ ان سب چیزوں کو ہری مکوہ کے پانی میں پیسکر سرکہ ملاکر نیمگرم کرکے پیٹ پر لیپ کریں۔ اور گندہک بورہ ارمنی نمک لاہوری پانی میں جوشدیکر گرم گرم پانی سے نہلائیں۔ اگر پیشاب لانیکی ضرورت ہو تو شیرہ حب قرطم ۵ ماشہ شیرہ اصل السوس ۵ ماشہ شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ پانی میں نکالکر شربت بزوری ۴ تولہ ڈالکر پلائیں۔ ان تدابیر کے بعد اگر ضرورت سمجھیں تو اونٹنی کا دودھ جس طریقہ سے کہ استسقاء لحمی میں بیان کیا گیا استعمال کرائیں۔ اگر ان تدابیر سے فائدہ نہو تو پھر سوائے سلائی کے ذریعہ پانی نکالنے کے اور کوئی تدبیر نہیں ہے۔ مناسب ہے کہ کسی لائق طبیب یا جراح یا ڈاکٹر سے پانی نکلوائیں۔ مگر تمام پانی ایک ہی مرتبہ نکالنا ٹھیک نہیں ہے اسلئے تھوڑا تھوڑا کرکے چند مرتبہ میں نکالیں۔

اور حمل میں یہ صورت نہیں ہوتی۔

استسقا یعنی جلندر

اور کبھی جگر کی کمزوری سے ہضم خراب ہوکر غذا فاسد ہوجاتی ہے اور غلیظ رطوبت کیطرف منتقل ہوکر اسمیں سے بخارات پیدا ہوتے ہیں اور جوف شکم یعنی پیٹ میں اکٹھے ہوکر ریاح بنجاتے ہیں اور پیٹ پھولکر بالکل استسقا زقی کی سی حالت ہوجاتی ہے۔

پیٹ پھولا ہوا ہوگا۔ سانس لینے میں تکلیف ہوگی۔ بوجھ کم معلوم ہوگا۔ ناف باہر نکلی ہوئی ہوگی۔ اگر پیٹ کو ہاتھ سے ٹھونکا جائے تو ڈھول کی سی آواز آئیگی۔ اگر ڈکار کے ذریعہ یا نیچے سے کچھ ریاح خارج ہوں تو آرام معلوم ہوگا اور کھچاوٹ میں کسی قدر کمی ہوگی اس میں نسبت اور اقسام کے ہاتھ پاؤں پر ورم اور بھربھراہٹ کم ہوگی۔

صبحکو وہی نسخہ جو استسقاء زقی میں بیان ہوا ہے ایندن دارچینی نکہوفتہ زیرہ سیاہ ہر ایک ۵ ماشہ اضافہ کرکے پلائیں اور شام کو شیرہ بادیان شیرہ انیسون شیرہ زیرہ سیاہ دانہ ہیل شیرہ زنجبیل عرق بادیان ۶ تولہ عرق پودینہ ۶ تولہ میں نکالکر صاف کرکے شربت دینار ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں اور باجرہ خشک۔ نمک طعام۔ ریت تینوں چیزوں کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھکر اول پیٹ پر سینکوریں بعدہ یہ لیپ لگائیں۔ بابونہ۔ اکلیل الملک برنجاسف۔ صعتر فارسی۔ پودینہ خشک۔ افسنتین مرزنجوش۔ تخم سداب۔ عود بلسان۔ سلیخہ ہر ایک ۶ ماشہ جند بیدستر میعہ سائلہ ہر ایک ۳ ماشہ ان اشیاء کو روغن بابونہ میں پیس کر نیمگرم کرکے ضماد کریں آٹھ روز تک دوا پلانیکے بعد حسب دستور مسہل دیں۔ اور اگلے روز بجائے تبرید کے یہ نسخہ دیں۔ مسک معتدل سادہ ۵ قرص کھلاکر اوپر سے شیرہ بادیان شیرہ عناب عرق بادیان عرق گاؤزبان میں نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ تین مسہلوں کے بعد اونٹنی کا دودھ بطریق مذکور پلائیں۔ امید ہے کہ کامیاب ہوں گے۔

مسہلوں کے بعد کم کم بسیرے قرص صعکبہ کھاکر اوپر سے عرق بادیان ۱۰ تولہ عرق الائچی ۵ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پی لیں۔ اور اطلاح ایک قرص مرکب مصطگی، قرص یا مرکب ۵ قرص ملاکر کھانا کھانیکے بعد کھائیں۔ اور مستسقی ۵ قرص ایلفاظ ۵ تولہ کے ہمراہ شام کو استعمال کریں۔ آرام ہونیکے بعد فولاد ایک قرص دبید الورد، قرص کے ہمراہ صبحکو اور خبث الحدید ایک قرص مرکب جالینوس، قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کریں اور کبد ۲-۲ قرص بعد غذا کھائیں۔

ثقیل اور نفاخ چیزیں ہرگز نہ کھائیں۔ گائے کا گوشت آلو اروی خرفہ پالک۔ کدو ماش چنے اور مسور کی دال ٹھنڈا پانی بھنڈی۔ دودھ مچھلی چکنائی۔ شلجم۔ مولی۔ گاجر۔ کچالو چنے کا ساگ۔ گوبھی مکھن دہی۔ بھنے ہوئے چنے گڑ تیل کی چیزیں ہرگز نہ کھائیں۔

گوشت حلوان مرغ تیتر بٹیر چوزہ مرغ کباب بناکر ادرک وغیرہ خوب اچھی طرح کاٹ کر اس کے ساتھ کھائیں۔ انڈوں کی زردی پودینہ اور ادرک کی چٹنی زیرہ ملاکر کھائیں۔ اور مولی کا اچار سرکہ میں پڑا ہوا رائی وغیرہ خوب طرح ڈالکر کھائیں کھانے کی روٹی میں نمک اور سوڈا شامل کریں۔

اگر یہ مرض بچوں کو ہوجائے تو دارچینی دانہ نخود کی برابر یا زنسی گھونگچی کی برابر ایک بچہ کی ماں کے دودھ میں گھسکر چمچہ سے صبح شام دونوں وقت حلق میں ٹپکائیں۔ چند روز میں مرض زائل ہوجائے گا۔

یرقان - (مشہور ہے) اس بیماری میں بعض اوقات سارا بدن اور کبھی محض چہرہ اور آنکھیں زردی یا سیاہی میں مبتلا ہو جاتی ہیں لہو مریض کے چہرہ کا رنگ دو ہی چار روز میں نہایت قبیح اور بد نما معلوم ہونے لگتا ہے علاوہ رنگ کے تغیر کے یہ بیماری اور بہت سی وبائیں کو بھی بدن میں آتی ہیں کیونکہ عموماً جگر یا پتہ کی خرابی سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے سوائے اس کے صفرا انکا اسطرح خراب بنا کہ وہ اس قسم کے فضول مادہ کو معلق العنان چھوڑ دیں اور وہ سارے بدن اور اعضا میں پھیلکر اس مرض کو پیدا کریں ظاہر ہے کہ انسان کیلئے نہایت مضرت بخش اثر رکھتا ہے

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
یرقان	اکثر بہت سی گرم اور تیز دوا کے کھانے یا لو کے لگ جانیکی وجہ سے صفرا زیادہ ہو کر تیز جگر یا طحال کی رگوں میں سدہ پڑ جانیکی وجہ سے صفرا اور سودا رک کر بدن میں پھیل جاتا ہے اور یرقان کا باعث ہوتا ہے	اور اسباب کی علامات تو ظاہر ہیں مگر جب سدہ کی وجہ سے یرقان ہو تو جگر میں ثقل ہوگا بدن دبلا ہوگا۔ پیشاب سفید ہوگا۔ پاخانہ زرد ہوگا بخار اور درد وغیرہ نہ ہوگا کیونکہ بخار وغیرہ ورم کی وجہ سے ہوتا ہے ۔	اگر صرف گرمی کیوجہ سے ہو تو آب انار ۲ تولہ آب تربوز ۲ تولہ آب کدو ۳ تولہ آب خیار شربت بزوری ۲ تولہ ڈالکر پلانے سے فائدہ ہوگا۔ اگر سدہ ہو تو یہ نسخہ پلائیں۔ تخم خرفہ۔ مکو خشک۔ تخم کاسنی بیخ بادیان۔ بیخ کرفس ہر ایک ۷ ماشہ انیسون قفاح اذخر ہر ایک ۵ ماشہ سنبل الطیب ۳ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو	اگر صرف گرمی کی وجہ سے ہو تو مرکب گل یا مربی کافورہ ۵ قرص صبح کو کھلا کر اوپر سے عرق کاسنی ۲ تولہ عرق ۵ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو مربی سیب ایکتولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر خمیرہ ۵ تولہ فرار داد ۳ تولہ شربت صندل ۲ تولہ ملا کر پلائیں اگر سدہ ہو تو مذکورہ تدابیر کے بعد سو سنبری ۵ قرص فولاد ایک قرص کے ہمراہ کھلا کر عرق راحت افزا ۵ تولہ پلائیں ۔	گرم اور غلیظ چیزیں سرخ مرچ گرم مصالحہ۔ لہسن پیاز۔ بینگن۔ میتھی کا ساگ مچھلی مسور کی اور تنور کی پکی ہوئی روٹی ارد۔ چنے کی دال اردی۔ آلو کچالو نہ کھائیں	بکری کے بچہ کا گوشت۔ تیتر بٹیر مرغ کا چوزہ کریلا توری۔ کدو۔ ٹینڈا وغیرہ گوشت میں پکا کر یا تنہا کھائیں۔ ارہر مونگ کی دال بسکٹ نان پاؤ چائے جس میں دودھ زیادہ ہو۔	اگر آب برگ ترب ۲ تولہ بھاڑ کر شکر سرخ ۲ تولہ ملا کر پئیں۔ تو تمام اقسام یرقان اصفر میں مفید ہے ۔

ملکر چھانکر سکنجبین بزوری ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اٹھ روز تک یہ نسخہ پلانیکے بعد اس کے تحالات کو سنا مکی افسنتین ریوند خطائی ہر ایک ۱ ماشہ بھگوئیں اور علی الصباح مغز ملوک ترنجبین ہر ایک ۲ تولہ شیرہ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کر کے شربت دینار ۲ تولہ ڈالکر پلائیں۔ اور دوسرے روز بجائے ٹھنڈائی کے یہ نسخہ دیں۔ اصل السوس ۵ ماشہ۔ رازیانہ۔ انیسون ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں جوشدہ کر شربت بزوری ۲ تولہ شامل کر کے تخم ریحان چھڑک کر پلائیں۔ تین مسہل دینے کے بعد آب کاسنی سبز ۲ تولہ آب مکوہ سبز ۲ تولہ بھار کر شربت بزوری ۲ تولہ ڈالکر چند روز تک پلاتے رہیں ۔

امراض الطحال (تلی کی بیماریاں)

طحال یہ ایک کتے کی زبان کی شکل کا عضو ہے جو صحت کی حالت میں بائیں جانب پسلیوں کے نیچے اوپر سے ڈھکا ہوا رہتا ہے۔ مگر بحالت مرض جب یہ بڑھ جایا کرتا ہے تو پسلیوں کے نیچے دہنی جانب ناف تک گاہے اس سے بھی زیادہ نکل جایا کرتا ہے چونکہ قدرت نے علاوہ دوسرے فوائد کے طحال کو جگر سے سودا جذب کرنے اور بھوک کے وقت معدہ پر ٹپکانیکے واسطے مقرر فرمایا ہے اس لئے ضروری ہے کہ اسکی خرابی سے وہ فعل ناقص رہکر ہر دو اعضا میں خرابی لاحق ہوگی یہی وجہ ہے کہ جو لوگ امراض طحال میں مبتلا رہتے ہیں وہ ہمیشہ ضعیف ناتوان رہتے ہیں ۔

عظم الطحال (تلی کا بڑھ جانا) یہ مرض بھی اس قسم کا موذی ہے کہ جس شخص کو لاحق ہو جاتا ہے تمام کاموں کھانے پینے چلنے پھرنے اُٹھنے بیٹھنے سے معطّل و بیکار کر دیتا ہے اور مریض کو زندگی دشوار ہو جاتی ہے۔ جالینوس کا قول ہے کہ جس شخص کی تلی چھوٹی ہوتی ہے اسکا بدن فربہ اور قوی رہتا ہے اور بخلاف اس کے جس کی تلی بڑی ہوتی ہے اس کا بدن ہمیشہ کمزور اور لاغر رہتا ہے اکثر اوقات مریض طحال کو قبض کی شکایت رہتی ہے اس کا ہمیشہ لحاظ رکھنا چاہیئے اور قبض کشا دوائیاں استعمال کراتے رہیں

زیادہ تر اس کا سبب بلغمی اور سوداوی رطوبات ہوتی ہیں جو زیادہ ہو کر تلی کی طرف رجوع کرتی ہیں اور اسمیں نفوذ کر کے اس مرض کے پیدا کرنیکا باعث ہوتی ہیں ؛

تلی کے مقام پر خفیف درد ہوگا بدن خاصکر چہرہ کا رنگ سفید مائل بہ سیاہی ہوگا۔ آنکھوں میں تیرگی نمایاں ہوگی پیشاب پاخانہ سفید ہوگا پاخانہ میں کسی قدر سیاہی ہوگی اور تھوڑا سا کام کرنے اور چلنے پھرنے سے سانس چڑھ جائیگا پیٹ پھولا ہوا اور بدن دبلا ہوگا ؛

بیخ اذخر۔ بیخ بادیان۔ بیخ کرفس۔ بیخ کاسنی مجیٹھ لکو خشک ہر ایک ۵ ماشہ شکاعی ۳ ماشہ بادآورد ہر ایک ۳ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں صبحکو ملکر چھانکر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ڈالکر پلائیں آٹھ روز کے بعد سنا مکی ۷ ماشہ ہلیلہ ۲ تولہ ترید سفید ۱ تولہ رات کو نسخہ مذکور کے ساتھ بھگو صبحکو ملکر چھانکر مغز فلوس ترنجبین شکر سرخ گلقند ہر ایک ۴ تولہ شیرۂ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کر کے پلائیں۔ اگلے روز تبرید دیں۔

اور طحال دو عدد شام کو تازہ پانی سے کھلائیں اور کیمیا ۲ بوند نیمگرم پانی میں ملا کر رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔ مسہل کے بعد مرکب اشجار ۳ قرص صبحکو کھلا کر اوپر سے عرق برنجاسف ۲ تولہ ایقاظہ ۵ تولہ ملاکر شربت کثوث ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور مولی کے قتلے جامن کے سرکہ میں ڈالکر رکھیں اور کھانیکے وقت بطور چٹنی کے استعمال کریں ؛

ٹھنڈی اور غلیظ چیزیں کدو پالک توری آلو اروی کچالو چقندر ٹھنڈا ٹھنڈی گائے کا گوشت نہ کھائیں سوائے اونٹنی کے دودھ کے اور کسی کا دودھ نہ پئیں۔ دہی اور برف سے پرہیز رکھیں ؛

تیتر بٹیر مرغ اور بکری کے بچہ کا گوشت بھون کر گرم مصالحہ وغیرہ ڈالکر کھائیں روٹی اس قسم کی کھائیں جس میں سوڈا اور نمک اور رائی شامل ہو۔ گیگٹی مویز منقیٰ سرکہ میں ڈالکر رائی چھڑک کر کھانا اور پودینہ کی چٹنی نہایت مفید ہے ؛

اسیطرح تین مسہل دیں اور گیہوں کی بھوسی۔ سوہاگہ۔ انگور کی لکڑی کی راکھ سب کو باریک کر کے سرکہ انگوری میں ملا کر نیمگرم کر کے لیپ کریں۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو انزروت ۶ ماشہ کتیرا ایکتولہ اشق ۲ تولہ زراوند مدحرج ایکتولہ پرانے سرکہ میں خوب حل کر کے موٹے کپڑے پر لیپ کریں اور طحال پر چپکا دیں۔ اور جس قدر کپڑا اکھڑتا جائے قینچی سے کاٹتے جائیں۔ ایک ہی مرتبہ کے استعمال میں فائدہ ہوگا ؛

امراض الامعاء۔ (آنتوں کی بیماریان)

ناظرین سے پوشیدہ نہ ہوگا کہ جو کچھ ہم کھاتے ہیں وہ ایسی چیزیں نہیں ہوتیں کہ کسی قسم کے تغیر اور تبادل کے بغیر اور تصفیہ و تنقیہ کے بدون اعضا کی غذا بن سکیں بلکہ موقع بموقع اسمیں سے بعض ایسے اجزا کا جدا ہونا ضروری ہے کہ جن میں غذا بننے کی صلاحیت نہیں۔ نیز یہ کہ اگر یہ اجزا علیحدہ ہو کر بدن ہی میں پڑے رہتے تو رفتہ رفتہ بہت سی شکایات پیدا کرنیکا باعث ہوتے۔ نیز جگہ گھیر کر دوسری غذا کے واسطے آنیکا راستہ اور جگہ نہ رہتی اور غذا کے نہ پہنچنے کی وجہ سے اعضاء کمزور اور ضعیف ہو جاتے اور انسان کو زندگی محال ہو جاتی۔ اسوجہ سے قدرت نے ایسے فضول کے نکلنے کے لئے خاص خاص راستے مقرر کئے ہیں۔ اور جس جس مقام پر غذا میں کوئی خاص تغیر واقع ہوتا ہے وہاں سے

فضول اجزاء جدا ہوتے اور اپنے راستہ سے خارج ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ غذا کھانے کے بعد جو ہضم اول معدہ میں ہوتا ہے اس کا فضلہ آنتوں کے ذریعہ جدا ہو کر خارج ہوتا ہے یہی سبب ہے کہ جس وقت کسی قسم کی خرابی مثلاً قبض وغیرہ لاحق ہو جاتا ہے تو اسوقت خفقان غشی۔ دردسر۔ آنکھوں کی مختلف بیماریاں کان اور ناک کی شکایات غرض طرح طرح کی اذیتیں رونما ہوتی ہیں۔ اطبائے ہدایت کی ہے کہ آنتوں اور معدہ کی بیماریوں کا علاج بہت جلد کرنا چاہیئے۔ ورنہ جدید مرض لاعلاج ہو جاتا ہے

اسہال۔ (دست آنا) جس شخص کو اپنی تندرستی کی پوری طرح حفاظت منظور ہو اس کو ہمیشہ معدہ اور آنتوں کی تندرستی کا خیال رکھنا چاہیئے۔ اور اسکی بہترین صورت یہ ہے کہ غذاؤں کے استعمال میں بیحد احتیاط رکھے۔ اگر اصول حفظانِ صحت اور تدابیر تندرستی میں ذرا بے احتیاطی ہوتی جاتی ہے اور معدہ اور آنتوں کا خیال نہیں رکھا جاتا تو مختلف قسم کی شکایات اسہال پیچش مروڑ قبض وغیرہ پیدا ہو جاتی ہیں۔ ناواقف اشخاص دستوں کو ایک معمولی بیماری تصور کرتے ہوئے علاج سے غفلت برتتے ہیں۔ حالانکہ کچھ عرصہ کے بعد اگر یہی حالت رہے تو انسان کی جانبری مشکل ہوتی ہے۔ واضح ہو کہ دست کبھی معدہ کی خرابی کبھی جگر کی گاہے آنتوں گاہے دماغ وغیرہ کی وجہ سے آتے ہیں۔ جیسا کہ علیحدہ علیحدہ ہر ایک کے علامات و علاج میں درج ہے۔

اسہال یعنی دست آنا

نزلہ زکام کی حالت میں بعض اوقات علاج کی بے ترتیبی یا معدہ کی کمزوری کی وجہ سے رطوبات معدہ اور آنتوں پر گرتی ہیں اور غذا کو فاسد کر دیتی ہیں اور اسہال شروع ہو جاتے ہیں اور جب تک کہ نزلہ کی مناسب تدابیر نہ کی جائیں اسہال نہیں رکتے۔

زیادہ سونے اور خصوصاً دن میں سونے کے بعد دست زیادہ آئیں گے۔ پانچ چار دست آنیکے بعد کچھ دیر تک بند رہیں گے۔ دستوں میں کسی قدر جھاگ برآمد ہوں گے خاص علامت یہ ہے کہ نزلہ کے بعد شروع ہوں اور نزلہ کی علامات پائی جائیں۔

دست بند کرنیکی کوشش نہ کریں بلکہ اگر نزلہ حار ہو اور صفراء کی علامات پائی جائیں تو وہی علاج کریں جو نزلہ حار میں گذرا اور صفراء کا منضج پلا کر مسہل دیں۔ اور اگر نزلہ بارد ہو تو اس کا علاج کریں اور اس حالت میں یہ نسخہ نہایت مفید ہوگا۔ نانخواہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زنجبیل آملہ منقی رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر نمک سنگ۔ حاشیہ چھڑک کر پلائیں اور افیون زعفران گوند کتیرا بزر البنج تخم خشخاش ان سب کو باریک پیس کر انڈے کی سفیدی میں ملا کر ایک موٹے کاغذ کو گول کاٹ کر اس کے بیچ میں سوئی سے سوراخ کر کے کنپٹی پر چپکائیں۔

اگر نزلہ حار ہو تو گوند کتیرا اسپغول خشخاش ۷ قرص کے ہمراہ صبح کو کھلائیں۔ اور نزلی آب تربوز والا ۷ قرص شام کو عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں اور خواب ایک قرص رات کو کھلائیں اور اگر بارد ہو تو صبح کے نسخہ کی جگہ افضل ۵ قرص شام کو کھا کر اوپر سے ابیقاظ ۵ تولہ پی لیں۔ آرام ہونیکے بعد چند روز تک خبث الحدید ایک قرص مرکب جالینوس ۷ قرص کے ہمراہ صبح کو اور مرجان جواہر والا ایک قرص مرکب گاؤزبان ۷ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرتے رہیں۔

کھانا کھانیکے بعد فوراً نہ سوئیں خصوصاً دن کے سونے سے قطعی بچیں سر کھلے نہ رہیں۔ سرد پانی کے پینے اور نہانے سے پرہیز رکھیں۔ ٹھنڈی چیزیں برف وغیرہ اور ثقیل اشیاء الو اروی کچالو بھنڈی گڑ تیل اور ترشی نہ کھائیں۔

لطیف اور زود ہضم غذائیں بکری کا گوشت بھنا ہوا مرغ تیتر بٹیر میتھی کا ساگ مونگ ارہر کی دال گاجر کا حلوا انگور سیب ناسپاتی بسکٹ ساگودانہ کی کھیر۔ ڈبل روٹی انڈے کی زردی۔ بادام وغیرہ کھائیں۔

مریض کو ہوا لگنے سے [illegible] اور [illegible] کی عادت ڈالے اور [illegible] بالخصوص سر کی طرف کو [illegible] سے ہوا [illegible]

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ (علاج)	ادویہ مرکبہ (علاج)	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
اسہال یعنی دست آنا	کبھی جگر کے خراب ہونے اور اسکی قوتیں کمزور ہونیکی وجہ سے جیسا کہ ضعف جگر میں گذرا غذا پوری طرح ہضم نہیں ہوتی اور فاسد ہوجاتی ہے اور اس قابل نہیں رہتی کہ بدن اس سے فائدہ اٹھا سکے پس غذا الوٹ کر آنتوں کی طرف آتی ہے اور دست شروع ہوجاتے ہیں	عموماً ضعف جگر کے علامات پائے جائینگے معدہ کی حالت درست ہوگی۔ دستوں کا قوام بالکل یکساں ہوگا اور رات کو دست زیادہ آئینگے معدی اور کبدی میں فرق یہی ہے کہ معدی دنکو اور کبدی رات کو زیادہ آتے ہیں۔ جب غذا جگر میں جائیگی کچھ دیر تک متواتر دست آئینگے۔ اور پھر کچھ دیر کیلئے رک جائینگے پیشاب کم آئیگا۔	ضعف جگر میں جو علاج بیان کیا گیا عمل میں لائیں اور دست بند کرنیکی کوشش ہرگز نہ کریں کیونکہ اس میں استسقاء اور دیگر سخت امراض کے پیدا ہونیکا خطرہ ہے۔ اور صبحکو صندل سفید ۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ عرق گاؤزباں ۱۲ تولہ میں پیسکر چھانکر ۲ تولہ شربت خشخاش یا سکنجبین یا شربت انار ملاکر پلائیں اور شام کو آب انار میں شربت خشخاش ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ ہر حال میں جگر کے ضعف کو رفع کرنیکی پوری کوشش کریں۔ اگر گرمی کے سبب سے ہو تو گرمی اور سردی سے ہو تو سردی کا علاج کریں۔ اگر زیادہ عرصہ تک دست آنیکی وجہ سے مریض کمزور زیادہ ہوجائے اور دست مروڑ کے ساتھ آنے لگیں اور چھلکے خارج ہوں تو تقویت کی طرف توجہ کریں اور پیچش کا علاج جیسا کہ آگے آئیگا کریں ⁂	اگر دست زیادہ ہوں اور مریض زیادہ کمزور ہو جائے تو قرص طباشیر یا قرص کافور ۵ قرص عرق گاؤزباں کے ہمراہ استعمال کرائیں اگر گرمی زیادہ ہو تو ایک وقت مرکب زرشک بھی کھلایا کریں۔ آرام ہونے پر فولاد ایک قرص دبید الورد ۲ قرص ایک وقت اور سونبری ۵ قرص عرق ماء اللحم کاسنی کے والا ۵ تولہ دوسرے وقت استعمال کرائیں ⁂	دیر ہضم اور نفاخ چیزیں گوشت ہر قسم کا آلو اروی کچالو۔ بھنڈی گوبھی اُرد اور چنے کی دال نیز مسور کی دال ترشی شیرینی بھنے ہوئے چنے لہسن پیاز میدہ اور تنور کی پکی ہوئی روٹی نہ کھائیں ⁂	ہلکی اور زود ہضم غذا کھائیں ساگودانہ اور خیارین کی کھیر گیہوں کا پتلا دلیہ۔ انڈے کی زردی اگر بھوک زیادہ معلوم ہو تو آٹے میں نمک اور سوڈا شامل کر کے پتلی چپاتیاں پکائیں اور بکری کے گوشت کے شوربہ میں چور کر کھائیں ⁂	[illegible]
اسہال یعنی	اور کبھی معدہ میں بھی دست اور رطوبت کے غلبہ کی وجہ سے اسکی قوتیں ضعیف ہوجاتی ہیں اور غذا اچھی طرح سے ہضم نہیں ہوتی	ایسی حالت میں دست دن کو زیادہ آئینگے اور رات کو کم دستوں کا قوام یکساں نہ ہوگا۔ بلکہ کچھ غلیظ اور کچھ رقیق حصہ ملا ہوا دکھائی دیگا۔ دستوں میں	اس صورت میں مصطگی دانہ ہیل پودینہ خشک پوست سنگترہ مغز ہر ایک ایکماشہ ان سب کو ہمگر گلقند ۲ تولہ میں ملاکر اول کھلائیں اوپر سے شیرہ بادیان ۵ ماشہ شیرہ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ شیرہ انیسون ۳ ماشہ شیرہ بیخ بل ۱ ماشہ عرق پودینہ ۶ تولہ	یا مالتی بسنت ایک قرص انوشدارو سادہ یا لولوی ۵ ماشہ میں ملاکر صبحکو کھلائیں اوپر سے عرق عنبر ۵ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ شربت انار ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور خبث الحدید ایک قرص۔ مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ شام	ثقیل اور دیر ہضم چیزیں گائے کا گوشت مچھلی آلو اروی نہ کھائیں۔ جنڈا کدو توری شلجم مولی دودھ دہی مکھن چکنائی بینگن مسور اڑد	بکری کے بچہ کا گوشت شوربہ یخنی کریلا مونگ ارہر کی دال چائے بسکٹ انڈے روٹی اس قسم کی ہونی چاہئے کہ جس میں میدہ کا جزو نہ ہو اور نمک اور سوڈا شامل کر کے پکائی گئی ہو۔ پودینہ	اس مرض کی حالت میں اگر قوت ہو تو تھوڑی بہت محنت اور ورزش چہل قدمی سیر و تفریح نہایت مفید ہے گر

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
دست آنا	کہ جگر کیطرف جاسکے اس لئے دستوں کی راہ خارج ہوجاتی ہے اکثر یہ صورت رطوبات بلغمیہ کے غلبہ سے ہوا کرتی ہے	غذا بغیر ہضم خارج ہوگی اگر ہاضمہ ضعیف نہیں ہے تو کچھ آثار ہضم کے پائے جائینگے۔ کھٹی ڈکاریں اور کبھی دستوں کے ساتھ ساتھ کچھ غلیظ رطوبت بھی خارج ہوا کرتی ہے ۔	عرق الائچی ۱۰ تولہ میں نکالکر رب بہی شیریں ۲ تولہ حل کرکے پلائیں اور شام کو یہ سفوف بناکر کھلائیں۔ عود خام زیرہ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ دونوں کو سرکہ میں بھیگو کر دو دن تک بھگو رکھیں بعدہٗ خشک کرکے بھون لیں۔ پھر نانخواہ کردیا مرزنجبیل بریاں قاقلہ تخم مویز منقی ہر ایک ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور ایک تولہ یہ سفوف لیکر اس میں سفوف الاملاح ایک ماشہ ملاکر کھلائیں اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ رب بہی حل کرکے پلائیں ۔	کو استعمال کرائیں اگر دست زیادہ ہوں تو سفوف موبیہ ۳ قرص راتکو تازہ پانی کے ہمراہ پھنکا دیا کریں۔ دستوں کو آرام ہونیکے بعد فولادی ایک قرص مسک معتدل سادہ یا جواہر والی ۵ قرص کے ہمراہ صبح کو اور خبث الحدید ایک قرص مرکب مصطگی ۲ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کریں اور مرکب پپیتا ۲ قرص کھانیکے بعد استعمال کریں ۔	اور چنے کی دال سے پرہیز کریں ٹھنڈا پانی نہ پئیں ۔	اور ادرک کی چٹنی کھائیں ۔	غذا میں بعد صحت بھی چند روز احتیاط رکھیں ۔
دست آنا	کبھی خود آنتوں میں پیدا بلغمی رطوبات کے اکٹھا ہوجانیکی وجہ سے جب وقت غذا معدہ سے آنتوں میں آتی ہے تو اسی رطوبت کی وجہ سے یہ غذا پھسل جاتی ہے اور دست آنے لگ جاتے ہیں۔ اس مرض کو زلق الامعا کہتے ہیں	بلغمی رطوبت دستوں کے ساتھ خارج ہوگی آنتوں میں سوا ہوا مروڑ رہیگا معدہ میں کسی قسم کی خرابی نہ ہوگی دست کھانا کھانیکے بعد تقریباً ڈیڑھ یا دو گھنٹہ بعد شروع ہونگے دن کو بہ نسبت رات کے زیادہ آئیں گے پیشاب کی حالت درست ہوگی ۔	ایسی حالت میں پہلے بلغم کا منضج پلاکر مسہل دیں اس کے بعد مصطگی۔ زیرہ سیاہ۔ زنجبیل انیسون نمک طعام ہر ایک ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھانکر رکھ چھوڑیں اور ۳ ماشہ پھانک کر اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ رب بہی شیریں ۲ تولہ حل کرکے پی لیں اور صمغ عربی گلنار حب الآس انار دانہ بریاں خرنوب ۳ تولہ سب کو کوٹ چھانکر سفوف تیار کریں اور ۶ ماشہ اس میں سے لیکر شام کو تازہ پانی سے پھانک لیا کریں۔ اور باجرہ نمک طعام کوٹ کر سبوس گندم ملاکر پوٹلی میں باندھ گرم کرکے ناف کے قریب سینک کریں ۔	منضج کے نسخہ کے ساتھ شام کو طلب ۵ قرص ایقاظ ۵ تولہ کے ہمراہ کھلائیں اور مالتی لسبنت۔ تو تیلے کبیر ۱۔ ۱ قرص مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ رات کو استعمال کرائیں۔ اگر مروڑ وغیرہ زیادہ معلوم ہو تو مقلیاثا ۳ قرص روح گاؤزبان ۲ تولہ کے ہمراہ رب بہی شیریں ملاکر استعمال کرائیں۔ آرام ہونیکے بعد چند روز تک فولادی ایک قرص مرکب مصطگی ۲ قرص کے ہمراہ اور خبث الحدید ایک قرص مسک معتدل ۵ قرص کے ہمراہ استعمال کراتے رہیں۔ اور مقوی معدہ ایک ایک عدد بعد کھانا کھانیکے کھلا دیا کریں۔ ایسے ہی تونگا اور مرکب پپیتا کا استعمال کرانا بھی مفید ہے ۔	گائے کا گوشت۔ آلو۔ اروی ٹھنڈا کدو۔ اڑد کی دال شلجم مولی وغیرہ۔ دیر ہضم اور بادانگیز اشیاء سے پرہیز کریں دودھ دہی مچھلی مکھن وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔ سرد پانی پینا اور برف کا استعمال مضر ہے	بکری کا گوشت یا تیتر بٹیر گنجشک مرغ کی یخنی یا شوربہ میں چپاتی کا گل بھگو کر نرم کرکے کھائیں اگر بھوک زیادہ ہو تو انہی کا گوشت بھون کر یا کباب بناکر کھائیں انڈے کی زردی چاہے بسکٹ مونگ ارہر کی دال کھائیں	دستوں کی حالت میں اگر پیاس [illegible] تو [illegible] شربت حب الآس [illegible]

سحج الامعاء (آنتوں کی خراش)

چونکہ آنتوں کا جرم اس قدر نرم اور نازک ہوتا ہے کہ روزانہ پاخانہ کے معمولی اجزا کے گذرنے سے اسکو تکلیف اور نقصان پہونچنے کا اندیشہ تھا۔ اسوجہ سے قدرت نے ایک خاص قسم کی لیسدار رطوبت کا استر ان کی سطح پر لگادیا ہے کہ ثفل کے گذرنے سے ان کو تکلیف نہو۔ لیکن صفراء بدن میں ایک ایسی تیز چیز ہے کہ جسکی حدت کا مقابلہ اس رطوبت کے حیطہ اقتدار سے باہر ہے اسی وجہ سے جب فضلہ نکالنے کے لئے پتہ سے صفرا کا ایک حصہ ان پر گرتا ہے تو فوراً رطوبات میں گذر کر آنتوں تک پہونچ جاتا ہے اور اپنی تیزی کی وجہ سے وہاں کسی قدر خراش پیدا کر کے طبیعت اور آنتوں کی قوت دافعہ کو متنبہ اور مجبور کرتا ہے کہ وہ فضلہ نکالنے کیلئے قوی حرکت کریں۔ معمولی حالتوں میں تو یہ صفرا روز گرتا ہے اور اس کا گرنا مفید ہے۔ اور اگر کچھ عرصہ کیلئے نہ گرے تو قبض قولنج وغیرہ مختلف بیماریاں پیدا ہونیکا خطرہ ہوتا ہے لیکن اگر یہ اپنی معمولی مقدار سے زیادہ گرنے لگتا ہے تو اسوقت آنتوں میں ایسا خراش پیدا کرتا ہے جو آن کے لئے نہایت تکلیف دہ ہے اور بعض اوقات یہ شکایت اس قدر بڑھ جاتی ہے اور صفرا اس کثرت سے گرتا ہے کہ تکلیف زیادہ ہو کر افعال مختل ہوجاتے ہیں اور مستقل بیماری سمجھی جاتی ہے۔

آنتوں کی خراش

کبھی گرم چیزوں کے زیادہ استعمال۔ لال مرچ کی کثرت۔ دہوپ وغیرہ میں زیادہ پھرنے کی وجہ سے صفرا زیادہ ہو کر آنتوں پر گرتا ہے اور رطوبات سے گزر کر آنتوں کیطرف پر پہونچتا اور اس قدر خراش پیدا کرتا ہے کہ یہ خود مرض کہلاتا ہے۔

پاخانہ پتلا اور بار بار آئیگا رنگت زردی مائل ہوگی۔ اگر چند روز تک یہ حالت قائم رہے تو پاخانہ کے ساتھ سفید سفید آنتوں کے چھلکے خارج ہوں گے۔ پیشاب میں سوزش ہوگی اور رنگت زردی مائل ہوگی پاخانہ جانیکے بعد کچھ دیر تک مقعد کے مقام پر جلن رہے گی۔

اگر مرض شدید ہو اور مریض کی قوت اجازت دے تو ابتدا میں باسلیق کی فصد کھولیں۔ ورنہ شیرہ مغز تخم کدو شیریں۔ شیرہ مغز تخم تربوز شیرہ تخم خرفہ سیاہ شیرہ تخم کاہو مقشر ہر ایک ۳ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت نیلوفر ۴ تولہ شامل کر کے اسپغول مسلم ۶ ماشہ چھڑک کر پلائیں اور شام کو لعاب بیدانہ لعاب اسپغول لعاب ریشہ خطمی ہر ایک ۳ ماشہ عرق نیلوفر ۱۲ تولہ میں نکالکر صمغ عربی پیسکر تخم ریحاں چھڑک کر شربت عناب شامل کر کے پلائیں اگر تکلیف زیادہ ہو تو ایک پتھر خوب گرم کر کے چھاچھ میں بجھا کر پتھر نکالکر چھاچھ میں صمغ عربی ۲ کتیرا ۳ زرد ۳ جبلوچن ۳ نشاستہ ۳ سب کو پیسکر ملاکر تخم بارتنگ ۵ ماشہ اسپغول مسلم ۵ ماشہ چھڑک کر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں۔

یا صبحکو مرکب طین ۲ قرص گائے کے گھی میں چرب کر کے پھانک لیں اور اوپر سے مطلوب ۴ تولہ عرق کاسنی ۸ تولہ شربت انار یا شربت نیلوفر ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور شام کو مربی بیلگری ایک تولہ کھا کر اوپر سے عرق گلاب ۶ تولہ عرق گاؤزبان ۸ تولہ شربت زرشک ۵ تولہ ملاکر پی لیں۔ اور جالینس ۲ عدد رات کو سوتے وقت مطلوب ۴ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اگر مرض پرانا ہوجائے اور پاخانہ کیساتھ پیپ آنے لگے تو قرص اقاقیا ۲ قرص کھا کر اوپر سے پانی میں شہد ۲ تولہ ملاکر پی لیں

ترش اور گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں، لال مرچ گرم مصالحہ گرم گوشت انڈے چائے مچھلی بینگن لہسن کی دال سرکہ چٹنی پودینہ ہلوا اور دہی بھنڈی نہ کھائیں۔ محنت مشقت کا کام نہ کریں۔ دہوپ میں نہ پھریں۔

ٹھنڈی اور ہلکی ترکاریاں کدو توری پالک خرفہ کھیرا ککڑی ٹنڈا بکری کا گوشت پالک یا کدو میں پکاکر کھائیں خشکہ اور دودھ نہایت عمدہ چیزیں دہی اور چاولوں کا استعمال زیادہ رکھیں پانی برف وغیرہ سے ٹھنڈا کر کے پئیں اگر تازہ پانی ہو تو بہتر ہے

اس بیماری میں چھاچھ دہی دودھ وغیرہ کا استعمال اسوقت تک کرنا چاہیے جب تک کہ پیپ نہ پڑے اس کے بعد مضر ہے۔

زحیر (پیچش)

سب سے آخری آنت مستقیم ہے جب کوئی تکلیف ہوتی ہے تو طبیعت اس کو نہایت سختی اور شدت کے ساتھ دفع کرنیکی کوشش کرتی ہے پیچش جیسا موذی مرض بھی اسی آخری آنت میں لاحق ہوتا ہے اور اپنے وجود تک انسانی زندگی کو تلخ اور بیکار کردیتا ہے۔ پیچش دو قسم کی ہوتی ہے ایک صادق جسمیں صفرا یا بلغم مایع آخری آنت پر گر کر خراش پیدا کرتا ہے۔ آدمی کو پاخانہ کی ضرورت بار بار معلوم ہوتی ہے مگر پاخانہ جانیسے سوائے دو چار قطرات غلیظ بلغم کے جس کو آنوں کہتے ہیں اور کچھ نہیں نکلتا دوسری کاذب جسمیں بعض غلیظ اجزا آنت کیساتھ چپٹ جاتے ہیں اور طبیعت ان کے دفع کرنیکی کوشش کرتی ہے مگر یہ اپنی چپیدگی کی وجہ سے نہیں نکلتے اور تقریباً زحیر صادق کی سی حالت ہوجاتی ہے۔ مگر اس میں درد اور سوزش کم ہوتی ہے۔ طبیب کو مناسب ہے کہ جسوقت پیچش کے مریض کا علاج کرے اول ان دونوں قسموں کی تشخیص اور امتیاز کرے جس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ان کو تخم ریحاں یا اسپغول ۵ ماشہ گھی یا روغن بادام میں چرب کر کے مریض کو پھنکائیں اگر صبح کو پاخانہ میں مثل آئیں اور آرام نہ ہو تو صادق ہے ورنہ کاذب۔

پیچش

گرم اور تیز چیزوں کی کثرت استعمال سے صفرا زیادہ پیدا ہو کر یا تو خالص صفرا یعنی

شروع میں پاخانہ کیساتھ خالص صفرا یا بلغم ملا ہوا خارج ہوگا اور پاخانہ کے بعد مقعد میں سوزش اور جلن معلوم ہوگی چند باپانی

اگر خالص صفرا خارج ہوتا ہو تو صبح کو لعاب بیدانہ ۳ ماشہ لعاب ریشہ خطمی ۳ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے پلائیں اور شام کو تخم ریحان بھون کر

یا مرکب طین ۵ قرص گائے کے گھی میں چرب کر کے صبحکو کھلا کر اوپر سے عرق نیلوفر ۶ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مسکین نو از ۳ عدد کھلا کر اوپر سے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں

زیادہ غذا نہ کھائیں ترش اور شیریں اشیاء سے پرہیز کریں گرم چیزیں سرخ مرچ گرم مصالحہ گوشت گلے بینگن

مونگ ارہر کی دال شوربہ بکری یا مرغ کا اور چپاتی کا بھل اسمیں گلاکر کھائیں ٹھنڈی ترکاریاں کدو پالک توری خرفہ ککڑی کھیرا کھمن لسبکٹ تربوز

چونکہ یہ مرض آخری آنت میں ہوتا ہے جو نیچے سے بہت قریب ہے اس لئے اگر حقنہ دیا جائے تو بہتر

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
پیچش	صفرا یا بلغم کیساتھ ملکر آنتوں پر گرتا ہے اور اس مرض کو پیدا کرتا ہے	جاہیکے بدبو اور غلیظ رطوبت کیچ دو چار قطروں کے کچھ خارج نہو گا درد اور سوس زیادہ ہوگی پردسکا پانی پیتے یا ٹھنڈی چیز کھانیکے بعد آرام معلوم ہوگا ۔	سونف کرکے ۶ ماشہ پھانک لیں - اوپر سے ۲ تولہ شربت بنفشہ پانی میں ڈالکر پی لیں - اور اگر تخمی	شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور تریاقی ۲ قرص رات کو مطلوب ۲ تولے کے ہمراہ استعمال کریں ۔	مینتھی کا ساگ چائے مچھلی انڈے گڑ اور تیل کی چیزیں نہ کھائیں	وکاٹ وغیرہ کھائیں ۔	پچکاری دا ذیعہ کے ذریعہ پہونچائی جائے تو مناسب ہے ۔

ہو تو لعاب حلبہ ۳ ماشہ شیرہ بادیان شیرہ انیسون شیرہ زیرہ سیاہ شیرہ زرشک شیرہ پودینہ خشک عرق پودینہ ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ میں نکالکر خمیرہ بنفشہ یا گلقند ۲ تولہ ملاکر پلائیں - اگر چند روز میں فائدہ نہو تو یہ منضج چند روز پلائیں - تخم مرورہ - گل بنفشہ - مرور پھلی - ریشہ خطمی - ریشہ انجبار - ہر ایک ۵ ماشہ گاؤزبان ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھانکر شربت بنفشہ ملاکر سبوس اسپغول ۶ ماشہ چھڑک کر پلائیں - اور شیرخشت ترنجبین - شکر سرخ گلقند اضافہ کرکے مسہل دیں ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
پیچش	اور کبھی غلیظ لیسدار یا خشک اجزا پاخانہ کی اس آنتوں کے ساتھ چپٹ جاتے ہیں تو طبیعت انکو دفع کرنیکی کوشش کرتی ہے مگر دفع نہیں ہوتے	پیٹ میں گرانی اور درد زیادہ ہوگا زور کرنے سے کبھی کبھی کچھ خشک اجزا سدوں جیسے خارج ہونگے - مروڑ وغیرہ صادق پیچش جیسی ہوگی	ایسی صورت میں ریشہ خطمی ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو رکھیں اور صبح کو لعاب نکالکر مغز فلوس ۴ تولہ شامل کرکے روغن بادام شیریں اور گلقند ۲ تولہ ملاکر پلائیں - اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو روغن بید انجیر ۲ تولہ دودھ پاؤ سیر میں ملاکر مصری سے	اور یقیطہ ۵ قرص کھلاکر اوپر سے ایقاظ ۵ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں - اور حب پیچش ایک عدد رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے کھلائیں اور کچھ دیر حرکت نہ کریں ۔	بھنے ہوئے چنے خشک چیزیں آلو اروی - بھنڈی - دودھ مچھلی گائے کا گوشت وغیرہ نہ کھائیں ۔	بکری کے بچہ کا گوشت اور مرغ کا شوربہ کدو پالک - توری - کھیرا - ارہر مونگ کی دال پتلی پکاکر روٹی چور کر کھائیں ۔	اگر ابتداء مرض میں اسپغول مسلم ۷ ماشہ روغن بادام میں چرب کرکے گرم پانی سے رات کو پھانک لیں تو فوراً فائدہ ہوتا ہے ۔

میٹھا کرکے پلائیں - اگر اس سے دست آکر طبیعت صاف ہو جائے گی تو شام کو جب خوب بھوک لگے تو مونگ کی نرم کھچڑی پکاکر کھلائیں اور اگلے روز تبرید کا نسخہ پلائیں ۔

قولنج (اجابت کا رک جانا)

انسان کے حوائج ضروریہ میں جسطرح غذا کا کھانا داخل ہے اسیطرح اس کے وہ فضلات جو جزو بدن بننے کے ناقابل ہوتے ہیں انکا دفع کرنا بھی ضروری ہے پس ہضم معدہ کے بعد جو فضلات باقی رہتے ہیں وہ امعاء کے ذریعہ دفع ہوتے ہیں - اور اگر امعاء میں کسی قسم کی خرابی لاحق ہو جاتی ہے تو یہ اپنے مفوضہ کام سے باز رہکر طرح طرح کے آلام و مصائب کا باعث ہوتے ہیں - چنانچہ جسوقت وہ قابل اخراج فضلات جو ہمیشہ نکلتے رہتے تھے رک جاتے ہیں تو انسان عجیب قسم کی تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے اور درد و اذیت کی وجہ سے کسی کروٹ چین نہیں پڑتا یہی وہ مرض ہے جس کو اطباء اپنی اصطلاح میں قولنج کہتے ہیں - چونکہ اکثر اوقات درد گردہ اور اس درد میں مقامی مشابہت کی وجہ سے علاج میں غلطی واقع ہوتی ہے لہذا یاد رکھنا چاہئے کہ گردہ کا درد بہت تھوڑی جگہ میں ہوتا ہے اور ایک مقام پر رہتا ہے اور درد قولنج ایک وسیع جگہ میں دورہ کرتا رہتا ہے - نیز قولنج کی حالت میں دست وغیرہ آنے سے تخفیف ہو جاتی ہے اور درد گردہ میں نہیں ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
قولنج	اکثر بدہضمی و نفاخ اور غلیظ چیزوں کے کھانیکی وجہ سے بلغم زیادہ ہو کر آنتوں کو	قولنج ہونے سے پہلے ہضم کی خرابی کی شکایت رہیگی - نفخ قراقر وغیرہ عموماً رہیگا - پاخانہ لیسدار اور تھوڑا رہتا	اگر ریاح کا غلبہ ہو تو روغن بید انجیر ۲ تولہ گلاب ۱۲ تولہ میں ملاکر پلائیں اور شام کو شیرہ مویز منقی ۹ دانہ شیرہ سنا مکی ۵ ماشہ گلاب میں نکالکر گلقند یا شربت دینار ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں - اگر اس	حقنہ استعمال کرانیکے بعد سفر جلی مسہل یا شہر یاران ۷ قرص کھلاکر اوپر سے عرق بادیان ۹ تولہ عرق مکو ۶ تولہ شربت دینار یا گلقند ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور چورن ایک ماشہ بعد غذا استعمال کریں	جن لوگوں کو کبھی قولنج کا مرض ہو چکا ہو یا قبض کی شکایت رہتی ہو ان کو چاہئے کہ ہمیشہ غلیظ - دیر ہضم	ہلکی اور زود ہضم غذا ہمیشہ کھائیں - بکری کا بچہ - تیتر مرغ بٹیر کا گوشت - مونگ ارہر کی دال کدو پالک خرفہ گوشت میں پکاکر چائے بسکٹ انڈے نیمبرشت کرکے استعمال کریں	[illegible]

اس کتاب کے تمام مرکب دوائیں ... دہلی میں تیار ہوتی ہیں - [illegible]

یعنی اجابت کا رک جانا

چپٹ جاتا ہے بارباح پیدا ہو کر پاخانہ کو روکتی ہیں نیز کبھی پاخانہ خشک ہو کر خود بخود رک جاتا ہے اور انتڑیاں اسکے دفع کرنے سے مجبور ہوتی ہیں ٭

کم آئیگا اور قولنج ثفلی کی صورت میں پاخانہ خشک ہوگا قبض کی اکثر شکایت رہیگی ریڑھ کی میں درد اپنی جگہ سے چلتا پھرتا محسوس ہوگا ٭

سے فائدہ نہ ہو تو یہ پچکاری (انیما) کریں۔ عناب سپستاں۔ گل بنفشہ تخم خطمی اکلیل الملک جو مقشر سبوس گندم ہر ایک ۱ تولہ انجیر زرد ۵ دانہ دو سیر پانی میں جوشدیں جب ایک سیر پانی رہجائے صاف کرکے شکر سرخ ۴ تولہ روغن بادام ۱ تولہ روغن کنجد ۱ تولہ شامل کرکے پچکاری دو مرتبہ کریں اگر مناسب سمجھیں تو مغز فلوس ۴ تولہ اور بڑھادیں۔ اگر ریاح کا غلبہ ہو تو کوئی مسہل اکیلو پہلے کھلا کر اوپر سے شیرہ بادیان شیرہ انیسوں شیرہ زنجبیل ہر ایک ۵ ماشہ شیرہ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ عرق پودینہ ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ میں نکالکر شربت دینار ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں اور شام کو سفوف الاملاح مصطگی زیرہ سیاہ دانہ ہیل ہر ایک یکماشہ پیس کر گلقند ۴ تولہ میں ملا کر کھلائیں۔ اگر ضرورت ہو تو پچکاری مذکورہ عمل میں لائیں ٭

آرام ہونے پر تریاق فاروق اقرص مسک معتدل ۵ قرص کے ہمراہ صبحکو اور خبث الحدید ایک قرص مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں ٭

اور ٹھنڈی چیزوں سے مثلاً گائے کا گوشت آلو اروی کچالو بھنڈی کچا دودھ سری پائے اور چنے کی دال چاول وغیرہ سے پرہیز رکھیں

حالت مرض میں سوائے شوربہ یخنی اور ماء الشعیر کے اور کچھ نہ دیں ٭

حصر - (قبض شکم)

بعض اوقات معمولی طور پر پاخانہ کم آیا کرتا ہے جسکی دو صورتیں ہیں یا یہ کہ اجابت معمولی اوقات سے دیر میں آئے مثلاً دوسرے تیسرے روز اجابت ہو یا یہ کہ اوقات میں تبدیلی واقع نہ ہو مگر مقدار میں کم ہو اس کو بھی قبض ہی کہا جاتا ہے آجکل یہ شکایت عام ہے۔ اور لوگ آئے دن اس کے ہاتھوں طرح طرح کی آلام و مصائب تبخیر۔ دردسر۔ نزلہ زکام ضعف قلب گھبراہٹ۔ بھوک کی کمی۔ بواسیر غرض قسم قسم کی صعوبتیں اٹھاتے رہتے ہیں۔ اس مرض کیطرف جلد توجہ کریں اور سبب دریافت کرکے علاج شروع کریں

علامات

یہ مرض اکثر برودت کی زیادتی کیوجہ سے پیدا ہو کر قوت دافعہ کے کمزور ہوجانیکی وجہ سے ہوا کرتا ہے

اجابت کا دو دو تین تین روز نہ ہونا بدن کا سست ہونا۔ انگڑائیاں جمائیاں زیادہ آنا بعض اوقات پنڈلیوں میں خفیف درد پیشاب زیادہ آئیگا ٭

ایسی حالت میں کوئی ۷ قرص اول کھلا کر اوپر سے شیرہ بادیان ۵ ماشہ شیرہ مویز منقی ۹ دانہ شیرہ تخم کشوث ۳ ماشہ عرق بادیان میں نکالکر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں اور شام کو معجون سنا ۵ ماشہ گرم پانی کیساتھ کھلائیں

یا صبحکو جوارش قرطم ۷ ماشہ اول کھلا کر اوپر سے عرق پان ۱۲ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ شربت دینار ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور کوئی مسہل ۹ قرص شام کو استعمال کرائیں اگر ضرورت ہو تو مرکب تنکار یا قبض ۲ عدد سات کا گرم پانی سے استعمال کرائیں ٭

غلیظ اور دیر ہضم غذائیں ارد اور چنے کی دال آلو گائے کا گوشت اروی مٹر لاہی اور چنے کا ساگ دودھ وغیرہ نہ کھائیں

بکری کے بچہ کا گوشت یا مرغ کے شوربے میں چپاتی کا بجل یا نان پاؤ بھگو کر کھائیں پودینہ یا ہرے دھنیہ کی چٹنی کا استعمال رکھیں ٭

۴ اگر ان تدابیر سے فائدہ نہ ہو تو بادیان ۷ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ پانی میں خوب جوشدیکر صاف کرکے مغز فلوس ترنجبین شکر سرخ ہر ایک ۲ تولہ شیرہ مغز بادام ۵ دانہ اضافہ کرکے گلقند شامل کرکے پلائیں ٭

دیدان (پیٹ کے کیڑے)

خدا محفوظ رکھے! یہ ایسی تکلیف دہ بیماری ہے کہ جس کا اندازہ کچھ وہی شخص کرسکتا ہے جو اس موذی مرض میں گرفتار ہو چکا ہو در حقیقت انسانی شرافت اور بزرگی اسیوقت ظاہر ہوسکتی ہو جبکہ اس کے افعال درست ہوں ورنہ بہائم سے بدتر ہے۔ انسانی صحت کا حصوصاً ایسے امراض سے خراب ہونا اس کے تمام کمالات کے زوال کا باعث ہے۔ کیونکہ نہ بدن میں قوت۔ دماغ میں روشنی۔ ہاتھ پیروں میں چستی چالاکی ہوگی نہ انسان اپنے فرائض عمدگی سے بجالا سکیگا ٭

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
دیدان (پیٹ کے کیڑے)	عموماً غلیظ دیر ہضم اور ٹھنڈی غذاؤں کے زیادہ استعمال کرنے برف کا پانی کھانا کھانے کے درمیان زیادہ پینے کی وجہ سے نیز ضعف ہضم، تخمہ وغیرہ کی شکایت عرصہ تک رہنے کی وجہ سے بلغمی رطوبات زیادہ پیدا ہوکر امعاء میں اکٹھی ہوجاتی ہیں اور مرض کا باعث ہوتی ہیں ۔	پیٹ میں ہلکا ہلکا درد رہیگا بھوک کے وقت کوئی چیز اوپر کو چڑھتی ہوئی محسوس ہوگی منہ سے رال بہے گی رات کو سوتے میں مریض دانت چبائیگا۔ دن میں ہونٹ خشک رہیں گے۔ پاخانہ ہمیشہ نرم آئیگا۔ کبھی کبھی دست (فاسد غذا کے) آئیں گے چکنی چیزوں سے نفرت ہوگی پاخانہ کیساتھ کبھی کبھی کیڑے برآمد ہوں گے بھوک زیادہ لگیگی کھانا کھانے کے بعد متلی معلوم ہوگی اگر کدو دانہ ہوں تو پیٹ میں مروڑ بھی ہوگی ۔	ایسی صورت میں پہلے گائے کے دودھ میں مصری ملاکر پلائیں اور خوب لذیذ شیریں اور مرغن غذائیں کھلائیں تین چار روز کے بعد دودھ میں برخس، کمیلہ، ترمش، حب النیل، قسط تلخ، بادبرنگ، نمک ہندی سب کو کوٹ پیسکر ملاکر پلائیں۔ اور اس کے پلانے کے وقت مریض کی ناک بند کریں اور دوسرے روز تربد سفید مجوف خراشیدہ ۲ ماشہ ستارگلی ۲ ماشہ پیسکر گلقند میں ملاکر کھلائیں اس سے مرے ہوئے کیڑے خارج ہونگے دوپہر تک غذا بالکل نہ دیں شام کو مونگ کی کھچڑی پکاکر کھلائیں اگر کچھ کیڑے باقی رہجائیں تو رات کو پھر کمیلہ، بادبرنگ، تربد سفید پیسکر گلقند میں ملاکر کھلائیں اور طبیعت صاف ہونے تک اسیطرح کرتے رہیں۔ اس کے بعد آنتوں کی تقویت کے لئے یہ سفوف تیار کرکے کھلائیں۔ زیرہ سبز، زیرہ کرمانی، مصطگی، دارچینی، گردیا بادیان، گلسرخ، گل گاؤزبان، پودینہ خشک تمام چیزوں کو ہموزن لیکر کوٹ چھان کر رکھ چھوڑیں اور چھ ماشہ ہر روز لیکر آملہ مربے ایک عدد کے ساتھ کھائیں ۔	جب کیڑے وغیرہ خارج ہوکر ٹھیک طور پر صفائی ہوجائے تو خبث الحدید ایک قرص مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ صبح کو اور الملاح ایک قرص مرکب لبابہ ۵ قرص کے ہمراہ بعد کھانا کھانے کے استعمال کریں اور قبض ۲ عدد رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کیساتھ کھالیا کریں ۔	ثقیل اور دیر ہضم چیزیں تنور کی یا میدہ کی پکی ہوئی روٹی بکری کے سری پائے گائے کا گوشت آلو اور چنے کی دال آلو اروی کچالو مٹر اور لوبیے کی پھلیاں امرود ناسپاتی وغیرہ نہ کھائیں ۔	بکری کے بچہ کا گوشت مرغ بٹیر کا شوربہ چڑیوں کا گوشت بھنا ہوا گرم مصالحہ وغیرہ اچھی طرح ڈالکر کھائیں آٹے کے اندر نمک سوڈا شامل کرکے روٹی پکواکر کھائیں پودینہ اور ادرک کی چٹنی زیرہ وغیرہ ڈالکر کھاسکتے ہیں میوہ جات میں آڑو نہایت مفید ہے ۔	اصول علاج اس مرض کا یہ ہے کہ اول مریض کو لذیذ غذائیں کھلائیں اس کے بعد ان کے ساتھ قاتل دیدان ادویہ شامل کریں جب کیڑے مرجائیں تو تلیین دیں ۔

وجع الکلیہ ۔ (درد گردہ) گردہ کا درد باشدت تکلیف دہ شکایت ہوتی ہے جس کے تدارک میں اگر ذرا بھی سستی اور کاہلی سے کام لیا جاتا ہے تو بعض اوقات مریض کی حالت نہایت نازک ہوجاتی ہے۔ اعضاء کیساتھ اس کے تعلقات وسیع ہوتے ہیں۔ اور گردہ کے درد سے غشی اور اختلال دماغ کی بھی حالت پیدا ہوجاتی ہے ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
درد گردہ	اکثر غلیظ اور ٹھنڈی چیزوں کے زیادہ کھانے کھانا کھانے کے درمیان برف کا ٹھنڈا پانی زیادہ پینے کی وجہ سے	کمر کے قریب قریب کھچاوٹ اور تمدد اور گردہ کے مقام پر بوجھ وغیرہ کا ہونا اور درد کا ادھر ادھر پھرتے رہنا اور بھوک کی حالت میں درد	ایسی صورت میں شیرہ بادیان شیرہ زنجبیل شیرہ حب قرطم ۶ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکالکر گلقند ۴ تولہ ملاکر کھلائیں اور روغن بابونہ میں سونٹھ انیسون ۱ پیسکر ملاکر نیم گرم کرکے گردہ کے مقام پر طلا کریں اور ترکیب ذیل کے مطابق روٹی پکاکر	اور مرکب زنجبیل ۲ قرص دوسرے وقت کھلاکر اوپر سے درمان ۳ تولہ عرق بادیان ۹ تولہ گلقند ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔ جب درد کو آرام ہوجائے تو کشتہ زمرد ایک قرص راحت ۵ قرص کے ہمراہ صبح کو اور خبث الحدید ایک قرص	بادی پیدا کرنیوالی اشیاء ماش کی دال کدو شلجم گوبھی دودھ وغیرہ سے پرہیز کریں برف کا سرد پانی نہ پئیں ۔	گوشت حلوان تیتر بٹیر چڑیوں کا گوشت گرم مصالحہ کیساتھ کھلائیں مونگ ارہر کی دال چپاتی چائے بسکٹ نان پاؤ وغیرہ کھائیں کریلوں کی ترکاری بھی کھاسکتے ہیں ۔	بعض اوقات درد گردہ اور درد قولنج میں فرق کرنا نہایت دشوار ہوجاتا ہے اس لئے ایک ممتاز علامت درد گردہ

ریاح زیادہ پیدا ہو کر گردہ کی طرف آتے ہیں اور تمدید پیدا کرکے درد کا باعث ہوتے ہیں

میں کمی ہوگی کھانا کھانیسے اور پانی پینے کے بعد زیادتی ہوگی۔ پیشاب بند ہوگا۔

گردہ پر باندھیں۔ ماش کا آٹا لیکر پانی میں گوندھیں اور اسمیں ہینگ۔ نمک طعام۔ بیخ سوسن۔ اسنا نجوی۔ زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ پیس کر اس میں ملاکر آگ پر ایک طرف سے پکائیں۔ اور دوسری طرف سے کچی رکھیں بعدہٗ کچی طرف روغن گل یا روغن بابونہ یا روغن بید انجیر چیڑ کر نیم گرم باندھیں اور گدہی کی لید میں روغن کنجد ملاکر اس سے گرم کر کے ٹکور کریں ؂

مرکب جالینوس، قرص یا مسک معتدل کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں اور کبد ۲ عدد بعد کھانا کھانیکے کھالیا کریں

کی بیان کیجاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر فی الواقع درد گردہ ہوگا تو اس طرف کا پیر حس ہوگا ؂

ضعف الکلیہ والمثانہ (گردہ اور مثانہ کی کمزوری)

گردہ اور مثانہ کی کمزوری سے بھی بہت سی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں چنانچہ گردوں کے ضعف اور کمزوری کی حالت میں پیشاب سرخ رنگ کا آتا ہے اور قوت باہ کی کمی کی شکایت پیدا ہوجایا کرتی ہے۔ پیٹھ کے درد کی شکایت اکثر رہتی ہے اور اسیطرح مثانہ کی کمزوری بھی مضرت رساں شکایت ہے۔ پیشاب بار بار آتا ہے مریض پریشان رہتا ہے اور اسکی کمزوری کا اثر بھی قوت باہ پر پڑے بغیر نہیں رہتا۔ ایسی صورت میں طبیب کو چاہیئے کہ ان شکایتوں کا بہت جلد تدارک کرے ورنہ ممکن ہے کہ کچھ دیر تک رہنے کیوجہ سے کسی زیادہ تکلیف میں مبتلا کرے ؂

گردہ اور مثانہ کی کمزوری

اکثر کثرت مباشرت یا زیادہ سواری کرنے یا چوٹ وغیرہ لگنے کی وجہ سے گردے ضعیف ہو جاتی ہیں گھٹنی چیزوں کی کثرت استعمال سے بھی ضعف ہو جاتا ہے ؂

پیشاب کی رنگینی اور بار بار قلیل المقدار ہو کر آنا۔ مریض کو اٹھنا بیٹھنا دشوار ہوگا حرکت کرنیسے درد زیادہ محسوس ہوگا۔ اگر مثانہ کمزور ہے تو پیشاب روکنے پر قادر نہ ہوگا

ایسی صورت میں سرکہ اور روغنگل باہم ملاکر طلا کریں اور بھیڑ یا اونٹ کے ۸ تولہ دودہ میں ۴ تولہ شربت بزوری ملاکر صبح و شام پلاتے رہیں۔ اور بیخ ساٹھی بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری زرد ۳ ماشہ تودری سرخ۔ دارچینی۔ جوز ہندی۔ مغز پستہ۔ مغز بادام نبات سفید ہر ایک ۳ ماشہ ان سب کو بھیڑ کے دودہ میں پیسکر آگ پر رکھیں جب خوب غلیظ ہوجائے اتار کر صبح کو نہار منہ کھا لیا کریں ؂

اور سلاجیت ۴ چاول زرعونی عنبری ۵ قرص کے ہمراہ دوسرے وقت کھائیں اور زردک ایک قرص راحت ۵ قرص کے ہمراہ یا لبوب صغیر ۵ ماشہ کے ساتھ رات کو استعمال کریں۔ نیز مرکب کلی اور مرکب نانخواہ کا استعمال کرنا بھی اسمرض میں مفید ہے

گرم اور بادی پیدا کرنیوالی اشیاء سے قطعی پرہیز کریں گھوڑے کی سواری مباشرت سے پرہیز کریں۔ محنت و ریاضت نکریں۔ زیادہ سرد پانی نہ پئیں

حلوان کا گوشت بھیڑ اور اونٹنی کا دودہ کلہ پاچہ مونگ ارہر کی دال کریلہ توری کچے انڈے ہلکی غذائیں اور چاول دودہ میں پکاکر مویز منقی انجیر اناناس کھا سکتے ہیں ؂

ذیابیطس (پیشاب کثرت سے آنا)

آجکل یہ بیماری اسقدر عام ہے کہ سینکڑوں اشخاص اس مہلک مرض کا شکار ہو رہے ہیں۔ لیکن جہانتک غور کیا گیا ہے پڑھنے لکھنے اور دماغی محنت کرنیوالے اشخاص میں اسکی شکایت زیادہ پائی گئی ہے جسکی وجہ سے خیال ہوتا ہے کہ شاید گردوں کے مزاج کو نظام عصبی اور دماغ کے ساتھ کوئی گہرا تعلق ہے اور اسی وجہ سے دماغی کام کرنیوالے لوگ اسمیں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ جن لوگوں کو زیادہ جاگنے کا اتفاق ہوتا ہے ان کو بھی یہ شکایت پیدا ہوجاتی ہے۔ اس بیماری میں خاص یہ شکایت ہوتی ہے کہ پیشاب زیادہ آنے لگتا ہے اور پیاس بھی زیادہ ہوجاتی ہے چنانچہ شدت پیاس سے مجبور ہو کر جب مریض پانی پیتا ہے تو وہ بہت ہی جلد بلا توقف و تاخیر گردوں کی طرف جاذب ہو کر ویسا ہی سفید و رقیق نکلتا ہے۔ جیسا پیا گیا تھا۔ اور اس میں کچھ بھی تغیر و تبدل پیدا نہیں ہوتا ؂

گرم چیزوں کے زیادہ استعمال کرنے محنت

گردوں کے مقام پر سوزش اور جلن معلوم ہوگی پیاس کی انتہا

اس صورت میں رات کو مغز پنبہ دانہ ایک تولہ بھگو کر صبح کو نہار کر شربت بزوری بارد ملاکر پلائیں اور شام

یا مرکب ذیابیطس یا قرص ذیابیطس ۵ عدد صبح کو کھلا کر اوپر سے دہی کا پانی یا لوکاٹ کا

گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ گوشت چائے۔ انڈے

کدو خرفہ پالک توری مونگ ارہر کی دال اُرد کی دال انار لوکاٹ سیب

ذیابیطس کے علاج میں فوراً کوشش کرنی چاہیئے۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
کثرت سے پیشاب آنا	شفقت کی زیادتی کثرت مباشرت کی وجہ سے گردوں کی حرارت زیادہ بھڑک جاتی ہے اور گردے زیادہ پانی جذب کر لیتے ہیں اور اسکو ہضم نکر سکنے کی وجہ سے بلا تغیر چھوڑ دیتے ہیں اور یہ مرض پیدا ہوتا ہے	تشنگی۔ پیشاب بار بار آئیگا اور مقدار زیادہ اور رنگت سفید پانی جیسی ہوگی۔ بھوک بہت کم لگیگی۔ چند روز تک یہ مرض رہجائے تو گردوں کی چربی تحلیل ہوجاتی ہے اور اعضا کی خشکی بڑھکر مریض کی جانبری مشکل ہوجاتی ہے ❊	کو شیرہ خشخاش شیرہ کاہو مقشر شیرہ رزد درد شیرہ کشنیز خشک شیرہ تخم خرفہ سیاہ شربت نیلوفر یا شربت خشخاش ملاکر پلائیں یا شام کو کدو یا ککڑی کا پانی ۵ تولہ نکالکر اسمیں شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر اسپغول مسلم ۶ ماشہ چھڑک کر پلائیں اور مریض کو سرد پانی میں اتنا نہلائیں کہ مریض کا بدن بالکل سرد ہوجائے	پانی یا انار کھٹہ میٹھے کا پانی ۵ تولہ منصور ۳ تو شربت نیلوفر یا شربت صندل ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور کشتہ زمرد یا کشتہ بیضہ مرغ ایک ترص زرعونی عنبری یا مرکب کلی ۵ ترص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں۔ اور حب ۵ عدد بجری کے دودھ کے ساتھ رات کو کھلائیں ❊	نہ کھائیں۔ دھوپ میں پھریں محنت شفقت اور مباشرت سے پرہیز کریں۔ گڑ تیل کی بنی ہوئی چیزیں جنگلی چھیلی نہ کھائیں	ماسپاتی۔ انگور۔ سنگترہ۔ بسکٹ نان پاؤ کھا سکتے ہیں۔ اس مرض کی حالت میں کاسنی کے پتوں کی بھوجیہ بنا کر کھانا نہایت مفید ہے	ورنہ گردوں کی گرمی اگر کچھ عرصہ تک باقی رہتی ہے اور زوال پذیر نہیں ہوتی تو پانیکو اپنی طرف جذب کرنیکی وجہ سے اعضاء کو رطوبت و تری نہیں پہنچتی تو آخر الامر دق تک نوبت پہنچتی ہے ❊

اور بھیڑ کے دودھ کی دہی جماکر برف سے سرد کرکے پلائیں اور صندل سفید۔ گلنار اقاقیا گل ارمنی۔ جو کا آٹا ۔ یہ سب کو گلاب اور سبز کاسنی کے پانی میں پیسکر گردوں کے مقام پر ضماد کریں۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو اور تشنگی آنی شروع ہوجائے تو گلو خشک پیسکر ہموزن کچی کھانڈ ملاکر ۱ تولہ بھر لیکر آب کدو ۵ تولہ اور شربت نیلوفر ۲ تولہ کیساتھ پھنکائیں۔ اگر ان تدابیر سے پوری طرح فائدہ نہ ہو تو یہ سفوف بنا کر استعمال کرائیں۔ گوند کتیرا۔ طباشیر گل ارمنی گل تیرحی گل مختوم صندل سفید پسا ہوا گلنار اقاقیا بسد رب السوس شادنج عدس مقشر مغسول تخم خرفہ مقشر۔ خارخسک بھنگلو بسلا جیت قلعی کشتہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ تخم خشخاش۔ تخم خیارین مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۴ ماشہ ان سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں اور ۱ تولہ بھر اسمیں سے لیکر اول کھائیں اور اوپر سے آب انار مخوش ۵ تولہ یا آب لوکاٹ ۵ تولہ یا شربت انار ۲ تولہ ملاکر پی لیں ❊

وجع المثانہ (مثانہ کا درد) بعض اوقات پیڑو میں درد شروع ہوجاتا ہے اسکی تکلیف کیوجہ سے مرد کا آلہ تناسل بھی مبتلائے آفت ہوکر تکلیف کا باعث ہوتا ہے اور مریض نہایت پریشان ہوتا ہے ❊

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
مثانہ کا درد	زیادہ زریاح کے پیدا ہوکے اور مثانہ میں اکٹھا ہونیکی وجہ سے انکا تمدد اور تمدید کی وجہ سے درد پیدا ہوتا ہے	پیڑو کے مقام پر کھچاوٹ کا اثر محسوس ہوگا اور بوجہ بخیر کچھ نہوگا اور پتھری کی علامت وغیرہ نہونگی ❊	ایسی صورت میں صبحکو بادیان انیسون زنجبیل نانخواہ پودینہ خشک پانی میں جوش دیکر ملکر صاف کرکے خمیرہ بنفشہ یا گلقند ملاکر پلائیں اور شام کو شیرہ بادیان ۳ شیرہ تخم کرفس ۳ مصطگی ۲ شیرہ تخم کشوث ۳ شیرہ انیسون ۳ شیرہ زیرہ سیاہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکالکر خمیرہ بنفشہ یا گلقند یا شربت دینار ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔ الائچی کلاں پودینہ خشک زیرہ سیاہ نمک طعام زنجبیل ان سب کو کوٹ پیسکر روغن بابونہ میں ملاکر نیم گرم ضماد کریں۔ گل ٹیسو۔ پودینہ خشک۔ زنجبیل ہر ایک ایک تولہ پانی میں جوش دیکر مثانہ پر نطول[1] کریں ❊	یا مرکب زنجبیل ۲ قرص یا مرکب کمونی مسہل ۲ قرص صبحکو کھلا کر اوپر سے درمانی ۳ تولہ عرق بادیان ۹ تولہ خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملاکر پلائیں اور راحت ۵ قرص شام کو کھلا کر اوپر سے عرق الائچی ۶ تولہ عرق نانخواہ ۶ تولہ شربت کشوث ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور مقوی معدہ ۲ عدد رات کو نیم گرم پانی سے کھلاتے رہیں ❊	بادانگیز اور غلیظ اشیاء سے پرہیز کریں۔ شلجم گوبھی کدو خرفہ پالک دودھ۔ اڑد اروی وغیرہ نہ کھائیں ❊	گوشت حلوان تیتر بٹیر چڑیوں کا گوشت گرم مصالحہ کے ساتھ کھلائیں مونگ ارہر کی دال چپاتی۔ چائے بسکٹ نان پاؤ وغیرہ کھلائیں کریلوں کی ترکاری بھی کھلا سکتے ہیں ❊	اگر معمولی تدابیر سے فائدہ نہو اور قبض بھی موجود ہو تو روغن انڈی گلاب میں مریض کو دیں تاکہ دو چار دست ہوکر طبیعت صاف ہوجائے

الحصاۃ والرمل فی الکلیہ والمثانہ (مثانہ اور گردہ کی پتھری اور ریت) گردہ یا مثانہ میں پتھری اور ریت کا پیدا ہونا نہایت سخت تکلیف دہ اور مہلک اور پریشان کن عارضہ ہے جسوقت پتھری

[1] نطول کا طریقہ یہ ہے کہ ادویات کو تین سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے اتار کر نیم گرم [illegible]

... مثانہ پر نطول کریں ⁂

الحصاۃ والرمل فی الکلیۃ والمثانۃ (مثانہ اور گردہ کی پتھری اور ریت) گردہ یا مثانہ میں پتھری اور ریت کا پیدا ہونا نہایت سخت تکلیف دہ اور مہلک اور پریشان کن عارضہ ہے جسوقت پتھری یا ریت وغیرہ گردہ یا جرم مثانہ میں چبھتی ہے تو مریض درد کے مارے پریشان ہو جاتا ہے اور بڑی بات یہ ہے کہ نہایت دشواری کے ساتھ علاج پذیر ہوتی ہے ⁂

گردہ اور مثانہ کی پتھری

مرطوب اور غلیظ غذائیں زیادہ کھانیکی وجہ سے غلیظ رطوبات جن کے اندر ارضیت کا غلبہ یعنی مٹیلے اجزا زیادہ ہوتے ہیں۔ اور گردہ اور مثانہ کے اندر اکٹھی ہو جاتے ہیں ایک مدت تک پڑا رہنے سے حرارت اثر کر کے لطیف اجزا کو بالکل اڑا دیتی اور خالص ارضیت بجاتی ہے اور پتھری ہونیکا باعث ہوتی ہے ⁂

اگر پتھری یا ریت گردہ میں پیدا ہوئی ہے تو اسوقت کمر اور پیٹھ میں درد اور قبض یا آنتوں کے پر ہونیکی حالت میں چبھن کی زیادتی اور شام کو پیشاب کرا کے اگر شیشہ یا چینی کے صاف برتن میں بند کر کے رکھدیں تو صبح کو اس میں سرخ یا زرد ریت کے اجزاء دکھائی دینگے سنگ مثانہ میں درد اور ثقل پیڑو کے مقام پر محسوس ہوگا اور عضو مخصوص کی جڑ میں خارش ہوگی۔ پیشاب بار بار اور درد کے ساتھ آنے لگا ⁂

ایسی صورت میں صبح کو حجر الیہود سنگ سرماہی صمغ عربی صمغ آلو ایک ایک ماشہ کوٹ پیس کر زرعونی ۲ قرص میں ملا کر اول کھلائیں اور اوپر سے شیرہ تخم خیارین شیرہ تخم خربزہ شیرہ خارخسک عرق انناس میں نکالکر شربت بزوری معتدل ملا کر پلائیں۔ اور شام کو پتھر توڑی بوٹی لیکر پانی میں پیسکر شربت بزوری سے میٹھی کر کے پلائیں۔ اطباء نے لکھا ہے کہ جگنو جو رات کو عموماً چمکا کرتا ہے اوسکے پر علیحدہ کر کے سایہ میں خشک کریں اور خشک ہونے کے بعد جگنو کو پانی کے ساتھ اس کو کھائیں تو نہایت مفید ہوتا ہے۔ اور گل ٹیسو۔ گل کسم۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین تخم خارخسک پانی میں پکا کر اس کا نطول کریں تو نہایت مفید اور منفعت رساں ہوتا ہے اور اس کے موٹے اجزاء کو گردہ یا مثانہ پر باندھیں اگر درد زیادہ ہو تو درد بند کرنیکے لئے ہینگ تخم خشخاش یا افیون کو کنار پانی میں گھسکر ضماد کریں ⁂

ان تدابیر سے فارغ ہونیکے بعد صبح کو کشتہ حجر الیہود ایک قرص مرکب زرعونی حجر الیہود کے ہمراہ کھلائیں اوپر سے عرق انناس ۱۲ تولہ شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو پتھر پانی ایک قرص یا حب ۵ قرص کے ہمراہ کھلا کر اوپر سے درماں ۳ تولہ عرق بادیان ۵ تولہ شربت الوبالو ۲ تولہ ملا کر پلائیں اگر مزاج گرم نہ ہو تو پتھر پانی ایک قرص مرکب عقرب ڈیڑھ قرص کے ہمراہ کھلانا نہایت مفید ہے اگر اس کے ساتھ ساتھ شیرہ آلو بالو شیرہ دو فو شیرہ کاکنج عرق انناس ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پلائیں تو بہت جلد فائدہ ہوگا ⁂

ثقیل اشیاء سے پرہیز کریں الوار دی اور اوڑد کی دال چنے باجرہ کی روٹی یا چنے کی دال بینگن مسور کی دال دودھ وغیرہ سے پرہیز کریں۔ بعض اشخاص کو نرم ہڈیوں کے چابنے یا کچی چاولوں کو کھانیکی عادت ہوتی ہے۔ مگر انکو یاد رکھنا چاہئے کہ اس قسم کی اشیاء بہت جلد پتھری پیدا کر دیتی ہیں

نخود آب قلیہ مطنجن روغن بادام گائے کا گھی۔ پستہ انجیر زرد تربوز مولی حلوہ گوشت کا شوربہ مونگ ارہر کی دال چپاتی۔ انڈے کی زردی نان پاؤ بسکٹ وغیرہ کھا سکتے ہیں ⁂

اگر پتھری کے بڑی ہو جانیکی وجہ سے تکلیف بہت زیادہ ہونے لگے اور معمولی دواؤں کا استعمال زیادہ مفید نہ ہو تو کسی لائق حکیم یا تجربہ کار ڈاکٹر سے جراحی کے ذریعہ پتھری نکلوائیں اگرچہ اعمال جراحی عموماً خطرات سے خالی نہیں ہوتے۔ لیکن بایں ہمہ اگر کوئی تدبیر کارگر نہ ہو تو پھر عمل جراحی ناگزیر ہے ⁂

قرحہ مجری القضیب - (سوزاک) سوزاک بھی تقریباً ایسی عالمگیر بیماری ہے کہ بہت کم لوگ اس موذی مرض کے نام سے ناآشنا ہونگے۔ اور یہ بیماری اس قدر سخت تکلیف رساں ہوتی ہے کہ بعض اوقات مریض اپنی جان کھونے کو اس دائمی تکلیف پر ترجیح دیتے ہیں۔ سوزاک کے مریضوں کیلئے پیشاب کرنیکا وقت ایک عجیب محشر نما اور قیامت خیز زمانہ ہوتا ہے۔ اور بلا مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ دن میں تقریباً تین چار مرتبہ سکرات موت کے منازل طے کرتے ہیں۔ ان روزانہ مصائب کے علاوہ اس مرض کے اس قدر برے اور اندیشناک نتائج ہوتے ہیں۔ کہ جن پر غور کرنے سے مریض کی زندگی نہایت تلخ اور راہ سیری معلوم ہوتی ہے۔ جوانی کی امنگیں شباب کے ولولے سب خاک میں ملجاتے ہیں۔ قوت رجولیت اور مردانہ طاقت بالکل ملیامیٹ ہو جاتی ہے۔ جریان۔ بند کشاد۔ ضعف باہ ایسی موذی اور ہستی کو تلخ کرنیوالی شکایات پیدا ہو جاتی ہیں ⁂

یہ مرض اکثر بدفعلیوں اور زناکاری کا نتیجہ ہوا کرتا	پیشاب کی سوزش اور مشکل سے نکلنا اور خون کے اجزاء	بالکل شروع بیماری میں جسوقت پیشاب میں سوزش نمودار ہو تو شیرہ تخم خیارین شیرہ خارخسک شیرہ	اگر ان تدابیر سے فائدہ نہ ہو تو ۸ مرکب سرخ ۳ قرص صبح کو کھا کر اوپر سے شفا دہ تولہ مخرور	گوشت گرم مصالحہ چائے انڈے سرخ مرچ دھوپ میں چلنے	کدو پالک خرفہ۔ ٹنڈے۔ بھنڈیاں اور مونگ مسور کی دال چپاتی دودھ نان پاؤ	اگر درد کی وجہ سے تکلیف اور بے چینی زیادہ ہو تو	

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
سوزاک	اور عموماً اسکی ابتدا مستورات سے ہوتی ہے کہ بعد جماع کے رطوبت فاسدہ شرمگاہ میں رہکر اس مرض کا باعث ہوتی ہیں اور یہ مردوں کو لاحق ہوتا ہے۔ اور کبھی گرمی کی زیادتی سے بھی اس قسم کے امراض پیدا ہوتے ہیں ۔	کا پیشاب کے ساتھ مختلط ہوکر نکلنا بعض اوقات پیپ کا ظاہر ہونا۔ پیشاب کے امتحان سے چھلکوں کا معلوم ہونا اور زخم کے مقام پر درد کا لازم ہونا اسکی خاص علامت ہے	تخم خربزہ پانی میں نکالکر شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں یا گیرو اور نخود خام رات کو پانی میں بھگو کر اور صبحکو نتھار کر شربت بزوری ۴ تولہ ملائیں اور پی لیں۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو پوست خاشہ شکری رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبحکو اس کا زلال لیکر شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں اور اگر پیشاب میں سوزش زیادہ ہو اور ضرورت داعی ہو تو پچکاری استعمال کرائیں	۵ تولہ شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پی لیں اور سونف کشتہ قلعی یا مرکب مامیران ۳ قرص شام کو کھاکر اوپر سے شربت بزوری ۴ تولہ پانی میں ملاکر پی لیں۔ یا عرق سوزاک ایک ایک تولہ صبح و شام	مباشرت وغیرہ سے پرہیز کریں گرم اور ترش اشیا تیل گڑ وغیرہ کھائیں کوئی چیز ترشی کی قسم سے بھی نہ کھائیں ۔	انگور بسکٹ ناشپاتی۔ انار سیب وغیرہ کھا سکتے ہیں۔ حلوان کے گوشت میں ٹھنڈی ترکاریاں۔ کیلا وغیرہ کھائیں ۔	شیرہ تخم کاہو اور شیرہ تخم خشخاش پانی میں نکالکر شربت خشخاش ملاکر پلائیں یا افیون پانی میں حل کرکے اسکی پچکاری کریں ۔

(علاج) اور شام کو تین روز تک استعمال کریں۔ اگر اس کے بعد بھی کچھ شکایت باقی رہجائے تو دواکر ہاتی والی ڈیڑھ قرص کھاکر اوپر سے شربت بزوری ۴ تولہ پانی میں ملاکر چند روز استعمال کریں۔ اگر سوزاک بہت پرانا ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہو تو پہلے منضج کا نسخہ پلاکر جو ہا ہو یا سوداوی ہیں گذرا تین مسہل لیں اس کے بعد جوہر منقی ۲ چاول منقی میں اسطرح لپیٹ کر کہ دانتوں کو نہ لگے صبحکو نگل لیا کریں اور دوائے سوزاک ۳ قرص شام کو تازہ پانی سے پھانک لیا کریں۔

نیلا تھوتھا بریاں۔ پھٹکری بریاں۔ مردار سنگ بریاں۔ سرمہ اصفہانی۔ رسوت۔ کتھ سفید۔ مازو سبز۔ مصطگی رومی ان سب کو کھرل میں باریک کرکے ایک بوتل پانی میں خوب حل کرکے اور پھر اس پانی میں افیون بہر دینہ خوب ملاکر پچکاری کریں ۔

تقطیر البول (قطرہ قطرہ ہوکر پیشاب آنا) یہ بیماری بھی اگرچہ اس قدر موذی اور مہلک نہیں لیکن پریشان کن اور تکلیف دہ ضرور ہے۔ اسمیں مریض کو بار بار پیشاب کرنیکی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ لیکن ایک دو قطرہ کے سوا کچھ نہیں نکلتا اسوجہ سے بعض اوقات نمازی اور صفائی پسند اشخاص کے کپڑے پاک صاف نہیں رہ سکتے۔ علاوہ بریں کسی کام میں مصروف ہو تو وقت جسکے لئے دیر تک بیٹھا رہنا ضروری ہو پوری طرح توجہ نہیں دے سکتا

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا	عموماً پیشاب کی گرمی اور تیزی سے سوزش پیدا ہوتی ہے چنانچہ گرم اشیاء کے کھانے اور دھوپ میں چلنے وغیرہ سے پیدا ہوجایا کرتی ہے	پیشاب کی سرخی یا زردی اور جلن اور پہلے ایسے اسباب کا واقع ہونا جو گرمی کے باعث ہوں مثلاً گرم اشیاء کا کھانا دھوپ میں پھرنا۔ کوئی سخت محنت یا ریاضت کرنا کثرت بیداری گرمی ہو جائے یا قہوہ نوشی سخت دھوپ اور گرم وغیرہ میں مباشرت کرنا وغیرہ ۔	اسحالت میں صبحکو شیرہ تخم خیارین شیرہ تخم خربزہ شیرہ تخم خشخاش شیرہ تخم کدو شیریں شیرہ تخم تربوز ہر ایک ۳ ماشہ عرق نیلوفر یا عرق گاوزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت نیلوفر یا شربت خشخاش یا شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور شام کو	یا شام کو محرور ۵ تولہ عذب ۵ تولہ شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔ آرام ہونیکے بعد کبھی بارد ۵ ذرہ صبحکو کھلاکر اوپر سے عرق کاسنی ۵ تولہ عرق گاوزبان ۶ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور مرکب اطریفل شیرہ عناب والا ۵ قرص شام کو محرور ۵ تولہ قرار داد ۳ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں ۔	گوشت گرم مصالحہ سرخ مرچ چائے انڈے دھوپ میں چلنے پھرنے۔ مباشرت وغیرہ سے پرہیز کریں	کدو پالک خرفہ ٹنڈے۔ بھنڈیاں اور مونگ مسور کی دال چپاتی۔ دودھ نان پاؤ بسکٹ انگور انار ناشپاتی خربوزہ سیب وغیرہ کھاسکتے ہیں ۔	بعض اوقات اخلاط غلیظ بدن میں بکثرت ہوتی ہیں اور وہ پیشاب کے ساتھ ملکر کچھ غلیظ کردیتی ہیں اور نکلنے میں فرق ہوتی ہیں ایسی صورت میں روغن بید انجیر گلاب میں ملاکر دو چار مرتبہ پلائیں تاکہ مواد نکل جائے ۔

(ادویہ مفردہ) لعاب اسپغول پانی یا عرق گاوزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ یا شربت عناب یا شربت نیلوفر ملاکر پلائیں ۔

البول فی الفراش (بستر پر پیشاب کر دینا)

یہ بیماری بھی نہایت شرمناک ہے اسکی قباحت اور شرمندگی کا کچھ وہی اندازہ کر سکتے ہیں جو خدانخواستہ اس موذی شکایت میں مبتلا ہوں۔ زیادہ تر اس کا سبب مثانہ کی کمزوری اور نیند کی کثرت ہوتی ہے۔ کیونکہ جب مثانہ کمزور ہوتا ہے اور کوئی چیز ایسی کھالی جاتی ہے جسکی وجہ سے پیشاب زیادہ مقدار میں بنتا اور تیار ہوتا ہے تو اسوقت رات کو یا دن کو اپنی معمولی حالت کے مطابق رک نہیں سکتا اور سوتے میں خارج ہو جاتا ہے ۔

[illegible]

رطوبت کی زیادتی کی وجہ سے مثانہ کی قوتوں کی کمزوری اور نیند کی زیادتی چونکہ بچوں میں رطوبت بازیادہ ہوتی ہیں اسی وجہ سے انکو یہ مرض اکثر ہوتا ہے اور بارہ تیرہ سال کی عمر تک خود جاتا رہتا ہے۔

پیشاب کا رات کو بستر پر نکل جانا نیند کی زیادتی بد شوار ہی بیدار ہونا سونے کی حالت میں اس قسم کے خواب دکھائی دینگے کہ پیشاب کی ضرورت ہے اور کسی مقام پر بیٹھے ہوئے پیشاب کر رہے ہیں ۔

ایسی صورت میں یہ سفوف تیار کر کے رکھ لیں۔ سعد کوفی۔ خولنجان۔ جفت بلوط۔ حب الآس۔ گلنار ہر ایک ایک تولہ ان سبکو باریک کوٹ کر ۹ ماشہ اسمیں سے لیکر اول کھائیں اور اسپر بادیان زیرہ سیاہ زنجبیل دار چینی ان سب کو پانی میں جوش دیکر صاف کر کے ۵ تولہ خمیرہ بنفشہ ملا کر پلائیں۔ اور مسک جند بیدستر دونوں کو روغن سوسن میں ملا کر نیم گرم مثانہ پر ضماد کریں اور کمو جوز بوا کوٹ پیسکر ایک ماشہ اسمیں سے لیکر گلقند عسلی میں ملا کر کھایا کریں۔

یا صبح کو کشتہ فولاد ایک قرص گز انجبیل یا مرکب مصطگی، قرص کے ہمراہ کھلائیں اور شام کو خبث الحدید ۱ قرص مرکب جالینوس، قرص کے ہمراہ استعمال کرائیں افاقہ کے بعد کشتہ زمرد ایک قرص۔ زرعونی عنبری ۵ قرص کے ہمراہ چند روز تک استعمال کراتے رہیں۔

گائے کا گوشت گھی دودھ کی کثرت دہی شلجم توری کدو خرفہ پالک دیگر مرطوب ترکاریوں سے پرہیز کریں سرد پانی نہ پئیں۔ برف کا استعمال چھوڑ دیں

حلوان کا گوشت بھنا ہوا گرم مصالحہ کے ساتھ مرغ تیتر بٹیر کریلا بھنے ہوئے چنے۔ مونگ ارہر کی دال چپاتی۔ نان پاؤ بسکٹ وغیرہ کھا سکتے ہیں۔

اس بیماری کے آہستہ آہستہ رفع کرنیکی بہترین تدبیر یہ ہی کہ رات میں مریض کو دو ایک مرتبہ جگا کر پیشاب کرائیں۔ اور شام کو بھی پیشاب کرا کے سلائیں اسیطرح چند مرتبہ کرنے سے اسکو خودبخود بیدار ہونیکی عادت پڑ جائیگی اور رفتہ رفتہ یہ شکایت جاتی رہے گی ۔

امراض اعضاء التناسل (اعضائے تناسل کی بیماریاں)

ظاہر ہے کہ موت و فنا زندگی و وجود کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ رکھتی ہیں۔ ہر وہ چیز جو ایک دفعہ پردہ عدم سے عالم وجود میں آئی ہے وہ ایک نہ ایک دن ضرور منزل وجود کو طے کر کے وادی عدم میں پہونچتی ہے۔ ہر ہستی کیلئے نیستی ضرور ہے۔ اس نظام قدرت کے ساتھ تکوین عالم کا نتیجہ اس سلسلہ کا مقتضی ہے جو نسل حیوانی کی بقا و دوام پر موقوف ہے۔ اسی وجہ سے خدائے کریم نے اپنی بے نظیر قدرت سے ہر حیوان میں نر و مادہ جوڑا پیدا کیا ہے اور ہر ایک میں ایسی قوتیں ودیعت فرمائی ہیں۔ کہ جن کے ذریعہ سے خدائے قدوس کی قدرت کے کرشمے ظاہر ہوتے ہیں۔ جو ہر ایک حیوانی پودے کی تکوین تولید اور پھر نشو و نما میں مخفی و پوشیدہ ہیں جس طرح مرد و عورت کے ان مخصوص اعضاء میں اگر خرابی یا کوئی نقصان پیدا ہوتا ہے۔ تو سلسلۂ تولید کو ایک ناگوار صدمہ پہونچتا ہے۔ اسی طرح عورتوں کے اعضاء کی خرابی بھی اسی قسم کے نقصان کا باعث ہوتی ہے۔ اگر سلسلہ تولید حیوانی کو بالکل نباتی پودوں کے ساتھ تشبیہ دیجائے تو میرا خیال ہے کہ بالکل پوری اور مناسب ہوگی۔ مرد کے مادہ تولید کی مثال ایک بیج کی ہے۔ جو کسی زمین میں ڈالا جائے اور جسقدر بیج میں طاقت و قوت ہوتی ہے اسی قدر پیداوار تر و تازہ سرسبز و شاداب اور مضبوط آفات خارجیہ و داخلیہ کا مقابلہ کرنیوالا ہوتا ہے اسیطرح مرد کے مادہ تولید کی قوت اس حیوانی پودے میں بعینہ وہی اوصاف پیدا کرتی ہے جو اوپر بیان کئے گئے۔ عورتوں کی مثال بعینہ اس زمین کی ہے جس میں کاشت کیجاتی ہے۔ جسطرح دیکھا گیا ہے کہ زمین کی قوت و کمزوری کا اثر کاشت پر پڑتا ہے اسیطرح نسائی قوتوں کا اثر بچوں پر بہت زیادہ پڑتا ہے۔

یہ قوت مردوں کے لئے ایک ایسا زیور ہے جس کے بغیر ایسی حالت زار ہوتی ہے جس پر دنیا بھر کی زندگیاں قربان ہو سکتی ہیں۔ بعض اوقات اس مہلک عارضہ کی وجہ سے بہت سے لوگ جان شیریں کو موت و فنا کی بھینٹ چڑھاتے ہیں۔ مدعا یہ ہے کہ یہ قوت ایسی ہے کہ جسکی وجہ سے دنیا بھر کی نعمتیں اور خوشیاں بھلی معلوم دیتی ہیں اور اسکے بغیر زندگی تلخ ہو جاتی ہے۔ علاوہ بریں دنیا میں اولاد اطفال کا ہونا ایک ایسا امر ہے کہ جس کے بدون کوئی بھی دنیاوی لذت و لطف لذیذ نہیں معلوم ہوتا۔ اور اس سے محرومی کا اندازہ بھی وہی لوگ پوری طرح کر سکتے ہیں۔ جو اپنی آنکھوں سے سلسلہ نسل کا سرسبز درخت منقطع ہوتے ہوئے دیکھیں ۔

ایسی بڑی نعمت کی نگہداشت ہر عقلمند پر فرض ہے۔ مگر افسوس کہ لوگ آجکل اس قیمتی اور بے بہا نعمت کی بہت کم قدر کرتے اور اس ضروری قوت کیساتھ بہت بے پروائی برتتے ہیں۔ علاوہ قلب و دماغ اور جگر کے جن اعضا پر اس قوت کے تندرست اور صحیح رہنے کا انحصار ہے گردہ بھی ہیں۔ مادہ تولید جسوقت خصیتین کیطرف نضج حاصل کرنے اور پختہ ہونے کیلئے آتا ہے اس وقت راستہ میں گردہ بھی اسمیں ایک حد تک نضج کا فائدہ دیتے ہیں عموماً دیکھا گیا ہے کہ جن اشخاص کے گردے کمزور یا بارد المزاج ہوتے ہیں انکی قوت باہ بھی قابل اطمینان نہیں ہوتی۔ اسی طرح اگر قوت باہ کی حفاظت و صیانت کی کم پرواہ کیجاتی ہے اور مباشرت وغیرہ کثرت سے وقوع میں آتی ہے تو گردے بھی کمزور ہو جایا کرتے ہیں۔ بہرحال گردوں کا قوت باہ کیساتھ ایک گہرا تعلق ہے۔

اسکے علاوہ خصیتین بھی ایسے اعضا ہیں کہ جن پر قوت باہ کا زیادہ تر دارومدار ہوتا ہے۔ اطبا نے لکھا ہے کہ بقائے نسل کیلئے خصیتین ایسے ہی ضروری ہیں جیسے انسانی زندگی کے لئے قلب و دماغ اور جگر لازمی ہیں۔ یہ ایک سفید غدودی گوشت کے بنے ہوئے ہیں جن میں جسوقت خون یا رطوبت آتی ہے تو وہ پوری طرح پک کر مادہ تولید کی صورت اختیار کرتی ہے۔ عموماً دیکھا گیا ہے کہ جن لوگوں کے خصیتین کمزور اور ضعیف ہوتے ہیں انکو خروج مادہ تولید کی بجائے انزال کے وقت خون کے قطرے آتے ہیں۔ خصیتین میں مادہ تولید کے نضج حاصل کرنے کے بعد وہاں سے اُن غدودوں کی طرف جاتا ہے جو مثانہ کی گردن کے دونوں طرف رکھی ہوتی ہیں۔ انکا وجود بھی قوت باہ کی حفاظت کیلئے نہایت ضروری ہے کیونکہ جسوقت انمیں موجودہ مادہ تولید حرکت کرتا ہے اور اسمیں ہیجان پیدا ہوتا ہے تو ان تھیلیوں میں تحریک پیدا ہوتی ہے اور اسکے اثر سے عضو مخصوص میں برانگیختگی پیدا ہوتی ہے اور پھر ان تھیلیوں میں سے مادہ تولید نکلکر ایک خاص نالی کے ذریعہ عضو مخصوص تک آتا ہے اور وہاں سے پھر عورت کے رحم میں جاتا ہے اور وہاں جاکر استقرار حمل اور تکوین جنین کا باعث ہوتا ہے۔ اور عنایت ایزدی اس قطرۂ آب کو ایک اشرف المخلوقات کا جامہ پہناتی ہے۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

نقصان باہ۔ (قوت مردمی کی کمزوری) قوت باہ کا احساس ہر انسانی عقل کے ساتھ گہرا تعلق رکھتا ہے۔ کہ جس کے معلوم کرانے اور بیان کرنیکی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ اس مجہولانہ کیفیت کے نظارہ کا اندازہ ہر قلب سلیم پوری طرح رکھتا ہے۔ البتہ ان لوگوں کی حالت قابل افسوس ہے کہ جو باوجود معلوم ہونے اور احساس رکھنے کے اس مفید نعمت کو کھوتے ہیں اور پھر عمر بھر نہایت تلخ زندگی بسر کر کے پچھتاتے ہیں۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
قوت	زیادہ تر اعضاء رئیسہ دل۔ دماغ۔ جگر نیز معدہ اور گردہ کے ضعیف ہونے سے جسم کی قوت بجا جاتی رہتی ہے اور عرصہ تک مباشرت کا اتفاق نہ ہونے یا آلات	ضعف دل کی حالت میں خفقان ضعف نبض اور ضعف دماغ کی حالت میں کند ذہنی حواس میں دوران سر نزلہ زکام آنکھوں کے سامنے اندھیرا اور ضعف جگر کی حالت میں بھوک کی کمی کمزوری اسہال وغیرہ دیگر علامات اور معدہ کے	ایسی حالت میں اگر دل کمزور ہو تو زہر مہرہ خطائی جن ان دونوں کو باریک پیسکر مسک معتدل یا مرکب بارہ یا مفرح یا قوتی صندل ۵ قرص کے ہمراہ اول کھلائیں اور اوپر سے آب انار شیریں آب سیب شیریں ۵ تولہ میں شربت سیب ۲ تولہ ملاکر تخم خرفہ چھڑک کر پلائیں اور ضعف دماغ کی صورت میں مغز بادام شیریں مغز کدو شیریں	مذکورہ بالا تدابیر کے علاوہ حب جالینوس یا مرکب حب دار یا حب عنبر مومیائی ۲ عدد مرکب جالینوس لولوی یا مقوی ۵ قرص کے ہمراہ صبح کو کھا کر اوپر سے عرق ماء اللحم جدید یا خاص الخاص ۵ تولہ شربت مویز ۲ تولہ ملاکر پی لیں اور شباب ۳ قرص شام کو کھاکر اوپر سے عرق ماء اللحم عنبری ۳ تولہ تکمیل ۲ تولہ	باد انگیز اشیا بینگن سرخ مرچ ترش اشیاء سے پرہیز کریں مونگ مسور موٹھ ارہر کی دال خشک تنوری روٹی ثقیل اور دیر ہضم چیزیں نہ کھائیں اگر عضو تناسل کی خرابی سے ہو تو ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کر لیا کریں	گوشت بھنا ہوا دودھ مچھلی تازہ انڈے چپاتی پلاؤ زردہ چائے بسکٹ۔ سیب انگور انار سپاتی بادام مویز منقی چلغوزہ اخروٹ وغیرہ کھا سکتے ہیں گھی دودھ ربڑی مکھن وغیرہ ہضم کے موافق کھائیں صبح شام ہوا خوری	اگر معدہ رطوبات کی کثرت کیوجہ سے نہایت ضعیف ہوگیا ہو اور دیگر تدابیر چنداں مفید ثابت نہوں تو جوارش مرکب کلاں یا مرکب جالینوس ہمیں رکھکر اول کھلائیں

مردمی کی کمزوری

تناسل میں کسی قسم کی خرابی آجانیکی وجہ سے مثلاً جلق وغیرہ کیوجہ سے عضو تناسل کا سست اور بیکار ہوجانا بھی اس کا سبب ہوتا ہے

ضعیف ہونیکی صورت میں کمی اشتہا اسہال معدی ترش ڈکاریں وغیرہ اور گردوں کے کمزور ہونیکی حالت میں اسکی مخصوص علامات ظاہر ہوں گی ۔

مغز تخم تربوز، نشاستہ، کشنیز خشک، مغز تخم کاہو مقشر ہر ایک ۳ ماشہ نبات سفید ۲ تولہ ان سب کے گلاب میں پیسکر آگ پر رکھیں ۔ جب حریرہ کی مانند ہوجائے ۔ اتار کر صبح شام دونو وقت پلائیں ۔ اگر جگر کمزور ہو تو یہ سفوف تیار کرکے استعمال کرائیں

مصری ۲ تولہ شامل کرکے پی لیں ۔ اگر اس سے پوری طرح فائدہ نہو اور بدن کمزور ہو تو کشتہ طلا جدید یا کلاں ۲ چاول مرکب ہو یا ۲ قرص کے ہمراہ صبح کو اور الاحمر نصف قرص بہ ہمراہ ۵ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کریں ۔

اور اوپر سے عرق پان یا عرق الائچی شربت سیب میں ملاکر پلائیں ۔

گلسرخ ستہ درم لک مغسول زرشک منقی ہر ایک یکنیم درم طباشیر صندل سفید بسباسہ صمغ عربی ہر یک یکدرم ریوند چینی نیم مثقال ۔ تخم حماض یکمثقال زعفران دو دانگ سب اشیاء کو کوٹ پیسکر سفوف بنائیں اور ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک یہ سفوف لیکر اول کھائیں اور اوپر سے کھٹے میٹھے انار کا پانی ۵ تولہ مصری ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔ اور معدہ کمزور ہونیکی حالت میں مصطگی پودینہ خشک زیرہ سیاہ بسلوچن زہر مہرہ ان سب کو باریک پیسکر مرکب جالینوس میں ملاکر اول کھلائیں اور اوپر سے دارچینی بادیان زنجبیل پودینہ خشک کا شیرہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکالکر خمیرہ بنفشہ ۳ تولہ ملاکر پلائیں اگر گردہ کمزور ہوں تو مغز پنبہ دانہ مغز حبۃ الخضرا مغز حب صنوبر خورد و کلاں مغز پستہ تخم ہلیون مغز نارجیل مغز حب تلقل مغز اخروٹ ہر ایک یکجز شقاقل مصری حب الزلم زنجبیل لسان العصافیر ہر ایک آدھا جز ان سب کو کوٹ پیسکر شہد میں ملاکر معجون بنائیں اور ۷ ماشہ سے ۹ ماشہ تک اسمیں سے لیکر صبح و شام کھائیں ۔

سرعت جریان ۔ کثرت احتلام

ان تینوں بیماریوں کے نتائج اور اسباب تقریباً یکساں ہوتے ہیں ۔ مادہ تولید کے حدوث کے متعلق پہلے ایک مفصل بحث لکھی جاچکی ہے اور اسکے امراض و علل اور ایسی خرابیاں جن میں اسکی خرابی اور اضاعت کا مسئلہ پوشیدہ ہے ہونا مردکیلئے نہایت نامناسب نتائج کا باعث ہوتی ہیں ان بیماریوں کا نتیجہ بدنی ضعف نقاہت و کمزوری اور سستی بدن کی زردی کے علاوہ اعضاء رئیسہ پر نہایت برا اثر پڑتا ہے اور قوت باہ کو کمزور اور خراب کردیتا ہے

بعض اوقات مزاج کی گرمی یا دیگر گرم اسباب مادہ تولید کی حدت اور رقت کا باعث ہوتے ہیں اور اسیوجہ سے مادہ تولید گاہ بیگاہ اور بے سبب قوی کے سوا نکل پڑتا ہے اور یہ شکایات پیدا ہوجاتی ہیں ۔

اسکی نشانی یہ ہے کہ مادہ تولید کے نکلنے کے وقت سخت سوزش اور تکلیف ہوتی ہے پیشاب میں جلن ہوتی ہے مادہ تولید اور پیشاب کا رنگ زرد دکھائی دیتا ہے نیز گرمی کی دیگر علامات ظہور پذیر ہوتی ہیں

ایسی صورت میں صبح کو شیرہ تخم خیارین شیرہ عناب شیرہ مغز کدو شیریں شیرہ تخم کاہو مقشر شیرہ تخم خرفہ سیاہ عرق گاوزبان ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر یا شربت عناب ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔ اور شام کو لعاب اسپغول و بہدانہ ہر ایک ۵ ماشہ ... سفوف بیجبند یا مغلظ جاریا ۱۲ قرص گاؤزبان کو گائے کے دودھ کے ساتھ پھانک لیا کریں اور کشتہ قلعی یا کشتہ مسرب ایک قرص ثعلب مصری آرد سنگھاڑہ مغز پنبہ دانہ نبات سفید ۲ تولہ بانی میں پیسکر اور گائے کا دودھ اور سبوس اسپغول آمیز کرکے آگ پر پکائیں جب حریرہ کا سا قوام ہوجائے نیچے اتار کر تناول کریں ۔

یا صبح کو کشتہ پوست بیضہ مرغ ایک قرص مرکب ثعلب ، قرص کے ہمراہ کھائیں اور حریرہ جواد پر مذکور ہوا تیار کرکے پی لیں اور

آرد خرما ۱۲ قرص کے ہمراہ رات کو استعمال کریں ۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو جامد ۲ ، ۱ قرص صبح کو گائے کے دودھ کیساتھ پھانک لیا کریں اور تبتیرہ ۵ قرص شام کو کھائیں اور پارسا ۲ عدد رات کو سوتے وقت استعمال کریں ۔

گرم اور ترش اشیاء سے قطعی پرہیز کریں ۔ مباشرت اور دھوپ میں چلنے پھرنے ریاضت دماغی کام کی زیادتی وغیرہ سے بچیں ۔

کدو خرفہ پالک توری ٹنڈے بھنڈی اڑد کی دال اور مونگ کی دال چپاتی بسکٹ نان پاؤ مکھن دودھ وغیرہ استعمال کرسکتے ہیں

[illegible] شادی کر لیں ۔

نام مرض	اسباب	علامات	ادویہ مفردہ	ادویہ مرکبہ علاج	پرہیز	غذا	ضروری ہدایات
جریان و کثرت احتلام	کبھی برودت رطوبت کے غلبہ یا جلق وغیرہ ناجائز حرکات سے آلات تناسل خصوصاً مادہ تولید کے غدود کے اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں اور وہ طبعی سیال رنگ اس کو روک نہیں سکتے	ایسی صورت میں منی رقیق ہوگا اور بغیر انتشار کے پوری طرح ہوئے مذی کا بہنا اور رنگ سفید ہوگا اور برودت کی دیگر علامات پائی جائیں گی اور دوسری صورت میں قبیح فعل کا پہلے سرزد ہوتا اور ان دونوں صورتوں میں پوری طرح انتشار ہی نہیں ہوتا اور قبل از وقت خروج ہو جایا کرتا ہے	ایسی صورت میں یہ سفوف تیار کرائیں - ثعلب مصری نشاستہ جوز بوا بسباسہ الائچی کلاں ہر ایک ٢ ماشہ بزر البنج لونگ ہر ایک نیم ماشہ موچرس ٣ ماشہ نبات سفید ہموزن ملاکر کوٹ پیس کر سفوف تیار کرائیں اور ٧ ماشہ یہ سفوف لیکر اول کھلائیں اور اوپر سے گائے کا دودھ تازہ پاؤ بھر لیکر اسمیں نبات سفید ملاکر پی لیں	یا کشتہ مثلث ایک قرص مرکب ثعلب یا کلاں ٥ قرص کے ہمراہ صبح کو کھائیں اور حب جدید جریان ٣ عدد بعد کھانا کھانے کے دودھ کیساتھ کھالیا کریں ۔ اور کشتہ قلعی ایک قرص شام کو موصلی پاک ٧ ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں ۔ اگر چند روز میں اس سے فائدہ نہ ہو تو ان ادویات کے ساتھ رات کو مقوی ممسک یا خواب نصف ماشہ دودھ کے ہمراہ کھائیں یاد رکھنا چاہئے کہ اس قسم کے امراض کا علاج استقلال کیساتھ کریں کیونکہ کم از کم ایکماہ ادویات استعمال کرنیکے بعد فائدہ معلوم ہوتا ہے	برف ۔ سرد پانی ۔ زیادہ نہانے اور بادی پیدا کرنیوالی اشیائے بینگن ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں	حلوان کا گوشت تیتر بٹیر چوزہ مرغ مونگ ارہر کی دال دودھ گھی بالائی چاول خشکہ پلاؤ زردہ وغیرہ کھا سکتے ہیں	کبھی کثرت جماع کیوجہ سے گردہ ضعیف ہو کر اس کی چربی پگھل کر بہنے لگتی ہے اور جریان کا شبہ ہوتا ہے ایسی صورت میں دیگر علامات دیکھکر ضعف گردہ کا علاج کریں

جلق و اعوجاج ... و ہزالہ - (جلق اور کجی اور لاغری)

اعاذنا اللہ منہا ۔ یہ بدخصلت ایک ایسی قبیح حرکت ہے کہ جو خاندانوں کی تباہی کا باعث ہوتی ہے اور ہوتی رہتی ہے۔ ہندوستان کی عام ناطاقتی اور کمزوری کی باعث اکیلی یہ ناشائستہ اور شنیع عادت ہے - جوانوں کی جوانی خاک میں ملانیوالی ۔ شباب کی امنگوں اور حوصلوں پر پانی پھیرنے والی ۔ ترقی اور ترفع کے ولولوں کو ملیا میٹ کرنیوالی ہوتی ہے ۔ کاش اس کے مہلک نتائج ابھی نوجوانوں کے سامنے آئیں ۔ کاش انکی آنکھیں سیکڑوں ناقحات سے عبرت و بصیرت حاصل کریں - یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ اس تباہ کن عادت میں اسی فیصدی آدمی بیشک گرفتار ہیں ۔ اور اس اندازہ کا بہترین معیار وہ روزانہ خطوط ہیں جو جناب حاذق الملک بہادر دام ظلہ العالی کی خدمت میں تجویز دوا اور علاج کے لئے آتے ہیں ۔ ان مریضوں کے حالات دیکھ دیکھکر کلیجہ پاش پاش ہوتا ہے کہ جو اپنے ہاتھوں سے اپنی بہترین زندگی کو خاک میں ملاکر زندہ درگور ہو کے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے کف افسوس ملتے رہتے ہیں ۔ ان نتائج کا اثر قلب و دماغ اور جگر ۔ معدہ و گردہ و آلات مادہ تولید پر یکساں پڑتا ہے اور بعد از چندے مریض کو رات دن روتے اور پریشان ہوتے ہوئے گزرتا ہے اور وہ اکثر اوقات پیاری زندگی سے عاری و عاجز ہو کر موت کو ترجیح دیتا ہے ۔ ہندوستان میں اس عالمگیر مرض کے علاوہ ایک اور ایسی قبیح و شنیع حرکت بھی ہوتی ہے کہ جس پر ہزار شرمندگیاں اگر قربان ہو جائیں تو بجا ہے ۔ اور وہ اغلام ہے اسکے نتائج بھی قریب قریب جلق جیسے ہوتے ہیں اور اس علت کا گرفتار بھی ایسی پریشانی اٹھاتا ہے - جیسے مجلوق ۔ ان دونوں صورتوں میں عضو مخصوص کے پٹھے بالکل کمزور ہو کر ماند پڑ جاتے ہیں ۔ اور اسمیں رطوبات فاسدہ جمع ہو کر ان کو فعل طبعی سے قطعی روک دیتی ہیں اور اسیوجہ سے ضعف انتشار اس کا اولین نتیجہ ہوتا ہے ۔ یہ بات مانی جا چکی ہے کہ ہاتھ میں ایک سمیت ہوتی ہے اور اسی وجہ سے جلق کی حالت میں عضو مخصوص کی لاغری اس کا ایک بڑا نتیجہ ہوتی ہے ۔ اور اکثر اسی کی وجہ سے عضو مخصوص میں کجی بھی پیدا ہو جاتی ہے اور اس کجی کی وجہ سے عورت و مرد کے بہترین تعلقات کو ایک ناگوار صدمہ پہونچتا ہے ۔ اور نم رحم تک عضو مخصوص کے سیدھے طور پر نہ پہونچنے سے استقرار حمل پر برا اثر پڑتا ہے ۔

نحیف و لاغری	سبب ظاہر ہے	علامت بھی واضح ہے اس شنیع حرکت کا کرنیوالا خود ہی اندازہ کر سکتا اور بتلا سکتا ہے اور اس کا اثر چونکہ آلات منی کے کمزوری کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اسلئے جریان سرعت اسکے لازمی نتائج ہیں قلب اور دماغ جگر معدہ وغیرہ کے ضعیف ہونیکی شکایات اور اسکے نتائج بھی اکثر ظاہر ہوا کرتے ہیں	اگر اس سے جریان سرعت وغیرہ پیدا ہوجائے تو اس کا وہی علاج کریں جو جریان کی بحث میں بیان کیا گیا۔ زیادہ تر اصول علاج اس میں خاص عضو مخصوص پر دوائیوں کے استعمال سے اس کے غیر طبعی حالات کی درستی ہوا کرتی ہے۔ اس لئے پہلے ان ادویات کی مالش کرنی چاہئے تاکہ پٹھے نرم ہوکر علاج اور تدبیر قبول کریں۔ بکری کے گردہ کی چربی ۲ تولہ بطکی چربی ۲ تولہ مغز ساق گاؤ ۲ تولہ، روغن گل ۴ تولہ روغن بابونہ ۵ تولہ زرنبت رومی ۲ ماشہ مصطگی رومی ۴ ماشہ ان اشیاء کو نیم گرم کرکے کچھ وقت تک مالش کریں تو اسکی کم سے کم مقدار سات روز ہونی چاہئے اس کے بعد جب محسوس کرا اب پٹھے نرم ہوگئے ہیں تو دنبہ ملاہی برادہ دندان فیل مالکنگنی نارجیل کہنہ ہر ایک ۴ ماشہ ان سب کو کوٹ پیس کر پوٹلی بنائیں اور رات کو گرم کرکے کم از کم ایک ہفتہ تک سیکیں ٭ تدابیر مذکورہ بالا کرنیکے بعد طلا جدید یا اعلیٰ یا طلاء سرخ رات کو تھوڑا سا لیکر سر اور سیون عضو مخصوص کی بچاکر لگائیں اوپر سے پان گرم کرکے لپیٹ کر کچے دھاگہ سے باندھ دیں جسکو نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں اسیطرح چند روز تک لگانیکے بعد اگر دانہ نکل آدیں تو طلاء کا استعمال ترک کرکے روغن چنبیلی دن میں دو تین مرتبہ لگا دیا کریں جب دانہ اچھے ہوجائیں توپھر بدستور طلا کا استعمال کریں کم از کم ایکماہ تک بار بار طلا کا استعمال کرنا چاہئے اگر بدن کمزور ہو تو کشتہ طلا جدید ایک قرص یا کلاں ۲ چاول مقوی ۵ قرص یا مرکب مومیائی ۲ قرص کے ہمراہ صبحکو کھا کر اوپر سے عرق ماء اللحم خاص الخاص یا ماء اللحم عنبری ۵ تولہ مصری ۲ تولہ ملاکر پی لیں۔ اور مدہم ۵ قرص شام کو کھا کر اوپر سے تحمیل ۲ تولہ پی لیا کریں اور شباب ۳ ماشہ حب جواہر ایک گولی کے ہمراہ رات کو استعمال کریں ٭ طلاء کے اثنائے استعمال میں سرد پانی عضو مخصوص پر نہ ڈالیں سرد پانی سے نہانے ترش اشیاء مباشرت اور بادی پیدا کرنیوالی چیزوں کے کھانے پینے سے قطعی پرہیز کریں وہی اشیاء استعمال کریں جو جریان کی دوسری صورت میں بیان کی گئیں ٭ مجلوق کیلئے قبض کا ہونا مضر اور نقصان دہ ہے اس لئے کوشش کریں کہ اس کو قبض نہ رہنے پائے اور قبض ہونیکی حالت میں وہی اشیاء استعمال کرائیں جو قبض کے بیان میں مفصل بیان کی جاچکی ہیں ٭

امراض الرحم (رحم کی بیماریاں)

جس طرح مردوں میں تولید و ازدیاد نسل کا دارمدار خصیتین پر ہوتا ہے اسیطرح عورتوں میں اس مفید غرض کا مبدا رحم کو سمجھنا چاہئے جسطرح مردانہ شکایات نسل کو خراب ضایع کرتی ہیں اسیطرح رحم اور ملحقات رحم کی شکایات و عوارض بھی نقصان کا باعث ہوتے ہیں۔ عورت کے بلوغ کے بعد اسکے فضلات مجتمع ہوکر خون فاسد کی صورت میں رحم سے خارج ہوتے ہیں جس کو طمث کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے یہ فضلات اس قدر اہمیت رکھتے ہیں کہ جنکی باقاعدگی اور بیقاعدگی میں مستورات کی زندگی و موت کا مسئلہ پوشیدہ ہوتا ہے۔ اگر یہ پوری طرح ہر ماہ میں طبعی طور پر ایام معمولی میں آتے رہتے ہیں تو تندرستی اور صحت بھی رہتی ہے اور اگر انمیں ذرا بھی بیقاعدگی پیدا ہوتی ہے تو بس مختلف شکایات پیدا ہونے لگتی ہیں۔ چنانچہ اسکے بند ہوجانے یا اپنی مخصوص مقدار سے زیادہ یا کم ہوجانے دونوں صورتوں میں شدید نقصان کا باعث ہوتی ہیں۔

رحم کا آنتوں کیساتھ مجاورت کیوجہ سے ایک شدید تعلق ہوتا ہے چنانچہ کثرت استفراغ کیوجہ سے جب آنتیں کمزور ہوجاتی ہیں۔ تو انکی کمزوری و ضعف سے رحم بھی متاثر ہوجاتا ہے اور اسیطرح اگر انمیں قبض یا اجتماع فضلات وغیرہ کی شکایت ہوجاتی ہے تو اس سے بھی رحم کو سخت اذیت و تکلیف پہنچتی ہے۔ اس لئے حاملہ عورتوں کو مسہل دینا اور انکے قبض کا تدارک نکرنا بہت ہی سخت مضر ہے اور اس کا نتیجہ عام طور پر اسقاط ہوتا ہے اور انکے رفع قبض کی بہترین تدبیر یہ ہے کہ عرق بادیان کو نیم گرم کرکے اسمیں گلقند حل کرکے اسکو پلا دیا جائے تاکہ معمولی تلئین ہوجائے حاملہ کیلئے ضروری ہے کہ اس کو کوئی بھی بدنی یا نفسانی صدمہ یا حرکت شدید نہ پہونچے۔ اس لئے ہر قسم کے غصہ۔ غم و ملال۔ زیادہ استفراغات (قے اسہال فصد) وغیرہ سے قطعی پرہیز کرنا چاہئے۔ ورنہ اسقاط کا یقینی خطرہ ہے ٭

عقر (بانجھپن)

اگر کسی شخص کو دنیا کی جملہ نعمتیں حاصل ہوں، تندرستی، تمول، عیش، حکومت وغیرہ لیکن اولاد نہ ہو اسکو مذکورہ تمام نعمتیں ہیچ اور بالکل ناکارہ معلوم ہوتی ہیں بلکہ زندگی کا خوشگوار ثمرہ فقط اولاد ہی ہے دنیا میں وہ لوگ کم نصیب سمجھے جاتے ہیں جو اولاد جیسی بیش بہا نعمت سے محروم ہوں۔ مرد اور عورت کے سن رسیدہ ہونیکے بعد اگر کوئی چیز دونوں کو اس نعمت عظمیٰ سے مایوس کر دیوالی ہے تو وہ محض یہ بیماری ہے جو ان چند سطور کیلئے مطلوبہ عنوان موجود ہے زیادہ تر رحم کیحالت کا خراب ہو جانا اسکا باعث ہوتا ہے چنانچہ معمولی سے زیادہ گرمی اور سردی تری خشکی یہ سب ملکر یا اکیلے طور پر اس کا باعث ہوتے ہیں۔

بانجھپن

رطوبات کی زیادتی اور مزاج کی سردی اور تری اور اسی وجہ سے رحم کی قوت ماسکہ کی کمزوری اسکا باعث ہوتی ہے اور استقرار حمل نہیں ہوتا۔ ہر وقت سستی رہیگی۔ اگرائیاں وغیرہ زیادہ آئینگی۔

طمث کا خون پتلا دکھلائی دیگا اور ایام معمولی سے زیادہ دنوں تک آتے رہیں گے بدن کی رنگت سپیدی مائل ہوگی۔ عورت کا بدن چھونے سے سرد محسوس ہوگا۔ رحم سے رطوبت بہیگی۔ بدن میں

ایسی صورتمیں صبح کو مصطگی زنجبیل زیرہ سیاہ انیسون ہر ایک ۳ ماشہ باریک پیسکر مرکب جالینوس میں ملاکر اول کھلائیں اور اسپر ورق مشک الائچی خورد الائچی کلاں زنجبیل زیرہ سیاہ انیسون بادیان دارچینی ان سبکو جوشدہ کر کے خمیرہ بنفشہ ملاکر پلائیں اور شام کو شیرہ بادیان شیرہ زیرہ سیاہ شیرہ زنجبیل شیرہ انیسون عرق الائچی میں نکالکر خمیرہ بنفشہ ۵ تولہ ملاکر پلائیں۔ اگر تنقیہ کی ضرورت محسوس ہو تو بادیان انیسون بیخ بادیان اسطخودوس مویز منقی ۹ دانہ بیخ اذخر ۵ ماشہ بیخ کرفس ۵ انجیر زرد ۵ دانہ ان سب اشیاء کو رات کو گرم پانی میں بھگوئیں صبح کو ملکر چھانکر شہد یا گلقند ۴ تولہ ملاکر آٹھ روز تک پلائیں اور جسطرح مسہل کا طریقہ بیان کیا جاچکا ہے استعمال کریں۔

اور رات کو ماسکہ ایک قرص کھلا کر اوپر سے مسک ۳ تولہ شربت اسطخودوس ایکتولہ شامل کر کے پلائیں۔ اگر مسہل کی ضرورت ہو تو فراغت مسہل کے بعد صبح کشتہ مثلث ایک قرص فلاسفہ، قرص یا مرکب مصطگی، قرص کے ہمراہ کھلائیں اور اوپر سے عرق الائچی ۱۰ تولہ عرق پان ۲ تولہ گلقند ۴ تولہ ملاکر پلائیں اور شام کو مسک معتدل سادہ یا جواہر والی ۵ قرص استعمال کرائیں اور ایام ماہواری کے بعد حبہ حمل ایک عدد مرکب موچرس ۲ قرص کے ہمراہ تین روز تک متواتر کھلائیں۔

گائے کا گوشت اور ڈکی دال بھنڈی کدو خرفہ پالک اروی آلو بادی پیدا کرنیوالی اور غلیظ اشیاء اور ترشی سے پرہیز کریں۔

حلوان۔ مرغ۔ تیتر۔ بٹیر کا بھنا ہوا گوشت ارہر مونگ کی دال کریلا چپاتی چائے انڈے لبسکٹ منقی انجیر وغیرہ کھا سکتے ہیں۔

اس صورتمیں زعفران خالص سنبل الطیب شب یمانی۔ عود ہندی ساذج ہندی ان سب اشیاء کو کوٹ پیسکر بکری کی چربی میں ملاکر کپڑے پر لگاکر بتی بنا کر اگر رحم میں رکھیں تو مفید ہے۔

کثرت الطمث (طمث کی زیادتی)

پہلے مفصل طور پر بیان کیا جاچکا ہے کہ ایام کی خرابیاں عورتوں کیلئے نہایت تباہی خیز شکایتیں پیدا کرتی ہیں چنانچہ اگر طمث کی زیادتی وقوع میں آتی ہے تو بدنی کمزوری اعضاء رئیسہ کا ضعف رنگ کی زردی وغیرہ ظاہر ہوتی ہیں۔ کثرت طمث کی دو صورتیں ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ ایام مقررہ میں زیادتی ہو جاتی ہے مثلاً اگر معمولی طور پر پانچ دن مقرر ہیں تو کثرت کی حالت میں سات آٹھ دس روز تک مدت طویل ہو جاتی ہے۔ یا ایام مقررہ کے علاوہ کسی اور وقت میں خون جاری ہو جاتا ہے۔ اسکو اطباء اپنی اصطلاح میں استحاضہ کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔ دونوں صورتیں عورت کیلئے نہایت پریشانی کا موجب ہوتی ہیں۔

ایام کی زیادتی

بعض اوقات صفراوی رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے خون رقیق ہو جاتا ہے اور محافظ رگوں میں خشکی پیدا ہو جاتی ہے جسکی وجہ سے پوری طرح حفاظت نہیں کر سکتی۔

بدن کی کمزوری نبض کی تیزی اور سرعت تشنگی کی شدت رنگ کی زردی قارورہ زرد ہونا خون کے نکلنے میں جلن اور سوزش کا معلوم ہونا خاص علامات ہیں۔

ایسی حالتمیں صبح کو عناب ۵ دانہ شیرہ عناب شیرہ تخم کاہو مقشر شیرہ مغز تربوز شیرہ بیخ الخبازی شیرہ تخم خرفہ عرق نیلوفر میں نکالکر شربت عناب یا شربت نیلوفر ملاکر تخم بارتنگ چھڑک کر پلائیں اور شام کو اول قرص کہربا کھلائیں اور اوپر سے شیرہ عناب شیرہ کاہو مقشر عرق نیلوفر ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت انار ترش یا شربت فالسہ ملاکر پلائیں۔

قرص گیرو سنگجراحت ۲ عدد آملہ مربہ کے ہمراہ صبح کو کھلا کر اوپر سے عرق گاؤزبان شربت انار شامل کر کے پلائیں اور مقلل ۳ قرص شام کو تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔ اگر ضرورت باقی رہے تو روآن ۵ قرص رات کو کھلائیں امید ہے کہ چند روز کے استعمال سے تمام شکایات رفع ہونگی۔

گرم اشیاء دودھ گوشت مرچ سرخ گرم مصالحے چائے دھوپ میں چلنے پھرنے وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

کدو خرفہ پالک ٹنڈا توری مونگ مسور کی دال چپاتی خشکہ پلاؤ انگور ناسپاتی انار فالسہ وغیرہ کھا سکتے ہیں۔

گلنار کزمازج آقاقیا ہر مازو سبز پانی میں جوش دیکر آبدست کرائیں تو مفید ہوگا۔

احتباس الطمث (ایام کا رک جانا) واضح رہے کہ طمث درحقیقت ایک فضلہ ہے جس کا بدن میں رک جانا اور فضلات کے بند ہو جانیکی مانند بہت سے شاید امراض اور تکالیف کا باعث ہوتا ہے چنانچہ اس سے استسقاء سوء تنفس۔ صداع۔ مالیخولیا۔ صرع۔ سکتہ۔ فالج۔ تشنگی مفرط۔ تلی۔ ضعف ہضم۔ سقوط اشتہا۔ اختناق الرحم وغیرہ شکایات ہو جاتی ہیں۔ اس لئے بہت جلد اس کا علاج کرنا چاہئے۔ اطباء نے لکھا ہے کہ مطلقاً احتباس طمث (ایام کے رک جانے) کی حالت میں صافن کی فصد کھلوانی نہایت مفید و کارآمد ہے۔ اس لئے اگر کسی طبیب اور لایق جراح سے فصد کھلوائی جائے تو بہتر ہے ؛

ایام کا رک جانا

کبھی غلیظ غذائیں زیادہ کھانے کی وجہ سے بدن میں مادہ سوداوی یا بلغم زیادہ بڑھ جاتا ہے اور خون میں ملکر اسکو غلیظ کر دیتا ہے اور یہ خون رگ رگ میں نہیں گر سکتا اور ادرار بند ہو جاتا ہے

اگر فصد وغیرہ کیجائے تو خون کی غلظت ظاہر ہوگی۔ بدن کی سستی رنگ کی سیاہی نیند کی زیادتی وغیرہ انگڑائیاں جمائیاں کثرت سے آنگی چلنا پھرنا دوبھر ہوگا اگر زیادہ عرصہ تک بیجا رہے تو غم اور غشی کے دورے پڑنے لگ جاتے ہیں ؛

مغز جب قرطم پوست خربزہ گاؤزبان بادیان تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ باقی رہجائے صاف کرکے شربت بزوری یا پرانا گڑ ملاکر پلائیں اور اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو مر ابہل دونوں کو پانی میں خوب جوش دیکر صاف کرکے شربت بزوری ملاکر پلائیں۔ اور مر سداب ابہل رازیانہ ہر ایک ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملاکے فتیلہ بناکر رحم میں رکھیں۔ اگر یہ جمیع تدابیر ناکارہ ثابت ہوں تو یہ جوشاندہ تیار کرکے پلائیں پوست خیارشنبر تولہ۔ پوست اخروٹ۔ پرسیاوشاں برنگ کابلی دودھ کپاس ہر ایک دو درم۔ تخم گندنا خارخسک تخم خربزہ تخم ترب شونیز ہر ایک ایک درم پرانا گوڑ دو تولہ ان سب چیزوں کو پانی میں جوش دیکر صاف کرکے پلائیں ؛

اور ادرار ۵ ماشہ شام کو کھلاکر اوپر سے مدر ۳ تولہ شربت بزوری ملاکر پلائیں اور ایام مقررہ سے تین روز پیشتر مرکب مدر ایک قرص صبح ایک شام ایک دوپہر کو تین روز متواتر استعمال کرائیں جب ایام شروع ہو جائیں تو استعمال بند کر دیں جب فراغت سے ایام آنے لگیں تو تقویت کیواسطے فراغت کے بعد مرکب گاؤزبان عنبری یا ابریشم شیرہ عناب والا ۵ قرص چاندی کے ورق میں لپیٹ کر چند روز تک صبح کو استعمال کرائیں ؛

گائے کا گوشت گرم اشیا شلجم بینگن چائے انڈے وغیرہ سے پرہیز کریں کوئی سخت محنت کا کام۔ آنچ کے سامنے بیٹھنے وغیرہ سے احتیاط رکھیں ؛

سرد تر کاریاں کدو توری حلوان کا گوشت سرد تر کاریوں کے ساتھ مونگ ارہر کی دال چپاتی خشکہ پلاؤ نان پاؤ بسکٹ مکھن دودھ وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں ؛

[illegible]

اختناق الرحم

اس بیماری کے مبتلا مریضوں پر آجکل عموماً جن و بھوت کا توہم کیا جاتا ہے اور سیکڑوں بیچارہ خوش اعتقاد لوگ اپنی پیاری عورتوں کو محض گنڈے تعویذوں کے چکر میں ڈالکر اپنی دولت کمائی ضایع اور زندگی خراب کرتے ہیں۔ اس بیماری میں صرع (مرگی) کی سی حالت ہو جاتی ہے لیکن دونوں میں فرق یہ ہوتا ہے کہ صرع والے پر دورہ کی حالت میں جو حالت گذرتی ہے وہ بالکل احساس و شعور کے زوال بند ہو جانیکی وجہ سے معلوم نہیں ہوتی۔ اور دورہ جاتے رہنے کے بعد وہ بیان نہیں کر سکتا۔ لیکن اس بیماری کی مریضہ وہ کیفیت من و عن پوری طرح بیان کرتی ہے ؛

ایام یا مادہ تولید کے رکجانے کی وجہ سے مادہ تولید یا خون فاسد ہو جاتا ہے اور تعفن پیدا ہو کر اسکے بخارات دماغ کی طرف چڑھتے اور اس مرض کو پیدا کرتے ہیں ؛

دورہ کے قریب ہو جانیکے وقت سانس کی تنگی۔ زوال عقل اختلال حواس۔ درد سر تاریکی چشم۔ ضعف۔ تکان۔ سستی اور آنکھوں سے پانی بہنا یہ عوارض ظاہر ہوتے ہیں اور دورہ کیحالت میں بیہوش ہو کر گر پڑتی ہے ؛

دورہ کیحالت میں گلاب اور کیوڑہ وغیرہ منہ اور سینہ پر چھڑک کر مریضہ کو ہوش میں لائیں اور اسکے بعد دیکھیں اگر قبض یا احتباس اس کا باعث ہو تو مریضہ کی شادی کرائیں اور اگر ایام کا رکنا اس کا باعث ہو تو اس کو کھولنے کے لئے معجون و نسخے پلائیں جو احتباس طمث میں بیان کئے گئے۔ اور شام کو جدوار عود صلیب دونوں کو پیسکر مرکب گاؤزبان میں ملاکر اول کھلائیں اور اسپر شیرہ انیسون ۴ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ تخم خربزہ ۳ ماشہ تخم کاسنی ۳ ماشہ عرق گاؤزبان اور عرق شاہترہ ۶ تولہ میں نکالکر شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں ؛

اگر ایام کی خرابی کیوجہ سے ہو تو دورہ سے افاقہ کے بعد مدد ۳-۳ تولہ شربت انار شامل کرکے تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پلاتے رہیں۔ اس کے بعد صبح اور شام کا نسخہ استعمال کرائیں اور ادرار ۵ ماشہ رات کو کھلائیں۔ اور جب ایام کا مقررہ وقت آئے تو حب مدر ایک صبح اور ایک شام ایک دوپہر کو تین روز تک کھلائیں

مسور کی دال بینگن زیادہ گرم اشیاء چائے وغیرہ سے پرہیز کریں ترش اشیاء نہ کھائیں ؛

خشکہ شوربہ چپاتی اگر ہضم درست ہو تو اوڑد کی دال ماء اللحم نخود کو پانی میں جوش دیکر اس کا پانی انار شیریں انگور شیریں امرود وغیرہ کھا سکتی ہیں ؛

اسمیں مرگی کی مانند جھاگ نہیں ہوتے عود صلیب کا گلے میں باندھنا بھی اس بیماری میں مفید ہے

سیلان الرحم (رحم سے رطوبت کا بہنا)

یہ بیماری بھی نہایت تکلیف رساں ہوتی ہے اکثر ہمیشہ رحم سے رطوبات خارج ہوتی رہتی ہیں اور ان سے بدن کی کمزوری اور اعضاء رئیسہ کا ضعف پیدا ہو جاتا ہے علاوہ بریں اس شکایت کے ہوتے ہوئے پوری طرح استقرار حمل نہیں ہوتا عموماً جب بدن مختلف اخلاط سے پر ہو جاتا ہے تو یہ شکایت شروع ہو جاتی ہے چنانچہ امتحان کیلئے صاف اور سفید روئی عورت کے رحم میں کچھ دیر کیلئے رکھوا کر دیکھیں جس خلط کے موافق اسکی رنگت ہو جائے اسی خلط کی زیادتی اور غلبہ سمجھنا چاہئے۔ ایسی صورت میں جس خلط کی زیادتی کا یقین ہو اس کا تنقیہ کرائیں۔

رحم سے رطوبت بہنا

ٹھنڈی اور مرطوب غذائیں زیادہ کھانیکی وجہ سے رطوبات بدن میں زیادہ ہو جاتی ہیں اور اس مرض کے پیدا کرنیکا باعث ہوتی ہیں۔

بھوک کا جاتا رہنا رنگ کا متغیر ہو جانا۔ چہرہ اور آنکھوں کی بھربھراہٹ اور غلبہ اخلاط کی علامات موجود ہونگی۔

ایسی حالت میں یہ سفوف تیار کرا کے استعمال کرائیں گل دھاوا۔ بیچرس۔ گل نوفل۔ صمغ مولسری ہر ایک ۶ ماشہ نبات سفید ۲ تولہ ان سب کو کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور اس میں سے ۶ ماشہ لیکر پانی کے ساتھ صبح کو پھانک لیا کریں۔ اگر اس سے پوری طرح فائدہ نہ ہو۔ تو سنگجراحت۔ مازو سبز۔ نخود بریاں ہر ایک ایک تولہ نبات سفید ۲ تولہ سب کو کوٹ پیسکر سفوف بنا کر ۳ ماشہ اس میں سے لیکر پانی کے ساتھ پھانک لیا کریں۔

یا مقل ۳ ماشہ صبح کو محرورہ تولہ کے ہمراہ پھانک لیا کریں اور سیلان ایک تولہ شام کو گائے کی تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور مروارید ایک عدد مات کو مرکب موچرس ۷ قرص باروان ۵ قرص کے ہمراہ استعمال کریں آرام ہونیکے بعد کشتہ مروارید ایک قرص گاؤزبان عنبری ۵ ماشہ کے ہمراہ چند روز استعمال کریں

شکم پری بادی پیدا کرنیوالی اشیاء دودھ کدو خرفہ پالک وغیرہ ترا شیاء سے پرہیز کریں

حلوان کا گوشت کریلا مونگ ارہر کی دال چپاتی چنا انگور انار وغیرہ کھا سکتی ہیں۔

مذکورہ بالا تدابیر سے فارغ ہونیکے بعد اندام نہانی کی درستی کے لئے یہ نسخہ استعمال کریں۔ پوست انار کسیس۔ مازو سبز۔ تج گج مائیں خورد ہر ایک ۲ ماشہ سب کو کوٹ پیسکر تین پوٹلیاں باندہیں بعدہ ایک رحم کے درمیان اور دو اطراف میں احتیاط سے رکھیں

امراض المفاصل (جوڑوں کی بیماریاں)

عرف میں مفصل کا لفظ ان مقامات پر صادق آتا ہے جہاں پر دو ہڈیاں آپس میں رباطات اور دیگر بندشوں کے ذریعہ سے ملی اور مضبوط ہوتی ہیں جیسا کہنی کا جوڑ یا گھٹنے کا جوڑ وغیرہ انکی واضح حالت یہ ہوتی ہے کہ دو ہڈیوں کے ایسے دو سرے جو آپس میں ملنے کے لئے نہایت اعلیٰ سہولت رکھتے ہیں رباط کے ذریعہ سے باندھ دیئے جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے جب ان مقامات میں کسی خلط یا ریح وغیرہ کی وجہ سے درد کی شکایت پیدا ہوتی ہے تو یہ ان ہی چھوں وغیرہ کی تکلیف کا نتیجہ ہے جو ان مقامات سے راستے لیتے ہیں۔ ورنہ جوڑ کے اصلی اجزاء محض ہڈی اور رباط ہیں انکے متعلق اطباء کا بالاتفاق خیال ہے کہ انہیں کسی اذیت اور تکلیف کے محسوس کرنیکی قوت نہیں ہوتی۔ **وجع الورک۔ وجع الرکبہ۔ نقرس سُرین اور گھٹنہ اور ٹخنہ کا درد** مفاصل میں ہر ایک جوڑ مختلف ناموں سے موسوم کیا گیا ہے۔ چنانچہ سرین کے مقام کے درد کو وجع الورک اور گھٹنہ کے جوڑ کے درد کو وجع الرکبہ اور ٹخنہ کے جوڑ کے درد کو نقرس کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔

جوڑوں کا درد

زیادہ تر بلغمی رطوبات مفاصل میں آکر رک جاتی ہیں اور ان سے ریاح پیدا ہو کر درد پیدا کرتے ہیں اور

مفاصل کی رنگت سفید ہوگی اور درد کی چنداں شدت نہ ہوگی اور سوزش اور جلن بالکل نہیں ہوگی اگر زیادہ عرصہ تک یہ صورت قائم رہے اور علاج

ایسی حالت میں تے نہایت مفید علاج ثابت ہوا ہے اس لئے تخم شبت ایک تولہ کو پانی میں جوش دیکر گرم گرم پلا کر چند روز تک تے کرائیں۔ اگر درد کی محض ابتدا ہی تو اس تدبیر سے جاتا رہیگا اور اگر نہ جائے تو یہ منضج پلائیں گل بنفشہ چرائتہ

اور تاب قوّاں ۳ عدد شام کو درمانی ۳ تولہ کے ہمراہ استعمال اور مضبوط ایک عدد صبح کے نسخہ کے ساتھ نگل لیا کریں۔ مسہل کے بعد کشتہ گئو دنتی ایک قرص مرکب سورنجان شیریں، قرص کے ہمراہ صبح کو اور تریاق ۲ ماشہ درمان ۳ تولہ

سب بادی پیدا کرنیوالی اور سرد اشیاء سے پرہیز کریں کدو پالک بھنڈی اروی آلو دودھ کی کثرت مکھن وغیرہ سے پرہیز کریں۔

حلوان کا بھنا ہوا گوشت تیتر بٹیر مرغ بھنا ہوا گرم مصالحہ کیساتھ مونگ ارہر کی دال چپاتی چائے انڈے کی زردی بسکٹ انجیر مویز منقی وغیرہ کھا سکتے ہیں۔

کبھی یہ امراض آتشک کے بعد پیدا ہوتے ہیں انکا وہی علاج کریں جو آگے آتشک میں مذکور ہے اور احتیاط رکھیں کہ

چاندی کے ورق ۲ عدد مروارید گاؤزبان	سخت درد ہوتا ہے اور کبھی بلغم کے زور سے عضو اپنی جگہ سے اکھڑ جاتا ہے	نہ کیا گیا تو ہاتھ پاؤں کام کرنے اور چلنے پھرنے سے رہ جاتے ہیں	عنب الثعلب خشک بیخ بادیان شاہترہ سورنجان شیریں کے ہمراہ شام کو استعمال کریں۔ اگر قبض ہو تو حب سورنجان ۹ ماشہ رات کو نیم گرم پانی سے پھانک لیا کریں اور روغن کچلہ یا روغن گل اکھنہ یا روغن چاربرگ کی مالش کریں۔ سوزنجی رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح کو مل چھان کر ترنجبین ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور آٹھ روز تک یہ نسخہ برابر پلا کر نویں روز بلغم کا مسہل دیں اور دسویں روز تبرید کیلئے	اگر مرض کی حالت میں قبض کا مستقل عارضہ ہو تو قبض دور کرتے رہیں

...کر کھلائیں اور شیرہ بادیان عرق بادیان ۱۲ تولہ میں نکال کر گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور گیارہویں روز پھر حب ایارج کی مانند رات کو اٹھ کر حب سورنجان ۹ ماشہ کھائیں بارہویں روز پھر مذکورہ بالا تبرید استعمال کریں اور اسی اثناء میں روغن قسط یا روغن بادام تلخ نیم گرم کر کے درد کے مقام پر لگایا کریں اور اگر سورنجان تلخ ان تیلوں میں پیس کر نیم گرم ضماد کریں تو اور بھی قوی الاثر اور مفید ہو۔

عرق النساء (مشہور)

یہ درد سرین کے جوڑ سے نیچے پاؤں تک اُترا کرتا ہے اور بعض اوقات اُنگلیوں تک پہونچ جاتا ہے۔ اگر مادہ تھوڑا ہوتا ہے تو محض گھٹنہ یا پنڈلی یا اس سے بھی اوپر تک محدود رہتا ہے اطباء نے لکھا ہے کہ نسا نامی ایک رگ ہے جس میں مادہ ٹھہر جاتا ہے اور اس تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔

عرق النساء					
اس کا بھی زیادہ تر مادہ بلغمی ثابت ہوا ہے جو رگ میں جا کر مذکورہ بالا صورت کے مطابق درد کا باعث ہوتا ہے	سوزش جلن کا نہونا پہلے ایسے اسباب کا ہونا جن سے بلغم کی کثرت ہوتی ہے۔ درد سرین یعنی سیرین کے جوڑ سے شروع ہو کر نیچے اُترتا ہے اور بسا اوقات انگلیوں تک پہنچ جاتا ہے	ایسی حالت میں سورنجان شیریں بوزیدان ان دونوں کو باریک پیس کر جوارش زرعونی میں ملا کر اول کھلائیں اور اسپر شیرہ تخم خربزہ شیرہ خار خسک شیرہ تخم خیارین ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں نکال کر شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر ان تدابیر سے فائدہ نہو	صبح کے نسخہ کیساتھ شام کو تریاق ۲ ماشہ کھلا کر اوپر سے درماں ۳ تولہ پلائیں اور تاب و تواں ۲ عدد رات کو استعمال کرائیں جب افاقہ ہو جائے تو چند روز تک کشتہ گئودنتی ایک قرص صبح کو مرکب سورنجان شیریں ۹ قرص کے ہمراہ اور کشتہ خبث الحدید ایک قرص فلاسفہ یا مرکب جالینوس ۷ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں	کدو اوڑو بھنڈی آلو خربزہ خرفہ پالک دودھ کی کثرت وغیرہ سے پرہیز کریں	حلوان اور تیتر بٹیر اور مرغ کا بھنا ہوا گوشت۔ مونگ ارہر کی دال چپاتی چائے بسکٹ انڈے کی زردی وغیرہ کھائیں	اگر کوئی تدبیر کارگر نہ ہو تو کسی ماہر جراح سے اس رگ کو تلاش کرا کے داغ دیں اور یہ بھی مفید ثابت ہوا ہے

جس طرح درد مفاصل میں بیان کیا گیا منضج دیکر مسہل استعمال کریں اور ان ادویہ کے استعمال کے اثناء میں یہ لیپ استعمال کریں۔ کموہ خشک گل آکھ سورنجان تلخ کالی زیری زنجبیل برگ حنا قسط تلخ ہر ایک ۹ ماشہ سرکہ خالص میں پیس کر روغن گل ملا کر نیم گرم استعمال کریں۔

امراض جلد (جلد کی بیماریاں)، جذام (خون کا بگڑ جانا)

یہ بیماری اس قدر مہلک ہوتی ہے جس کا آخری نتیجہ علی العموم اعضاء ریزی ہوتا ہے۔ دراصل خلط سوداوی تمام بدن میں منتشر ہو کر اعضاء کی حس کو زائل و باطل کر کے اور ان کے اوضاع و اشکال کو بگاڑ دیتی ہے اور بعض اوقات بدن کو پھاڑ دیتی ہے۔

جذام						
عموماً یہ مرض سوزاک آتشک وغیرہ جیسے قبیح امراض سوداوی امراض میں زیادہ مبتلا ہونے اور حرارت کی زیادتی سے سودا جل کر خون میں ملجاتا ہے	بدن کی رنگت سرخ مائل بسیاہی ہو جاتی ہے بال جھڑنے لگ جاتے ہیں اور اعضاء میں گرہیں پیدا ہونے لگتی ہیں لب موٹے اور خواب پریشان دکھتا ہے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور قارورہ مائل بسیاہی ہوتا ہے	ابتداء مرض میں صبح کو شاہترہ چرائتہ سرپھوکہ منڈی عناب ہلیلہ سیاہ صندل سرخ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو مل کر چھان کر شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو برن کھری ۳ تولہ فلفل سیاہ ۵ دانہ صبح کو گرم پانی میں بھگو کر شام کو زلال لیکر پلائیں کم از کم اکیس روز تک یہ نسخہ برابر استعمال کر کے تنقیہ کریں بعدہ قرص مطبوخ ہفت روزہ ۱۲ عدد عرق شاہترہ ۱۲ تولہ کے ہمراہ کھلائیں	مسہلوں سے فراغت کے بعد جوہر منقی ۲ چاول یا حب تکھ ایک عدد ایک منقی کا بیج نکال کر اس میں اسطرح لپیٹ دیں کہ دانتوں کو نہ لگنے پائے اور صبح کو تازہ پانی سے نگل لیا کریں۔ اور شام کو مرکب شاہترہ ۷ قرص کھا کر اوپر سے عرق مرکب مصفی خون یا عرق عشبہ ۷ تولہ عرق ماء الجبن یا عرق شاہترہ ۷ تولہ شربت عناب ۲ تولہ میں ملا کر پی لیا کریں	آلو بینگن مسور کی دال گائے کا گوشت خشک گوشت مچھلی کباب مرچ سرخ اور دیگر گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ مطبوخ کے استعمال کے زمانہ میں سوائے مونگ کی پتلی کھچڑی کے اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ اس کے بعد بھی مذکورہ بالا غذاؤں سے پرہیز رکھیں	حلوان کا گوشت کدو توری خرفہ پالک کریلا دودھ مونگ کی دال چپاتی خشکہ چاول نان پاؤ بسکٹ مکھن انڈے انگور سیب ناسپاتی انجیر وغیرہ کھا سکتے ہیں مسہل کے دن مونگ کی پتلی کھچڑی پکا کر تیسرے پہر کھائیں	[illegible]

	اور اسکو خراب کر کے سارے بدن میں پھیلکر اس مرض کا باعث ہوتی ہے	آخر میں اعضا گلنے لگجاتے ہیں اور زخم خواہ کتنا ہی بڑا ہو مگر اس میں تکلیف نہیں ہوتی +	اور اس ترکیب سے روزانہ تریاق مطبوخ کھلاتے رہیں اس سے روزانہ دو چار دست آجایا کریں گے پھر دیکھیں اگر ضرورت باقی ہو تو چند روز تک مذکورہ بالا نسخے پلا کر پھر یہ قرص بدستور مذکور کھلائیں یہانتک کہ طبیعت بالکل صاف ہو جائے اور مسہلوں کے استعمال کے بعد جوان بکری کا ۱ تولہ دودھ (اگر بکری سرخ رنگ کی ہو تو بہتر ہے) لیکر اسمیں شربت عناب ۲ تولہ ملا کر تین روز تک پلائیں اور اس کے بعد ایک ایک تولہ دودھ اور تھوڑا تھوڑا شربت بڑھاتے جائیں یہانتک کہ اکتالیس تولہ تک دودھ کی مقدار پہونچ جائے پھر اسی طرح ایک ایک تولہ کم کرکے ابتدائی مقدار پر پہنچا کر تین روز تک استعمال کر کے چھوڑ دیں۔ اس کے بعد دیکھیں اگر پوری طرح قوت اور رطوبت حاصل ہو گئی ہو تو بس ورنہ اسی ترکیب سے پھر دوبارہ استعمال کرائیں +

(برص) سفید داغ بدن کے سفید داغ جن کو اطبا اپنی اصطلاح میں برص کہتے ہیں۔ اس قدر خراب بیماری ہے۔ جو آدمی کا حسن و جمال۔ نمود و نمود بالکل ملیا میٹ کر دیتی ہے۔ یہ دراصل جلد کی غذا کی خرابی سے ہوتے ہیں۔ چنانچہ اگر اس کی غذا پوری طرح ہضم نہیں ہوتی اور وہ کسی قدر بگڑی رہکر بلغمیت کی طرف مائل ہو جاتی ہے۔ تو اس سے سفید داغ پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان داغوں کے مقامات کو اوپر اٹھا کر گوشت سے علیحدہ کرکے اسمیں ایک سوئی چھبونی چاہئے۔ پھر اگر اس سے خون بہے تو ان کے شفایاب ہونے اور علاج پذیر ہونے کی امید ہو سکتی ہے اور اگر پانی جیسی رطوبت نکلے تو وہ لا علاج سمجھنے چاہئیں +

سفید داغ	رطوبات بلغمیہ جلد کی غذا کے بجائے اس میں آکر اس قسم کی شکایت کا باعث ہوتی ہیں +	علامت یہ ہے کہ بدن پر سفید داغ ہونگے اگر یہ داغ کم ہوں تو امید درستی ہو سکتی ہے اور اگر بدن کے زیادہ حصہ پر پھیل جائیں تو مشکل سے علاج پذیر ہوتے ہیں +	جس طرح فالج میں بلغم کے منضج و مسہل کا طریقہ بیان کیا گیا استعمال کریں۔ اور منضج کے استعمال کے درمیان انجیر زرد ۵ دانہ تخم پنواڑ ۳ ماشہ بابچی ۳ ماشہ ان تینوں چیزوں کو سرکہ خالص میں پیسکر داغوں پر لیپ کرتے رہیں اگر شکایت خفیف ہو تو رسوت چاکسو تخم پنوار کتھہ سفید ہر ایک ۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو آب لالی لیکر پلائیں	مسہل سے فراغت کے بعد کشتہ فولاد ایک قرص مرکب جالینوس ۱ قرص کے ہمراہ صبح کو اور خبث الحدید ایک قرص مسک معتدل ۵ ماشہ کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں اگر مرض زیادہ پرانا ہو اور داغ بدن کے تھوڑے حصہ پر ہوں۔ تو سفوف برص ۶ ماشہ رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح کو اس کا آب زلال لیکر پلائیں اور پھوک سرکہ میں پیس کر داغوں پر لگائیں	بادی پیدا کرنے والی اور ترش اشیاء جیسے اوڑد کی دال آلو اروی ٹھنڈہ کدو سرد ترکاریاں دودھ مچھلی وغیرہ اشیاء سے پرہیز رکھیں	بے نمک کی بیسنی روٹی گھی بہت زیادہ ڈالکر کھایا کریں۔ اور جانوران کا گوشت گرم مصالحہ کیساتھ بھونکر کھا سکتے ہیں +	تجربہ کرنیوالوں نے لکھا ہے کہ جس کھانے میں بلی یا چوہے نے منہ ڈالدیا ہو یا کھانا تانبے کی دیگچی میں دیر تک رکھا ہے استعمال کرنے سے برص پیدا ہوتا ہے

بہق۔ چھیپ ۔ یہ بھی ایک معمولی سی سفیدی ہوتی ہے اور اس سفیدی اور جلد کے اصلی رنگ میں بہت کم امتیاز و فرق ہوتا ہے اور سینہ کے مقامات میں زیادہ ہوتی ہے۔ اور اس کا علاج بھی تقریباً برص کے علاج کی قسم ہوتا ہے۔ اگر مسور مسلم کو مٹی کے پیالہ میں گل حکمت کر کے تنور میں جلائیں اور بھیڑ کے دودھ میں ملا کر داغوں پر ضماد کریں تو مفید ہے +

خنازیر۔ کنٹھ مالا ۔ اس بیماری کا مریض بھی نہایت خراب زندگی بسر کرتا ہے۔ شکل خراب ہو جاتی ہے اور ضعف و کمزوری دن بدن زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ یہ دراصل ایک سخت ورم ہوتا ہے۔ جس کا مادہ زیادہ بلغم غلیظ ہوتا ہے۔ جسکی تری حرارت کی وجہ سے تحلیل ہو جاتی ہے اور باقی محض اسکی غلیظ اور کثیف و سخت اجزاء ورم پیدا کرتے ہیں۔ اسمیں اور رسولی میں یہ فرق ہے کہ یہ گوشت کیسا تھ چپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور رسولی کو گوشت کیساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا اور یہ ورم اکثر اوقات کنج ران بغل اور گردن کے غدود اور نرم گوشت میں ہوتا ہے

بلغم غلیظ اس کا باعث ہوتا ہے	غدد سخت اور پھولے ہوئے معلوم ہوتے ہیں +	صبح کو بلغم کے منضج میں شاہترہ چرائتہ زیادہ کرکے پلائیں اور شام کو انسنتین چوب چینی۔ بنات سفید ۲ تولہ ان کو پانی میں جوش دیکر پلائیں۔ پندرہ روز تک یہ پلا کر منضج کے نسخہ میں ۳ تخم کی مسہل	اور رات کو غذا دیں، قرص عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں اور کشتہ گئودنتی یا کشتہ قرن الایل شہد میں ملا کر گلٹیوں پر لیپ کریں	ترش اور سرد و تر چیزوں سے پرہیز کریں اوڑد کی دال کدو ٹھنڈہ چاول دودھ کی کثرت وغیرہ	گوشت حلوان کا کریلہ کی ترکاری مونگ ارہر کی دال چپاتی نان پاؤ بسکٹ چائے انڈے وغیرہ کھا سکتے ہیں +	اگر کسی ترکیب سے خنازیر تحلیل نہوں تو ان پر تیز دوائیں چونہ ہرتال وغیرہ

جدری (چیچک)

پہلے تولید جنین کی بحث میں مجملاً واشارةً اس بات کو بتایا جا چکا ہے کہ ماں باپ کا مادہ تولید اتنی قلیل مقدار رکھتا ہے کہ اس سے اتنے بڑے جنین کا پیدا ہونا غیر ممکن ہے اس لئے قدرت خداوندی سے وہ ایام کا خون جو استقرار حمل کے بعد بند ہو جاتا ہے اسمیں سے بعض مناسب حصہ جنین کی غذا میں اور اسکے اعضاء و اجزا کے بڑہانے میں صرف ہوتا ہے اور جو حصہ کہ مناسب نہیں اگرچہ ماں کی طبیعت مدبرہ پوری کوشش کرتی ہے لیکن تاہم بعض اوقات ایسے فضلات رہ جاتے ہیں جنکو مولود کی طبیعت ناپسند کرتے ہوئے خارج کرنیکے درپے رہتی ہے چنانچہ انکو نضج دیتی اور قابل دفع بناتی رہتی ہے اور جسوقت اس کا نضج پوری طرح ہو چکتا ہے اس کو دفع کر دیتی ہے اور اسکے دفع کرنیکی صورت یہ ہوتی ہے کہ اس سے چیچک پیدا ہوتی ہے اور وہ پھوٹ نکلتی ہے اور اس صورت سے صفائی ہو جاتی ہے اس بیماری کیلئے بطور حفظ ما تقدم کے بچوں کو ٹیکہ لگانا بہتر تدبیر ہے نہایت ہی انسب اور مفید ہوتی ہے کیونکہ اس سے بیماری کا زور بہت ہی کم ہوتا ہے یہ عموماً اس فصل میں زیادہ ہوتی ہے جسمیں عام طور پر بدنی مواد میں حرارت کیوجہ سے سیلان و ہیجان پیدا ہوتا ہے اور اس فصل کو اطباء ربیع کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اور ہندی مہینوں کے حساب سے چیت کے مہینہ کا وقت ہوتا ہے۔

جدری اور حصبہ میں اولاً تو مقدار اور حجم کا فرق ہوتا ہے چنانچہ جدری کے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ اور حصبہ کے چھوٹے۔ علاوہ بریں چیچک کا مادہ عموماً خون ہوتا ہے اور اسکے دانے تقریباً اس مسلم جیسے ہوتے ہیں اور وہ آخر الامر پختہ ہو کر ان سے پیپ بہا کرتی ہے اور دوسری میں زیادہ تر صفرا ہوتا ہے اور اسکے دانوں کی مقدار ماجرہ کے دانوں کے برابر ہوتی ہے۔ اور چونکہ حصبہ کا مادہ صفرا ہوتا ہے اسلئے وہ نہایت ردی اور تکلیف دہ ہوتی ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ دانے دوہرے ہوتے ہیں یعنی دانوں پر دانے چڑھے ہوئے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے بالکل ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ یا جن دانوں کی رنگت سیاہ ہوتی ہے یا جسوقت دانہ سینہ اور شکم کے مقامات پر زیادہ ہوتے ہیں یا دیر میں ظاہر ہوتے ہیں اس وقت وہ نہایت خطرناک ہوتے ہیں۔ بعض اوقات چیچک اور حصبہ کے ظاہر شدہ دانے دفعتہً گم ہو جاتے ہیں اور انکا مواد اعضاء رئیسہ اور احشا کیطرف گرنے لگتا ہے اور ایسی حالت میں غشی پیدا ہو جاتی ہے اور مریض مر جاتا ہے۔ بعض اوقات دانے پوری طرح نکل آتے ہیں لیکن بخار بعد میں بھی موجود رہتا ہے اور یہ نہایت اندیشناک صورت ہے۔ کیونکہ دانوں کے ظہور کے بعد بخار جاتا رہنا چاہیئے تھا۔ اور اس کا رہنا مادہ کی زیادتی اور کمال فساد و خرابی پر دلالت کرتا ہے۔ اطبا نے لکھا ہے کہ اگر دانہ شکم اور سینہ پر زیادہ نہوں۔ اور انمیں مذکورہ بالا ردی علامات بھی نہوں۔ اور نضج حاصل کر لینے کے بعد سر بلند اور نہایت چمکدار دکھائی دیں۔ انمیں زیادہ خطرہ نہیں۔ جن بچوں کو ابھی تک یہ شکایت نہیں ہوئی ان کو چیت کے مہینہ سے کچھ پہلے حفظ ما تقدم کیلئے انکے کانوں کے پیچھے جونکیں لگوانی چاہئیں۔ اور پہلے ہی سے ان کو گوشت بالکل نہ کھلائیں اگر ضرورت ہو تو انہیں توری کدو پالک کاسنی خرفہ وغیرہ اشیا ڈالکر کھلائیں۔ اور بچہ کو دہوپ میں پھرنے اور دوڑنے نہ دیں۔ اور کچھ عرصہ پہلے اسکو لعاب اسپغول۔ شیرہ عناب عرق شاہترہ میں نکالکر شربت عناب ۲ تولہ ملاکر پلاتے رہیں آنکھ کی حفاظت نہایت ضروری ہے۔ تاکہ اس میں دانہ نہ نکلے کیونکہ اگر اسمیں دانہ نکل آتے ہیں۔ علاوہ اس تکلیف کے جو آنکھ میں محسوس ہوتی ہے آنکھ خراب اور بصارت ضایع ہو جاتی ہے۔ اس لئے سماق ۵ دانگ گلاب ۱۲ تولہ میں چند گھنٹہ تک تر کر کے رکھیں۔ بعدہٗ اسمیں تھوڑا سا کافور ملاکر سیکڑوں رات میں کئی مرتبہ سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ اسیطرح حلق پھیپھڑوں مفاصل آنتوں وغیرہ کو اس مصیبت سے بچانا مدنظر ہو تو اس مقام میں قوابض پہونچائیں۔ چنانچہ حلق کیلئے سماق۔ گلسرخ۔ عدس مسلم ان سب کو گلاب میں جوش دیکر غرغرہ کرائیں۔ اور پھیپھڑوں کی حفاظت کیلئے یہ لعوق بناکر مریض کو تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔ مغز بادام کشنیز ہر ایک تولہ مغز کدو شیریں دو تولہ نبات سفید ۳ تولہ ان سبکو پیسکر لعاب بہدانہ میں لعوق بنائیں۔ اور مفاصل پر بھی اگر دانہ نکلتے ہیں۔ تو پھر چلنے پھرنے میں تکلیف ہوتی ہے اور مفاصل بیکار ہو جاتے ہیں۔ اور انکی حفاظت و صیانت کیلئے صندل گل ارمنی شیاف ملیثا تھوڑا سا کافور ملاکر گلاب میں پیسکر تھوڑا سا سرکہ ملاکر جوڑوں پر لگائیں۔ اور آنتوں کے بچانیکے لئے قرص طباشیر قابض اوّل کھلاکر اوپر سے رب بہی شیریں یا شربت حب الآس پانی میں گھول کر پلائیں ؁

نقشہ							
گرم چیزوں کے کثرت استعمال دہوپ میں زیادہ دیر پھرنے کی	چیچک اور حصبہ کے بخار کی علامت آنسو بہنا آنکھوں کی سرخی اور ناک میں خارش	جب مذکورہ بالا علامتوں سے بخار شروع ہو جائے تو مریض کو سچے مروارید کے چھوٹے چھوٹے دانے دس بارہ نگلوائیں اور گلاب کیوڑہ میں مروارید	اور شام کو مرکب مروارید ۲ قرص کھلاکر اوپر سے عرق عناب ۶ تولہ محرورہ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ آرام ہونیکے بعد کچھ دنوں تک	سادہ گوشت۔ انڈے۔ دودہ مچھلی چائے گرم مصالح سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز	اور بخار کی حالت میں کدو خرفہ توری پالک مونگ ارہر کی دال اور دیگر سرد اشیاء کھلائیں اور چیچک نکلنے کے بعد چاول	اگر بیہوشی طاری ہو تو تقویت قلب کیلئے جواہر مہرہ مفرح شیخ الرئیس یا مفرح

ا	وجہ سے صفرا زیادہ ہو کر خون میں ملجاتا ہے اور خون میں جوش پیدا ہوتا ہے یہی خون جلد کی طرف آ کر پھنسیاں پیدا کرتا ہے	درد سر اور آنکھ کی گرانی جلن اور چبھن خواب میں ڈرنا اور بعض اوقات کھانسی اور گلے کا درد لاحق ہوتا ہے اور آواز بیٹھ جاتی ہے اور حصبہ کی تپ میں ہمیشہ بے چینی اور اضطراب زیادہ ہوتا ہے۔ اور اس میں درد پشت نسبتاً کم ہوتا ہے ٭	پسیکر کھلائیں اور کانوں اور ناک میں ڈالیں۔ اور انیع تھوڑا سا حصہ لیکر سینہ پر ملیں۔ اور جب دانہ نکلنے شروع ہوں تو صبحکو یہ نسخہ پلائیں۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ عناب ۵ دانہ انجیر زرد ۳ عدد مویز منقی ۹ دانہ خاکسی	مرکب بارد ۵ قرص عرق بید مشک ۶ تولہ عرق کیوڑہ ۶ تولہ شربت عناب ۴ تولہ کے ہمراہ صبحکو اور خبثالحدید ایک قرص مسک معتدل سادہ ۵ قرص کے ہمراہ شام کو استعمال کرائیں ٭	دوران مرض میں سوائے مونگ کی دال کے پانی یا ارہر کی کھچڑی کے اور کوئی غذا نہ دیں ٭	اور شکر آتش جو ردٹی اور مونگ ارہر کی دال اور کھچڑی اور مسور کی دال کھلائیں ٭

۷ ماشہ پانی میں جوشدیکر صاف کر کے شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر ضعف زیادہ ہو تو اس نسخہ میں گلاب کیوڑہ بید مشک ڈالکر پلائیں اور اگر مریض کو آخر میں اسہال شروع ہوں تو زہر مہرہ مروارید ایک ایک ماشہ کہربا شمعی ۳ ماشہ تخم بارتنگ ۷ ماشہ ان سب کو کوٹ پیسکر سفوف بنا کر اول کھلائیں۔ اور بعدہ شیرہ حب الآس ۴ ماشہ شیرہ بیخ انجبار ۳ ماشہ پانی میں نکالکر شربت حب الآس ۴ تولہ ملا کر یا شربت انجبار ملا کر پلائیں اور اگر پیاس لگے تو موسم گرما میں تازہ پانی اور جاڑے کے موسم میں مکوہ یا گاؤ زبان کا عرق پلائیں اور چیچک کے دانوں پر گلسرخ کندر صبر انزروت دم الاخوین ان سب کو پیس کر چھڑکیں ٭

اعظم یا مفرح یا قوتی معتدل میں ملا کر اول کھلائیں۔ اور اسپر عرق گلاب یا کیوڑہ میں شربت سیب یا انگور پلائیں ٭

آتشک (مشہور)

یہ ایک تاریخی بیماری ہے جس کے متعلق ثابت ہے کہ یہ پہلے یورپ کے بعض جزائر میں پیدا ہوئی تھی۔ اور پھر ملک بملک پھیلتی ہوئی آہستہ آہستہ ہندوستان میں بھی سیکڑوں زندگیوں کی بربادی کا موجب ہو رہی ہے۔ یہ زیادہ تر صفائی نہ رکھنے والی عورتوں لو طوائف وغیرہ کی مباشرت سے یہ شکایت پیدا ہوتی ہے۔ یا ایسی عورتوں سے مباشرت کرنا جو اس عارضہ میں گرفتار ہوں۔ لیکن یہ متعدی بیماری ہوتی ہے۔ ایسے مریضوں کے ساتھ بیٹھنے اٹھنے رہنے سہنے کھانے پینے وغیرہ انواع اسباب سے لاحق ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ تجربہ بتاتا ہے کہ ایک مقام پر پیشاب و پاخانہ کرنے سے بھی ہو جاتی ہے۔ بہرحال سوداء احتراقی جو اخلاط کے جلنے سے حاصل ہوتا ہے اس سے یہ بیماری عارض ہوتی ہے اکثر اس مرض کا مادہ بدن کے اندرونی اور گہرے اجزا میں ہوتا ہے اس لئے اس میں ایسی تیز ادویات استعمال کرتے ہیں جو وہاں تک پہونچکر اپنا اثر ظاہر کریں ٭

			علاج ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
آتشک	چونکہ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ یہ مرض متعدی ہے اس لئے علاوہ فساد خون کے اس قسم کے مریض سے صحبت رکھنے اس کے ساتھ کھانا کھانے اس کا جھوٹا پانی پینے وغیرہ سے بھی ہوجاتا ہے ٭	سارے اعضاء کے زخم اور بدن کا پھوٹ نکلنا اور خصوصیت کے ساتھ عضو مخصوص اس مصیبت میں زیادہ گرفتار نظر آئے گا اور جوڑوں میں درد ہوتا ہے۔	صبحکو شاہترہ چرائتہ سرپھوکہ منڈی عناب ۵ دانہ ہلیلہ سیاہ (اگر جاڑا ہو تو عشبہ) (اور اگر گرمی ہو تو صندل سرخ) رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو مل چھانکر شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو گندھک ۲ تولہ فلفل سیاہ ۵ دانہ دونوں کو صبحکو پانی میں بھگو رکھیں اور شام کو اسکا زلال لیکر پی لیا کریں۔ کم سے کم پندرہ روز تک پینے کے بعد جس طرح جذام میں بیان کیا گیا مطبوخ ہفت روزہ لگائیں۔ بعدہ دیکھیں اگر تنقیہ کی ضرورت ہو تو مذکورہ بالا نسخہ پانچ چار روز تک پلا کر پھر بدستور مطبوخ ہفت روزہ پلائیں یہاں تک کہ بدن بالکل صاف ہو جائے اس طریق علاج میں اگرچہ دیر ہوتی ہے لیکن فائدہ مستقل اور دوامی ہوتا ہے۔ مسہلوں سے فراغت کے بعد جو ہر منقی ۱ صنف قرص یا حب کتھ ایک عدد منقی کا بیج نکالکر انہیں خوب اچھی طرح لپیٹ لیں تاکہ دانتوں کو نہ لگنے پائے اور اس کو نگل لیں۔ اور شام کو مرکب عشبہ ۲ قرص یا مرکب چوب چینی ۲ قرص پہلے کھا کر اوپر سے عرق عشبہ ۶ تولہ عرق مرکب مصفی خون ۶ تولہ یا عرق چوب چینی ۱۲ تولہ شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پی لیں اور مرہم آتشک زخموں پر لگائیں ٭	ترشی بالکل نہ کھائیں گڑ تیل کی بنی ہوئی اشیاء زیادہ گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ لہسن پیاز بینگن مسور کی دال آلو نہ کھائیں ٭	سرد تر کاریاں۔ کدو یا لوک خرفہ ٹنڈے بھنڈی توری مونگ ارہر کی دال حلوان کا گوشت سرد تر کاریاں زیادہ گھی ڈالکر چاول وغیرہ کھا سکتے ہیں ٭	اس شکایت میں زخم اچھا ہونے کے بعد بکری کا دودھ بطریق جذام کی بحث میں بیان کیا گیا استعمال کریں ٭

حمیّات (بخاروں کا بیان)

یونانی محققین کا خیال ہے کہ انسان کے بدن میں سب سے زیادہ اشرف اور عظیم القدر عضو قلب ہے وہ کہتے ہیں کہ اسکی ہر ایک خرابی فوراً سارے بدن میں اثر کرتی ہے کیونکہ اس شریف اور رئیس عضو سے بہت سی متحرک رگیں نکلی ہیں جو سارے اعضاء میں جاتی ہیں۔ اور اطباء ان کو اپنی اصطلاح میں شرائین کے نام سے پکارتے ہیں۔ بدن انسان میں کوئی چھوٹے سے چھوٹا عضو بھی ایسا نہیں جو ان کے وجود سے خالی ہو کیونکہ اعضائے انسانی کو زندہ رکھنے اور گلنے سڑنے و نیز دیگر فسادات سے بچانے والی قوت جس کا مبداء قلب ہے انہیں کے ذریعہ پہنچتی ہے۔ پس ایسی صورت میں لازمی طور پر قلب کے بگڑے ہوئے مزاج سے سارے اعضاء کو منفعل اور متاثر ہونا چاہئے چنانچہ جب اس میں کسی وجہ سے حرارت کی زیادتی ہو جاتی ہے تو یہ گرمی سارے اعضا میں پھیل جاتی ہے اور کل کے کل اعضاء گرم ہو کر اپنے اپنے فعل سے بیکار اور معطل ہو جاتے ہیں۔ یہی وہ حالت ہے جس کو ہم بخار کے نام سے تعبیر کرتے ہیں ٭

قلب کی حرارت کی مختلف صورتیں ہوتی ہیں بعض اوقات فقط اتنی گرمی بدن میں پیدا ہوتی ہے جس سے محض روح میں گرمی پیدا ہو جاتی ہے اور صرف اسی کی گرمی سے قلب گرم ہو کر بخار پیدا ہو جاتا ہے۔ اطباء اس قسم کے بخار کو حمی یوم کہتے ہیں۔ یہ بخار عموماً ایک دن رات سے زیادہ نہیں

سا کرنا۔ اسوجہ سے خاص اس بخار کے علاج کی ضرورت نہیں۔ مگر چونکہ اکثر یہ کسی درد۔ ہیضہ۔ غم و غصہ وغیرہ کے تابع ہوا کرتا ہے اسلئے ان اسباب کے تدارک کی طرف متوجہ ہوں۔

اور کبھی پہلے پہلے حرارت زیادہ ہو کر اخلاط کو گرم کر دیتی ہے اور اسکی وجہ سے قلب گرم ہو کر بخار ہو جاتا ہے۔ بخار کی یہ قسم زیادہ عام ہے عموماً موسمی اور ملیریل قسم کے بخاروں کا تعلق اخلاط ہی سے ہوتا ہے چونکہ اخلاط چار قسم کے بدن میں پائے جاتے ہیں اس لئے لازمی طور پر یہ بخار بھی چار اقسام پر منقسم ہے۔ جیسا کہ آیندہ ہر ایک قسم کو معہ علامات و علاج وغیرہ درج کیا جائیگا۔

نیز کبھی یہ حرارت پہلے پہلے اپنا اثر اعضاء میں کرتی ہے اور قلب کے ذریعہ تمام اعضاء میں پھیلکر بخار کا باعث ہوتی ہے۔ اس قسم کے بخار کو حمی دقی کہا جاتا ہے یہ بخار زیادہ تر خلطی بخاروں کے باقاعدہ علاج نہ ہونے اور بدن کی رطوبات فنا ہو جانے کے بعد پیدا ہوا کرتا ہے۔

نام مرض	اسباب	علامات	علاج: ادویہ مفردہ	علاج: ادویہ مرکبہ	پرہیز	غذا	ضروری ہدایت
حمی دموی یعنی فساد خون کا بخار	کبھی مقوی غذاؤں مثل گوشت انڈا وغیرہ کے زیادہ استعمال کرنے سے خون زیادہ ہو کر خصوصاً جوان آدمیوں کو یا دھوپ یا آگ کے سامنے دیر تک کام کرنے کی وجہ سے خون میں حرارت زیادہ ہو کر بخار پیدا ہو جاتا ہے	ایسی صورت میں نبض عظیم ہوگی قارورہ میں کسی قدر غلظت نمایاں ہوگی چہرہ اور آنکھیں سرخ ہونگی منہ کا مزہ میٹھا ہوگا بخار ہر وقت رہیگا گردن اور چہرہ کی رگیں پھولی ہوئی ہونگی اعضاء میں گرانی اور بوجھ محسوس ہوگا انگڑائیاں جمائیاں کثرت سے آئینگی بھوک کم ہو جائیگی	اس بخار کا اگر کوئی مانع نہ ہو تو بہترین علاج فصد ہے لیکن اگر موانعات اجازت نہیں تو بہتر ہے کہ دوسرے طریقہ یعنی ادویات کے ذریعہ سے علاج کریں۔ اگر مریض قوی ہے تو فصد لیں معتدبہ خون نکالیں یہانتک کہ مریض کو غشی کے آثار نمایاں ہونے لگیں بس اس کے بعد تبرید پلائیں اور صحت کے شادیانے بجوائیں فصد کرانے سے پہلے بہتر ہے کہ کسی تجربہ کار طبیب سے مشورہ لیں اور ماہر جراح سے فصد کھلوائیں جو فن کو شروع ہوتے	جب بخار کو آرام ہو جائے تو تقویت کیلئے صبح کو مرکب بارد یا مرکب شیخ الرئیس ۵ قرص کھلا کر اوپر سے عرق کاسنی ۶ تولہ عرق گاؤزبان ۶ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو مربہ سیب ایک عدد چاندی کے ورق میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ اگر دماغ زیادہ ضعیف ہو تو شام کو مرجان جواہر والا ایک قرص مرکب گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کرائیں	جب تک کہ مریض زیادہ کمزور نہ ہو جائے ہر قسم کے گوشت سے پرہیز رکھیں لال مرچ انڈا بیگن دودھ چائے بالائی آلو اروی بینگن اوڑد دال مسور کی دال اور دیگر گرم اور ثقیل چیزوں سے احتیاط رکھیں	زیادہ تر بقولات یعنی ترکاریوں پر اکتفا کریں کدو پالک توری خرفہ کاسنی کاہو شلجم مونگ ارہر کی دال لیموں کا اچار جس میں مرچیں بہت کم ہوں۔ اگر مریض زیادہ کمزور ہو جائے تو بکری کا گوشت ترکاری کے ساتھ کھلا سکتے ہیں	اس قسم کے بخار کا بحران دینی افتاء عموماً ساتویں روز ہوا کرتا ہے۔ اگر اسکے بعد بھی کچھ خرابی باقی رہے تو کاسنی کا پانی پھاڑکر ۴ تولہ لیکر اوپر سکنجبین ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ ایک دو روز میں فائدہ ہوگا
	اگر تین روز گذر جائیں تو فصد کھلوانی مناسب نہیں مگر خون نکالنے کی ضرورت محسوس ہو تو دو تین شاخیں سکندر میاں پچھنے لگوائیں اس کے بعد یہ تبرید کا نسخہ پلائیں۔ لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ عرق گاؤزبان ۶ تولہ عرق کیوڑہ ۲ تولہ میں نکالکر شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کر کے خاکسی ۷ ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ اور شام کو لعاب اسپغول ۳ ماشہ شیرہ الو بخارا ۵ دانہ عرق شاہترہ ۶ تولہ عرق نیلوفر ۶ تولہ میں نکالکر شربت عناب ۴ تولہ ڈالکر پلائیں						
حمی صفراوی	اور کبھی گرم چیزوں کے زیادہ استعمال کرنے۔ گرمی کے موسم میں دھوپ وغیرہ سے احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے صفرا بدن میں زیادہ	منہ کا مزہ بالکل کڑوا ہوگا زبان خشک اور اس پر کانٹے جمے ہوئے معلوم ہونگے۔ پیاس بہت شدت کے ساتھ ہوگی۔ اگر خالص صفرا ہی صفرا ہو تو تیسرے روز بخار	ایسی حالت میں صبح کو شیرہ تخم کاہو مقشر شیرہ مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۳ ماشہ عرق شاہترہ ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت نیلوفر ۴ تولہ ڈالکر پلائیں۔ اگر تین چار نوبتیں گذر جائیں۔ تو اس نسخہ پر خاکسی چھڑک کر پلائیں اور شام کو شیرہ زرشک ۳ ماشہ شیرہ آلو بخارا ۳ دانہ	مسہل کے بعد اگر کچھ حرارت باقی رہ جائے تو صبح کو طباشیر ملین ۵ قرص کھا کر اوپر سے ہری کاسنی کا پانی پھاڑکر ۵ تولہ شربت بزوری ۴ تولہ یا عرق کاسنی ۱۲ تولہ پلائیں اور تقویت کے واسطے مرکب بارد یا ابریشم شیرہ عنابوالا ۵ قرص شام کو استعمال کرائیں	کل گرم چیزیں۔ گوشت ہر قسم کا لال مرچ گڑ تیل سیدھے ہوئے کے دوسری قسم کی ترشیاں دودھ چائے انڈے کھجور آم الو اروی بڑیاں ماش اور چنے کی دال	تر اور ٹھنڈی چیزیں کدو پالک توری خرفہ مونگ کی دال کھیرا کی کھیرسا گودانہ انگور سیب ناسپاتی رنگترہ خشک بسکٹ لیموں کا آبجوش ہرے دھنیہ کی چٹنی	اگر نوبت کیحالتیں صفرا کے دماغ کی طرف چڑھنے سے ہذیان وغیرہ اور سرسام کی کیفیت پیدا ہو جائے تو گل نیلوفر گل بنفشہ گل خطمی ہر ایک ۶ تولہ اسپغول گندم کمہ طعام برگ مہندی ۱۲ ماشہ، تولہ

صفراوی بخار

پیدا ہو کر فاسد ہوجاتا ہے اور اس بخار کے پیدا کرنیکا باعث ہوتا ہے

کی باری ہوگی بخار سردی کیساتھ چڑھیگا کرب اور بے چینی زیادہ ہوگی بعض اوقات قے آئیگی جو زرد ہوگی

عرق گلاب ۶ تولہ عرق بید مشک ۶ تولہ میں ملاکر شربت صندل یا شربت سیب ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ اگر سر میں درد ہو تو صندل سفید گلاب میں گھسکر پیشانی پر لیپ کریں۔ پیاس اور خشکی کی زیادتی کی حالت میں اسپغول پوٹلی میں باندھکر گلاب میں تر کرکے اس کا لعاب چوستے رہیں۔ مگر لعاب تھوک دیا کریں۔ اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو پانچ روز تک یہ نسخہ پلائیں گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر۔ گل خطمی سفید تخم خیارین نیم کوفتہ ہر ایک ۵ ماشہ آلو بخارا ۵ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ملکر چھان کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملاکر پلائیں اور چھٹے روز شیر خشت ترنجبین شکر سرخ سنا مکی بڑھا کر مسہل دیں اور اگلے روز تبرید استعمال کرائیں۔ اسی طرح حسب ضرورت تین مسہل دیں ✤

بلغمی بخار

اور کبھی ٹھنڈی اور غلیظ غذا زیادہ استعمال کرنیسے سہو یا تا میں ناہضمی اختیار کرنے پانی میں کھڑے ہو کر کام کرنیکی وجہ سے بلغم زیادہ ہو کر متعفن ہو جاتا ہے اور بخار پیدا کرنیکا باعث ہوتا ہے یہ بخار نوجوانوں اور بچوں اور بوڑھوں کو لاحق ہوا کرتا ہے

ایسی حالت میں بخار چڑھتے وقت سردی وغیرہ بہت کم محسوس ہوگی انگڑائیاں جمائیاں زیادہ آئینگی بدن میں کسل سستی زیادہ رہیگی پیاس بہت کم ہوگی منہ کا مزہ پھیکا ہوگا لعاب منہ میں بہت رہیگا۔ بھوک کم اور قارورہ غلیظ ہوگا

شروع میں چار روز تک برابر گلقند ۴ تولہ عرق بادیان ۹ تولہ عرق مکوہ ۹ تولہ میں گھولکر پلائیں اس کے بعد یہ نسخہ منضج کا پلائیں۔ بادیان تخم بادیان تخم کاسنی گل بنفشہ پرسیاوشاں اصل السوس ہر ایک ۵ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبحکو ملکر چھانکر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ شامل کرکے پلائیں۔ آٹھ روز تک یہی نسخہ برابر پلاتے رہیں۔ نویں روز برگ برگ سنا مکی ۷ ماشہ اضافہ کرکے رات کو منضج کے ساتھ بھگوئیں صبحکو ملکر صاف کرکے ترنجبین شکر سرخ گلقند مغز فلوس ہر ایک ۴ تولہ شامل کرکے شیرہ مغز بادام شیریں ۵ دانہ اضافہ کرکے دوبارہ صاف کرکے پلائیں اور حسب قاعدہ ضرورت کے وقت مدد وغیرہ اور تیسرے پہر کو کھچڑی دیں۔ اور اگلے روز تبرید اسی طرح تین مسہل دیں ✤

مسہلوں سے فراغت کے بعد بھی اگر بخار کی کچھ حرارت باقی رہجائے تو صبحکو قرص غافث ۲ عدد قرص کھلاکر عرق برنجاسف ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور شام کو تپ بلغمی یا حب راحت ۲ عدد دانہ یا نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں چند روز کے بعد اگر پھر بھی بخار بالکل زائل نہ ہو تو جوہر سین ۲ چاول مرکب فلاسفہ ۵ قرص یا مرکب جالینوس ۲ قرص کے ہمراہ استعمال کرائیں

غلیظ اور دیر ہضم چیزیں ٹھنڈی اور ترشیاں سے پرہیز کریں گائے کا گوشت آلو اروی ٹھنڈا پالک کدو بڑیاں چنے اور ارد کی دال چاول۔ دودھ مچھلی مکھن۔ بالائی۔ انگور سیب ناسپاتی نارنگی وغیرہ نہ کھائیں ✤

لطیف اور زود ہضم چیزیں کھائیں بکری کا گوشت مرغ تیتر بٹیر شوربا مونگ کی دال کریلا انڈا۔ روٹی گیہوں کو نمک اور سوڈا ڈالکر پکایا گیا ہو۔ پودینہ اور ادرک کی چٹنی کھا سکتے ہیں ✤

ہضم کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہونیکا اندیشہ ہوتا ہے اس لئے ہاضمہ کا اس میں خاص طور پر لحاظ رکھا جائے ✤

چونکہ بلغمی بخار عموماً زیادہ دنوں تک رہا کرتا ہے اس لئے اکثر ادخات سوء القنیہ استسقا عظم طحال وغیرہ امراض

سوداوی بخار

اور کبھی گرم و دیر ہضم و ثقیل غذاؤں کے کھانے یا ترشی کے زیادہ استعمال کرنیکی وجہ سے بدن میں سودا زیادہ پیدا ہوتا ہے اور فاسد ہوکر اس بخار کے پیدا کرنیکا سبب ہوتا ہے ✤

ایسی حالتمیں نبض ہاتھ رکھکر دیکھنے سے سست چلتی ہوئی معلوم ہوگی اور دہانہ سے سختی محسوس ہوگی رنگ سیاہی مائل ہوگا قارورہ کم آئیگا۔ عموماً طحال کے بڑھ جانیکی صورت میں یہ بخار آیا کرتا ہے باری چوتھے روز آتی ہے بخار زیادہ تیز نہیں ہوتا ✤

منضج اور مسہل کا نسخہ جیسا کہ مالیخولیا میں بیان کیا ہے استعمال کرائیں اور شام کو اصل السوس بنفشہ ۵ ماشہ تخم کاسنی ۵ ماشہ تخم کرفس ۵ ماشہ پانی میں جوشدیکر صاف کرکے سکنجبین ۲ تولہ ملاکر پلائیں اگر طحال کے بڑھ جانے کیوجہ سے بخار کی شکایت پیدا ہوئی ہو تو وہی علاج تلی کا کریں جو عظم طحال میں بیان کیا گیا ✤

مسہلوں سے فراغت کے بعد حب راحت یا قرص غافث ۲ عدد اول کھاکر اوپر سے عرق شیر ۶ تولہ عرق عود ۲ تولہ ملاکر شربت عناب ۲ تولہ شامل کرکے پلائیں اور شام کو ابریشم شیرہ عناب جالا یا مرکب شیخ الرئیس ۵ قرص شام کو کھلاکر اوپر سے عرق ماء الجبن ۶ تولہ عرق گندر ۲ تولہ شربت کیوڑہ ۲ تولہ ملاکر پلائیں اگر ہضم میں خرابی ہو تو خبث الحدید ایک قرص مسک معتدل ۵ قرص کے ہمراہ استعمال کریں ✤

گائے کا گوشت۔ بینگن لہسن پیاز چنے اور اڑد کی دال نیز مسور کی دال۔ آلو اروی بھنڈی۔ کچالو گوبھی چقندر۔ گول کدو اور دوسری ثقیل اور دیر ہضم چیزیں نہ کھائیں ✤

بکری اور پرندوں کے گوشت کا شوربہ کدو پالک توری خرفہ شلجم ارہر اور مونگ کی دال سیب نارنگی انگور میٹھا رنگترہ کھچڑی انڈے چاول خشکہ یا پلاؤ مکھن دودھ بالائی بسکٹ نان پاؤ وغیرہ کھائیں ✤

چونکہ یہ بخار عموماً زیادہ دنوں تک آیا کرتا ہے اس لئے سوائے باری کے دن کے اور روزوں میں تندرستوں کی سی غذا دی جائے۔ تاکہ مریض کمزور نہ ہوجائے ✤

طاعون یا پلیگ

یہ خطرناک مصیبت ایک متعدی بیماری ہوتی ہے۔ اگر کسی شہر یا قصبہ میں اسکے اثرات ظاہر ہوتے ہیں تو گرد و نواح کے مقامات بھی اسمیں گرفتار ہوجاتے ہیں۔ یہ اس قدر تیز اور سخت ہوتی ہے کہ علی العموم بہت کم عرصہ میں نوبت بہ ہلاکت پہنچا دیتی ہے۔ اور اسمیں عمومی تدابیر کوئی فائدہ نہیں کرتیں۔ اور اس کا زہریلا مادہ اور اسکے اثرات چونکہ غیر محدود ہوتے ہیں۔ اور قریب رہنے اور پاس آنے جانیوالوں پر اثر کرتے ہیں اس لئے اس مصیبت کے وقت مریض کی تیمارداری بھی پورے طور پر نہیں ہوسکتی۔ اور ایسا قیامت خیز وقت ہوتا ہے کہ بھائی بھائی کا باپ بیٹے کا ساتھ نہیں دیتا۔

طاعون یا پلیگ

اسباب

ہوا کی خرابی اور انہیں وبائی اثرات کا پیدا ہوجانا اس کا باعث ہوتا ہے چنانچہ جب زمین کی گلی سڑی چیزوں کے فاسد بخارات ہوا میں ملجائے یا موسمی تغیرات کی وجہ سے ہوا فوراً خراب ہوجاتی ہے تو بجائے اس کے کہ بدن میں جاکر طبعی طور پر تسکین اور روح کو فرحت دے روح میں فاسد کیفیت پیدا کرتی ہے اور سارے اخلاط کو سڑا دیتی ہے اور خون میں ایک خاص طرح کا غیر معمولی فساد اور زہریلا تغیر پیدا ہوجاتا ہے۔ اور شہروں گھروں اپنے بدن لباس کی صفائی کی عدم احتیاط علی العموم طاعون کا باعث ہوتی ہے۔

علامات

طاعون کے شروع ہونے سے پہلے یہ علامات پائی جاتی ہیں۔ سر میں درد بھوک کم۔ سارے بدن میں سستی کے آثار پائے جاتے ہیں اکثر متلی ہوتی ہے۔ دماغ میں کمزوری اور تکان کے آثار معلوم ہوتے ہیں اور نیند اچھی طرح نہیں آتی اور بیدار ہوجانے کے بعد کان کے پیچھے یا گردن و سینہ و پشت پر اور بغل میں پھنسیاں ظاہر ہوتی ہیں جن میں سخت سوزش ہوتی ہے لرزہ سے بخار آتا ہے متلی قے اور دست شروع ہوجاتے ہیں آنکھوں میں سرخی اور کسیقدر گدلاپن معلوم ہوتا ہے بیمار نہایت خوفزدہ ہوجاتا ہے۔

ادویہ مفردہ

ایسی صورت میں زہر مہرہ بنسلوچن مروارید یشب سبز زمرد انار دانہ ایک ایک ماشہ سب کو باریک پیسکر مفرح بارد ۵ ماشہ میں ملاکر اول کھلائیں اور اوپر سے شیرہ زرشک شیرہ تخم کاسنی ۳-۳ ماشہ آلو بخارہ ۵ دانہ عرق صندل ۴ تولہ عرق بیدمشک ۴ تولہ عرق گلاب ۴ تولہ میں نکالکر شربت غورہ ۲ تولہ ملاکر تخم ریحان ۷ ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ یا صبح و شام شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ آلو بخارا شیرہ صندل سفید۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ۔ شیرہ تخم کاہو مقشر۔ لعاب بہدانہ۔ لعاب برگ گاؤزبان ۳ ماشہ عرق بیدمشک۔ عرق گلاب ۱۲ تولہ میں نکالکر شربت کیوڑہ یا شربت صندل ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور زہر مہرہ۔ جدوار۔ نرنجسی طباشیر عمدہ کا فور عرق بیدمشک میں گھسکر [illegible] بھر کے بعد پلائیں۔ اور اگر شدت تکلیف سے ہذیان کی حالت نمودار ہو تو سرکہ روغن گل اور گلاب تینوں کو ملاکر کپڑا تر کرکے سر پر رکھیں اور صندل سفید ۳ ماشہ کافور ایک ماشہ عرق گلاب میں پیسکر دل کے مقام پر لیپ کریں۔ اور پیاس کے وقت گلاب عرق کاسنی عرق نیلوفر عرق کیوڑہ عرق بیدمشک شربت کیوڑہ شربت صندل شربت ورد شربت انگور یا شربت انار شیریں یا شربت سیب شیریں یا شربت لوکاٹ سے شیریں کرکے پلائیں۔ ان عرقیات کے سوا کچھ پانی ندیں۔

ادویہ مرکبہ

اور شام کو اگر کمزوری زیادہ معلوم ہو تو مرکب مروارید یا مرکب بارد ۵ قرص اول کھلاکر اوپر سے مجوزہ ۵ تولہ عرق بیدمشک ۳ تولہ گلاب ۳ تولہ شربت انار شیریں ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔ اور نیند لانیکی ضرورت ہو تو خواب آور کا پیشانی پر لیپ کریں۔ اور طاعون جواہر والی یا طاعون عنبری ۲ عدد مرکب بارد یا مسک معتدل ۵ قرص کے ہمراہ استعمال کرنا بھی نہایت سودمند ہے۔ ایام طاعون میں طاعون خاص ایک عدد کا مرکب بارد ۵ قرص کے ہمراہ استعمال کرتے رہنا مرض کے حملہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ افاقہ کے بعد چند روز تک گاؤزبان عنبری ۵ قرص عرق گلاب ۴ تولہ عرق کیوڑہ ۴ تولہ عرق بیدمشک ۴ تولہ شربت سیب ۲ تولہ کے ہمراہ صبح کو اور مربہ سیب ایک تولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ کے ہمراہ شام کو استعمال کرتے رہیں۔

پرہیز

شروع میں اگر مریض قوی ہو تو سوائے صبح شام مذکورہ بالا کی دوا بات کے اور کوئی غذا نہ دیجائے۔ تین دن کے بعد ثقیل گرم اور مسخن چیزوں آلو اروی گڑ تیل ترشی لال مرچ گرم مصالحہ ارد چنے کی دال گوبھی چقندر شلغم کا گوشت مچھلی ہوئی تمیری روٹی وغیرہ سے قطعی پرہیز رکھیں گرم سواد ہوا آگ سے مریض کو بچائیں۔

غذا

اگر مریض کمزور ہو اور بھوک زیادہ معلوم ہو تو تین روز کے اندر صرف آش جو کے سوا اور کچھ ندیں۔ اسکے بعد تا افاقہ ساگو دانہ یا خیارین کی کھیر پالک کا ساگ خشک اور سبز۔ خرفہ کا ساگ۔ لمبا کدو وغیرہ زرشک آلو بخارا یا لیموں کی ترشی شامل کرکے دینی چاہئے۔ املی کا مربہ بھی کھلا سکتے ہیں پانی کی بجائے اگر عرق بیدمشک گاؤزبان عرق کاسنی وغیرہ برف سے ٹھنڈا کرکے پلائیں تو مناسب ہے اگر کمزوری زیادہ ہوجائے تو بکری کے گوشت یا چوزہ مرغ کی یخنی پلائیں۔

ضروری ہدایت

طاعون کے زمانہ میں کافور پاس رکھنا اور سونگھتے رہنا مفید ہے اور حب مانجہ ہر روز ۲ ماشہ زعفران ۴ ماشہ گلاب میں پیسکر گولیاں بنا رکھیں اور ہفتہ میں سوا دو ماشہ کھالیا کریں انشاء اللہ حملہ مرض سے محفوظ رہیں گے۔

اور گلٹی پر شروع شروع میں تحلیل ہوجانے کے لئے مغز فلوس ایک تولہ جدوار ۲ ماشہ مکوہ کے پانی میں پیس کر ضماد کیا جائے۔ اور اگر تحلیل نہ ہو تو پلٹس باندھیں اور نرم ہوجانے کے بعد اگر خود بخود پھوٹ جائے تو اچھا ورنہ کسی ہوشیار جراح سے اسمیں شگاف دلوائیں اور پھر گائے کے عمدہ اور خالص گھی کو ۲۱ مرتبہ دھوکر اسمیں کافور ۲ ماشہ سفیدہ کاشغری ایک تولہ ملاکر خوب اچھی طرح حل کرکے زخم پر لگائیں۔ طاعون کے زمانہ میں یہ گولیاں طیار کرالیں اور اپنے پاس رکھیں۔ کافور۔ درونج عقربی۔ جدوار نرنجسی عرق گلاب میں خوب اچھی طرح حل کرکے چنے کی برابر گولیاں بنائیں۔ وبائی زمانہ میں تندرست اشخاص ان گولیوں کے استعمال سے امید ہے کہ مرض کے حملہ سے محفوظ رہینگے۔ اور طاعونی مریض کو بھی اگر ان میں سے ایک ایک گولی دو دو گھنٹہ بعد کھلاکر اوپر سے شیرہ عناب ۲ تولہ شیرہ آلو بخارا شیرہ مغز تخم کدوئے شیریں عرق بیدمشک عرق کیوڑہ میں نکالکر شربت کیوڑہ یا شربت بیدمشک ملاکر پلایا جائے تو نہایت مفید ثابت ہوگی۔

تمت بالخیر

قواعد وضوابط

(اگر اس کتاب کی دوائیں ہندوستانی دواخانہ دہلی سے منگانی ہوں تو پہلے ان قواعد کو ملاحظہ کیجئے)

(۱) مرکب ادویہ کی قیمتیں فہرست میں درج ہیں۔ فہرست مفت بھیجی جاتی ہے۔

(۲) مفرد ادویہ کی فہرست شائع نہیں ہوتی ہے۔ سیکڑوں مفرد ادویہ اس کارخانہ میں موجود ہیں۔

(۳) قرض کا لین نہیں۔ وی پی کی اجازت دیجائے یا قیمت پیشگی بھیجی جائے۔

(۴) ریلوے پارسل کم سے کم آدھی قیمت پیشگی آنے پر روانہ ہوگا۔ فرمائشی نسخہ بھی پیشگی قیمت ملنے پر تیار ہوگا۔ ضرور نہیں کہ پوری قیمت بھیجی جائے۔ قیمت اندازہ سے بھیجی جاسکتی ہے پیشگی قیمت اگر نہ آئیگی تو یہاں سے اُسکے لیے خط روانہ ہوگا اور اس حالت میں کچھ تاخیر ہوجانا ناگزیر ہے۔

(۵) تمام پارسل احتیاط کے ساتھ اور باقاعدہ پیک کیے جاتے ہیں۔ رستہ کی ٹوٹ پھوٹ کا ذمہ دار کارخانہ نہیں ہے۔

(۶) ہمیشہ اپنا نام اور اپنا پورا پتہ (خصوصاً ڈاکخانہ کا نام) ہر خط میں خوشخط لکھنا چاہیئے نیز یہ لکھنا چاہیے کہ پارسل ڈاک خانہ سے روانہ ہو ریل سے یا سواری گاڑی سے یا مال گاڑی سے؟ ورنہ بغیر ذمہ داری کارخانہ اپنی رائے سے تعمیل کریگا۔

(۷) ریلوے پارسل کے لیئے آدھی قیمت پیشگی روانہ کرنیکے علاوہ ریلوے اسٹیشن اور لائن کا نام بھی انگریزی یا اردو میں خوشخط حروف میں لکھا جائے

(۸) ڈاک خانہ سے ۵½ سیر تک وزن کا پارسل ۱۲؍ محصول پر روانہ ہوتا ہے مگر ان اوقات کا خیال رہے کہ خالی بوتل تین پاؤ کی ہوتی ہے جس میں شربت ایک سیر اور عرق تین پاؤ آتا ہے چوبی بکس جو بوتل کی حفاظت کیلئے ضروری ہے آدھ سیر کا ہوتا ہے۔ زیادہ بوتلیں قریب کے اسٹیشن پر منگانی بہتر ہیں مگر آدھی قیمت پیشگی بھیجنی ضروری ہے۔

(۹) کمیشن کشتوں کے علاوہ صرف مرکبات پر طبیبوں ویدوں عطاروں کو طلب کرنے پر دیجاتی ہے جس کی تعداد ۱۵ فی صد یا ۳ فی روپیہ ہے خریداروں کو ایک آنہ فی روپیہ بشرطیکہ فرمائش ۱۰؍ سے کم ادویہ کی نہو۔ اگر فرمائش کے خط میں کمیشن کی طلب نہوگی بعد میں ہوگی تو اس سے کارخانہ کا ریکارڈ خراب ہوتا ہے مجبوری ہے نہ دیجاسکے گی۔ اگر کئی فرمائشوں کا کمیشن طلب کرنا ہو تو بلٹیوں کو ساتھ بھیجا جائے۔ کمیشن کا لکھا ہوا رکھا ہو تو ہر خط میں لکھا جائے کہ کمیشن کھاتے میں درج ہو۔ اور کمیشن کے سال تمام کا حساب ہر سال ۱۰ مارچ تک کر لیا جائے اسکے بعد کمیشن کوئی نہو۔ بوجہ مجبوری قبول نہ کیا جائیگا۔

(۱۰) فرمائش میں زیادہ دوائیں ہوں تو لکھا جائے کہ تمام دوائیں روانہ ہوں یا صرف وہ جو تیار ہوں۔ اگر فرمائش کی ہر روزہ تعمیل درکار ہو تو یہ ہدایت کیجیے۔ (۱۱) خدانخواستہ کسی اہلکار سے کسی قسم کی غلطی ہوجائے تو نمبر بلٹی کے حوالہ کے جلد مجھے اطلاع دیجائے۔ فوراً تحقیقات کرکے تلافی کیجائیگی یا کیفیت لکھی جائیگی۔ (۱۲) پارسل کی روی کو خوب غور سے دیکھ لیا جائے تاکہ کوئی چھوٹی شیشی نہ رہ جائے (۱۳) اگر پارسل کی دوا میں کسی کا پرواز یا غلطی ہوگئی ہو تو ایسی دوا ایک ہفتہ کے اندر اندر دوکان سے لی ہوئی دوا سیر ترنجوشی واپس لیجاویگی لیکن اسکے بعد نہیں (۱۴) اگر وی پی واپس کردیا ہو تو براہ کرم بغیر طلب محصول ڈاک خرچ پیکنگ وغیرہ کارخانہ کو بھیجدیا جائے تاکہ آئندہ بھی کارخانہ وی پی کے ذریعہ بلا تامل فرمائش کرسکے۔ اگر بلا وجہ پارسل کو واپس کرکے محصول ٹکٹ یا محصول آمد و رفت ریلوے نہ دیا جائیگا تو کارخانہ مجبوراً کاغذات اپنے مشیر کے سپرد کردیگا۔ اور اپنی جائز حق رسی میں حق بجانب ہوگا۔ (۱۵) خط و کتابت میں ہمیشہ کارخانہ کے نمبر و تاریخ کا حوالہ دیا جائے

پتہ (بالکل یہی الفاظ لکھئے) "منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی"۔ تار کا پتہ "میڈی سنز"

ہدایات

(کتاب حاذق کے متعلق)

(۱) کسی معمولی مرض مثلاً نزلہ۔ زکام۔ ہر وقت ہلکا بخار رہنے کو سہل سمجھکر علاج کی طرف توجہ نہ کرنا سخت نادانی ہی کہ چھوٹی چھوٹی تکالیف علاج کی بے پروائی سے بڑھ کر نہایت مہلک صورت اختیار کرلیتی ہیں اور خفیف دائمی بخار تو پرانا ہوکر لاعلاج ہو جاتا ہی۔

(۲) مریض کو دوا پلانے کے واسطے سب سے اچھا وقت صبح کا ہی۔ اسکے بعد شام کو جبکہ غذا ہضم ہو جائے۔

(۳) اس کتاب میں جابجا لعاب۔ شیرہ۔ نقوع۔ زلال کا ذکر آیا ہے۔ واضح ہو کہ کسی دوا کو پانی یا عرق میں تھوڑی دیر بھگو کر نرم ہاتھ سے ملکر چھان لینے سے لعاب حاصل ہوتا ہے اور دوا کو پانی یا عرق کے ساتھ پیسکر چھان لینے سے شیرہ نکل آتا ہی۔ اور ادویہ رات کے وقت پانی میں بھگو کر صبح ملکر چھان لینے کو نقوع کہتے ہیں۔ اور اگر دوارات کو پانی میں بھگو کر صبح بغیر ملے اوپر سے پانی نتھار لیا جائے تو اسکو زلال کہتے ہیں۔

(۴) اس کتاب میں جس مقام پر عرق کی جگہ روح لکھی گئی ہے وہاں یہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ ۴ تولہ روح ۱۲ تولہ عرق کا کام دیگی۔ یعنی اگر ۴ تولہ روح میں ۸ تولہ پانی ملاکر استعمال کیا جائے تو ۱۲ تولہ عرق کے قائم مقام ہوگی۔

(۵) مریض کا کمرہ اور بستر نہایت صاف ہو تاور تازہ ہوا آتی رہے۔ سرد موسم اور ٹھنڈے امراض اور کمزور مریضوں کو سرد ہوا سے محفوظ رکھا جائے۔ گرم بیماریوں میں اور گرمی کے موسم میں لُو وغیرہ سے احتیاط رکھی جائے۔

(۶) دوا سے زیادہ پرہیز کی پابندی لازمی ہو۔ معمولی امراض صرف پرہیز ہی سے رفع ہو جاتے ہیں۔

بچوّں کے لیئے مقدار خوراک

اس کتاب میں جوانوں اور بچوں کے لیئے جو مشترک ادویہ ہیں وہ ادویہ بچوں کو اس مقدار سے دیجائیں:۔

۲ برس تک کے بچے کو پوری خوراک کا چوتھائی حصہ
۶ برس تک ۔۔ ،، ،، تہائی حصہ
۹ برس تک کے بچے کو دوائی کی پوری خوراک کا نصف حصہ
۱۵ تک ۔۔ ۔۔ ،، ۳/۴ حصہ

اعلان

کتاب "حاذق" کے تمام حقوق حسب ضابطہ محفوظ کیئے گئے ہیں۔ کوئی صاحب اس کتاب کو بجنسہ یا بدل کر شائع کرنے اور اس کتاب کی ادویہ مرکبہ کے ناموں کو نقل کرنے کی جرأت نہ فرمائیں۔

راقم منیجر ہندوستانی دواخانہ دہلی

معالجات امراض نسواں